تحفۂ قلندری

یعنی

خزینۃ العملیات

جناب پیر طریقت

حضرت خواجہ دلاور حسین چشتی قادری نقشبندی

اول، دوم، سوم، چہارم

تحفۂ

قلندری

یعنی

خزینۃ العملیّات

حصہ اول

اولیاءِ کرام اور علمائے اہلسنّت کے مجرب علمیات وتعویذات کا بینظیر
مجموعہ کشتہ جات دیسی ڈاکٹری کرومو پیتھی، ہومیو پیتھی، بائیو کیمک ادویات
اور روحانی طریقہ سے ہر مرض کے علاج کا طریقہ

تصنیفِ لطیف

پیر طریقت حضرت خواجہ محمد دلاور حسین چشتی، قادری نقشبندی

جملہ حقوق بحق جہانگیر بک ڈپو محفوظ

اس کتاب کے کسی بھی حصے کی فوٹو کاپی، سکینگ یا کسی بھی قسم کی اشاعت جہانگیر بک ڈپو کی تحریری اجازت کے بغیر نہیں کی جاسکتی۔

قانونی مشیر: چوہدری ریاض اختر (ایم اے، ایل ایل بی)

ناشر: سرفراز احمد سکھیرا

آپ کے مشورے اور شکایات کے لیے۔
E-mail:info@jbdpress.com
www.jbdpress.com

اشاعت: 2005ء

سرورق: JBD آرٹ سیکشن، لاہور

ہدیہ: روپے

ESTD.1923

آفس: 257 ریواز گارڈن، لاہور۔فون: 042-7213318 فیکس: 042-7213319

سیلز ڈپو: اردو بازار، لاہور فون: 042-7220879، سیلز ڈپو: اردو بازار، کراچی۔فون: 021-2765086

سیلز ڈپو: اقبال روڈ نزد کمیٹی چوک، راولپنڈی۔فون: 051-5552929

سیلز ڈپو: نزد یونیفارم سنٹر جامع مسجد صدر، رسالہ روڈ حیدرآباد۔فون: 0300-3012131

سیلز ڈپو: اندرون بوہڑ گیٹ، ملتان۔فون: 061-4781781

نیاز جہانگیر پرنٹرز، غزنی سٹریٹ اردو بازار، لاہور نے پرنٹ کی۔فون: 042-7314319

فہرست عملیات

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	برائے شناخت نظر بد	۱
۲	دفع سحر و نظر بد	۲
۳	حاملہ کو نظر بد اور حفاظت حمل کیلئے	۷
۴	نظر تریز بد	۱۰
۵	جانوروں کو نظر بد کیلئے بینظیر نقش	۱۰
۶	حیض کی بے اعتدالی، حیض کا کثرت سے آنا	۱۱
۷	حیض کم آنا	۱۱
۸	حیض کا درد سے آنا	۱۲
۹	رحم قرح اور اندام نہانی میں خارش	۱۳
	رحم میں رسولیاں	
۱۰	لیکوریا	۱۹
۱۱	آتشک	۱۹
۱۲	دردزہ کیلئے	۲۰
۱۳	درد تھنہ	۲۱
۱۴	استقرار حمل	۲۲
۱۵	عورتوں کے زیر ناف درد کیلئے۔	۲۱
۱۶	عورت صاحب اولاد ہو	۲۳
۱۷	وضع حمل میں آسانی	۲۴
۱۸	حاملہ کے شکم میں کیا ہے۔	۲۵
۱۹	لڑکا پیدا ہونے کیلئے	۲۶
۲۰	دفع اٹھرا	۲۷
۲۱	دم برائے ڈبہ اطفال	۲۷
۲۲	پیٹ میں بچہ سوکھ جانا۔	۲۸
۲۳	دفع مسان	
۲۴	بچہ ضد کرے	۲۹
۲۵	سبعہ اشکال کے خواص	۳۰
۲۶	ابرک ہونا۔ ہچکی آنا	۳۱
۲۷	مرگی	۳۲
۲۸	اگر کوئی عضو ٹھنڈا رہے۔	۳۳
۲۹	برائے شفائے امراض۔	۳۳
۳۰	دفع درد پسلی و یرقان	۳۵
۳۱	باؤلے کتے کے کاٹے کا دم	۳۶
۳۲	مرد میں زنانہ پن	۳۷
۳۳	درد کمر	۳۷
۳۴	دفع اسہال	۳۸
۳۵	درد دندان	۳۸
۳۶	چوکی حضرت خواجہ خضر علیہ السلام	

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۳۷	سنگ گردہ و مثانہ	۳۹
۳۸	دفع کھجلی	۴۰
۳۹	درستگی ناخن	۴۰
۴۰	گریہ اطفال	۴۱
۴۱	دفع رعشہ	۴۱
۴۲	جوانی قلب	۴۲
۴۳	حافظوں کی دماغی امراض کیلئے کڑا	۴۳
۴۴	احساس کمتری	۴۴
۴۵	دفع مصیبت	۴۴
۴۶	گمشدہ چیز کی واپسی	۴۵
۴۷	واپسی مفرور	۴۶
۴۸	واپسی گریختہ	۴۷
۴۹	مرد بستہ	۴۸
۵۰	بربادی اعداء	۴۹
۵۱	دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے	۵۰
۵۲	دشمن بیمار کرنا	۵۰
۵۳	دو افراد کی علیحدگی کیلئے	۵۱
۵۴	دشمن کے نقصان سے محفوظ رہنے کیلئے	۵۲
۵۵	باغ کھیت اور مال کی حفاظت	۵۲
۵۶	جنگلی درندوں سے حفاظت	۵۳
۵۷	فتح نامہ	〃
۵۸	تسخیر مطلوب	۵۴
۵۹	تسخیر افسر	۵۵
۶۰	افسر یا حاکم مہربان کرنے کیلئے	۵۶
۶۱	ماتحت کہنا مانیں۔	〃
۶۲	لوگوں میں مقبول ہونا۔	۵۷
۶۳	لوگ عزت کریں۔	۵۸
۶۴	برائے عزت و عظمت	〃
۶۵	دوران سفر سواری خطرے سے محفوظ رہے۔	۵۹
۶۶	گاڑی ایکسیڈنٹ سے محفوظ رہے۔	〃
۶۷	جہاز میں سفر کے دوران حفاظت۔	۶۰
۶۸	بحری ہوائی سفر کے دوران آفات سے حفاظت	〃
۶۹	دفع تنگدستی۔	۶۱
۷۰	قضائے حاجت	〃
۷۱	ترقی رزق کیلئے مجرب عمل	〃
۷۲	تسخیر خلائق کیلئے بے نظیر عمل	۶۳
۷۳	سکون قلب	〃

فہرست عملیات

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۷۴	قلب میں نورانیت پیدا کرنے کیلئے۔	۶۲	۱۱۱	سرعت انزال	۱۱۶
۷۵	زیارت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔	۶۴	۱۱۲	احتلام۔	۱۱۸
۷۶	آسانی سکرات موت۔	۶۵	۱۱۳	جریان	۱۲۰
۷۷	برائے قبولیت دعا	//	۱۱۴	دوران حمل خون آنا	۱۲۱
۷۸	ادائے قرض کا قرآنی وظیفہ۔	۶۶	۱۱۵	کثرت طمث	۱۲۲
۷۹	ہنر جلدی سیکھ جائے۔	۶۷	۱۱۶	سوزاک	//
۸۰	چہرہ میں کشش پیدا ہو	//	۱۱۷	آتشک	۱۲۳
۸۱	چہرے کی خوبصورتی کیلئے	۶۸	۱۱۸	اندام نہانی میں خارش	۱۲۴
۸۲	قرأۃ محولان جنت	۶۹	۱۱۹	سہل ولادت	//
۸۳	برائے دفع وسوسہ	//	۱۲۰	معجون مقوی باہ	//
۸۴	مقدمات میں کامیابی۔	//	۱۲۱	مردانہ کمزوری	۱۲۷
۸۵	کھیل میں جیت ہو	۷۰	۱۲۲	پیشاب کے ساتھ خون آنا	۱۳۰
۸۶	مال چوروں سے محفوظ رہے۔	۷۱	۱۲۳	بندش پیشاب	//
۸۷	قیدی سے رہائی	//	۱۲۴	زیادتی پیشاب۔	//
۸۸	ہمزاد کا اثر دور ہو	//	۱۲۵	ذیابیطس	//
۸۹	دفع نظر کیلئے عمل	۷۲	۱۲۶	درد گردہ	۱۳۱
۹۰	محبوب کو بلانے کا عمل	۷۳	۱۲۷	پتھری گردہ و مثانہ	۱۳۲
۹۱	تسخیر خلق	۷۴	۱۲۸	درد معدہ	۱۳۳
۹۲	جانور سرکشی چھوڑ دے	//	۱۲۹	عام پیٹ درد	۱۳۴
۹۳	شوہر مہربان ہو	۷۵	۱۳۰	کرم شکم پیٹ کے کیڑے	//
۹۴	بدکردار شوہر کے ظلم کی اصلاح کیلئے	//	۱۳۱	پیٹ کی ریح	۱۳۵
۹۵	میاں بیوی کی محبت کیلئے۔	۷۶	۱۳۲	قبض کشا	//
۹۶	بیوی کو تابعدار کرنے کیلئے۔	۷۷	۱۳۳	پیٹ سے مٹی نکالنا	۱۳۷
۹۷	بیوی فرمانبرداری کرے	//	۱۳۴	پیٹ کے کیڑے	۱۳۸
۹۸	ڈنکا شاہ علی	۷۸	۱۳۵	پیچش	//
۹۹	جنات جلانے کا عمل	۷۹	۱۳۶	بچوں کے اسہال	۱۴۱
۱۰۰	عورت مطیع ہو	۸۰	۱۳۷	بچوں کے قے، دست	//
۱۰۱	آیات حرب کے فوائد	//	۱۳۸	سنگرہنی خون اور پیچش	۱۴۲
۱۰۲	حیض	۱۰۱	۱۳۹	پیٹ کے بھپ ملنا	//
۱۰۳	کثرت حیض	۱۰۲	۱۴۰	بدہضمی	۱۴۳
۱۰۴	درد حیض	۱۰۴	۱۴۱	بچوں کے ہاضمہ کیلئے	//
۱۰۵	سیلان الرحم (لیکوریا)	۱۰۵	۱۴۲	چورن ہاضمہ	//
۱۰۶	استقاط حمل	۱۱۰	۱۴۳	سنگرہنی	۱۴۴
۱۰۷	حاملہ کی بدہضمی کا چورن	۱۱۲	۱۴۴	ہیضہ	//
۱۰۸	بانجھ پن	۱۱۲	۱۴۵	خروج مقعد	//
۱۰۹	ہسٹیریا	۱۱۵	۱۴۶	بواسیر خونی بادی	۱۴۵
۱۱۰	پستانوں کا ڈھیلا پن	۱۱۶	۱۴۷	بواسیر بادی	۱۴۶

فہرست عملیات

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۴۸	بخار	۱۴۹	۱۸۴	ضعف جگر	۱۶۵
۱۴۹	نزلہ کھانسی، زکام	۱۵۰	۱۸۵	خرابی جگر	//
۱۵۰	کالی کھانسی	۱۵۴	۱۸۶	تلی بڑھنا	۱۶۶
۱۵۱	بلغمی دمہ	۱۵۵	۱۸۷	شربت فولاد	//
۱۵۲	دمہ	۱۵۶	۱۸۸	ناک کان گلے کے امراض	//
۱۵۳	تنگی سانس	۱۵۷	۱۸۹	ضعف دماغ	۱۶۹
۱۵۴	درد سر	//	۱۹۰	کرم دماغ	۱۷۰
۱۵۵	درد شقیقہ	۱۵۹	۱۹۱	سرسام سکتہ، مرگی، سر چکرانا	//
۱۵۶	امراض چشم	//			۱۷۱
۱۵۷	درد دل	۱۶۳	۱۹۲	فالج لقوہ۔ مالیخولیا۔	۱۷۲
۱۵۸	نیند نہ آنا	//	۱۹۳	خارش	۱۷۳
۱۵۹	درد دل	۱۶۳	۱۹۴	پھوڑے پھنسی خرابی خون	۱۷۵
۱۶۰	نیند آور	//			۱۷۶
۱۶۱	بخار ہر قسم	۱۶۹	۱۹۵	شربت فولاد، بلڈ پریشر، بانجھ پن، گنجا پن	۱۷۸
۱۶۲	باری کا بخار	//	۱۹۶	بال دراز کرنا۔ بال سیاہ کرنا۔	۱۷۹
۱۶۳	بچے کا بخار	۱۶۷		درد دانت	//
۱۶۴	تیز بخار	//	۱۹۷	بچوں کی سوکھی ٹانگوں کیلئے۔	۱۸۲
۱۶۵	میعادی بخار	//	۱۹۸	گنٹھیا۔	//
۱۶۶	بخار	۱۶۸	۱۹۹	مرہم درم	//
۱۶۷	[illegible]	//	۲۰۰	بچھو کے کاٹے کا علاج	۱۸۳
۱۶۸	بلغمی بخار	//	۲۰۱	جانوروں کے زخم میں کیڑے پڑنا	۱۸۴
۱۶۹	باری کا بخار	۱۴۷	۲۰۲	دعائے حزب البحر	۸۸
۱۷۰	بخار ہر قسم	۱۴۶	۲۰۳	آشوب چشم	۱۹۱
//		۱۵۲	۲۰۴	امراض چشم	۱۹۰
۱۷۱	نزلہ زکام	۱۵۰	۲۰۵	خارش اور درد چشم	//
۱۷۲	الفلوائنزا	//	۲۰۶	پڑبال	۱۹۱
۱۷۳	نزلہ زکام کھانسی۔	۱۵۱	۲۰۷	آنکھوں کے جالے اور پھولے	//
۱۷۴	جوشاندہ نزلہ زکام	۱۵۲	۲۰۸	آنکھوں کی خارش	//
۱۷۵	کھانسی	//	۲۰۹	انکھیر	۱۹۴
۱۷۶	نزلہ	۱۵۶	۲۱۰	زخم کان	۱۹۵
۱۷۷	بچوں کی کالی کھانسی	۱۵۳	۲۱۱	بہسم	//
۱۷۸	کھانسی تر	۱۵۴	۲۱۲	درد کان	//
۱۷۹	خشک کھانسی	//	۲۱۳	کان سے پیپ آنا	۱۹۸
۱۸۰	بلغمی کھانسی	//	۲۱۴	کن پیڑے	//
۱۸۱	کالی کھانسی	۱۴۳	۲۱۵	گلے کی تکلیف	//
۱۸۲	گلہ پکنا	//	۲۱۶	خنازیر	//
۱۸۳	یرقان	//	۲۱۷	آواز بیٹھنا	۱۹۹

فہرست عملیات

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۲۱۸	چہرے کے کالے داغ	۱۷۳			
۲۱۹	چھپاکی	۱۷۴			
۲۲۰	بچوں کی چھپاکی	״			
۲۲۱	خارش	״			
۲۲۲	چھپاکی	״			
۲۲۳	چنبل	۱۷۵			
۲۲۴	پھوڑے پھنسی	״			
۲۲۵	زہر دُور کرنے والی مرہم	״			
۲۲۶	خرابی خون	۱۷۶			
۲۲۷	زخموں کا مرہم	״			
۲۲۸	خرابی خون	۱۷۷			
۲۲۹	مصفی خون	״			
۲۳۰	مسوڑے پھولنا	۱۸۰			
۲۳۱	پائیوریا	״			
۲۳۲	منہ کی منجن	۱۸۱			
۲۳۳	درد دانت	״			
۲۳۴	منہ کے زخم اور چھالوں کیلئے	״			
۲۳۵	پھوڑوں کا نہ پکنا	״			
۲۳۶	پھوڑوں کا آپ ڈاکٹر	۱۸۲			
۲۳۷	جوڑوں کا درد	۱۸۳			
۲۳۸	ورم کو پکانے والی پلٹس	״			
۲۳۹	ورم سرطان۔	״			

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

پیش لفظ

عرصہ سے دوست واحباب کا اصرار تھا کہ عملیات و تعویذات پر کوئی ایسی کتاب ترتیب دے کر شائع کی جائے۔ جو عام فہم ہو۔ مجبوراً فقیر نے حامی بھری اور کتاب کو مرتب کرنا شروع کیا۔

چونکہ فقیر کو بیشمار مشائخ کرام علماء عظام اور روحانی مخفی علوم کے ماہر عالموں کی خدمت و زیارت کا موقع نصیب ہوا۔ اور ان پاکباز بزرگوں کی خدمت و صحبت سے بیشمار روحانی مخفی علوم و عملیات حاصل ہوئے فقیر نے اللہ کا نام لیکر ان عملیات کو تحریر کرنا شروع کیا۔ اور جو عملیات و وظائف چشتیہ، قادریہ، نقشبندیہ، اویسیہ، سلاسل سے منتقل ہوئے۔ انکو اور عملیات کی معتبر کتابوں سے کافی تلاش و محنت سے عملیات کا انتخاب کر کے شاملِ کتاب کئے۔ تاکہ عملیات کے شائقین کو زیادہ سے زیادہ مواد فراہم ہو سکے۔ کتاب میں دیسی انگریزی ادویات کا بھی اضافہ کیا تاکہ حکیم و ڈاکٹر حضرات بھی اس کتاب سے استفادہ کر سکیں۔ اس کتاب کی تیاری میں جن دوست احباب نے تعاون کیا ہے میں دلی طور پر ان سب حضرات کا اور خصوصاً جناب پروفیسر خواجہ محمد بہار احمد صاحب چشتی صابری ڈاکٹر و حکیم جناب ممتاز احمد صاحب چشتی۔ ڈاکٹر سراج الدین صاحب چشتی، ڈاکٹر عبد الحفیظ صاحب قادری، محترمہ ڈاکٹر خورشید بانو صاحبہ کا مشکور ہوں۔ اگر اہل علم حضرات کتاب میں کوئی غلطی دیکھیں تو اُسے فقیر کی کم علمی تصور کر کے درست کر لیں اور اس سے آگاہ کریں تاکہ آئندہ اشاعت میں اُسے درست کر دیا جائے۔

فقیر محمد دلاور حسین

عاملوں کیلئے ضروری ہدایات

عامل کیلئے ضروری ہے کہ وہ صحیح العقیدہ سنی حنفی مسلمان ہو۔ حضور پرنور خاتم الانبیاء احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلے فرض نمازوں کی پابندی کرے اپنی شکل و صورت لباس کو سنت کے مطابق بنائے۔ ہو سکے تو ہر وقت وضو سے رہے۔ اور پاک و صاف کپڑے پہنے زیادہ سے زیادہ وقت خلوت میں ذکر الٰہی نوافل درود شریف اور مراقبے میں گزارے۔ خوشبو کا اہتمام کرے۔ نفس کی پیروی نہ کرے۔ بلکہ نفس کا تزکیہ کرے۔ اہل دنیا سے زیادہ سے زیادہ علیحدگی رکھے۔ اور روحانی معاملات کا عام آدمی سے ذکر نہ کرے۔ شیخ طریقت کے بتائے ہوئے وظائف کی پابندی کرے۔ ہر عمل کرتے وقت عمل سے متعلق ہدایات کی پابندی کرے۔ کم کھائے کم بولے کم سوئے اور کم چلے خاموشی کو اپنائے بلاوجہ اور بے مقصد گفتگو سے اجتناب کرے۔ بلاناغہ قرآن حکیم کی تلاوت کرے۔ نقش اور تعویذ لکھتے وقت باوضو رہے۔ اور پاک و صاف جگہ پر قبلہ رخ بیٹھ کر لکھے۔ ہر نقش اسکی چال کے مطابق پُر کرے۔ عمل پڑھنے سے پہلے تازہ غسل کر لیا کرے۔ کسی پر ظلم نہ کرے رزق حلال استعمال کرے۔ جھوٹ نہ بولے چغلی، غصہ، حسد، غرور اور تکبر سے بچے ہر عمل سے پہلے اللہ تعالیٰ جلِ شانہٗ سے کامیابی اور برکت کی عجز و انکسار سے دعا کرے۔ کسی جان دار کا صدقہ دے۔ بدبودار چیز حقہ سگریٹ لہسن پیاز وغیرہ سے اجتناب کرے۔ عاملات کے عمل کے دوران کامل جلالی جمالی پرہیز کرے۔ یعنی گوشت، انڈا، لہسن پیاز جماع ترک کر دیں معدہ دہی مکھن اور بدبودار چیزیں مثلاً حقہ سگریٹ وغیرہ سے مکمل پرہیز کرے۔ جانوروں کی کھال کے چمڑے کا جوتا نہ پہنے۔ جانوروں کے چمڑے اور ہڈی سے بنی ہوئی کوئی چیز استعمال نہ کرے چمڑے کی بو کی والے کپڑے استعمال نہ کرے۔ بلکہ ہو سکے تو دریا نہر کا پانی استعمال کرے۔ ناخن نہ کاٹے بال نہ ترشوائے سلے ہوئے کپڑے استعمال نہ کرے۔ ہو سکے تو صرف کھجور استعمال کرے۔ اور بستر نہ رکھے۔ اپنے استعمال کی چیزیں دوسروں سے الگ رکھے ہو سکے تو بوریا زمین پر بچھائے۔ عاملات کا کوئی عمل شیخ کی اجازت کے بغیر نہ کرے۔ بلکہ انکی زیرِ نگرانی عمل کرے تاکہ کسی قسم کی رجعت نہ ہو سکے۔ تعویذات کیلئے زعفرانی سیاہی بنانے کا طریقہ یہ ہے۔ زعفران اور مشک نے ڈالے میٹھے شربت نامی رنگ کو ملا کر سیاہی تیار کر لیں۔

عمل برائے شناخت نظر بد۔ حضرت خواجہ احمد دیربی رحمتہ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ اگر یہ دیکھنا ہو۔ کہ مریض کو نظر لگ گئی ہے یا نہیں تو دھاگہ یا خرقہ تین انگشت ناپیں۔ اس کے بعد ان کلمات کو اس پر پڑھیں۔ پھر اس کو دوبارہ ناپیں۔ اگر کم یا زیادہ ہو جائے۔ تو سمجھو کہ نظر بد ہے۔ اس پر پھر ان کلمات کو پڑھیں اور پھر ناپیں۔ اگر دوبارہ اپنے ناپ پر پھر بھی نہ آئے۔ تو یہ عمل پھر دہرائیں۔ زیادہ سے زیادہ تین بار یہ عمل کرنے سے دھاگہ یا خرقہ اپنے اصلی ناپ میں آ جائیگا۔ اور ان شاء اللہ نظر بد دور ہو جائے گی۔ (مجربات دیربی)

وہ کلمات یہ ہیں۔ وہ کلمات یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ وَلَا بَلَاغَ اِلَّا بِاللّٰهِ تین بار۔

سورہ فاتحہ تین بار اور ایک بار یہ کلمات عَزَمْتُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْعَيْنُ الَّتِىْ فِىْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ بِعِزِّ عِزِّ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ عَظَمَةِ وَجْهِ اللّٰهِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِلٰى خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَزَمْتُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْعَيْنُ الَّتِىْ فِىْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ بِحَقِّ اٰهِيًا اَشَرَاهِيًا اَدُوْنَايَ اَصْبَاؤُتَ اٰلِ شَدَّاىْ عَزَمْتُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْعَيْنُ الَّتِىْ فِىْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ بِحَقِّ شَهْتِ بَهْتِ اَشْبَهْتَ يَا قُسْطَاعَ النَّمْبَاعِ الَّذِيْنَ لَا تَقْوٰى عَلَيْهِمْ اَرْضٌ وَّلَا سَمَآءٌ اُخْرُجِىْ يَا نَفْسَ السُّوْءِ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ كَمَا خَرَجَ يُوْسُفُ مِنَ الضِّيْقِ وَجَعَلَ لِمُوْسٰى فِى الْبَحْرِ طَرِيْقًا وَاِلَّا اَنْتَ بَرِيْئَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ بَرِىْءٌ مِّنْكِ اُخْرُجِىْ يَا نَفْسَ السُّوْءِ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ بِاَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا
مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ
الرّٰحِمِيْنَ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ○

دفع سحر و نظر بد ○ ــــــ دفع سحر اور نظر بد کے لئے ایسا کریں۔ کہ یہ بیس کا نقش لکھ کر مریض کے جسم پر پھیر کر کوری ہانڈی میں رکھ دیں پھر مریض اپنے ہاتھ سے ڈھائی مٹھی سیاہ ماش اس نقش پر ڈالے اور ہانڈی پر چینی رکھ کر اس کو ماش کے آٹے سے بند کر دیں۔ اس ہانڈی کو مریض پر سات چکر دیں۔ اس کے بعد کسی چلتے پانی کے کنارے اس کے نیچے آگ جلائیں۔ جب کافی لہو نما عرق نکل چکے تو اس ہانڈی کو اٹھا کر نہر میں پھینک دیں۔ جو شخص آگ جلائے وہ واپسی پر غسل کر کے گھر آئے یاد رہے یہ عمل بروز اتوار بارہ بجے سے پہلے کریں زیادہ سے زیادہ تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے مریض کو مکمل شفاء ہو گی۔

۷۸۶



دفع سحر و نظر بد کا بےنظیر علاج:۔ حضرت امام صالح جزائری رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ نظر بد کیلئے اور دفع سحر کیلئے نہایت مجرب عمل ہے عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ اس آیت شریف کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھیں۔ اسکے بعد اسکو پاک صاف پانی سے دھو دیں۔ اس پانی سے مریض غسل کرے۔ اس غسل سے فارغ ہونے کے بعد اسی آیت شریف کو گیارہ بار پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد اور سحر جادو وغیرہ کا اثر ختم ہو جائیگا۔ دیگر اسی آیت شریف کو ایک سو بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے تین روز بلاناغہ پئیں۔ تو بھی بفضلِ خدا سحر اور نظر بد کا اثر دفعہ ہو جائیگا۔ آیت شریف یہ ہے۔

(انوار العیون)

آیت شریف

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَ
اشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ○
قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ
وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ط قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ط كَذٰلِكَ
نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ○

نظرِ بد کا مجرّب عمل

اگر کسی کو نظر بد لگ جائے۔ تو اس آیت شریف کو پاک صاف کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ اور آیت شریف کو ہر روز گیارہ بار پانی پر دم کر کے پئیں۔

گیارہ روز تک یہ عمل کریں۔ بفضلِ خدا شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا ○

دفعِ نظرِ بد

حضرت خواجہ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ بعض مجربات میں منقول ہے کہ دفعِ نظرِ بد کیلئے اس وفق کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ بفضلِ خدا نظرِ بد دور ہوگی۔

حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
عزیز	سابق	محیط	مغنی
مانع	واحد	مھلک	عالم
محی	ممیت	معبود	باقی

جسکو نظرِ بد لگ جائے۔

دفعِ نظرِ بد ◉ تو اِن کلمات کو سات بار پڑھ کر چھری سے جھاڑ دیں۔
بفضلِ خدا نظرِ بد دور ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

دفعِ نظرِ بد کیلئے سریع التاثیر دم

اگر کسی عورت، مرد بچے یا کسی جانور یا مال وغیرہ کو نظر بد لگ جائے تو اس آیت شریف کو سبز دھاگے پر دم کریں۔
دھاگے کو گیارہ گرہ لگائیں۔ ہر گرہ پر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس دم شدہ دھاگے کو گلے میں پہنائیں۔ یا اس کو موم جامعہ کر کے گلے میں ڈالیں بفضلِ خدا اس آیت شریف کی برکت سے نظر بد دور ہوگی۔
آیت شریف اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

وَ اِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَ یَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ ط

دفع نظر بد

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ کہ ایک دن آپ نے ایک خوبصورت لڑکے کو دیکھا۔ تو آپ نے فرمایا کہ اِس لڑکے کی ٹھوڑی پر کالا ٹیکہ لگا دو۔ تاکہ اِس کو نظر نہ لگے۔

دفع نظر بد

نظر بد کیلئے ان کلمات کو لکھ کر گلے میں باندھیں۔ بفضلِ خدا نظر بد سے حفاظت رہے گی۔ اگر کوئی چیز اچھی معلوم ہو تو اِن کلمات کو پڑھیں۔ بفضلِ خدا وہ چیز نظر بد سے حفاظت میں رہیگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

نظر بد

اِس دعا کو تین مرتبہ پڑھ کر نظر بد لگنے والے کو جھاڑ دیں۔ بفضلِ خدا نظر بد دور ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَ بَقَآئِہٖ یَاحَیُّ ط حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

حاملہ کی نظر بد اور حفاظت حمل کیلئے

حضرت شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ حاملہ کی نظر بد اور حمل کی حفاظت کیلئے اور بچے کی حفاظت کیلئے اِن آیات شریفہ کو زعفران سے کاغذ پر لکھ کر داہنے بازو پر باندھ دیں۔

اِنشاءَ اللہ

حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا۔ بچے کی ولادت کے بعد اِس کو بچے کے گلے میں باندھ دیں۔

بچہ ہر طرح کی مرض سے محفوظ رہے گا۔

(زاد المتقین)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ
بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ وَضَعْتُهَاۤ اُنْثٰى ط وَاللّٰهُ
اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ط وَلَیْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى وَاِنِّیْ
سَمَّیْتُهَا مَرْیَمَ ، وَاِنِّیْۤ اُعِیْذُهَا بِكَ وَذُرِّیَّتَهَا مِنَ
الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا ، بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ
وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَّكَفَّلَهَا زَكَرِیَّا ○

نظرِ بد

اس عمل کو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ ہر بار بسم اللہ، شریف ضرور پڑھیں۔ نظر بد سے پیدا شدہ اثرات دُور ہوں گے۔ اول آخر میں تین تین مرتبہ درُود شریف پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ ،

نظرِ بد اُتارنا

اگر کسی کو نظر بد لگ جائے تو اُس کو اس طرح اُتاریں۔ لوہے کا چمٹا لیکر نظر زدہ کے دائیں ہاتھ زمین کے ساتھ لگائیں۔ اور اس عمل کو پڑھنا شروع کریں۔ ساتھ ساتھ چمٹے کو اُوپر اُٹھاتے

جائیں۔

اس عمل کو سات بار پڑھتے پڑھتے چمٹے کو مریض کے اوپر سے گذاریں پھر بائیں ہاتھ کو زمین پر تین مرتبہ جھاڑیں۔ لگاتار اس عمل کو اسی طرح سات مرتبہ کریں۔ اس عمل کو بیٹھ کر کریں۔ بفضلِ خدا نظر بد دُور ہو گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ اٰلف یَا اللّٰهُ وَبِحَقِّ
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

نقش نظرِ بد

اس دُعا کے نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالنے سے نظر بد دُور ہو گی۔ اور آئندہ بفضلِ خدا نظر بد سے محفوظ رہیگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ كُلِّ
شَیْطٰنٍ وَّهَآمَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَیْنٍ لَّآمَّةٍ
یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَ
بَقَآئِهٖ یَا حَیُّ ط حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط

نظر تیز ہو اس درود شریف نوری کو بوقت صبح پانی پر گیارہ مرتبہ دم کرکے اس پانی کے آنکھوں پر چھینٹے ماریں۔ تا شفا یہ عمل جاری رکھیں۔ بفضلِ خدا تھوڑے وقت میں نظر تیز ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا نُوْرُ صَلِّ عَلٰى نُوْرِكَ الْمُنِيْرِ الْاَنْوَارِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ الْمُنَوَّرِيْنَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِهَا سِرِّيْ وَسَرِيْرَتِيْ وَبَصَرِيْ وَبَصِيْرَتِيْ وَدُنْيَايَ وَاَهْلِيْ وَعِيَالِيْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ط

جانوروں کی نظرِ بد کیلئے بینظیر نقش

حضرت خواجہ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ چشم زخم اسپ نظر زدہ اور دیگر جانور نظر زدہ مثلاً گائے، ناقہ، جاموش اور کبش وغیرہ، کیلئے اس نقش کو لکھ کر باندھیں۔ انشاء اللہ شفا ہو گی۔



حیض کی بے اعتدالی

اس عمل کو پاک صاف پانی پر ڈیڑھ سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ دم شدہ پانی میں چاندی کے چھلے کو سات بار گرم کرکے بجھائیں اسی چھلے کو مریضہ کے دائیں ہاتھ میں پہنائیں۔

اس روحانی چھلے کے پہننے سے حیض کی بے اعتدالی درست ہو جائیگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

حیض کا کثرت سے آنا

اگر حیض کے دنوں میں خونِ حیض طبعی مقدار سے زیادہ آئے تو ایک عدد کالی ڈوری لیکر اس کو سات گرہ لگائیں۔ ہر گرہ پر سات بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔

دم شدہ اس گنڈے کو مریضہ کی کمر سے باندھ دیں۔ اس روحانی علاج سے حیض طبعی مقدار کے مطابق خارج ہو گا۔

حیض کم آنا اگر حیض کم دنوں تک یا طبعی مقدار سے کم آئے تو مریضہ کے قد کے برابر سات عدد سیاہ دھاگے لیں۔ انکو چالیس گرہ لگائیں۔ ہر ایک گرہ لگاتے وقت یہ عمل سات بار پڑھ کر دم کریں۔

اس گنڈے کو مریضہ کی کمر سے باندھیں۔ اس روحانی علاج سے حیض طبعی مقدار اور دنوں تک آئے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ

حیض کا بند ہونا

اگر کسی عورت کو کسی وجہ سے حیض آنا بند ہو جائے۔ تو اس نقش کو چینی کی پیالی میں لکھ کر مریضہ کو دن میں سات بار پانی گھول کر پلائیں۔ اس روحانی علاج سے حیض جاری ہوگا۔ تا حیض جاری ہونے۔ اس عمل کو جاری رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ



حیض کا درد سے آنا

اگر کسی عورت کو حیض درد سے آتا ہو تو اس عمل کو خالص شہد پر پانچ سو بار پڑھیں۔ اول آخر درود شریف پانچ پانچ بار پڑھیں۔ اس شہد کو تھوڑا تھوڑا دن میں چند بار چاٹیں۔ شہد حیض سے دو تین دن قبل کھانا شروع کریں۔ اس روحانی علاج سے درد حیض سے شفا ہوگی۔ مجرب المجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ

يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ يَا حَفِيْظُ

رحم، فرج اور اندام نہانی میں خارش

اس عمل کو تازے پانی کی ایک بوتل پر (۳۱۳) تین سو تیرہ بار پڑھ کر دم کریں۔ اول آخر درود شریف پڑھیں۔ دم شدہ اس پانی کو چند بار استعمال کریں۔ بوتل ختم ہونے پر دوسرے دن پھر اسی طرح دم کریں۔ اور استعمال کریں۔

اسی طرح بلاناغہ اس عمل کے کرنے سے جلد شفا ہوگی۔ عمل اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّأَتُوْبُ إِلَيْهِ

رحم اور فرج میں رسولیاں

عورت کے قد کے برابر سات عدد نیلے دھاگے لیکر انکو اکٹھا کرکے اکتالیس گرہ لگائیں۔ ہر ایک پر اس عمل کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

یہ عمل بعد از نماز فجر کریں۔ اس گنڈے کو مریضہ اپنی کمر سے باندھے۔ ہر سات روز کے بعد گنڈے کو جلا دیں اور نیا گنڈا بنا کر باندھ لیں۔ اسی طرح سات مرتبہ عمل کریں۔ سات بار کے اس عمل سے رسولیاں تحلیل ہو جائینگی مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ ط

شرمگاہ میں ورم۔ اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے مریضہ کے استعمال شدہ پاک اور دھوئے ہوئے کپڑے پر لکھ کر کمر میں ناف

کے مقام پر باندھیں۔

ایک نقش چینی کی پلیٹ پر لکھ کر صبح کے وقت پانی گھول کر پلائیں۔ اس عمل کو دن میں تین بار اور چالیس روز تک جاری رکھیں۔ بفضل خدا اس عمل سے جلد شفا ہوگی۔ عمل بلاناغہ کریں۔

۷۸۶

۶	۶	۶	۶
۶	۶	۶	۶
۶	۶	۶	۶
۶	۶	۶	۶

رحم اور اندام نہانی میں سوجن

اندام نہانی کی سوجن کیلئے اس نقش کو نیلے کپڑے پر لکھ کر مریضہ کی کمر کے ساتھ موم جامہ کرکے باندھیں۔ یہ عمل کرنے سے جلد سوجن ختم ہو گی۔ اگر کوئی رطوبت وغیرہ بھی بہتی ہو تو بند ہو گی۔

لو	لو	لو
لو	لو	لو
لو	لو	لو

اندام نہانی کی تنگی اور تشنج

اس طلسم کو چینی کی صاف پلیٹ پر لکھ کر اس میں خالص سرسوں کا تیل ڈال کر۔ طلسم کو اس میں حل کریں۔ اس تیل کو دن میں چند بار روئی سے اندام نہانی میں لگائیں۔

تنگی اور تشنج دور ہوگا۔



رحم کا اپنے مقام سے ہٹ جانا۔

اگر عورت کا رحم اپنے مقام سے ہٹ جائے۔ تو اس نقش کو بروز جمعہ عصر، مغرب کے درمیان زعفرانی روشنائی سے لکھیں۔ اور موم جامہ کر کے مریضہ کے گلے میں ڈالیں۔ اگر رحم نیچے گر جائے۔ یا دائیں طرف مڑ جائے۔ تو نقش کو دونوں شانوں کے درمیان لٹکائیں۔

اگر رحم الٹ گیا ہو۔ یا بائیں طرف مڑ گیا ہو۔ تو اس نقش کو سینے کے درمیان لٹکائیں۔ ایک عدد نقش ہر روز پانی میں گھول کر پلائیں۔ دو (۲) ماہ تک اس روحانی علاج کو بلاناغہ جاری رکھیں۔ جلد شفاء ہوگی۔ نقش اگلے صفحہ ملاحظہ فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ا

ش	ل	ف	ی
ش	ل	ف	ی
ش	ل	ف	ی
ش	ل	ف	ی
ش	ل	ف	ی

نقش برائے عورت کے رحم کا
اپنی جگہ سے ہٹنا

رحم میں پانی یا ہوا بھر جانا

زعفرانی روشنائی سے اس نقش کو لکھ کر مریضہ کی ناف پر کے مقام پر باندھیں۔ اور ایک نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر ہر روز صبح پانی گھول کر مریضہ کو پلائیں اس عمل کو چالیس روز تک جاری رکھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



اس روحانی علاج سے رحم سے پانی اور ہوا خارج ہو جائے گی۔

رحم، فرج یا اندام نہانی میں زخم

اگر زخم بہت خراب ہوں۔ سوزش اور پیپ بھی پڑ گیا ہو۔ تو اکتالیس[۴۱] عدد
نیم کے پتے لیکر اُن پر اس طلسم کو ایک بار ہر ایک پتے پر لکھیں۔
ان پتوں کو پانی میں جوش دیکر اس پانی سے زخم کو
دھوئیں۔ اور بعد میں خارش کے عمل والا تیل استعمال
کریں۔

اِس عمل کو ہر روز اسی طرح دہرائیں۔
انشاء اللہ، اِس عمل کے کرنے سے جلد شفا ہو گی۔

فرج میں پھنسیاں

سرسوں کے تیل کو ایک چینی کی پلیٹ میں ڈال کر رات کو بعد از عشاء
اپنے سامنے رکھیں۔ آنکھیں بند کر کے تصوّر سے اس پلیٹ میں یہ نقش
ایک سو انیس (۱۱۹) بار لکھیں

ب	د	ی	ا
	۲۲۱		

عمل باوضو کریں۔ دوران
عمل ایک ہی پوزیشن میں
بیٹھے رہیں۔ دو زانو یا چار زانو بیٹھ کر عمل کریں۔ اِس تیل کو پھنسیوں پر
دن میں چند بار روئی سے لگائیں۔ تا شفا یہ تیل لگاتے رہیں۔ اس عمل کے کرنے سے پھنسیوں کو
جلد آرام آئے گا۔

لیکوریا

جس عورت کو لیکوریا کا مرض ہو۔ تو چھالیا لیکر انکو باریک کر لیں
اُن پر اس عمل کو پانچ سو بار پڑھ کر دم کریں۔ اوّل آخر درود شریف
تین تین بار پڑھیں۔ یہ عمل ایک ہی نشست میں کریں۔ اِن چھالیا کو مریضہ
دن میں چند بار استعمال مناسب مقدار میں کریں۔ چالیس روز کے اس
روحانی علاج سے بفضلِ خدا شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ بِصِدْقِ رَسُوْلِكَ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آتشک

آتشک کے مرض کیلئے
اِس نقش کو چینی کی
پلیٹ میں زعفرانی روشنائی سے لکھ
کر صبح شام پانی میں گھول کر مریض کو
پلائیں۔
یہ روحانی علاج بلا ناغہ جاری رکھیں۔
بفضلِ خدا چالیس روز کے اندر
اندر شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



دردِ زہ کیلئے

حضرت خواجہ عبدالباقی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ اگر عورت دردِ زہ کی وجہ سے پریشان ہو۔ اور تکلیف بہت ہو۔ بچہ پیدا نہ ہو رہا ہو۔

تو ان کلمات کو ایک سو ایک بار پانی پر پڑھ کر دم کر کے عورت کو پلائیں۔

اَنْتَ الْهَادِیْ اَنْتَ الْحَقُّ فَلَیْسَ الْهَادِیْ اِلَّا هُوَ

اور ان کلمات کو کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی ناف پر باندھیں

یَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ بِحَقِّ اُمِّ مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَام۔

دردِ زہ

جس عورت کو دردِ زہ کی تکلیف ہو تو اس نقش کو لکھ کر عورت کے گلے میں باندھیں۔

۷۸۶

طہ	طہ
طہ	طہ
عسق عسق عسق	

خدا کے فضل و کرم سے جلد دردِ زہ سے شفا ہو گی! مجرب ہے۔

دردِ تھنیلا

اس عمل کو سات مرتبہ پڑھ کر اگر مریضہ کی دائیں چھاتی پر درد ہو۔ تو اپنی بائیں چھاتی پر دم کریں۔ اگر مریضہ کی بائیں چھاتی پر درد ہو تو اپنا دائیں چھاتی پر دم کریں۔ عورت حاضر ہو یا دور ہو۔ اس سے کوئی فرق نہیں۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ یا خواجہ معین الدین ہندالولی نام سے تیرے تھنیلا کی بلا ٹلی۔

عورتوں کے زیرِ ناف درد کیلئے

عورتوں کے زیرِ ناف درد کیلئے اس آیت شریف کو چینی کی پلیٹ پر زعفرانی روشنائی سے لکھ کر پانی سے دھو کر صبح نہار منہ پلائیں۔ بفضلِ خدا چند دنوں میں مکمل شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَ شَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ۝

حفاظتِ حمل کا مجرّب نقش

اگر کسی عورت کا حمل ضائع ہو جاتا ہو۔ یا ضائع ہونے کا ڈر ہو تو ان کلمات کا نقش باندھیں۔ بفضلِ خدا حمل ضائع نہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ
سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
سُبْحَانَ ذِی الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْمُقْتَدِرِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
سُبْحَانَ الْبَارِیِٔ الْمُصَوِّرِ

استقرارِ حمل کیلئے

اگر کسی عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو۔ تو اُسے چاہیئے کہ حیض کے غسل سے فارغ ہو کر سات روز تک یہ عمل کرے

یہ عمل ہر روز باوضو نمازِ عشاء کے بعد کرے۔ اور روزانہ ان کلمات کو ایک سو گیارہ بار پڑھے۔

اوّل آخر درود شریف تین تین بار پڑھیں۔ بفضلِ خدا حمل قرار پائیگا۔ اس دوران مرد ہم بستر ہو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ،
سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
سُبْحَانَ ذِی الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْمُقْتَدِرِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
سُبْحَانَ الْبَارِیِٔ الْمُصَوِّرِ

عورت صاحبِ اولاد ہو

اگر کسی عورت کو جن۔ پری۔ دیو کے سایہ یا کسی سفلی جادو وغیرہ کے اثر کی وجہ سے حمل قرار نہ پاتا ہو۔ تو عورت کے قد کے برابر سات کالے دھاگے لیکر اس پر بانویں (۹۲) گرہ دیں۔

ہر ایک گرہ پر اس افسون کو ایک بار پڑھ کر دم کریں۔ وہ گنڈا عورت غسلِ حیض سے فارغ ہو کر اپنی کمر کے ساتھ باندھے۔ بفضلِ خدا حمل قرار پائیگا۔ یہ گنڈا آسیب زدہ۔ سحر زدہ۔ درد ادر ام الصبیان کے مریض بچے کے گلے میں ڈالا جا سکتا ہے۔ بفضلِ خدا انہیں بھی شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یا مُصَوِّرُ یا اللّٰہُ کرنا ایہہ کام۔ ستر اسرار ہتھ بیان۔ دھڑ سر جُسّا سب رکھے رحمان۔ خضر کہے شاہ سے ثابت رکھ ایمان۔
دَسو سایہ جن پری سبے جاندے مان۔ جادو اڈا پرچھاواں

بھانویں اُم صبیان۔

بحرمت چارے یار رسول فاطمہ حسن حسین،

وضع حمل میں آسانی،

• اگر عورت دردزہ کی وجہ سے بیقرار ہو۔ تو ان آیات شریفہ کو گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اور عورت کو پلائیں بفضلِ خدا بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَهُوَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ إِلَٰهٌ وَفِي الْأَرْضِ إِلَٰهٌ ۝
وَهُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ ۝ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَ
الْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَعِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ
وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

دیگر: وضع حمل میں آسانی کیلئے ان آیات شریف کو پاک صاف کاغذ پر لکھ کر عورت کی بائیں ران پر موم جامہ کر باندھیں۔ بفضلِ خدا بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ ۝ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝
وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ۝

(سورۃ انشقاق پارہ ۳۰)

حاملہ کے شکم میں کیا ہے

اگر معلوم کرنا ہو کہ عورت کے شکم میں کیا ہے۔ تو اس عمل کو سات روز تک سونے سے قبل کر کے سوئیں۔ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔ کہ کیا ہے۔

اگر عمل پورا کرنے سے پہلے ہی معلوم ہو جائے۔ تو اگلے دن عمل کرنے کی ضرورت نہیں۔ عمل باوضو ہو کر اور کپڑوں کو معطر کر کے کریں دوران عمل خوشبو جلائیں۔

عمل اسطرح کریں پہلے ان آیات شریفہ کو ایک سو ایک بار پڑھیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنثَىٰ وَمَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ
وَكُلُّ شَيْءٍ عِندَهُ بِمِقْدَارٍ ۝ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ
الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ ۝ ان کے بعد ان کلمات کو پڑھیں ←

يَا عَالِمَ الْخَفِيَّاتِ فِي الْاُمُوْرِ يَا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَطْلِعْنِيْ عَلٰى كُلِّ مَا اُرِيْدُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

عمل سے فارغ ہونے کے بعد کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں۔

لڑکا پیدا ہونے کیلئے

● جس عورت کے لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں۔ تو اس عمل کو کریں۔ بفضلِ خدا لڑکا پیدا ہوگا۔ عمل اس طرح کریں۔ کہ جب حاملہ کو دو مہینے گزر جائیں۔ تو ان کلمات کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اسکو پانی سے دھو کر حاملہ کو پلائیں۔ چالیس روز تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ بفضلِ خدا لڑکا پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى ذِكْرُهٗ اِنْ كَانَ [illegible] صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ

دفع اٹھرا

اگر کسی عورت کو اٹھرا کا مرض ہو۔ یعنی بچے نہ بچتے ہوں۔ تو اس عمل کو کریں۔ بفضلِ خدا بچہ عمرِ طبعی کو پہنچے گا۔ عمل اسطرح کریں۔ کہ عورت کے قد کے برابر اکتالیس عدد نیلے دھاگے لیکر اُن کو اکتالیس عدد گرہ دیں۔ ہر ایک گرہ پر سورہ مزمل شریف پڑھ کر دم کریں۔ دم شدہ اس گنڈے کو عورت کی کمر کے ساتھ باندھیں۔ بچے کے پیدا ہونے پر اس گنڈے کو [illegible] کے نیچے کے گلے میں باندھیں [illegible] سال یہ عمل دہراتے رہیں جب بچہ گیارہ سال کا ہو جائے۔ تو محبوب سبحانی حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی حسنی و حسینی [illegible] گنڈوں کو کسی محفوظ مقام پر زمین میں دفن کریں۔

دم برائے [illegible]

پہلے اس سورۃ کو ایک بار پڑھیں۔ [illegible] بفضلِ خدا بچہ تندرست ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الحمد کے [illegible] خادم [illegible]

بھی آگے پیچھے سواسات سو قطب چلے اسی سو قدم پر مدد کو چلے ہماری للکار ہیں کون کون چلے سب چلے شاہ مدار چلے بربلا ٹلے۔ پاس بیٹھیں محمد برحق لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

پیٹ میں بچہ سوکھ جانا

عورت کے پیٹ میں اگر بچہ سوکھ جائے۔ اور کسی علاج وغیرہ سے نہ نکلتا ہو۔ یا تکلیف زیادہ ہوتی ہو۔ تو اس نقش کو کپڑے پر لکھ کر اور اس کا فلیتہ بنا کر عورت کی چارپائی کے قریب دھونی دیں۔ بچہ بآسانی پیٹ سے نکل جائے گا۔

اس روحانی علاج سے عورت بخیریت رہے گی۔



دفع مسان

دفع مسان کیلئے سبز رنگ کے تین عدد دھاگے لیں۔ اور انکو اکتالیس گرہ دیں۔ ہر گرہ پر ایک بار الحمد شریف پڑھ کر دم کریں۔ اس دم شدہ دھاگے کو گلے میں باندھیں۔ بفضل خدا مسان کی بیماری سے شفا ہو گی۔

دیگر

اس نقش کو لکھ کر حاملہ کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالیں۔

جب بچہ پیدا ہو۔ تو اس کے کان میں اذان دیں۔ اور تکبیر کہیں۔ بعد میں اس نقش کو بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

لا ا لا ا لا ا لا ا لا
عـہ ااا ط ن ع
ع کسو د ا د

اور بعد اذان غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی نیاز دلائیں۔ بفضل خدا بچہ مسان سے محفوظ رہیگا۔ مجرب ہے۔

بچہ ضد نہ کرے

بچہ ضد کرنے تو اس نقش کو نیلے کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

بفضل خدا بچہ ضد کرنے سے باز رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ
سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ
سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ

سبعہ اشکال کے خواص؛

سبعہ اشکال کے فوائد خواص اور اسرار بہت سے بزرگوں نے تحریر فرمائے ہیں۔ چند ایک کا ذکر کیا جاتا ہے۔

منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ فرماتے ہیں۔ کہ امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ روایت کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جو کوئی ان سبعہ اشکال کو اپنے پاس رکھے گا۔ وہ ہر آفت سے امن میں رہے گا۔ (جواہر غیبی)

حضرت شیخ ابو العباس امام احمد بن علی بونی رحمۃ اللہ علیہ شمس المعارف میں اور حضرت خواجہ شیخ کلیم اللہ شاہجہاں آبادی رحمۃ اللہ علیہ مرقع کلیمی میں بھی ان سبعہ اشکال کے خواص تحریر فرمائے۔ حضرت علامہ دیربی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ان اشکال کے بہت سے خواص تحریر فرماتے ہیں۔

منجملہ ان خواص و فوائد کے چند یہ ہیں۔

۱۔ اگر کوئی ان سبعہ اشکال کو زعفران و مشک سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ دشمن کی شر سے محفوظ رہے گا۔

۲۔ اگر ان کو لکھ کر گھر میں رکھے گا۔ تو آگ لگنے سے محفوظ رہے گا۔

۳۔ اگر ان اشکال کو لکھ کر کشتی یا جہاز میں رکھے گا۔ تو کشتی جہاز غرق ہونے سے محفوظ رہیگا۔

۴۔ اگر حاملہ ان اشکال کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گی۔ تو حمل گرنے سے

محفوظ رہیگا۔

۵۔ اگر کوئی ان اشکال کو لکھ کر مال میں رکھے گا۔ تو مال چوری ہونے سے محفوظ رہے گا۔

۶۔ اگر بیمار لکھ کر گلے میں ڈالے گا۔ تو بیماری سے شفاء ہوگی۔

۷۔ اگر ان اشکال کا نقش لکھ کر دوکان میں رکھا جائے گا تو کاروبار میں برکت ہوگی۔



الرجک ہونا

اگر کسی چیز سے الرجک ہوں تو اس نقش کو لکھ کر بروز جمعہ دائیں بازو کے ساتھ باندھیں۔ مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ر	ح	ی	م
لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ			
ر	ح	ی	م

ہچکی آنا

اگر بار بار ہچکیاں آئیں اور کسی طرح بند نہ ہوں۔ تو اِس عمل کو اِس طرح کریں۔ کہ آنکھیں بند کر کے۔ دونوں بھنوؤں کے دائرے میں اِسم ذات تصور سے لکھیں۔ اسم ذات لکھتے وقت سانس کو روکے رکھیں۔ اگر سانس تنگ ہونے لگے۔ تو سانس لیکر دوبارہ لکھنا شروع کریں۔ چند مرتبہ لکھنے سے بفضلِ خدا ہچکیاں آنا بند ہو جائیں گی۔

مرگی

اِس نقش کو زعفرانی روشنائی سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور ہر روز صبح ایک نقش لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر پلائیں۔ اِسطرح اِس روحانی علاج کو دو (۲) ماہ تک جاری رکھیں۔ روحانی علاج شروع کرنے سے پہلے کسی جاندار مثلاً۔ بکرا۔ مرغ وغیرہ کا صدقہ دیں۔ بفضلِ خدا اِس روحانی علاج سے جلد شفاء ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



اگر کوئی عضو ٹھنڈا رہے

ہر روز اِس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر حل کریں۔ رات کو سونے سے پہلے متاثرہ اعضاء پر مالش کریں۔ ایک نقش زعفرانی روشنائی سے لکھ کر صبح نہار منہ پانی میں گھول کر پئیں۔ یہ عمل اکیس (۲۱) روز تک دہرائیں۔ بفضلِ خدا شفاء ہو گی۔



برائے شفائے امراض

بیماریوں سے شفاء کیلئے قصیدہ بردہ شریف کا یہ شعر پاک صاف کاغذ پر زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ بفضلِ خدا اس روحانی علاج سے مرض کو شفاء ہو گی۔

لَوْ نَاسَبَتْ قَدْرَهٗ اٰیَاتُهٗ عِظَمًا
اَحْیَا اسْمُهٗ حِیْنَ یُدْعٰی دَارِسَ الرِّمَمِ

بیماری واضع ہو

اگر مریض کی بیماری کی سمجھ نہ آئے۔ تو اس نقش کو لکھ کر اس کا فلیتہ بنا کر اس پر سیاہ دھاگہ لپیٹیں اس بتی کو آب نار سیدہ چراغ میں سات راتوں تک روئی لپیٹ کر مریض کے قریب جلائیں۔ مرض واضع ہو جائے گا۔

ع ع ع ھ ھ ھ ھ ۷۸۶ ے ے ے ط ط ط ط

ااا و و و ★ و و و ااا

دیگر

مریض کے مرض کا پتہ نہ چلتا ہو۔ تو اس نقش کا فلیتہ بنا کر اس کے اوپر روئی لپیٹ کر کورے چراغ میں دیسی گھی ڈال کر رات کو مریض کی چارپائی کے قریب جلائیں۔ جب تک چراغ جلتا رہے۔ مریض سونے نہ پائے یہ عمل تین روز تک دہرائیں۔ تین روز کے عمل سے مریض کے مرض کی علامات بفضلِ خدا واضع ہو جائینگی۔

ق	ق	ق	ق
ق	ق	ق	ق
ق	ق	ق	ق
ق	ق	ق	ق

ععع ععع ععع ععع ععع ععع ععع ععع

دفع درد بیلا و یرقان

دفع درد بیلا اور دفع یرقان کے لئے چھری سے زمین پر گول دائرہ بنائیں پھر اس افسوں کو پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ اور چھری سے دائرے کو کاٹیں۔ اسی طرح یہ چودہ بار دہرائیں۔ بیلے کا درد اور یرقان بفضلِ خدا دُور ہو گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بیلا وڈاں سیلا وڈاں

بیلا وڈاں وڈاں تنے ویر

بحق یا حفیظُ و بحرمت

دیا پیر دستگیر،

گھر سے بیماری نکلے

اگر گھر سے بیماری نہ جاتی ہو۔ یعنی گھر کا کوئی نہ کوئی فرد بیمار رہتا ہو۔ تو اس نقش کو زعفران روشنائی سے لکھ کر فریم کروا کے گھر میں لٹکائیں۔ اور اس نقش کا فلیتہ بنا کر اُسکے اوپر سیاہ دھاگہ لپیٹ کر کوئلوں پر رکھ کر گھر میں دھونی دیں۔ بفضلِ خدا چند روز کے عمل سے گھر سے بیماری دُور ہو گی۔ اور بیماری دُور ہونے پر صدقہ کریں،

ااا	علیع	اااا	موسع	ااا
ااا	علیع	اااا	موسع	ااا
ااا	علیع	اااا	موسع	ااا

باؤلے کتے کے کاٹے کا دم

باؤلے کتے کے کاٹے کا دم سُورہ لِاِیلٰف کا دم بہت مجرّب ہے۔ اِس سورۃ کو عمل میں لانے کیلئے چالیس روز تک بعد از نمازِ عشاء ہر روز ایکسو چالیس (۱۴۵) بار پڑھیں۔ چالیس دن کے بعد آپ اِس کے عامل ہو جائیں گے۔ جس کو باؤلا کتا کاٹ جائے تو اس سورۃ کو سات بار پڑھ کر کتے کے کاٹے کی جگہ پر دم کریں۔

بفضلِ خدا ہڑک نہیں ہو گا۔

دیگر

◎ اگر کسی کو باؤلا کتا کاٹ جائے تو اس آیت شریفہ کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر چالیس روز تک کھلاتے رہیں

بفضلِ خدا ہڑک نہیں ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّ اَکِیْدُ کَیْدًا فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا۔

دیگر

◎ اگر کسی کو باؤلا کتا کاٹ جائے تو نمک پر اس دعا کو چودہ بار پڑھ کر دم کریں۔ اور مریض کو کھلائیں۔ اِس طرح چودہ روز تک عمل کریں۔ بفضلِ خدا ہڑک نہیں اُٹھے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٰہی بحرمت محبوب سبحانی حضرت محی الدین سید عبد القادر جیلانی قدس سرہٗ

الٰہی بحرمت شہنشاہِ ہند اولی خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہٗ۔ الٰہی بحرمت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہٗ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہٗ۔ بحکم خدا برکت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایں اثر سگ دیوانہ کم شود۔

مرد میں زنانہ پن

اگر کسی مرد میں زنانہ پن پایا جائے۔ مثلاً اسکی آواز، چال، حرکات اور چہرہ میں زنانہ پن پایا جائے۔ تو اس نقش کو چینی کی پاک صاف پلیٹ پر زعفرانی روشنائی سے لکھ کر پانی گھول کر اس مرد کو پلائیں۔ اس روحانی علاج کو تا حصول مقصد جاری رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا قَدِیْرُ	یَا قَدِیْرُ	یَا قَدِیْرُ
یَا عَزِیْزُ	یَا عَزِیْزُ	یَا عَزِیْزُ
یَا عَلِیْمُ	یَا عَلِیْمُ	یَا عَلِیْمُ

بفضلِ خدا بلاناغہ عمل کرنے سے جلد مقصد حاصل ہو گا۔ یعنی مرد سے زنانہ پن دور ہو گا۔

دردِ کمر

دردِ کمر کیلئے اِس تعویذ کو لکھ کر کمر پر باندھیں۔



خُدا کے فضل و کرم سے دردِ کمر رفع ہو گا۔ اور درد سے فائدہ ہو گا۔

دفع اسہال

اگر عورت یا مرد کو مرض اسہال ہو اور خونی اسہال کسی طرح بند نہ ہوں۔ تو یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا مُحَمَّدُ	یَا مُصْطَفٰی	
	یَا مُجْتَبٰی	
	یَا نَبِیُّ	یَا اَحْمَدُ

خدا کے فضل و کرم سے مرض اسہال رفع ہو گا۔

مجرب ہے۔

درد دندان۔

اگر دانت درد کرتے ہوں۔ تو اس تعویذ کو لکھ کر سات مرتبہ دانت پر پھیریں۔ اسطرح سات مرتبہ عمل کریں۔

ی	ص	م	ھ
ع	ی	ص	م
ن	ع	ی	ص
ک	ن	غ	ی

اِنْ شَاءَ اللّٰہُ درد سے افاقہ ہو گا۔

چوکی حضرت خواجہ خضر علیہ السلام

یہ عمل چلتی نہر کے کنارے اکیس روز تک کیا جائے۔ عمل کو نئے چاند کے پہلے پیر کے دن شروع کیا جائے۔ ہر روز حصار باندھ کر چودہ سو ۱۴۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ دوران عمل کئی قسم کی بلائیں حاضر آتی ہیں۔ کسی سے نہ ڈریں۔ عمل جاری رکھیں۔ اور کڑے کے اندر ہی بیٹھے رہیں۔ کوئی چیز ان شاء اللہ نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ عمل رات کو بارہ بجے

شروع کریں۔ واپسی پر کسی سے بات نہ کریں۔

عمل شروع کرنے سے پہلے میٹھی دودھ چاول کی کھیر پر حضرت خواجہ خضر علیہ السلام کی نیاز دلائیں۔ اور کھیر بعد آب نارسیدہ کچا برتن نہر میں پھینک دیں۔ آخری دن خواجہ خضر علیہ السلام تشریف لائیں گے۔ اور سلام کہیں گے۔ کھڑے ہو کر سلام کا جواب دیں۔

اور اپنی جائز شرعی مدد کیلئے عرض کریں۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ میرا بادشاہ مُحَمَّدؐ کے وزیر علی شیرِ خدا کو کیا خضر نقیب اولیاء چوکی خواجے خضر دی حاضر حاضر حاضر یا خواجہ خضر علیہ السلام۔

سنگ گردہ و مثانہ

اگر کسی کے گردے یا مثانہ میں پتھری ہو اور تکلیف کا باعث ہو۔ تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر گیارہ روز تک پانی میں گھول کر پیئے

انشاء اللہ پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔ اس دوران پانی زیادہ پیا جائے۔ مجرب المجرب ہے۔

دفع کھجلی

جب کسی کو خارش ہو تو۔ اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور سرسوں کا تیل ڈال کر نقش کے تمام حروف انگلی سے حل کریں۔ پھر اس تیل کو خارش کی جگہ استعمال کریں۔

اویا

ایک نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ خارش رفع ہو گی۔

کٓهٰیٰعٓصٓ	کٓهٰیٰعٓصٓ	کٓهٰیٰعٓصٓ	کٓهٰیٰعٓصٓ	کٓهٰیٰعٓصٓ	
					کٓهٰیٰعٓصٓ
لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّا	اللّٰهُ		کٓهٰیٰعٓصٓ
اِلٰهَ	اِلَّا	اللّٰهُ	مُحَمَّدٌ		کٓهٰیٰعٓصٓ
اِلَّا	اللّٰهُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ		کٓهٰیٰعٓصٓ
اللّٰهُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰهُ		کٓهٰیٰعٓصٓ

درستگی ہاضمہ

اگر کسی کو کھانا ہضم نہ ہوتا ہو۔ اور پیٹ میں ہلکا ہلکا درد رہتا ہو اور پیٹ بھاری معلوم ہوتا ہو۔ تو اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر سات روز تک پانی گھول کر پئیں۔ خدا کے فضل سے شکم درست ہو گا۔

		حق
حق	حق	حق
حق	حق	حق

اور کھانا بھی انشاءاللہ ٹھیک ہضم ہو گا۔

گریہ اطفال

اگر کوئی بچہ بہت روتا ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ بچہ رونے سے باز رہے گا۔



اویا

بد خوابی سے اور دیگر بیماریوں سے محفوظ رہیگا۔

دفع رعشہ

اگر کسی کو رعشہ ہو یعنی ہاتھ کانپتے ہوں۔ تو اس نقش کو بروز جمعہ سورج نکلنے کے پانچ منٹ بعد چاندی کی تختی پر کندہ کریں۔ اور پھر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ بہت جلد رعشہ کی بیماری دور ہو جائے گی۔ مجرب اور بے نظیر عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



ہَول قلب

ہَول قلب کے مریض کیلئے اِس نقش کو چاندی کی ایک مربع انچ تختی پر کندہ کرلیں۔



پھر اس نقش کو گھول کر مریض کو اکیس روز (۲۱) پلاتے رہیں۔ خدا کے فضل سے دردِ دل رفع ہوگا۔ اور دل کو تقویت ہوگی۔ مجرب پُر تاثیر ہے۔ آزمائیں اور قدرت کا کرشمہ ملاحظہ فرمائیں۔

جانوروں کی وبائی امراض کیلئے کڑا۔

کڑے کو عمل میں لانے کیلئے چالیس روز تک ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ ہر روز اِس عمل کو پڑھیں۔ عمل پورا ہونے کے بعد اکیس مرتبہ ہر روز پڑھتے رہیں۔ تاکہ عمل جاری رہے۔

کڑا لگانے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ جن جانوروں کو کڑا لگانا ہے۔ ایک کھلے میدان میں گاؤں سے باہر لے آئیں۔ عمل کو سات بار پڑھ کر درخت کی سبز چھڑی پر دم کر کے تمام جانوروں کے گرد لکیر مار دیں۔ اسی طرح سات مرتبہ عمل کریں۔ انشاءاللہ جانور وبائی امراض سے محفوظ رہیں گے بعد کڑا مارنے کے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ سرکار کی نیاز دلائیں۔ اگلے صفحہ پر عمل ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سورۃ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف ایک بار پڑھیں۔

اللہ میرا واحد اے محمد میرا شاہد اے
اللہ محمد من وِچ علی میرے کم وِچ
علی علی کر جہاں تیرا نام لیوے
اک سو لاکھ بلا ٹلے۔

جانوروں کا نئے دودھ ہونا

عمل آیت کریمہ۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ہ

اِسطرح ہے۔ کہ عشاء کے بعد ہر روز جہاں عمل پڑھنا ہو۔ خوشبو جلائیں۔ اور اکیس (۲۱) روز تک ہر روز اکیس سو (۲۱۰۰) مرتبہ آیت کریمہ پڑھیں۔ عمل کسی بھی جمعرات کو شروع کر سکتے ہیں۔ عمل کے اختتام پر موکلوں کی نیاز دلائیں۔ اور نیاز بچوں میں تقسیم کریں

جو گائے، بھینس، بکری وغیرہ بار بار نئے دودھ کرانے کے باوجود نہ رہتی ہو۔ تو آٹے کے پیڑے میں گیارہ مرتبہ آیت کریمہ دم کر کے تین روز تک کھلائیں۔ اور سات نئے دھاگے سات رنگ کے لیکر گیارہ عدد گرہ دیں۔ ہر گرہ پر ایک مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر دم کریں اور جانور کے گلے میں لٹکا کر ڈالیں۔ خدا کے فضل سے جانور پھر نہ

پھرے گا۔ آیت کریمہ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

◎

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

◎

احساس کمتری

ان اسماء کے نقش کو لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں۔ اور دن میں کئی مرتبہ ان اسماء کو پڑھ کر دائیں ہاتھ پر دم کر کے چہرے پر ملیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا رَافِعُ	یَا رَافِعُ	یَا رَافِعُ
یَا مَانِعُ	یَا مَانِعُ	یَا مَانِعُ
یَا دَافِعُ	یَا دَافِعُ	یَا دَافِعُ

دفع مصیبت کیلئے

اگر کوئی مصیبت آن پڑی ہو۔ اور اس سے کسی طرح چھٹکارا نہ ہو۔ چاروں طرف سے پریشانیوں نے گھیرا ہو۔ تو قصیدہ بردہ کے اس شعر کو بعد از نماز عشاء خلوت میں ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھیں۔ اس عمل کو سات روز تک جاری رکھیں۔ اوّل آخر سات سات بار درود شریف پڑھیں۔ بفضل خدا

جلد مصیبت دور ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

○

فَمَا لِعَیْنَیْکَ اِنْ قُلْتَ اکْفُفَا ہَمَتَا
وَمَا لِقَلْبِکَ اِنْ قُلْتَ اسْتَفِقْ یَہِمِ

◎

گمشدہ چیز کی واپسی

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے اور اس کی واپسی کی کوئی سبیل نظر نہ آتی ہو۔ تو قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو ہر روز بعد از نماز عشاء ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ اور اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں گیارہ روز تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ بفضل خدا گمشدہ چیز واپس مل جائے گی۔ یا اس کا پتہ نشان کسی نہ کسی طرح معلوم ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

◎

نَعَمْ سَرٰی طَیْفُ مَنْ اَہْوٰی فَاَرَّقَنِیْ
وَالْحُبُّ یَعْتَرِضُ اللَّذَّاتِ بِالْاَلَمِ

◎

دیگر ○ اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو یا گم ہو جائے۔ واپسی کی

تدبیر نظر نہ آئے۔ تو اس نقش کو لکھ کر چرخے پر الٹا گھمائیں۔

بِسْتُوراہ مشرق فلاں بن فلاں

ب	د	و	ح
ح	و	د	ب
د	ب	ح	و
و	ح	ب	د

اللہ تعالیٰ کے فضل سے بھاگا ہوا یا گمشدہ واپس آئیگا۔ یا اُسکے ٹھکانے کا کسی صورت پتہ مل جائے گا۔ عمل کو اکیس (۲۱) روز تک بلا ناغہ جاری رکھیں۔ اگر دوران عمل گمشدہ واپس آ جائے تو عمل کو ختم کر دیں۔ اس عمل بعد نماز عشاء شروع کریں۔ ہر روز نصف گھنٹے تک کریں۔ نہایت پر تاثیر نقش ہے۔

والیسی مفرور

اگر کوئی گھر سے مفرور ہو۔ اور واپسی کی کوئی سبیل نہ ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکائیں۔ انشاء اللہ مفرور چند دنوں میں بے قرار ہو کر واپس گھر آئے گا۔ خواہ کتنا ہی پابندی میں کیوں نہ ہو۔ مجرب اور کامیاب ترین نقش ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



والیسی گریختہ

جو کوئی ناراض ہو کر بغیر بتائے گھر سے بھاگ جائے۔ اور واپس نہ آئے یا خیریت کا معلوم نہ ہو تو اس نقش کو لکھ کر گھر کی چھت میں دبا دیں۔ انشاء اللہ مفرور جلد واپس آ جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ		
کٓھٰیٰعٓصٓ	فلاں بن فلاں باز آید	حٰمٓ عٓسٓقٓ
س ل ا م ق و ل ا م ن ر ب ر ح ی م		

دیگر

اگر کوئی مرد یا عورت گھر سے فرار ہو جائے۔ تو اس نقش کو لکھ کر گھر میں لگائیں۔ مفرور کتنی ہی دُور کیوں نہ ہو جلد از جلد گھر واپس آئے گا۔ تعویذ لکھتے وقت فلاں بن فلاں کی جگہ مخفی ور کا نام بمعہ والدہ کا نام مفرور ہونا ضروری ہے مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



گریختہ فلاں بن فلاں باز آید۔

دیگر

اگر کوئی گھر سے کسی وجہ سے چلا جائے۔ اور کسی صورت بھی اسکی خیر خیریت کا پتہ معلوم نہ ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر کسی وزن کے نیچے دبائیں۔ انشاء اللہ چند دنوں کے اندر اندر مفرور گھر

واپس آئیگا۔

واپسی پر ان بزرگوں کی نیاز دلائیں۔ مجرب المجرب ہے۔

حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ	حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ	حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ
حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ	فلاں بن فلاں زود بیاید	حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ
حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ	حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ

◎

دیگر

حضرت شاہ ابوالبرکات صاحب قدسی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں کہ اگر کوئی گھر سے غائب ہو جائے۔ تو اس آیت شریف کو پاک صاف کاغذ پر زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے ایسی جگہ لٹکا دیں۔ جہاں پر ہوا سے ہلتا رہے۔

انشاء اللہ ضرور بہت جلدی واپس آئیگا۔

(زاد المتقین)

وَلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰی رَبِّیْٓ اِنَّ لِیْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰی ۝

مردبستہ

اگر کسی مرد کو کسی نے علم کے ذریعہ بستہ کر دیا ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بستہ کشادہ ہو گا یہ مجرب ہے۔ اس نقش کو سنہرے کاغذ پر لکھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ح ح ح ح ح ح ح

یَا حَیُّ	یَا قَیُّوْمُ
یَا قَائِمُ	یَا کَرِیْمُ

ع ع ع ع ع ع ع

ص ھ

بربادیٔ اعداء



کلمات ابجد کے اس نقش کو کورے ٹھیکرے پر بروز اتوار سورج نکلنے کے دس پندرہ منٹ بعد لکھیں۔ اور اسی دن دشمن کے گھر دفن کر دیں۔ نقش میں دشمن کا نام اور اسکی والدہ کا نام لکھ دیں۔ یاد رہے۔ کہ کسی پر ناجائز ظلم نہ کریں۔

◎

بربادیٔ ظالم

اس نقش کو سیاہ بکرے کی دستی کی ہڈی پر بروز اتوار سورج نکلنے کے نصف گھنٹہ بعد کالی سیاہی سے لکھیں۔ نقش کے نیچے دشمن کا نام بمعہ اسکی والدہ کا نام لکھیں۔ نقش لکھتے وقت منہ میں نیم کا پتہ چباتے رہیں۔

۱۲۴۳۷۱	۱۲۴۳۸۵	۱۲۴۳۸۲	۱۲۴۳۷۹
۱۲۴۳۸۳	۱۲۴۳۷۸	۱۲۴۳۷۲	۱۲۴۳۸۴
۱۲۴۳۷۷	۱۲۴۳۸۵	۱۲۴۳۸۷	۱۲۴۳۷۳
۱۲۴۳۸۶	۱۲۴۳۷۴	۱۲۴۳۷۶	۱۲۴۳۸۱

فلاں بن فلاں

نقش لکھنے کے بعد عشاء کی نماز کے بعد نقش کو سامنے رکھ کر اس پر دشمن کا تصور

کریں۔ اور ننگے سر یا قہار ۔ دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق
پڑھتے رہیں۔ اسی طرح سات روز عمل کرنے کے بعد اس نقش والی
پرچی کو ہانڈی میں بند کر کے پرانے قبرستان میں دفن کر دیں۔
دشمن تباہ ہوگا۔ ناجائز کسی کیلئے ہرگز نہ کریں۔ ورنہ سخت گناہ
ہوگا۔

◎

دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے

اگر دشمن نے پریشان کر رکھا ہو۔ اور چاروں طرف سے گھیرے میں ہوں
قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو بعد از نماز فجر روزانہ ایک سو ایک
۱۰۱ بار پڑھیں۔ اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔
بفضل خدا پڑھنے والا دشمن پر غالب ہوگا۔

تُهْدِی اِلَیْکَ رِیَاحُ النَّصْرِ نَشْرَھُمُ
فَتَحْسَبُ الزَّھْرَ فِی الْاَکْمَامِ کُلَّ کَمِیْ

دشمن بیمار کرنا

چالیس روز کا یہ عمل عشاء کے بعد سے رات بارہ
بجے تک کیا جا سکتا ہے۔ بروز اتوار قبرستان میں حصار باندھ کر
شروع کریں۔ ہر روز پانچسو پانچ بار پڑھیں۔ آخری دن
ایک بکرے کی سری لے جائیں۔ اور جہاں عمل پڑھا ہو۔ گڑھا
کھود کر سری دبا دیں۔ اور واپس آجائیں۔ دوران عمل ڈرنے کی ضرورت نہیں

نہیں عمل جاری ہوگا۔
جب کسی دشمن کیلئے کرنا ہو تو سفید کاغذ پر عمل لکھیں۔ اور نیچے دشمن
اور اسکی والدہ کا پورا نام لکھیں۔ سات عدد سوئیاں لیں۔ ہر سوئی
پر سات مرتبہ عمل پڑھیں۔ اس عمل کے نقش اور سوئیوں کو کوری ہانڈی
میں رکھ کر قبرستان میں دفنا دیں۔
دشمن بیمار ہوگا۔ دشمن کو اس وقت تک آرام نہیں آئیگا۔ جب تک ہانڈی نکلوا
کر پانی میں نہ بہائیں گے۔
عمل یہ ہے۔

یا قہار قہر کر یا جبار جبر کر

دو افراد میں علیحدگی کیلئے

نمک کی چالیس کنکریاں لیکر ان
پر ان کلمات کو چالیس مرتبہ
پڑھ کر دم کریں۔
یہ عمل شروع چاند کے پہلے منگل کو سورج نکلنے سے لیکر ایک گھنٹے کے
عرصے کے اندر اندر کریں۔ دم شدہ نمک کی کنکریاں ہر دو افراد کے گھر میں
نصف نصف پھینک دیں۔ فلاں بن فلاں کی جگہ ان کا اور انکی والدہ کا نام لیں۔
ناجائز کام پر ہرگز نہ کریں۔

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ؕ کُلَّمَآ اَوْقَدُوْا
نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَھَا اللّٰہُ ۙ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰہُ لَا

مُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ o اَلْبُغْضَ وَالْعَدَاوَۃَ فلاں بن فلاں علی بغض فلاں بن فلاں دَائِمًا اَبَدًا o

دشمن کے نقصان سے محفوظ رہنے کیلئے

حضرت خواجہ عفیف الدین رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ کہ اگر آپکے دشمن کسی سازش کے ذریعے آپ کو نقصان پہنچانے کا ارادہ رکھتے ہوں۔ تو آپ اس آیت شریف کو نماز فجر کے بعد ہر روز اکتالیس بار پڑھیں۔

میں نے اس آیت کو کئی بار اہم موقعوں پر پڑھا۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کامیاب رہا۔ اس عمل کے کرنے والا بفضلِ خدا دشمنوں پر غالب رہے گا۔ اور اُنکے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

(اسرار الاولیاء)

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ یَّبْسُطُوْۤا اِلَیْكُمْ اَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ o

(سورۃ المائدہ پ۶)

◎

باغ کھیت اور مال کی حفاظت

حضرت خواجہ فخر الدین جیلانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ کہ یہ دُعا مال کی حفاظت کیلئے مجرب ہے عمل اسطرح کریں۔ جمعہ کے روز ایک سو ایک بار یہ آیت۔

وَزَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ

الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ o پڑھیں۔ اسکے بعد کسی باغ سے جاکر ایک گلاب کا پھول لائیں۔ پھر عصر کی نماز پڑھ کر یہ کلمات اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ گیارہ بار پڑھ کر گلاب کے پھول پر دم کریں۔ پھول کو مال میں رکھیں۔ اس کے بعد سجدے میں تین بار یہ کلمات پڑھیں۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِ السَّارِقِیْنَ اس پھول کو اگر کھیت یا باغ میں دفن کریں گے۔ تو کھیت و باغ میں برکت ہو گی۔

(ریاض الصالحین)

جنگلی درندوں سے حفاظت

اگر جنگل میں جنگلی جانوروں درندوں کے حملے کا خوف ہو۔ تو قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو گیارہ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ اور اپنے گرد حصار ماریں۔ اوّل آخر تین بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا جنگلی درندوں سے حفاظت میں رہیں گے

كَاَنَّهُمْ هَرَبًا اَبْطَالُ اَبْرَهَةٍ اَوْ
عَسْكَرٌ بِالْحَصٰى مِنْ رَاحَتَيْهِ رُمِيْ

◎

فتح نامہ

قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو پاک صاف کاغذ پر زعفران سے لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں۔ اور بعد از نماز عشاء اس شعر کو ایک سو گیارہ (۱۱۱) دفعہ پڑھیں۔ صبح آپ جس

جائز کام کیلئے بھی جس کے پاس جائینگے۔ بفضلِ خدا فتح ہوگی۔

مَاسَامَنِي الدَّهْرُ ضَيْمًا وَّاسْتَجَرْتُ بِهٖ
إِلَّا وَنِلْتُ جِوَارًا مِنْهُ لَمْ يُضَمِ

◎

تسخیر مطلوب

تسخیر مطلوب کے واسطے نہایت سریع التاثیر عمل ہے۔ زعفران اور مشک سے سفید کاغذ پر قلم انار سے جو نئی بنائی گئی ہو۔ اور انار کے درخت کے سائے میں بیٹھ کر ساتوں نقش لکھیں۔ سات عدد نئے چراغ لیں۔ عمل جمعرات سے شروع کریں۔ اور ہر روز ایک عدد نقش پر محبوب کی قمیض کا کپڑا لپیٹ کر اوپر روئی لپیٹ دیں۔ اور بتی بنا کر چراغ میں جلائیں۔ چراغ میں سرسوں کا تیل استعمال کیا جائے۔ اور چراغ کا منہ خانۂ محبوب کی طرف رہے۔ اگر مطلوب کا کپڑا دستیاب نہ ہو۔ تو نیلا دھاگہ لپیٹ دیں۔ ہر روز نیا چراغ استعمال کریں۔

انشاء اللہ مطلوب بیقرار ہو کر قدموں میں آگرے گا۔ عمل کسی علیٰحدہ جگہ کریں۔

(۱)

۵۱۱۶۲۶ ۲ ۱۲۲۱ سا ۱۱۱ دد ۱۹۱۶		
فلاں بن فلاں	علی الحب	فلاں بن فلاں
حلملہ ھھ طلط لا العجلہ		

(۲)

۶۶۷۱۱۳ ۱۱۱ م ۱۱۴۹۹ ع ملح ۱۲۸ ر		
فلاں بن فلاں	علی الحب	فلاں بن فلاں
سحہ الحع ملح صرص ھم		

(۳)

۱۹۶۲۱۲ ے ۱۱۱۱۶ ھ ۶۹۱۱۱ م ۱۱۶۱		
فلاں بن فلاں	علی الحب	فلاں بن فلاں
علیع رمہ مح ملح		

(۴)

۶۶۷۲۳۶ ۱۱۱ ی ۹۱۴۱ ع ۱۲۵ ع ۱۴		
فلاں بن فلاں	علی الحب	فلاں بن فلاں
ملح اطلح اطلح اطلح حمد		

(۵)

۱۹۴۳ ۱۴۵۱۱۵ م ۱۲۸۱۶۲۲ ملو		
فلاں بن فلاں	علی الحب	فلاں بن فلاں
عحط عدمہ ھلع		

(۶)

۳۶۲۱۱۲ لہ ۱۲۲۱ ی ح ۱۱ ع ۹۱۹ لم ۱۲		
فلاں بن فلاں	علی الحب	فلاں بن فلاں
۴ می عص لہ حمہ		

(۷)

۲۱۲۳۱ در ۹۱۹ ح ۱۳۹ ۸ ۲۹۱ سم ۱۹۲		
فلاں بن فلاں	علی الحب	فلاں بن فلاں
صلہ ملح طرع الح		

◎

تسخیر افسر

اگر کسی ماتحت کو اس کا افسر ناجائز تنگ کرتا ہو۔ اچھا سلوک نہ کرے۔ بے جا اور ناجائز کام کرنے پر مجبور کرے۔ تو اس نقش کو سبز رنگ کے ریشمی دھاگے کے ریشمی کپڑے پر رکھ کر اس کے نیچے اُس کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ دیں۔ اگر والدہ کا نام معلوم نہ ہو۔ تو اُسکی والدہ کے نام کی جگہ حوا لکھ دیں۔ نقش پر لکھے ہوئے عمل کو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ نٓ
وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ

افسر یا حاکم کو مہربان کرنے کیلئے

اگر کسی افسر یا حاکم سے کوئی مخصوص جائز شرعی کام ہو۔ یا افسر یا حاکم ظالم ہو۔ تو اس عمل کو سات روز تک بعد از نماز عشاء کریں۔ ہر روز اس دُعا کو دو سو تین ۲۰۳ بار پڑھیں۔ اوّل آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ اس عمل سے افسر یا حاکم جس کیلئے آپ نے عمل کیا۔ مہربان ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ،
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ،
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ،
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَمَانُ الْخَائِفِیْنَ،

ماتحت کہنا مانیں

چاندی کی انگشتری پر اس نقش کو کندہ کریں اور بروز جمعہ، جمعہ کی دوسری اذان کے دوران اس انگشتری کو دائیں ہاتھ کی انگلی میں پہن لیں۔

بفضلِ خدا اس عمل کے کرنے سے ماتحت کہنا مانیں گے۔

یَا جَبَّارُ

لوگوں میں مقبول ہونے کا نقش

حضرت امام احمد بن علی بونی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ جو کوئی چاندی کی انگشتری یا لوح پر اس نقش کو کندہ کر کے اپنے پاس رکھیں گے۔ تو لوگوں کے دلوں میں اسکی محبّت و مقبولیت اور رُعب بڑھے گا۔ یہ نقش جمعۃ المبارک کے دن سورج طلوع ہونے سے ایک گھنٹے کے اندر اندر تیار کریں۔

(شمس المعارف)

۳۹۴	۲۹۴	۲۳۷	۲۲۳	۲۶۳	۲۵۱	۲۵۵	۲۱۵	۲۹۲
۲۵۹	۲۹۹	۲۴۹	۲۳۶	۲۲۶	۲۹۳	۲۹۲	۲۹۳	۲۲۲
۲۵۲	۲۲۱	۲۷۴	۲۶۴	۲۹۷	۸۴۸	۲۲۵	۲۱۲	۲۲۸
۲۵۶	۲۶۵	۴۵۶	۲۴۵	۲۵۷	۲۵۳	۱۴۷	۲۵۴	۲۹۱
۲۲۲	۲۹۵	۲۳۳	۲۵۹	۲۱۱	۲۵۹	۲۵۵	۲۴۶	۲۵۶
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۴	۲۸۹	۲۲۵	۲۳۱	۲۱۸	۲۴۱	۲۵۷
۲۵۵	۲۴۴	۲۱۳	۱۲۷	۲۸۸	۲۲۴	۱۵۴	۲۱۲	۲۶۶
۲۱۶	۲۶۵	۲۵۳	۲۱۳	۲۵۲	۲۵۱	۲۵۴	۲۲۹	۲۲۹
۲۴۱	۲۲۸	۲۸۶	۲۶۷	۲۵۵	۲۱۵	۲۱۴	۲۵۱	۲۴۲

۳ ۶ ۲ ۵

۲۵۲

لوگ عزّت کریں،

اِس نقش کو ہرن کی جھلّی پر زعفران سے لکھ کر معطر کر کے موم جامہ کر کے جو شخص دائیں بازو پر باندھے گا۔ لوگ اُسکی عزت کریں گے۔

اصلحو	الا	اصلح
	الطبع	
	صلحو	
	ھلحو	
اصلحو	الا	اصلح

اور محبّت سے پیش آئیں گے۔

برائے عزّت عظمت

حضرت خواجہ عبد الباقی صاحب رحمتہ اللّٰہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ لوگوں میں عزت و عظمت حاصل کرنے کیلئے ان آیات شریفہ کو بدھ کے روز لاجورد کے نگینہ پر کندہ کرائیں۔

اِس نگینے کو انگوٹھی میں ڈال کر دائیں ہاتھ میں پہنیں۔ بفضلِ خُدا اس عمل کے کرنے سے اور ان آیات کا ھمیشہ لبعد از نمازِ فجر وظیفہ جاری رکھنے سے لوگوں میں مقبولیت بڑھے گی۔ اور لوگ عزت احترام سے پیش آئیں گے

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ وَجَعَلَ الَّیْلَ سَکَنًا وَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ط ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ٥ وَھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ النُّجُوْمَ لِتَھْتَدُوْا بِھَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ٥

دَوران سفر سواری خطرے سے محفوظ رہے۔ ◎

اگر سورۃ اِنَّآ اَنْزَلْنٰہُ اکیس (۲۱) بار پڑھ کر سواری مثلاً جہاز، کشتی، لانچ، موٹر کار، گھوڑا وغیرہ پر سوار ہوں گے۔ تو سواری ہر قسم کی آفات و خطرات سے بفضلِ خدا محفوظ رہے گا۔ اور سواری بخیت منزل پر پہنچے گی۔

◎

گاڑی ایکسیڈنٹ سے محفوظ رہے۔ ◎

اِس نقش کو جمعرات کے روز نمازِ اشراق اور نماز چاشت کے درمیان زعفران سے لکھیں۔ اِس نقش کو جس گاڑی مثلاً کار، بس، ٹرک جیپ، موٹر سائیکل وغیرہ میں رکھیں۔

بفضلِ خُدا گاڑی حادثہ سے محفوظ رہیگی۔ یاد رہے۔ کہ ہر جمعرات کو اس نقش کو لوبان کا بخور دیتے رہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط



جہاز میں سفر کے دوران حفاظت

حضرت شیخ محمد رزاق مصری رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں۔
کہ ایک شامی ولی کامل نے مجھے فرمایا "کہ جب تم جہاز کا سفر اختیار کرو تو اس آیت شریف کو روانہ ہونے سے پہلے ایک سو ایک بار پڑھ لیا کرو بفضلِ خدا خطرات سے دورانِ سفر حفاظت رہے گی۔

آیت شریف یہ ہے۔ (کاشف الاسرار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ
بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۝

بحری، ہوائی سفر کے دوران آفات سے حفاظت۔

حضرت امام صالح جزائری رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں۔
کہ بحری یا ہوائی سفر کے دوران اس آیت شریف کو کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے بفضلِ خدا ہر قسم کی آفات حفاظت رہتی ہے۔ آیت شریف یہ ہے۔ (الدر المکنون)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا
اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

دفعِ تنگدستی۔

دفعِ تنگدستی کیلئے قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو بعد از نمازِ فجر اکتالیس بار روزانہ پڑھیں۔
اس عمل کو گیارہ روز تک جاری رکھیں۔
اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا اس بابرکت عمل سے تنگدستی دور ہو گی۔

وَلَا الْتَمَسْتُ غِنَى الدَّارَيْنِ مِنْ يَدِهٖ
اِلَّا اسْتَلَمْتُ النَّدٰى مِنْ خَيْرِ مُسْتَلَمِ

قضائے حاجت۔

اگر کوئی حاجت پیش آئے تو گیارہ روز تک بعد از نمازِ عشاء یہ شعر چالیس مرتبہ پڑھیں۔
بفضلِ خدا حاجت پوری ہو گی۔

نَسْهِلْ يَا اِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ
بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ

ترقی رزق کیلئے مجرب عمل

اگر کاروبار درست نہ ہو۔ بے برکتی ہو۔ تو اس عمل کو کریں۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ ان کلمات کو بعد از نماز عشاء ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل بلاناغہ گیارہ روز تک جاری رکھیں۔ بفضلِ خدا کاروبار میں برکت ہو گی۔ اور رزق کی فراوانی ہو گی۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

برائے کشائش رزق

حضرت خواجہ عبدالباقی صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ کہ کشائش رزق کیلئے بہت مجرب عمل ہے۔ چند دن عمل کرنے سے کامیابی ہوتی ہے۔ عمل اس طرح کریں نماز مغرب کی سُنتیں پڑھنے کے بعد دو (۲) رکعت نماز نفل پڑھیں۔ بعد سلام پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کریں۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ ایک سو گیارہ بار یَا مُغْنِیُ تین بار سورۃ مزمل شریف گیارہ بار درود شریف پڑھیں

(زادالمتقین)

ترقی رزق کیلئے

حضرت خواجہ عبدالباقی صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ کہ ترقی رزق کیلئے یہ کامیاب عمل ہے۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ صبح نمازِ فجر کی سُنتیں پڑھنے کے بعد ایک سو ایک بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ۔ گیارہ بار هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَیْرُ اللّٰہِ یَرْزُقُکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ ٥ اس عمل کو مزید موثر کرنے کیلئے نمازِ عشاء کے بعد تین سو تیرہ بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ پڑھیں۔

خواجہ صاحب لکھتے ہیں۔ اُس ذات پاک کی قسم جسکے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ جس نے خشوع خضوع سے یہ عمل پڑھا وہ پڑھنے والا چند روز میں اپنے مقصد میں کامیاب ہو گا۔ اور مال و دولت سمندر کی لہروں اور ہوا کے جھونکوں کی طرح اس کے پاس آئے گی۔

(انیس الطالبین)

تسخیر خلائق کیلئے بےنظیر عمل

حضرت خواجہ عبدالباقی صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ تسخیر خلائق کا یہ پُرتاثیر عمل مجھے میرے شیخ طریقت سے پہنچا ہے۔ یہ نہایت ہی پُراثر عمل ہے۔ اگر پابندی سے اور توجہ سے کریں گے۔ تو روحانی درجات میں ترقی ہوگی اور آپ کا کلام بھی پُراثر ہو گا۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ اس دعائے مقدس کو نمازِ فجر کے بعد خلوت میں بیٹھ کر ہر روز ایک سو گیارہ بار پڑھیں

(انوار السالکین)

یَا کَرِیْمُ یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا اللّٰہُ یَا رَءُوْفُ یَا اللّٰہُ، یَا مُجِیْبُ یَا اللّٰہُ
یَا سَمِیْعُ یَا اللّٰہُ، یَا رَافِعُ یَا اللّٰہُ، یَا غَفُوْرُ یَا اللّٰہُ۔ یَا حَکِیْمُ یَا اللّٰہُ
یَا عَزِیْزُ یَا اللّٰہُ، یَا خَالِقُ یَا اللّٰہُ، یَا سَلَامُ یَا اللّٰہُ، یَا قُدُّوْسُ یَا اللّٰہُ
یَا مُعْطِیُ یَا اللّٰہُ، یَا بَاسِطُ یَا اللّٰہُ، یَا قَیُّوْمُ یَا اللّٰہُ، یَا حَیُّ یَا اللّٰہُ
یَا رَافِعُ یَا اللّٰہُ، یَا فَتَّاحُ یَا اللّٰہُ
یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ،

سکون قلب کیلئے

سکون قلب کیلئے ان کلمات کو بعد از نمازِ فجر روزانہ گیارہ بار پڑھیں۔ بفضلِ خدا اس عمل سے قلب سکون پیدا ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ اِنَّ قَلْبِیْ وَنَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ مَا تُمَلِّکُنِیْ مِنْھُمَا شَیْئًا، فَا

فَاغْفِرْ لَہُمَا کَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ... (نہایت دھندلی)

ذَا فَعَلْتَ كَذَا لِذَا بِهِمَا فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّهُمَا لِأَحَدِهِمَا اِلَىٰ سَوَآءِ السَّبِيْلِ،

قلب میں نورانیت پیدا کرنے کیلئے

رئیس المحدثین حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ کہ افضل الذکر کے بارے میں بعض محققین فرماتے ہیں۔ کہ یہ ذکر سب سے بہتر ہے۔ اس ذکر سے قلب میں نورانیت پیدا ہوتی ہے نمازِ فجر اور نمازِ عشاء کے بعد ہر روز ایک تسبیح کا وظیفہ مقرر کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، لَہُ الْمُلْکُ وَ لَہُ الْحَمْدُ، وَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ،

◎

زیارت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم،

زیارت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے ان کلمات کو ہر روز (۹۲) بانوے بار پڑھیں۔ اوّل آخر اکیس اکیس بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ ہر روز بعد از نماز عشاء عمل کریں۔ عمل کرنے سے لیکر سونے تک کسی سے بات نہ کریں۔ اور عمل کے بعد وہیں سو جائیں۔

بلا ناغہ اکیس روز تک جاری رکھیں۔ بفضلِ خدا سرکارِ دوعالم احمدِ مجتبیٰ محمدِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ کلمات اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں"

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

○

لَآ اِلٰہَ کی تسبیح اِلَّا اللّٰہُ کا نور، محمد رسول اللّٰہ کا سبب ظہور خفر پر خفر خفر پر نور جائیں گے موکل ساتھ آئیں گے حضور۔

◎

آسانی سکرات موت

حضرت شاہ محمود عالم صاحب قدسی حضرۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ اگر کسی کو جان کنی کے وقت تکلیف بہت شدید ہو۔ تو ان آیات شریفہ کو اس کے سرہانے بیٹھ کر اکتالیس بار پڑھیں۔ سکرات موت میں آسانی ہوگی۔

(مسالک السالکین)

یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوا اللّٰہَ ذِکْرًا کَثِیْرًا
وَّسَبِّحُوْہُ بُکْرَۃً وَّ اَصِیْلًا ۝ ہُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ
عَلَیْکُمْ وَ مَلٰٓئِکَتُہٗ لِیُخْرِجَکُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ
اِلَی النُّوْرِ ؕ وَ کَانَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَحِیْمًا ۝

برائے قبولیتِ دُعا

بہ نیت قبولیت دعا۔ اس آیت کریمہ کو ہر روز گیارہ سو (۱۱۰۰) بار پڑھیں۔ سات روز تک اس عمل کو کریں۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ سات روز کے بعد حق تعالیٰ سے عجز و انکسار سے دعا کریں۔ دعا یقیناً قبول ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۰

◎

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

دیگر

اگر کوئی حاجت ہو تو قصیدہ بُردہ شریف کے اِس شعر کو ایک ہزار ایک سَو (۱۱۰۰) بار پڑھیں۔ اِس عمل کو ایک ہی نشست میں کریں۔ اور اوّل آخر پانچ پانچ بار درُود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خُدا اِس عمل سے دُعا قبول ہوگی۔

هُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ
لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمٖ

اَدائے قرض کا تیر بہدف وظیفہ

◎ اگر کسی کے ذمے قرض ہو۔ اور کسی طرح ادائیگی کا سبب نہ بنتا ہو۔ تو اِس عمل کو گیارہ روز تک کریں۔

اِس وظیفہ کو ہر روز نمازِ فجر کے بعد ایک سو ایک بار پڑھیں۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درُود شریف پڑھیں۔ وظیفہ کے کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

قُلْ یٰعِبَادِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا حَسَنَةٌ ؕ وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ

قرض لینا

اگر کسی سے اُدھار لینا مقصود ہو۔ اور انکار کا احتمال ہو۔ تو سات روز تک مغرب اور عشاء کے درمیان ایک سَو ایک مرتبہ سُورۂ اخلاص پڑھیں۔ اوّل آخر تین تین بار درُود ابراہیمی پڑھیں۔ آخری دن یا جب ضرورت ہو۔ تو سات مرتبہ سُورۂ اخلاص پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر ملیں۔ اور جس سے ضرورت ہو۔ اس کے سامنے جائیں۔ اِنشاءاللہ کام ہوگا۔

◎

ہُنر جلدی سیکھ جائے

اگر کوئی کام سیکھ رہا ہو۔ اور کام جلدی سمجھ میں نہ آسکے تو اِس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو کے ساتھ باندھیں۔

۷۸۶



بفضلِ خُدا

اِس پُرتاثیر نقش کی برکت سے جلدی ہُنر سیکھ جائے گا۔ اور کام کرنے لگے گا۔

چہرہ میں کشش پیدا ہو

اِس عمل کو چالیس روز تک بلاناغہ کریں۔ عمل نمازِ فجر اور سورج نکلنے کے درمیانی وقفہ میں کریں۔ یہ عمل قبلہ رُخ ننگے سَر کھڑے ہو کر کر

ہے۔

عمل کا طریقہ یہ ہے۔ کہ کٓهٰیٰعٓصٓ کے حروف مقطعات کو علیحدہ علیحدہ اس طرح پڑھیں۔ "ک" پڑھ کر دائیں ہاتھ کی سب سے چھوٹی چھنگلی انگلی کو بند کریں۔ پھر "ھ" پڑھ کر اس کے ساتھ والی انگلی بند کریں پھر "ی" پڑھ کر سب سے بڑی انگلی بند کرلیں۔ پھر "ع" پڑھ کر شہادت والی انگلی بند کریں۔ پھر "ص" پڑھ کر انگوٹھے کو بند کریں اسکے بعد حٰمٓ عٓسٓقٓ کے "ح" کو پڑھ کر بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کو بند کریں۔ پھر "م" کو پڑھ کر شہادت والی انگلی بند کریں۔ اس کے بعد "ع" پڑھ کر سب سے بڑی انگلی بند کریں۔ اس کے بعد "س" پڑھ کر برابر والی انگلی کو بند کریں۔ پھر "ق" پڑھ کر سب سے چھوٹی انگلی بند کرلیں۔

اس کے بعد دونوں مٹھیاں چہرہ کے سامنے کر کے کھولیں۔ پھر اس پر دم کر کے چہرہ پر ملیں۔

اسی عمل کو اسی طرح گیارہ مرتبہ دہرائیں۔ عورتیں ناغے کے دن عمل نہ کریں ناغے کے دن گذرنے کے بعد یہ دن پورے کرلیں۔ بفضلِ خدا اس عمل سے آپ کا چہرہ پُرکشش ہوگا۔ لوگ آپ سے جلد متاثر ہوں گے!

چہرے کی خوبصورتی کیلئے

اس نقش کو تازہ دودھ میں گھول کر نماز فجر سے پہلے چہرے پر ملیں۔ بعد منہ دھو کر وضو کریں۔ اور نماز فجر ادا کریں چہرہ خوبصورت ہوگا۔ اور چہرے میں کشش پیدا ہوگی



مراقبہ حورانِ جنت

عشاء یا فجر کی نماز کے بعد سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ایک سو ایک مرتبہ (۱۰۱) اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ بعد خاموشی سے آنکھیں بند کر کے دو زانو ہو کر دونوں آنکھوں کی بھنوؤں کے درمیان نگاہ رکھیں۔

کم از کم ہر روز نصف گھنٹہ اسی طرح مراقبہ کریں۔ دوران مراقبہ آپ کو ہر طرف روشنی ہی روشنی نظر آئے گی۔ انشاء اللہ مراقبہ یا خواب میں حوروں سے ملاقات ہوا کرے گی۔

انکے نورانی چہروں سے نکلنے والی نورانی شعاعوں کے عکس سے آپ کے چہرے پر خوبصورتی پیدا ہوگی۔ جتنی ملاقات زیادہ رکھیں گے خوبصورتی میں اضافہ ہوگا۔ یہ عمل عورتوں کے لئے ہے۔

برائے دفعِ وسوسہ۔

اگر کسی کے دل میں کوئی برا وسوسہ پیدا ہو تو ان کلمات شریف کو تین بار پڑھ کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دم کریں۔ پھر اس ہتھیلی کو سر پر پھیریں۔ بفضلِ خدا وسوسہ دور ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

هُوَ الۡاَوَّلُ وَالۡاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالۡبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيۡمٌ

مقدمات میں کامیابی۔

حضرت سید بہاء الدین علوی رحمۃ اللہ علیہ

تحریر کرتے ہیں۔

کہ مقدمات میں کامیابی کیلئے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ عمل جمعرات کے روز نماز عشاء کے بعد اس طرح کریں کہ ان آیات شریفہ کو اکیس (۲۱) بار پڑھیں۔

آیات شریفہ یہ ہیں۔ (میزان الادیان)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَہُوَ حَسْبُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۝

کھیل میں جیت ہو

یہ نقش ہر روز اکیس عدد لکھیں۔ اور آٹے کی گولیاں بنا کر ہر روز چلتے پانی کے کنارے دفن کر دیں۔ اس عمل کو چالیس روز تک کریں۔



آخری دن آخری نقش کو اپنے پاس رکھیں۔ اور موم جامہ کریں۔ اس نقش کو ہر جمعرات کو لوبان کی دھونی دیتے رہیں۔

جب بھی ضرورت ہو۔ نقش کو دائیں بازو پر باندھ کر کھیلیں۔ بفضل خدا کھیل میں جیت ہو گی۔ انشاءاللہ

مال چوروں سے محفوظ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ع	ی	ھ	ك
ص	ع	ی	ھ
ط	ص	ع	ی
س	ط	ص	ع

اس نقش کو زعفران سے لکھ کر جس مال میں رکھا جائے گا۔ وہ بفضل خدا چوروں سے محفوظ رہیگا۔

قید سے رہائی ہو۔

اس نقش کو زعفران سے لکھ کر قیدی اپنے پاس رکھے گا۔ یعنی گلے یا دائیں بازو پر باندھے گا۔ اور اس عمل کا وظیفہ صبح و شام کرے گا۔ یعنی وظیفہ سو سو مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ رہائی کا کوئی نہ کوئی سبب پیدا فرما دیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓمّٓ
اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

ہمزاد کا اثر دور ہو۔

اگر اپنا یا کسی کا ہمزاد کسی بھی طرح تنگ کرے یا کسی مرنے والے کا ہمزاد مسلط ہو جائے۔ تو اس نقش کو سفید ریشمی کپڑے پر لکھ کر موم جامہ کر کے

مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ اور اس نقش کو چینی کی پاک صاف پلیٹ پر رکھ کر صبح شام مریض کو پانی گھول کر پلائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قٓ	قٓ	اَجِبْ یَا ہَمْزَائِیْلُ بِحَقِّ یَا شَافِیُ	صٓ	صٓ
قٓ	قٓ	اَجِبْ یَا ہَمْزَائِیْلُ بِحَقِّ یَا شَافِیْ	صٓ	صٓ
قٓ	قٓ	اَجِبْ یَا ہَمْزَائِیْلُ بِحَقِّ یَا شَافِیْ	صٓ	صٓ

چالیس روز کے عمل سے بفضلِ خُدا ہمزاد پیچھا چھوڑ دے گا۔ اور اس کے ہر طرح کے اثرات دُور ہو نگے۔

دَفعِ سحر کا بینظیر عمل

اس نقش کو کام میں لانے کیلئے پہلے اس کی زکوٰۃ نکالیں۔ زکوٰۃ نکالنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ ہر روز چالیس عدد نقش لکھیں ہر روز اس دن کے لکھے ہُوئے نقش قبرستان میں مقررہ جگہ پر دفن کرتے رہیں۔

واپس آتے وقت پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ عمل مذکورہ نوچندی جمعرات کو شروع کریں۔ نقش لکھتے وقت اور دفن کرتے وقت باوضو اور خوشبو وغیرہ لگا کر رکھیں۔

عمل کے آخری دن میٹھے چاولوں پر موکلوں کی نیاز پانی کے کنارے دلوائیں۔ اور چاولوں میں سے کچھ خود کھائیں۔ اور باقی چاولوں کو پانی میں بہا دیں۔ آخری دن نقشوں کو دفن کرنے کے بعد نیاز دیں اسطرح زکوٰۃ دینے کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ جسے چاہیں لکھ کر دیا سحر کیسا ہی ہو۔ انشاء اللہ مریض کو اس سے فائدہ ہو گا۔ سحر زدہ

مریض کو نقش استعمال کرانے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ اس نقش کو چینی کی پیالی میں لکھیں۔ اس میں تیل ڈال کر اُس کو حل کریں۔ اس تیل سے مریض کی مالش کریں۔ پھر ایک نقش کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر مریض کو غسل کرائیں۔ اور پھر ایک نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ غسل کے بعد بغیر دھوئے پہلے والے کپڑے استعمال نہ کریں۔ چند دن کے عمل سے مریض صحت مند ہو جائے گا۔

۷۸۶

جبرائیل — اسرافیل

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

دردائیل — [illegible]

میکائیل — عزرائیل

اسماعیل

محبوب کو بُلانے کا عمل

اگر کسی کو اپنے پاس بلانا ہو تو ان کلمات کو ہر روز بعد از نمازِ عشاء تین سو تیرہ بار پڑھیں۔ عمل چودہ روز تک بلا ناغہ جاری رکھیں۔ عمل جمعرات کو شروع کریں۔ اور دوران عمل کسی سے بات نہ کریں۔ اور منہ محبوب کے گھر کی طرف رکھیں۔ بفضلِ خُدا محبوب حاضر ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ کی کمان اِلَّا اللّٰہ کا تیر جائے کلیجہ چیر۔
آئے تاں چھٹے نہیں تاں کلیجہ پھٹے۔

◎

فتیلہ حُبّ

مؤکلوں کے ناموں کا یہ نقش گیارہ بار سُرخ کاغذ پر بروز اتوار لکھیں۔ ہر روز نصف رات کے وقت محبوب کے گھر کی طرف منہ کر کے کورے چراغ میں جلائیں جب تک فتیلہ جلتا رہے آنکھیں بند کر کے محبوب کا تصور کر کے چراغ کے سامنے بیٹھے رہیں۔ عمل بروز اتوار شروع کریں۔ چراغ کے قریب لوبان کی خوشبو جلائیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے کھیر پر مؤکلوں کی نیاز دلوائیں۔ نہایت سریع التاثیر عمل ہے۔ محبوب بیقرار ہو کر حاضر ہو گا۔



فلاں بن فلاں الحُبّ فلاں بن فلاں

جانور سرکشی چھوڑ دے

١	١٤	١١	٨
١٢	٧	٢	١٣
٦	٩	١٦	٣
١۵	۴	١۵	١٠

اس نقش کو بروز اتوار لکھ کر اسی دن جانور کے گلے میں ڈال دیں۔ جانور سرکشی چھوڑ دیگا۔ انشاءاللہ

شوہر مہربان ہو

حضرت اُمّ طلحہ فرماتی ہیں۔ کہ اگر شوہر کسی وجہ سے اپنی بیوی سے ناراض ہو جائے۔ تو ان آیات شریفہ کو اکیس بار شیرینی پر پڑھ کر دم کریں۔ اور شوہر کو کھلائیں۔ انشاءاللہ شوہر مہربان ہو گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

بدکردار اور ظالم شوہر کی اصلاح کیلئے

حضرت خواجہ عبدالباقی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ بدکردار اور ظالم شوہر کی اصلاح کیلئے یہ عمل نہایت کارگر ہے۔ عمل اسطرح ہے۔ کہ ان آیات شریفہ کو ایک سو ایک (١٠١) بار پڑھ کر مصری پر دم کریں۔ اور اس مصری کا حلوہ تیار کر کے شوہر کو کھلائیں بفضلِ خدا اس عمل سے شوہر کی اصلاح ہو جائے گی۔ اور بری حرکات سے باز آئیگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۭ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ۭ اَلزُّجَاجَةُ كَاَ

نَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ
لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ
تَمْسَسْهُ نَارٌ ۭ نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ ۭ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ
مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۭ
وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ
تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ
وَالْاٰصَالِ ۝ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ
عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۝

میاں بیوی کی محبت کیلئے

اگر میاں بیوی میں اتفاق نہ رہتا ہو۔ یا میاں بیوی پر کسی نے کوئی سفلی عمل کرا دیا ہو۔ تو ان کلمات کو شیرینی پر ایک سو چالیس ۱۴۰ بار پڑھ کر دم کریں۔ اس شیرینی کو میاں بیوی سات روز تک کھائیں۔ بفضلِ خدا میاں بیوی میں قلبی محبت پیدا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْنُ اَوْلِيٰۗؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ۝ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ۝

بیوی کو تابعدار کرنے کیلئے

اگر بیوی خاوند کے ساتھ تعاون نہ کرے۔ یا اس کے اطوار درست نہ ہوں۔ خاوند کا کہنا نہ مانے۔ یا خاوند کا احترام نہ کرتی ہو۔ تو اس عمل کو کریں۔ بفضلِ خدا عورت فرمانبردار ہو جائے گی۔ عمل اس طرح کریں۔ کہ نماز مغرب کے بعد دو نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ اخلاص کو گیارہ بار پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد ان آیات شریفہ کو اکیس بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کریں۔ اور وہ مٹھائی بیوی کو کھلائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝ وَتَوَكَّلْ عَلَي الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ۭ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا ۝

بیوی فرمانبرداری کرے

اگر کسی کی بیوی فرمانبردار نہ ہو۔ ہر وقت سرکشی پر آمادہ رہتی ہو تو اس عمل کو کریں۔ بفضلِ خدا بیوی فرمانبردار ہو جائے گی۔

عمل۔ اس طرح کریں۔ کہ نماز فجر کے بعد شروع ماہ کی پہلی جمعرات کو اس آیت شریفہ کو ایک سو ایک بار پڑھ کر مٹھائی پر دم کر کے۔ عورت کو کھلائیں بفضلِ خدا بیوی فرمانبردار ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰي

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ ۝

ڈنکا شاہ علیؓ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَا اللّٰہَ کا کوٹ اِلَّا اللّٰہ دی کھائی	محمد رسول اللّٰہ تیرے نام دی دہائی
جد علی جائے علی دا بجے ڈنکا	مولا دی صفت سن کے نوگن تے ہو ڈنکا
کنبے مہادیو کا ہن تے ہوا ڈنکا	کفر دے جنجو توڑے بتوں تے ہوا ڈنکا
ہنومان چھپے جل میں لچھمن تے ہوا ڈنکا	راون جو بھاگا سن کے بھیروں تے ہوا ڈنکا

علی جا دکھا دو آج ڈنکے دا تماشہ

یہ عمل جنات کی حاضرات کیلئے ہے۔ اس عمل کو کسی ویران جگہ پر کریں اور چالیس روز تک کریں۔ اور ہر روز بعد از نماز عشاء کریں۔
عمل سے پہلے ہر روز حصار باندھ کر بیٹھیں۔ حصار کے اندر پانی کا لوٹا ضرور رکھیں۔ عمل بروز منگل شروع کریں۔ ہر روز ایک سو چالیس مرتبہ پڑھیں۔
دوران عمل کسی کی بات پر دھیان نہ دیں۔ جلالی جمالی پرہیز کریں۔ عمل سے واپسی پر کسی سے کلام نہ کریں۔ اور نہ ہی پیچھے مڑ کر دیکھیں۔ چلہ پورا ہونے پر آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔
جب بھی ضرورت پیش آئے۔ یعنی کسی کو آسیب تنگ کرتا ہو۔ تو مریض کو سامنے بٹھا کر ڈنکا پڑھنا شروع کر دیں۔ اور مریض کو تاکید کریں

کہ وہ آنکھیں بند کر کے باوضو ہو کر بیٹھے۔
ڈنکا بار بار پڑھیں۔ آسیب مریض پر حاضر ہو گا۔ جب حاضر ہو۔ تو اس سے بات چیت کر کے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کی تین قسمیں لیں۔ تاکہ واپس نہ آئے۔
اگر جن شریر ہے۔ تو حاضری کے وقت مریض کے گرد حصار کر دیں۔ تاکہ بھاگ نہ سکے۔ اگر نہ جائے تو اُسے جلا دیں۔

جنات جلانے کا نایاب عمل

نقش کو کاغذ پر لکھ نقش کو کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھ کر کونوں پر رکھ کر مریض کی چارپائی کے نیچے اور مریض کو اس کی دھونی دیں۔ نقش کے اوپر نیلا دھاگہ لپیٹ لیں۔ ضرورت کے مطابق ہر روز عمل کریں۔ ان شاء اللہ چند دنوں کے اندر آسیب جل جائیں گے اگر مریض تنگ کرے۔ تو مریض کو چارپائی پر کس کر باندھ دیں۔
نقش کو عمل میں لانے کیلئے اسم ذات اللہ ﷻ کو پونے چار لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ عمل نئے چاند کی پہلی جمعرات کو شروع کریں۔ جب ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو اس کا ثواب حضور پاک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں تحفۃً پیش کریں۔
جب دوسری مرتبہ ایک لاکھ پچاس ہزار مرتبہ پڑھ لیں۔ تو امیر المومنین حضرت علی مشکل کشاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایصالِ ثواب کر دیں۔ اس کے بعد سوا لاکھ پڑھ کر عمل ختم کر دیں۔ عمل لگاتار بلا ناغہ پڑھیں۔ ہر روز یہ نقش سامنے رکھیں۔ اور بعد پڑھنے کے تعویذ پر دم کریں۔ عمل کے آخر پر اس تعویذ کو دائیں بازو پر

ہمیشہ باندھ رکھیں۔ دورانِ عمل خوشبو جلاتے رہیں۔ عمل کے آخری دن حضور پاک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نیاز پر فاتحہ دلائیں۔ ضرورت کے وقت تعویذ لکھیں۔ اور عمل میں لائیں۔ اور قدرتِ خدا کا کرشمہ ملاحظہ فرمائیں۔

۷۸۶

۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶
۶۶	۶۶	۶۶	۳	۶۶	۶۶	۶۷	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶
۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۷	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶
۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶
۶۶	۶۶	۶۲	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶
۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶	۶۶

عمل نہایت سریع التاثیر ہے۔ اور لاجواب ہے۔ بعد عمل چھیاسٹھ مرتبہ ہر روز معمول رکھیں عمل جاری رہے گا۔

عورت مطیع ہو

اگر کسی مرد کی عورت تابعداری نہ کرے تو اس نقش کو لکھ کر سبز کپڑے پر جمعرات کے روز دائیں بازو پر باندھیں۔

۷۸۶

يَاعَلِيْمُ	۱۱	يَاحَلِيْمُ
۱۶	۱۶	۱۲
يَاعَلِيْمُ	۱۹	يَاعَلِيْمُ

بیوی مطیع اور فرمانبردار ہو جائیگی اور خدمت میں کوتاہی نہیں کرے گی۔

آیاتِ حرب کے فوائد

اگر ان آیات کو لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے تو لوگوں کے دلوں میں ہیبت طاری ہو گی۔ دشمن کو مغلوب کرنے اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے ہر روز بعد از نمازِ عشاء سات مرتبہ پڑھیں۔ اگر کوئی سخت مقدمہ پیش ہو۔

تو ان آیات کو ہر روز وقت مقررہ پر انیس مرتبہ پڑھیں۔ مقدمہ میں جیت ہو گی۔ اگر دشمن نے سفلی عمل کرا دیا ہو۔ تو ان آیات کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئیں۔ ہر قسم کا اثر مفقود ہو گا۔ ان آیات کا نقش پاس رکھنے سے دشمن کا کوئی ہتھیار اور سفلی جادو وغیرہ اثر نہیں کرتا۔

اوّل:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ط قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ط فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِالظّٰلِمِيْنَ۔

سورۃ البقرہ پ ۲ ع ۱۵

دوم:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝

سورۃ آل عمران پ ۴ ع ۹

سوم:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ
مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ
وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَا
اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ؕ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ
خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝

سورہ النساء پ۵ ع ۷

چہارم :- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا
فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَ
قْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

سورہ مائدہ پ۶ ع ۸

پنجم :- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ
اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ
نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ
اَمْ هَلْ تَسْتَوِى الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ
خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ
شَیْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝

سورۃ الرعد پ۱۳ ع ۷

دعائے حزب البحر کے مصنف کے حالات

دعائے حزب البحر کے مصنف پیشوائے اولیاء عارف اکمل حضرت شیخ امام ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپ سلسلہ شاذلیہ کے امام ہیں۔ آپکا سلسلہ نسب حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ بن امیرالمومنین حضرت علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہٗ سے جاملتا ہے۔

آپ نے دو بزرگوں سے خرقہ طریقت پہنا، ایک حضرت شیخ ابوعبداللہ عبدالسلام بن مشیش سے جنکا سلسلۂ طریقت امیرالمومنین حضرت علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہٗ سے جاملتا ہے۔

اور دوسرا حضرت شیخ ابوعبداللہ محمد بن شیخ ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ سے جنکا سلسلہ طریقت امیرالمومنین حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے جاملتا ہے۔ آپنے دوران سیاحت بے شمار اولیاء کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی زیارت کی اور ان سے فیوض وبرکات حاصل کئے۔ اپنے زمانہ کے اولیاء کرام میں آپ بہت بلند مقام رکھتے ہیں۔

حضرت شیخ تقی الدین دقیق السعید رحمۃ اللہ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ سے بڑھ کر کوئی عارف باللہ نہیں دیکھا۔
حضرت شیخ مکین الدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ لوگ تو اللہ تعالیٰ جلّ جلالہٗ کے دروازے کی طرف بلاتے ہیں۔ لیکن شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ لوگوں کو

اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ کے دربار میں داخل کر دیتے ہیں۔

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی آپ کی بہت تعریف فرمائی۔ ان کے علاوہ بھی بے شمار اولیاء کرام نے آپکی تعریف فرمائی۔

آپ شریعت کے بہت ہی پابند اور شریعت کو رواج دینے والے تھے۔ بیشمار علماء کرام اور صوفیاء کرام آپ کے حلقہ ارادت میں داخل تھے۔ آپ کے خلفاء اور مریدین نے آپ سے فیض حاصل کر کے ہر چہار طرف پھیل گئے۔ اور تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کیا۔

آپ کے مریدین شاذلی کہلاتے ہیں۔ آپ نے ۶۵۶ھ میں انتقال فرمایا۔

سبب ظہور دعائے حزب البحر

مشائخ کرام فرماتے ہیں۔ کہ یہ واقع بہت مشہور ہے۔

کہ ایک مرتبہ جب حضرت شیخ ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ قاہرہ میں تھے۔ حج کے دن قریب تھے۔ آپ نے اپنے درویشوں اور دوستوں سے کہا۔ کہ ہمیں غیب سے اشارہ ہوا ہے۔ کہ تم اس سال حج کرو گے۔

اسلئے جاؤ کسی جہاز کی تلاش کرو۔ تاکہ حج کیلئے سفر کریں۔ درویشوں نے بہت تلاش کیا۔ لیکن جہاز نہ مل سکا۔ آخر کافی تگ و دو کے بعد ایک بوڑھے عیسائی کا جہاز مل گیا۔ آپ بمعہ درویشوں اور دوستوں کے جہاز میں سوار ہو گئے۔ جہاز کا لنگر اٹھا دیا گیا۔ اور جہاز چل پڑا۔ ابھی تھوڑی ہی دور گیا تھا۔

کہ مخالف ہوا چلنے لگی۔

جسکی وجہ سے جہاز کے چلنے میں دشواری پیدا ہو گئی۔ مجبوراً لنگر گرا دیا گیا۔ اسی طرح ایک ہفتہ گذر گیا۔ ہوا کا طوفان تھا۔ کہ تھمنے کا نام نہیں لے رہا تھا۔ کچھ شقی القلب اور بدعقیدہ لوگ آپ سے بدظن ہو گئے۔ اور آپ کو طعنے دینے لگے۔

کہ آپ تو کہتے تھے۔ کہ ہمیں غیب سے حج کرنے کا حکم ہوا ہے۔ حج کا دن قریب آگیا ہے۔ ادھر ہوا کا طوفان تھمنے میں نہیں آرہا۔ آپ ان شقی القلب لوگوں کے طعنے سن سن کر بہت رنجیدہ ہوئے۔ لیکن اس کے باوجود صبر و تحمل سے سب کچھ برداشت کرتے رہے۔ کہ ایک دن دوپہر کے وقت آپ قیلولہ فرما رہے تھے۔ کہ آپ کو خواب میں خاتم الانبیاء فخر موجودات احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔

آپ نے ارشاد فرمایا! اے ابوالحسن غم نہ کر اور اٹھ ہمت کر اور اس دعا کو پڑھ اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ تمام کام آسان فرما دیں۔ آپ چونک کر نیند سے بیدار ہو گئے۔ وضو کیا۔ اور اس دعا میں مشغول ہو گئے۔ جہاز کے عیسائی کپتان سے کہا جہاز کا لنگر اٹھا دو۔ اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کا مشاہدہ کرو۔ جہاز کا کپتان پس و پیش کرنے لگا۔ اور کہا یا حضرت ہوا مخالف چل رہی ہے۔ ہمیں پھر کھینچ کر پیچھے دھکیل دے گی۔ آپ نے فرمایا۔ جو ہم کہتے ہیں اس پر عمل کرو۔ اللہ تعالیٰ کی غیبی نصرت کا معائنہ کرو۔ آپ کے مجبور کرنے پر جہاز کا کپتان لنگر اٹھانے لگ گیا۔

اسی وقت مخالف ہوا بند ہو گئی۔ اور موافق ہوا ایسے زور سے چلنے لگی۔ کہ جہاز کی وہ رسی جس سے جہاز باندھا ہوا تھا۔ نہ کھول سکے۔ آخر اسے کاٹ

دیا گیا۔

جہاز بہت جلد بحفاظت منزل پر پہنچ گیا۔ حضرت شیخ کی یہ کرامت دیکھ کر عیسائی کپتان کے دونوں لڑکے آپ کے ہاتھ پر مسلمان ہو گئے۔

بوڑھا عیسائی یہ معاملہ دیکھ کر بہت پریشان ہوا۔ جب وہ رات کو سویا تو اس نے خواب میں دیکھا کہ حضرت شیخ اور اُنکے تمام درویش جن میں اس کے دونوں لڑکے بھی شامل ہیں۔ جنت میں جا رہے ہیں۔ یہ بھی اُنکے پیچھے جنت میں داخل ہونے لگا۔ تو دربان فرشتوں نے اسے جھڑک کر روک دیا۔ اور کہا کہ تم ان میں سے نہیں ہو۔ اِسلئے تم جنت میں داخل نہیں ہو سکتے۔

صبح جب وہ سو کر اُٹھا۔ تو اس کے دل کی دنیا اس خواب سے بدل چکی تھی۔ فوراً کلمہ توحید پڑھا اور مسلمان ہو گیا۔ پھر اس نے راہِ حق میں ایسی محنت کی اور ایسا عروج حاصل کیا۔ کہ ایک زمانہ اس سے فیضیاب ہوا۔

حزب البحر کی زکوٰۃ کا طریقہ

اِس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے۔ کہ کسی علیٰحدہ جگہ پاک صاف حجرہ میں تین دن اعتکاف کی نیت کریں۔ ہر روز ایک سو بیس ۱۲۰ مرتبہ پڑھیں۔ تین دن میں تین سو ساٹھ ۳۶۰ بار ہو جائیگا۔ اگر زکوٰۃ کسی مسجد میں ادا کی جائے تو بہت ہی بہتر ہو گا۔ اِسلئے کہ نماز با جماعت کا اہتمام بھی رہے گا۔ اعتکاف میں نیا غسل کر کے عطر سے کپڑے معطر کر کے باوضو حجرے میں داخل ہوں۔

فارغ وقت درود شریف اور ذکر الٰہی میں صرف کریں۔ جہاں بیٹھ کر زکوٰۃ ادا

کرنی ہو۔ وہاں گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور آیت الکرسی گیارہ بار پڑھ کر حصار کر لیں۔ ہر بار بسم اللہ شریف پڑھیں۔ دورانِ اعتکاف خوشبو جلانے اور کپڑوں کو عطر لگانے کا خاص خیال رکھیں۔ حزب البحر کے شروع میں ۲ عوذ نہ پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کیلئے اعتکاف بروز جمعہ شروع کریں۔ زکوٰۃ پوری ہونے پر آخری دن حضرت شیخ ابو الحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ کی نیاز دلوا کر غریبوں اور مسکینوں میں تقسیم کریں۔ زکوٰۃ پوری کرنے کے بعد روزانہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ ہمیشہ پڑھتے رہا کریں۔ یا حسب ارشاد مرشد اس کا معمول رکھیں۔

دورانِ زکوٰۃ سلے ہوئے کپڑے استعمال نہ کریں۔ بلکہ ایک بغیر سلی چادر بطور تہبند اور دوسری چادر بغیر سلی ہوئی اوپر اوڑھنے کیلئے استعمال کریں جلالی جمالی پرہیز کریں۔ یعنی گوشت۔ انڈہ۔ دودھ۔ دہی۔ گھی۔ لہسن پیاز۔ اور دیگر بدبودار اشیاء سے اجتناب کریں۔ ہر روز روزہ سے رہیں۔ ہمیشہ باوضو رہیں۔ شریعت کی کامل طور پر پابندی کریں۔ کھانے کیلئے اگر ہو سکے تو جو یا چنوں کا استعمال کریں۔ کھانے اپنے ہاتھ سے تیار کریں۔ یا کسی پرہیزگار درویش سے تیار کرائیں۔

دورانِ زکوٰۃ پانی نہر کا استعمال کریں۔ یاد رہے چمڑے کی کوئی چیز استعمال نہ کریں۔ آگ کیلئے ایسی لکڑی استعمال نہ کریں۔ جو گھن والی ہو۔ یا اس میں کوئی کیڑا وغیرہ نہ ہو۔ اس دوران جو کچھ غیبی فتوحات یا انوار و اسرار حاصل ہوں۔ ان کا عام آدمی کے سامنے ذکر نہ کریں۔ زکوٰۃ ادا کرنے سے پہلے اپنے شیخ کامل سے اجازت حاصل کریں۔ اگر زکوٰۃ ادا کرنے کے علاوہ

بھی اس کا ہمیشہ معمول رکھا جائے گا۔ تو پھر بھی بیشمار دینی اور دنیوی فوائد حاصل ہونگے۔

زکوٰۃ کا ادا کرنا دعا کی تاثیر اور اثر کو زیادہ کرتا ہے۔ اس دعا کو جس مقصد کیلئے بھی پڑھیں گے اللہ تعالیٰ مدد و برکت فرمائیں گے۔ لیکن اس دعا کو معرفت الٰہی کیلئے پڑھیں۔

باقی دینی دنیاوی معاملات بطفیل ذرِ مجسم سرورِ کون و مکان احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم خود بخود سنورتے چلے جائیں گے

دعا کے اندر جہاں جہاں خاص خاص ارشادات ہیں۔ وہاں حسب مطلب و اجازت ان کو بار بار تکرار سے پڑھیں۔

دُعائے حزبُ البحرِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ

اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے بلند شان اے بزرگ

یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ اَنْتَ رَبِّیْ وَعِلْمُكَ

اے بردبار اے جاننے والے آپ ہی میرے پروردگار ہیں اور آپ ہی کا علم

حَسْبِیْ فَنِعْمَ الرَّبُّ رَبِّیْ وَنِعْمَ الْحَسْبُ

میرے لئے کافی ہے پس کیا ہی اچھا ہے میرے پروردگار اور کیا ہی اچھا کفایت کرنیوالا

• ۱- سات بار پڑھیں۔

حَسْبِیْ تَنْصُرُ مَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْعَزِیْزُ

ہے میرا کفایت کرنیوالا۔ آپ جس کو چاہیں نصرت سے نوازتے ہیں اور آپ ہی غالب

الرَّحِیْمُ ○ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ

مہربان ہیں۔ اے اللہ ہم آپ سے

الْعِصْمَةَ فِی الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ

عصمت (حفاظت) کی درخواست کرتے ہیں۔ تمام حرکات اور سکنات

وَالْكَلِمٰتِ وَالْاِرَادَاتِ وَالْخَطَرَاتِ

اور تمام کلمات اور ارادوں اور خطرات

مِنَ الظُّنُوْنِ وَالشُّكُوْكِ وَالْاَوْهَامِ

میں گمانوں سے اور شکوک سے اور وہموں سے

السَّاتِرَةِ لِلْقُلُوْبِ عَنْ مُطَالَعَةِ

جو دلوں کو مطالعہ غیب سے ڈھانپنے والے

الْغُیُوْبِ فَقَدِ ابْتُلِیَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ

ہیں۔ یقیناً ایمان والے ابتلا میں ڈالے گئے ہیں۔

زُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِیْدًا ۲ وَاِذْ

اور بہت شدید ہلائے گئے ہیں۔ اور جب

یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ

منافق کہتے تھے اور وہ لوگ جن کے دلوں میں

مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰہُ وَرَسُوْلُهٗ اِلَّا

مرض ہے کہ ہم کو اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسول نے

• ۲- اس جگہ دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے آسمان کی طرف اشارہ کریں۔

عُذُوْرًا ۞ فَثَبِّتْنَا عَلٰی اُمُوْرِ الشَّرِیْعَةِ

دھوکے کا وعدہ دیا ہے۔ پس ہمیں امور شریعت پر ثابت قدم رکھیو۔

وَانْصُرْنَا عَلٰی جَمِیْعِ الْخَلَائِقِ وَسَخِّرْ

اور ہمیں نصرت دیجیو۔ تمام مخلوقات کے اوپر اور اُس کے سمندر کو ہمارا

لَنَا هٰذَا الْبَحْرَ كَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ

فرماں بردار کر دے جیساکہ آپ نے سمندر فرماں بردار کیا تھا

لِسَیِّدِنَا مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ

واسطے ہمارے سردار موسیٰ علیہ السلام کے۔ اور جیساکہ فرمانبردار

النَّارَ لِسَیِّدِنَا اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ

کیا تھا آگ کے واسطے ہمارے سردار حضرت ابراہیم علیہ السلام کے

وَسَخَّرْتَ الْجِبَالَ وَالْحَدِیْدَ لِسَیِّدِنَا

اور جیساکہ فرمانبردار کیا تھا۔ لوہے اور پہاڑوں کو واسطے ہمارے

دَاوُدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ الرِّیَاحَ

سردار حضرت داؤد علیہ السلام کے اور جیساکہ فرمانبردار کیا تھا تمام ہواؤں

وَالشَّیَاطِیْنَ وَالْجِنَّ وَالْاِنْسَ لِسَیِّدِنَا

کو اور شیطانوں کو اور جنوں۔ اور انسانوں کو واسطے ہمارے سردار

سُلَیْمٰنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ الْمُلْكَ

حضرت سلیمان علیہ السلام کے اور جیساکہ فرمانبردار کیا تھا ملک اور

• ۳۔ تین بار پڑھیں۔ • ۴۔ تین بار پڑھیں۔

• ۵۔ جس وقت لفظ هٰذَا کہیں مقصد کو دل میں لائیں۔

وَالْمَلَكُوْتَ وَالْعَوَالِمَ كُلَّهَا لِسَیِّدِنَا

اور تمام عالموں کو واسطے ہمارے سردار اور
ملکوت۔

وَنَبِیِّنَا وَشَفِیْعِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

نبی ہمارے اور شفاعت کرنے والے اور مولا ہمارے محمدؐ

عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَرَحْمَةُ

کے ان پر درود اور سلام اور اللہ کی رحمت

اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ وَزِیْرٍ

اور برکتیں ہوں اور فرماں بردار کر دیجیو وزیر

وَّاَمِیْرٍ وَّرَعِیَّةٍ وَّسَخِّرْ لَنَا كُلَّ بَرٍّ

اور امیر اور رعیت اور فرماں بردار کر دیجیو ہمارے واسطے

وَّفَاسِقٍ وَّفَاجِرٍ وَّسَخِّرْ لَنَا كُلَّ

نیکوکار اور فاسق اور فاجر۔ اور فرماں بردار کر دیجیو ہمارے واسطے

بَحْرٍ هُوَ لَكَ فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَ

اپنے تمام سمندر جو کچھ زمین اور آسمان اور

الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ وَبَحْرِ الدُّنْیَا

ملک اور ملکوت اور دنیا کے سمندر

وَبَحْرِ الْاٰخِرَةِ ط وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ شَیْءٍ

اور آخرت کے سمندر اور فرماں بردار کر دے ہمارے واسطے تمام اشیاء

یَا مَنْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ

کو اے وہ ذات کہ اسی کے قبضہ میں ہے۔ حکومت تمام اشیاء کی اور اسی

تُرْجَعُوْنَ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ [6] اُنْصُرْنَا

کی طرف بازگشت ہے۔ برکت کاف ہا یا عین صاد ہمیں نصرت دیجئے

كٓهٰيٰعٓصٓ [7] اُنْصُرْنَا كٓهٰيٰعٓصٓ [8]

کاف ہا یا عین صاد ہمیں نصرت دیجئے کاف ہا یا عین صاد

اُنْصُرْنَا [9] فَاِنَّكَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ○

ہمیں نصرت دیجئے کیونکہ آپ سب سے بہترین نصرت دینے والے ہیں۔

وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ○

اور ہمیں فتح دیجئے کیونکہ آپ سب سے بہترین فتح دینے والے ہیں

وَاغْفِرْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ○

اور ہمیں بخش دیجئے کیونکہ آپ سب سے بہترین بخشنے والے ہیں۔

وَارْحَمْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○

اور ہم پر رحم فرمانا کیونکہ آپ سب سے بہترین رحم فرمانے والے ہیں۔

وَارْزُقْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○

اور ہمیں رزق دیجئے کیونکہ آپ بہترین رزق دینے والے ہیں

وَاحْفَظْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْحٰفِظِيْنَ ○

اور ہماری حفاظت فرمائیں۔ کیونکہ آپ سب سے بہترین حفاظت کرنے والے ہیں۔

● [6] دونوں ہاتھوں کی انگلیاں چھنگلیوں کی طرف بالترتیب بند کریں۔

● [7] دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بالترتیب اسی طرح کھول دیں۔

● [8] حسبِ سابق دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بند کر دیں۔

● [9] حسبِ سابق دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کھول دیں۔

وَاهْدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ [1]

اور ہمیں راہ دکھانا اور نجات دینا ظالموں کی قوم سے۔

وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رِيْحًا طَيِّبَةً

اور عنایت فرمائیں اپنے پاس سے اچھی ہو۔

كَمَا هِيَ فِيْ عِلْمِكَ وَانْشُرْهَا عَلَيْنَا مِنْ

جیسی کہ وہ آپکے علم میں ہے۔ اور پھیلا دے اس کو ہم پر اپنی

خَزَائِنِ رَحْمَتِكَ [2] يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ

رحمت کے خاص خزانوں سے اے دینے والے اے دینے والے

يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ

اے دینے والے اے دینے والے اے دینے والے اے دینے والے

يَا وَهَّابُ وَاحْمِلْنَا بِهَا حَمْلَ الْكَرَامَةِ

اے دینے والے اور ہمیں لے چل اس کے ذریعہ سے لے جانا عزت کا

مَعَ السَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِي الدِّيْنِ وَ

ساتھ سلامتی کے اور عافیت کے دین میں اور

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

دنیا اور آخرت کے بیشک آپ ہر چیز پر قادر

قَدِيْرٌ ○ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا

ہیں۔ اے اللہ ہمارے لئے تمام کاموں کو آسان فرمادے۔

● [1] وَاهْدِنَا تا الظّٰلِمِيْنَ تین بار پڑھ کر ہاتھ پر دم کر کے منہ پر پھیریں۔

● [2] وَانْشُرْهَا تا رَحْمَتِكَ تک تین بار پڑھیں اور نظر آسمان کی طرف اٹھائیں

مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةِ
ساتھ راحت کے ہمارے دلوں اور بدنوں کے اور سلامتی
وَالْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا وَدُنْيَانَا وَكُنْ لَّنَا
اور عافیت کے دین میں اور دنیا میں۔ اور آپ ہوں ہمارے
صَاحِبًا فِيْ سَفَرِنَا وَخَلِيْفَةً فِيْ اَهْلِنَا وَ
ساتھی ہمارے سفر میں اور ہمارے بعد حفاظت فرمانے والے ہمارے اہل و
مُعِيْنًا وَّحَامِيًا فِيْ حَضَرِنَا وَاطْمِسْ
عیال کے اور مدد فرمانے والے اور حمایت فرمانے والے ہمارے گھر کے اور ہمارے دشمنوں
عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَآئِنَا [1] وَامْسَخْهُمْ
کے منہ بگاڑ دے اور مسخ کر دے انکو
عَلٰى مَكَانَتِهِمْ [2] فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ الْمُضِيَّ
انکی جگہوں پر پھر وہ طاقت نہ رکھیں ہم پر گذر کی
وَلَا الْمَجِيْءَ اِلَيْنَا وَلَوْ نَشَآءُ
اور نہ ہی ہماری طرف چلنے کی۔ اور اگر ہم چاہیں مٹا دیں
لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا
انکی آنکھوں کو پس وہ بھٹک جائیں گے۔
الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ۝ وَلَوْ
راہ سے پس کہاں سے دیکھ سکتے ہیں۔ اور اگر ہم چاہیں

[1] وَاطْمِسْ سے اَعْدَآئِنَا تک تین بار پڑھیں۔ مقہوری اعداد کا خیال رکھیں۔ دایاں ہاتھ زمین پر زور سے ماریں۔ [2] وَامْسَخْهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ کو تین بار پڑھ کر مقہوری اعداد کا تصور کر کے بایاں ہاتھ زور سے زمین پر ماریں۔

نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ
مسخ کر دیں۔ ان کو ان کی جگہ پر
فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝
پس نہ طاقت رکھیں وہاں سے چلنے کی اور نہ واپس جانے کی
يٰسٓ يٰسٓ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝
یٰس یٰس یٰس قسم ہے قرآن حکیم کی
اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ عَلٰى صِرَاطٍ
بیشک آپ مرسلین میں سے ہیں سیدھے راستے پر
مُّسْتَقِيْمٍ ۝ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝
بھیجے ہوئے بہت ہی غالب اور رحیم کے
لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ
تاکہ آپ اس قوم کو ڈرائیں۔ جن کے آباء و اجداد ڈرائے نہیں
غٰفِلُوْنَ ۝ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى
گئے۔ پس وہ غافل ہیں۔ سچا ثابت ہو چکا ہے (اللہ تعالیٰ) کا قول۔
اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّا
ان میں سے اکثر پر پس وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ تحقیق
جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى
ہم نے ڈالے ہوئے ہیں انکی گردنوں میں طوق پس وہ پہنچے
الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا
ہوئے ہیں انکی ٹھوڑیوں تک پس وہ سر اونچا رکھے ہوئے ہیں اور ہم نے

مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ

بنادی ایک دیوار اُنکے آگے اور اُنکے پیچھے ایک دیوار

خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا

پس ہرطرف سے ڈھانک دیا اُنکو پس دیکھ نہیں

يُبْصِرُوْنَ ۵ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ

سکتے۔ بدشکل ہوجائیں منہ دشمنوں کے اور دشمنوں کے منہ ذلیل

لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ

ہو گئے ہمیشہ زندہ قائم رہنے والے کے سامنے اور تحقیق وہ گھاٹے میں رہا

ظُلْمًا طٰسٓ ۝ طٰسٓمٓ ۝ حٰمٓ ۝

جس نے ظلم کو اُٹھالیا۔ طٰسٓ۔ طٰسٓمٓ۔ حٰمٓ

عٓسٓقٓ ۝ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ

عٓسٓقٓ اس نے چلا دیئے ۲ دو سمندر جو ایک ساتھ بہتے ہیں

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۝ حٰمٓ حٰمٓ

اُن کے درمیان پردہ ہے۔ ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کرتے۔ حٰمٓ حٰمٓ

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حُمَّ الْاَمْرُ

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ مدد دیا گیا کام

۵ وَجَعَلْنَا سے يُبْصِرُوْنَ تک تین بار پڑھ کر دائیں ہاتھ کا مُکہ بنا کر زمین پر دشمن کی تباہی کا تصور کر کے ماریں۔

۶ شَاهَتِ الوجوہ تین بار پڑھ کر بائیں ہاتھ کا مُکہ بنا کر زمین پر دشمن کی بربادی کا تصور کر کے ماریں۔

۷ وَعَنَتِ سے القیوم تک تین بار پڑھیں۔

۸ پہلے حٰمٓ پر انگوٹھے پر پھونک دیں۔ دوسرے پر پچھلے تیسرے پر نیزہ وائیں اور پانچویں پر بائیں۔ چھٹے پر اور پر اور چھٹے پر پیچھے اور ساتویں پر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر اور تمام جسم پر پھیریں۔

وَجَاءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ ۝

اور آگئی نصرت پس ہم پر دشمن فتح نہ پا سکیں گے

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ

حٰمٓ۔ اس کتاب کا اتارنا اللہ کی طرف سے جو بڑا غالب

الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْبِ

اور دانا ہے۔ بخشنے والا گناہوں کا۔

وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ

اور توبہ قبول کرنے والا۔ سخت عذاب کرنے والا۔

ذِي الطَّوْلِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط

بڑے اختیار والا۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں

اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا

ہم کو اس کی طرف پلٹنا ہے۔ بسم اللہ ہمارا دروازہ ہے۔

تَبَارَكَ حِيْطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا

تبارک ہماری چاردیواری ہے۔ یٰسٓ ہماری چھت ہے

كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ

کٓھٰیٰعٓصٓ ہماری کفایت ہے۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ

حِمَايَتُنَا اٰمِيْنَ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ

ہماری حمایت ہے۔ آمین پس عنقریب کفایت کریگا اللہ تعالیٰ۔

۹ دائیں ہاتھ کی انگلیاں چھنگلی سے شروع کر کے بالترتیب بند کریں۔

۱۰ بائیں ہاتھ کی انگلیاں انگوٹھے سے شروع کر کے بالترتیب بند کریں۔

۱۱ الخ۔ تین بار کہیں۔

وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ۞ ١٢

اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

سِتۡرُ الۡعَرۡشِ مَسۡبُوۡلٌ عَلَيۡنَا وَ

عرش کا پردہ ہم پر تنا ہوا ہے۔ اور

عَيۡنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيۡنَا بِحَوۡلِ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ کی نظر ہمیں دیکھ رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مدد

وَقُوَّتِهٖ لَا يَقۡدِرُ اَحَدٌ عَلَيۡنَا

سے اور اسکی قدرت سے ہم پر کوئی بھی قابو نہ پا سکے۔

وَاللّٰهُ مِنۡ وَّرَآئِهِمۡ مُّحِيۡطٌ ۞

اور اللہ تعالیٰ ان کے ارد گرد محیط ہے۔

بَلۡ هُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِيۡدٌ فِيۡ لَوۡحٍ

بلکہ وہ قرآن مجید ہے۔ درمیان لوح محفوظ

مَّحۡفُوۡظٍ ۞ فَاللّٰهُ خَيۡرٌ حَافِظًا ١٣

کے۔ پس اللہ تعالیٰ بہترین نگہبان ہے۔

وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ۞ اِنَّ

اور وہ بہت مہربان ہے مہربانی فرمانے والا۔ یقیناً

وَلِیِّ یَ اللّٰهُ الَّذِيۡ نَزَّلَ الۡكِتٰبَ وَ

میرا کارساز اللہ تعالیٰ ہے۔ جس نے کتاب کو نازل فرمایا اور

١٢ فسیکفیکھم سے علیم تک تین بار پڑھیں۔ اور دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کھول دیں۔ ١٣ تین بار پڑھیں۔

هُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيۡنَ ۞ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا

وہ مدد کرنے والا ہے نیکوں کی پس پھر جائیں گے

فَقُلۡ حَسۡبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ٥

پس کہو مجھے اللہ تعالیٰ کافی ہے۔ نہیں کوئی معبود مگر وہی

عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَهُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ

اسی پر بھروسہ ہے مجھے اور وہی ہے ربّ عرش عظیم کا

الۡعَظِيۡمِ ۞ ٦ بِسۡمِ اللّٰهِ الشَّافِيۡ

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو شافی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الۡكَافِيۡ بِسۡمِ اللّٰهِ الۡمُعَافِيۡ

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو کافی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نام سے جو عفو

بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِيۡ لَا يَضُرُّ مَعَ اسۡمِهٖ شَيۡءٌ فِي

و درگزر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے نام سے کہ نہیں ضرر پہنچا سکتی اسکے نام کے ساتھ

الۡاَرۡضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ

ہوتے ہوئے کوئی شے۔ زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہ

السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ۞ ٧ وَلَا حَوۡلَ وَلَا

سننے والا جاننے والا ہے۔ اور نہیں ہے طاقت اور نہ

٥ حسبی سے الا ھو تک تین بار پڑھیں۔

٦ توکلت سے العظیم تک تین بار پڑھیں۔

٧ وھو السمیع العلیم تین بار پڑھیں۔

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝
قوت مگر اللہ کے ساتھ جو برتر اور بزرگ ہے۔

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ
اور رحمت نازل ہو اللہ تعالیٰ کی اوپر نیک خلق

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل اور اصحاب پر

اَجْمَعِيْنَ ۝ بِرَحْمَتِكَ يَا
اپنی رحمت سے اے مہربان

اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝
زیادہ مہربانوں کے

۔ ولا حول سے العظیم تک تین بار پڑھیں۔

دیسی ادویات
سے
امراض کا علاج

حیض

بندش حیض مرکی، نوشادر، لونگ۔ ہر ایک تین ماشہ، بیروزہ، قند سیاہ
ہر ایک پانچ تولہ۔

تیاری:۔ قند سیاہ کو آگ پر گرم کریں۔ اس میں بیروزہ شامل کریں۔ جب پکنے لگے اتار لیں۔ اور اس میں باقی ادویات باریک کی ہوئی شامل کر لیں۔ سرد ہونے پر بتیاں تیار کر لیں۔

دایہ سے صبح شام ایک ایک بتی رحم میں رکھوائیں۔ حیض کھل کر اور بلا تکلیف آئیں گے۔

دیگر:۔ مغز تخم خربوزہ۔ تخم کلتھی۔ تخم خیارین۔ تخم کاسنی ہر ایک ایک تولہ، مرکی دارچینی۔ سونف۔ ہر ایک چھ ماشہ، زعفران کشتہ فولاد ہر ایک تین ماشہ، دیسی کھانڈ چار تولہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو پیس کر کشتہ فولاد اور کھانڈ ملا دیں۔

آٹھ ماشے سفوف روزانہ حیض سے دس بارہ دن پہلے دینا شروع کریں۔
بندش حیض، کمی خون اور حیض کی بے قاعدگی کیلئے لاجواب ہے۔

دیگر:۔ قلمی شورہ۔ جوکھار۔ ریوند خطائی۔ زیرہ سفید۔ ہر ایک ایک تولہ

تیاری:۔ سب ادویات کو پیس کر ڈیڑھ تولہ دیسی کھانڈ ملا دیں۔

حیض سے چار پانچ روز پہلے روزانہ چھ ماشہ ہمراہ تازہ پانی دیں۔

دیگر:۔ ایک تولہ ایلوا۔ ہینگ۔ مرکی۔ ہیراکسیس۔ جندبیدستر۔ زعفران، ہر ایک چھ ماشہ لیں۔

ترکیب:۔ تمام چیزوں باریک کر کے پانی کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں

بنالیں۔ حیض سے سات آٹھ دن پہلے صبح شام ایک گولی ہمراہ دودھ کھلادیں۔
حیض کھل کر اور بلا تکلیف جاری ہوگا۔

دیگر:۔ بادیاں۔ تخم السی ہر ایک چار ماشہ۔ تخم خربوزہ۔ بیخ اذخر ہر ایک تین ماشہ

تیاری۔ ایک پاؤ میں جوش دیں۔ اس کے بعد پانی چھان لیں۔ اور تین تولے شربت بزوری ملاکر صبح شام دوران حیض پلادیں۔ درد بھی دور ہوگا۔ اور حیض کا خون کھل کر آئے گا۔

کثرت حیض

الائچی خورد چھ ماشہ۔ آملہ خشک ایک تولہ۔ چھلکا جامن ایک تولہ۔ پرانے ٹاٹ کی راکھ چھ ماشے۔ کوزہ مصری تین تولہ۔

تیاری:۔ ان سب اشیاء کو باریک پیس کر دن میں دو دو مرتبہ پانی کے ہمراہ دیں ہر ایک خوراک چھ ماشہ۔

دیگر

کیلے کے پتوں کی راکھ چھ ماشہ۔ پرانے ٹاٹ کی راکھ چھ ماشہ۔ پرانے منج کی راکھ چھ ماشے۔ پرانے چمڑے کی راکھ چھ ماشے۔ گندم کے دانوں کی راکھ ایک تولہ دیسی کھانڈ ملا دو تولے۔

تیاری:۔ ان سب کو باریک پیس کر ہر روز چھ ماشہ پانی کے ہمراہ دیں۔
کثرت حیض کا لاجواب علاج ہے۔ اس دوا کے استعمال سے پرانے کی طرح بہتا خون بند ہوگا۔

دیگر:۔ اسگندھ ناگوری ایک تولہ۔ کرکس چھ ماشہ۔ مغز کدو نو ماشہ۔

مازو چھ ماشے۔ رال چھ ماشہ۔ طباشیر چھ ماشہ۔ الائچی خورد چھ ماشہ۔ کتھہ سفید چھ ماشہ۔ کوزہ مصری تین تولے۔

تیاری:۔ ان سب ادویات کو باریک پیس کر چھ چھ ماشے صبح شام کچی لسی کے ہمراہ دیں۔
بفضل خدا تین یوم میں خون آنا بند ہو جائیگا۔

دیگر:۔ ناگ کیسر چھ ماشہ۔ رسوت چھ ماشہ۔ سنگھاڑہ ایک تولہ۔ مازو نو ماشہ۔ موچرس چھ ماشہ۔ تخم خربوزہ نو ماشہ۔ گل ارمنی چھ ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں چھ ماشہ۔ طباشیر چھ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر ملا دیں۔
روزانہ صبح۔ دوپہر شام تین تین ماشہ بکری کے دودھ کے ہمراہ دیں۔

دیگر:۔ مائیں خورد۔ سنگ جراح۔ گیرو۔ پوست جامن۔ ہر ایک ہم وزن سب ادویات کو پیس کر آپس میں ملا دیں۔
خوراک تین ماشہ صبح شام ہمراہ تازہ پانی دیں۔ امراض حیض (نفاس) اور خونی دستوں کیلئے کثیر الاثر ہے۔

دیگر:۔ کیلے کے پتوں کی راکھ۔ پرانے چمڑے کی راکھ۔ ہر ایک ایک تولہ باریک پیس کر صبح شام دو دو ماشے پانی کے ہمراہ دیں۔
حیض آنا بند ہو جائے گا۔

دیگر:۔ طباشیر چھ ماشہ۔ چوہے کی مینگنیاں چھ ماشے۔ کھانڈ ایک تولہ ان سب کو پیس کر مریضہ کو صبح شام تین تین ماشہ ہمراہ تازہ پانی دیں۔

دیگر:۔ پھٹکڑی بریاں نو ماشہ۔ ملٹھی ایک تولہ۔ پرانے چمڑے کی راکھ ایک تولہ کوزہ مصری دو تولہ۔ **تیاری:۔** ان سب ادویات کو باریک پیس کر صبح

شام چار چار ماشے شربت انجبار کے ہمراہ دیں۔

دیگر:۔ کمرکس چار تولے۔ گیرو۔ مغز تخم تمر ہندی ہر ایک دو (۲) تولہ

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر باہم ملا دیں۔ اور صبح شام چار ماشہ تازہ پانی کے ہمراہ دیں۔

درد حیض

ست مصبر۔ مرمکی۔ ہر ایک دو (۲) تولہ۔ حلتیت نو ماشہ۔ کشتہ فولاد چھ ماشہ زعفران تین ماشہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر باہم ملا کر شہد کی مدد سے کالی مرچ کے برابر گولیاں بنا لیں۔ اور مرض کی نوعیت کے مطابق استعمال کریں۔

درد حیض، ضعف جگر، بے قاعدگی حیض، کمر کے درد۔ خون کی کمی۔ اور ہسٹیریا کیلئے مفید ہے۔

دیگر:۔ سونٹھ چھ ماشہ۔ جوکھار چھ ماشہ۔ اجوائن۔ چار ماشہ۔ تمی شورہ چھ ماشہ۔ سہاگہ بریان چھ ماشہ۔ ریوند خطائی چھ ماشہ۔ کوزہ مصری اڑھائی تولہ۔ ان سب کو باریک پیس کر حیض آنے سے آٹھ دس دن پہلے تین تین ماشہ سفوف صبح۔ دوپہر شام۔ تا حیض استعمال کرائیں۔

حیض مکمل کر اور بلا تکلیف آئے گا۔

سیلان الرحم (لیکوریا)

نبات سفید تین تولہ۔ سنگ جراحت۔ مازو۔ نخود بریاں۔ ہر ایک ایک تولہ چھ چھ ماشہ پانی کے ہمراہ دیں۔

دیگر:۔ مائیں خورد۔ گل پستہ۔ گل سپاری۔ مازو سبز۔ چنیا گوند گوند ڈھاک ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان ہر ایک تین ماشہ۔

تیاری۔ تمام ادویات کو پیس کر تینوں کشتہ جات ملائیں۔ ہر روز تین ماشہ ایک پاؤ دودھ کے ہمراہ دیں۔

دیگر:۔ مکھانہ خشک چھ ماشہ۔ موصلی سفید چھ ماشہ۔ گل پستہ ایک تولہ۔ سپاری دکھنی ایک تولہ۔ مصطگی رومی چھ ماشہ۔ سنگ جراحت تین ماشہ۔ دارچینی چھ ماشہ گل سرخ چھ ماشہ۔ مجیٹھ چھ ماشہ۔ گاؤزبان نو ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی تین ماشہ۔ سلاجیت مصفیٰ تین ماشہ۔ سمندر سوکھ ایک تولہ۔ طباشیر نو ماشہ۔ موچرس چھ ماشہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ خرفہ سیاہ ایک تولہ۔ ببھوکا ایک تولہ اندرجو شیریں چھ ماشہ۔ سنگھاڑہ خشک ایک تولہ۔ کوزہ مصری پانچ تولے

تیاری:۔ ان سب کو باریک پیس کر اس میں کشتہ مرجان تین ماشے کشتہ قلعی چھ ماشہ ملا دیں۔

مریضہ:۔ کو صبح شام چھ چھ ماشہ دودھ کے ہمراہ دیں۔

دیگر:۔ الائچی خورد۔ تالمکھانہ۔ طباشیر۔ سفید موصلی۔ مصطگی رومی سب ایک ایک تولہ۔

تیاری۔ — ان سب دوائیں کو کوٹ کر حسب ضرورت مصری ملا دیں
صبح شام مریضہ کو پانی کے ساتھ دیں۔

دیگر • —— تخم حرمل اور مصری ایک ایک تولہ۔ کو باریک پیس کر سفوف
بنالیں۔ صبح دوپہر شام مریضہ کو دیں۔ خوراک ایک ماشہ دیں۔

دیگر • —— سفید موصلی تین تولہ۔ سفید رال تین تولہ۔ مصری تین تولہ
ان سب کو باریک سفوف بنالیں۔ صبح شام مریضہ کو چھ ماشہ ہمراہ دودھ
استعمال کرائیں۔

دیگر • —— خوب کلاں دو تولے۔ ناگ کیسر دو تولہ مصری
چار تولے۔
ان سب کا باریک سفوف بنالیں۔ اور صبح شام مریضہ کو چھ ماشہ
ہمراہ تازہ پانی دیں۔

دیگر • —— آملہ ایک تولہ۔ پھٹکری بریان چھ ماشہ۔ ملٹھی
نو ماشہ۔ دیسی کھانڈ دو تولے۔
ان سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ اور صبح شام دو ماشے
ہمراہ دودھ دیں۔

دیگر • ——
دارچینی تین ماشے۔ چھالیہ ایک تولہ۔ طباشیر نو ماشے۔ ناگ کیسر
ایک تولہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ کوزہ مصری تین تولے۔
ان سب ادویات کو باریک سفوف بنالیں۔ صبح شام مریضہ کو
تین ماشے پانی کے ہمراہ دیں۔

دیگر • ——
سپاری چکنی ایک تولہ۔ ملٹھی چھ ماشے، کمرکس نو ماشے، کتیرہ گوند
ایک تولہ، گوند کیکر ایک تولہ، دیسی کھانڈ دو تولے،

تیاری:۔ ان سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں،
صبح شام مریضہ کو چھ ماشے عرق گاؤزبان کے ہمراہ دیں،
سیلان الرحم، اور کمر درد کیلئے مجرب ہے۔

دیگر • ——
زیرہ سفید چار ماشے، گل طارمی دو تولے، سفید رال ایک تولہ
طباشیر چھ ماشہ، تالمکھانہ نو ماشے، کوزہ مصری تین تولے
ان سب ادویات کو کوٹ کر باریک کریں۔
صبح شام چھ ماشے ہمراہ شیر گاؤ کے دیں، ان شاء اللہ
فائدہ ہوگا۔

دیگر

پوست انار اور چھالیہ کو ہم وزن باریک پیس لیں،
صاف باریک کپڑے میں اس کو حسب ضرورت باندھ کر پوٹلی
بنا کر رات کو سونے سے پہلے رحم میں رکھیں۔ صبح اس پوٹلی کو
نکال کر پھینک دیں،
اسی طرح چند روز پوٹلیاں رکھنے سے رحم خشک ہو جائیگا۔

دیگر

ثعلب مصری ایک تولہ۔ الائچی خورد چھ ماشے، سفید صندل چھ ماشہ
گل سپاری دو تولے۔

تیاری:۔ ان سب ادویات کوٹ کر کشتہ بیضہ مرغ چھ ماشے اور
کوزہ مصری تین تولے میں حل کر کے مریضہ کو صبح شام چار
ماشے ہمراہ دودھ دیں،

دیگر

لودھ پٹھانی، چنیا گوند، سونف، بیج کاسنی ہر ایک ایک تولہ،
کشتہ عقیق دو ماشے۔

تیاری:۔ سب چیزوں کو باریک پیس کر ان میں کشتہ عقیق

ملالیں۔
صبح شام چھ ماشے ہمراہ شربت انار دیں۔
سیلان الرحم اور کثرت حیض کیلئے مفید ہے۔

دیگر

طباشیر، مصطگی رومی، مازو خشک، گل دھاوا، گل سپاری
مائیں خورد، آملہ خشک، گوند کیکر، سب ایک ایک تولہ

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر پانچ تولے مصری ملائیں،
صبح شام آٹھ ماشے دودھ کے ہمراہ دیں۔

دیگر

گل پستہ، گل دھاوا، گل سپاری، ہر ایک ایک تولہ، گل ارمنی،
گوکھرو، گوند ڈھاک، ہر ایک چھ ماشہ،
سب ادویات کو باریک سفوف بنا کر تین تولہ کھانڈ ملالیں۔ صبح شام
چھ ماشے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

دیگر

موصلی سفید، خولنجاں، گل دھاوا، لودھ پٹھانی، گل سپاری، ہر ایک ایک
تولہ، موچرس، کمرکس، گوند ڈھاک، ہر ایک نو ماشہ، مائیں خورد کلاں

الائچی خورد، طباشیر، ہر ایک چھ ماشہ،
تمام ادویات کو کوٹ کر سفوف بنالیں۔ اور ایک پونڈ دیسی گھی میں
انہیں بھونیں، ڈیڑھ پاؤ چینی ملا کر اتاریں۔ معجون تیار ہے۔
صبح شام ایک تولہ استعمال کریں،

دیگر۔

پرانے چمڑے کا جوتا دھو کر خشک کرلیں، پھر اس کو آگ میں جلائیں۔
اور اس کو باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔ روزانہ ۲ رتی ہمراہ بالائی
دیویں۔

دیگر۔

ست مازو صبح شام ایک رتی بالائی ہمراہ دیویں۔

اسقاط حمل

برگ ببول دس تولہ، کو نصف سیر پانی میں پکائیں۔ نصف پانی رہ جانے
کے بعد ولائتی کھانڈ ملا کر پلائیں۔
دوران حمل خون آنے کو مفید ہے۔

دیگر۔

گیرو، گل ببول، مجیٹھ، سفوف، ہرمچی، سفید صندل، ہر ایک ایک تولہ
الائچی کلاں چار ماشہ،

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر مصری تین تولے ملائیں۔
صبح شام دو ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

دیگر۔

مروارید، ناسفتہ ۲ ماشہ، گل نیلوفر ۲ تولہ، چوک گنڈھی دو تولہ
مروارید کو لیموں کے پانی میں کھرل کریں۔ اسکے بعد گل نیلوفر اور
چوک گنڈھی باریک کر کے اس میں حل کریں۔ پانی کی مدد سے
کالی مرچ برابر گولیاں بنالیں۔
ایک گولی روزانہ ہمراہ پانی استعمال کریں۔ حیض کے دنوں میں گولیاں استعمال
نہ کریں۔ دوران حمل بھی علاج جاری رکھیں۔
انشاءاللہ حمل اسقاط نہیں ہوگا۔ اور اولاد نرینہ ہوگی۔

حفاظت حمل

زعفران چھ ماشہ۔ برادہ دندان فیل ۲ تولے۔ زیرہ سفید نو ماشے
الائچی خورد سبز ایک تولہ، مائیں خورد۔ گیرو چھ ماشے۔ سنگ جراحت
چھ ماشے، کوزہ مصری ۲ تولے،

تیاری:۔ ان ادویات کو باریک کوٹ کر، صبح شام دودھ کے ہمراہ خوراک چھ ماشے دیں۔
اگر اسقاط کی علامات شدید ہوں۔ تو دن تین بار بھی دوا استعمال ہو سکتی ہے۔

حاملہ کی بدہضمی کیلئے چورن

سونف تین ماشے، چاروں نمک تین ماشے۔ ناٹری ایک ماشہ۔ کالی مرچ چھ ماشے۔ کوزہ مصری ایک تولہ۔ ان سب کو باریک پیس کر حسب ضرورت استعمال کریں۔

بانجھ پن

برادہ دندان فیل چار تولے۔ زعفران تین ماشہ۔ طباشیر نو ماشے سونٹھ چھ ماشے۔ الائچی خورد ایک تولہ، تخم کونچ چھ ماشہ۔ ریشم ہیل چھ ماشہ۔ ریش برگد چھ ماشہ۔ کالی ہرڑ ایک تولہ۔ قند سیاہ دو تولہ۔

تیاری:۔ ان ادویات کو باریک پیس کر مریضہ کو صبح شام چھ ماشے پانی کے ہمراہ بعد فراغت حیض استعمال کرائیں۔
اور خاوند سے ہم بستر ہو۔ انشاءاللہ بفضل خدا حمل قرار پائے گا۔

دیگر:۔ مائیں خورد ایک تولہ، ناگ کیسر ایک تولہ۔ زعفران چھ ماشہ قند سیاہ ایک تولہ۔
تیاری:۔ ان سب ادویات کو باریک پیس لیں۔ مریضہ کو روزانہ چھ ماشے ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ پھر خاوند سے ہمبستر ہو۔

دیگر۔
طباشیر ایک تولہ، برادہ دندان فیل تین تولہ، تخم شونگی ایک تولہ، کوزہ مصری ایک تولہ،
تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر صبح شام ہر روز نو ماشے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ اور مریضہ خاوند کے ساتھ ہم بستر ہو۔
انشاءاللہ حمل قرار پائیگا۔

دیگر۔ برادہ داندان فیل دس ماشہ،
تیاری:۔ برادہ کو اچھی طرح باریک پیس لیں۔
حیض کے غسل سے فارغ ہونے کے بعد عورت کو روزانہ صبح دو ماشے پانچ روز تک دیں۔ اس کے بعد میاں بیوی اکٹھے ہوں۔
بفضل خدا حمل قرار پائے گا۔

دیگر۔ ریشم ہیل۔ ریش برگد، قند سیاہ کہنہ ہر ایک دو(۲) تولہ،

تیاری:۔ پیپل اور برگد کی ریش ۵ کو باریک پیس کر قند سیاہ اس میں ملائیں۔
غسل حیض کے بعد ہر روز صبح شام تین روز تک ایک تولہ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔
دوا کے بعد میاں بیوی اکٹھے ہوں۔ انشاء اللہ بفضل خدا حمل قرار پائیگا۔

دیگر

مصطگی رومی۔ گل دھاوا۔ گل سرخ، لونگ، دارچینی، ہر ایک چھ ماشہ زعفران جوزبوا، افیون ہر ایک دو ماشہ مشک خالص دو رتی۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر پرانی قند سیاہ ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔
حیض کے غسل سے فراغت کے بعد سات روز تک مریضہ کو روزانہ ایک گولی ہمراہ پانی دیں۔
اس کے بعد میاں بیوی اکھٹے ہوں۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا

دیگر

برگ بھنگ آٹھ ماشے، افیون، زعفران ہر ایک چار ماشہ، مشک خالص آٹھ رتی، لونگ چودہ عدد سپاری دکنی بارہ عدد، جائفل چار عدد

قند سیاہ کہنہ ایک تولہ،
تیاری:۔ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ غسل حیض کے بعد صبح شام ایک گولی دیں۔
انشاء اللہ پہلے مہینے حمل ہوگا۔

دیگر

برادہ دندان فیل چار تولے۔ ریشہ پیپل۔ ریش برگد۔ ہر ایک ڈیڑھ تولہ طباشیر۔ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔
تیاری:۔ سب کو باریک سفوف کریں۔ چار ماشہ ہمراہ دودھ بعد از فراغت غسل حیض سات روز تک دیں۔

ہسٹیریا

نفل دراز۔ زنجبیل ہر ایک ایک تولہ۔ نوشادر، ہینگ۔ ہر ایک چھ ماشہ
گھیکوار کے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنا کر روزانہ تین یا تین گولیاں تازہ پانی کے ہمراہ دیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

دیگر

ہینگ چار ماشہ، کونین چار ماشہ، اجوائن خراسانی چار ماشہ، کافور چھ ماشہ

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر بقدر نخود گولیاں بنا کر مریضہ کو صبح شام دوپہر ایک ایک گولی استعمال کریں۔

دیگر

اجوائن خراسانی تین تولے۔ مرمکی ہینگ ہر ایک ایک تولہ۔ گندھک جند بیدستر۔ ہر ایک چھ ماشے۔ زعفران تین ماشہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک سفوف بنا کر آب گھیکوار کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

صبح شام ایک ایک گولی ہمراہ پانی دیں۔ ہسٹیریا کیلئے لاجواب دوا ہے۔

پستانوں کا ڈھیلاپن

کافور ایک تولہ۔ آم کی گھٹلی ایک عدد۔ سفید پھٹکڑی ایک تولہ،

تیاری:۔ ان سب کو پیس کر پانی میں لئی بنا کر چند دن چھاتیوں پر مہندی کی طرح لگائیں۔

چھاتیاں سخت اور گول ہوجائیں گی۔

سُرعت انزال

پھٹکڑی آدھ پاؤ، افیون تین ماشے،

تیاری:۔ لوہے کے توے پر پھٹکڑی باریک کرکے بچھادیں۔ اس کے اوپر افیون رکھ کر اس کے اوپر بقایا ایک چھٹانک پھٹکڑی باریک ڈال دیں۔

توے کے نیچے آگ جلادیں۔ جب نچلی پھٹکڑی شگفتہ ہوجائے۔ تو اس کو الٹادیں۔ یعنی شگفتہ پھٹکڑی والا حصہ اوپر کردیں۔ جب یہ بھی شگفتہ ہوجائے۔ تو اس باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

خوراک:۔ ۲ رتی تازہ پانی یا کسی دیگر مناسب چیز کے ہمراہ دیں

سُرعت انزال، جریان، احتلام، سیلان الرحم، پیچش اور دستوں کیلئے سریع الاثر ہے۔

دیگر

رال سفید، خولنجان، طباشیر، کمرکس، دارچینی، ثعلب مصری، مصطگی رومی، چھلکا اسپغول، ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ قلعی تین ماشہ

تیاری:۔ تمام ادویات کوٹ کر اس میں کشتہ قلعی اور چار تولے مصری ملاکر سفوف بنالیں۔ چھ ماشے ہمراہ دودھ صبح شام دیں۔

سُرعت انزال۔ جریان۔ احتلام کیلئے مفید ہے۔

دیگر

ثعلب مصری۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر مصطگی۔ ہر ایک دو (۲) تولہ، کشتہ تلعی تین ماشے۔ مصری آٹھ تولے۔

تیاری:۔ سب ادویات باریک پیس کر باہم ملائیں۔ چھ ماشے روزانہ ہمراہ دودھ دیں۔

اِحتلام

پوست انار اور مصری ہم وزن لیں۔ روزانہ ایک تولہ دودھ کے ہمراہ دیں۔

دیگر ریوند چینی، کافور، دانہ الائچی کلاں، سمندر سوکھ، ہر ایک ایک تولہ، تمام ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں خوراک چار ماشے صبح شام دیں۔

دیگر مغز تخم تمر ہندی، تخم خرفہ، مغز تخم کدو تلخ، تخم سرس، تخم املی، ہر ایک چھ ماشہ، مازو داچینی ہر ایک ایک تولہ، افیون، کشتہ سہ دھاتہ ہر ایک تین ماشہ،

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

صبح شام ایک گولی تازہ پانی کے ہمراہ دیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

دیگر

مغز ریٹھ پانچ تولے۔ مصری پانچ تولے،

تیاری:۔ دونوں کو خوب کوٹ کر باریک کریں۔ اور بوڑھ کے دودھ کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح شام دو (۲) گولیاں ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

دیگر

اسبغول سالم، دارچینی، مازو سبز، ہستادر، قرنفل، کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ، تخم خرفہ، تخم املی، تخم سرس، ہر ایک نو ماشے، کافور، زعفران ہر ایک تین ماشے، کشتہ تلعی، کشتہ چاندی، کشتہ سہ دھاتہ، ہر ایک ایک ماشہ

تیاری:۔ ہر ایک دوا کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر باہم ملائیں، پھر اس میں کشتہ جات حل کریں۔ چار تولے مصری ملائیں۔ صبح دوپہر شام خوراک تین ماشے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

امراض احتلام، جریان، سرعت انزال، رقت منی، اور قوت باہ کیلئے مفید و لاجواب دوا ہے۔

جریان

ثمر برگد دس تولے، طباشیر ایک، موصلی سفید دو (۲) تولے،

تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ صبح شام چھ ماشے ہمراہ دودھ کھلائیں۔

جریان، سیلان الرحم، اور احتلام کیلئے لاجواب دوا ہے

دیگر ⊙ ——— موصلی سفید، موصلی سیاہ، کتھ سفید صندل سفید، طباشیر، سنگھاڑہ خشک، مازو، گوندکتیرہ، ثعلب مصری ہر ایک نو ماشے۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ پھر تین تولے مصری ملائیں۔ اور چھ ماشے صبح شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

دیگر ⊙ ——— تالمکھانہ۔ بیج بند گجراتی۔ سمندر سوکھ۔ خولنجان۔ موچرس۔ کمرکس ہر ایک ایک تولہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بادام۔ مغز تخم خربوزہ۔ ہر ایک نو ماشے کشتہ قلعی۔ کشتہ چاندی۔ ہر ایک تین ماشے۔

تیاری:۔ سب ادویات و مغزیات علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ملائیں۔ پھر اس میں کشتہ چاندی و قلعی ملا کر حسب ضرورت شہد ملا کر معجون بنالیں۔ چار ماشے خوراک روزانہ استعمال کریں۔ جریان، احتلام، سستی۔ اور کمزوری

کیلئے اکسیر الاثر دوا ہے۔

دیگر ⊙ ——— موصلی سفید۔ تخم ریحان۔ گوندکتیرہ۔ ریشہ برگد ریشہ پیپل۔ ہر ایک ایک تولہ۔ طباشیر۔ سمندر سوکھ۔ ہر ایک چھ ماشے۔ کھانڈ پانچ تولے۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باہم باریک کوٹ کر ملائیں۔ روزانہ چھ ماشے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

دیگر ⊙ ——— موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ برنج ساٹھی۔ صندل سفید۔ ستاور۔ طباشیر۔ ثعلب مصری۔ تال مکھانہ۔ سنگھاڑہ خشک ہر ایک ایک تولہ۔ کشنیز خشک۔ بیج گجراتی۔ ہر ایک چھ ماشے۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ ہر ایک تین ماشے۔ کوزہ مصری آٹھ تولے۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ پھر دونوں کشتہ جات ملائیں۔

خوراک صبح شام چھ ماشے سفوف ہمراہ دودھ دیں۔ جریان کے علاوہ سرعت انزال کیلئے بھی بے نظیر دوا ہے۔

دوران حمل خون آنا

بارتنگ۔ گل دھاوا۔ مائیں۔ مازو۔ طباشیر۔ کمرکس۔ کھجور۔ سپاری۔ لودھ پٹھانی۔ چاول ساٹھی۔ کشتہ صدف۔ کشتہ مرجان۔ ہر ایک ایک تولہ ما

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔
صبح شام چھ ماشے ہمراہ مربہ آملہ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا

کثرت طمث

گوند کتیرہ۔ گوند ببول۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سنگ جراحت۔ گل ارمنی
پھٹکڑی سفید۔ طباشیر۔ کتھ سفید۔ الائچی خورد۔ ہر ایک چھ ماشے۔
اقاقیا۔ تین ماشہ۔
ان سب کا باریک سفوف بنالیں اور صبح شام (۲) دو ماشے پانی کے ہمراہ دیں

سوزاک

طباشیر چھ ماشے۔ جوکھار چھ ماشے۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ تخم بھنگ تین ماشہ
زیرہ سفید تین تولہ۔ پھٹکڑی بریان تین ماشے۔ ریوند خطائی چھ ماشے۔
تیاری:۔ ان سب ادویات کو باریک کوٹ کر اس میں (۲) دو تولے مصری ڈال دیں۔ اور کشتہ سم الفار تین ماشے ڈال دیں۔ صبح شام تین تین ماشے دودھ کے ہمراہ دیں۔
ہر قسم کے نئے پرانے سوزاک کیلئے اکسیر الاثر دوا نسخہ ہے۔

دیگر ● مصطگی تین ماشہ۔ باریک پیس کر ایک پاؤ دہی میں ملا کر دیں۔ ایک ہی خوراک میں آرام ہوگا۔

دیگر ● پھٹکڑی بریان تین تولے۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ کھانڈ چار تولہ
تیاری:۔ سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔
خوراک چار ماشے لسی کے ہمراہ دیں۔

آتشک

دار چکنا۔ رسکپور۔ سم الفار سفید۔ ہر ایک چھ ماشے۔ لیکر باڈیلوں کے پانی میں کھرل کریں۔ پھر ان ادویات کو کچی ہانڈی میں رکھ کر اس کے اوپر اس کا ڈھکنا الٹا رکھ کر اوپر سے ہانڈی کے ڈھکنے کے کناروں کو گل حکمت کر دیں۔ اس کے نیچے بیری کی آگ جلا کر اس کے جوہر اڑا دیں۔
جوہر اڑاتے وقت ڈھکنے پر کپڑا بھگو کر رکھتے ہیں۔ تاکہ جوہر ڈھکنے کے ساتھ لگ جائیں۔ جوہر اڑانے کے بعد آہستہ سے ڈھکنے کو اتار کر اس کے ساتھ لگے ہوئے جوہر علیحدہ کر کے اس میں لونگ اور الائچی چھ چھ ماشے پیس کر ڈال کر مونگ کے دانے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ہر روز ایک گولی مکھن میں رکھ کر دیں۔
نوٹ:۔ جوہر اڑانے کے بعد جو کشتہ نیچے ہانڈی میں رہ جائے۔ وہ جوڑوں کے درد کیلئے اور ریح کے درد کے لئے بہتر مفید چیز ہے

دیگر ● سُنار سے ولائتی پرانی کٹھالی لیکر باریک پیس لیں۔
ایک ماشہ صبح شام ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔
آتشک کے لیئے لاجواب اور اکسیر چیز ہے۔

اندام نہانی میں خارش

ست پودینا کو میٹھے تیل میں حل کریں۔ اس میں کپڑا تر کر کے اندام نہانی میں رکھیں۔

سہل ولادت

بچے کی پیدائش کے وقت عورت کے ہاتھ میں سنگ مقناطیس کا ٹکڑا پکڑا دیں۔
بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔

قوتِ باہ،

معجون مقوّی باہ و مُمسک،

مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز چلغوزہ، ہر ایک ایک تولہ۔ تال مکھانہ۔ کمرکس۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید،

تخم اردسنگھاڑا۔ عاقر قرحا۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ گوند ڈھاک۔ بہمن سرخ ہر ایک نو ماشہ۔ تخم بالنگو۔ تخم اوٹنگن۔ تخم ریحان۔ تخم خشخاش۔ تخم ہلیون۔ تخم کرفس ہر ایک چھ ماشے۔ مربہ سیب۔ مربہ آملہ۔ ہر ایک تین تولہ۔ ورق چاندی سو عدد زعفران تین ماشہ۔ شہد ایک پاؤ۔
تیاری:۔ تمام ادویات کو علیحدہ پیس کر مغزیات کو علیحدہ کوٹ لیں۔ سیب اور آملہ کے مربہ کو علیحدہ گھوٹ کر باریک کر لیں۔ سب ادویات کو باہم ملا کر شہد میں قوام کر کے معجون بنالیں۔ اس کے بعد چاندی کے ورق حل کر لیں۔
چھ ماشے کی خوراک ہر روز ہمراہ دودھ استعمال کریں۔
مقوّی باہ و ممسک ہے۔ سرعت انزال، جریان اور دل و دماغ کی تقویت کے لیئے لاجواب چیز ہے۔

معجون ممسک قوّتِ باہ

موچرس۔ تال مکھانہ۔ تودری سرخ۔ تودری زرد۔ خارخسک۔ سونٹھ۔ سمندر سوکھ۔ بہمن سرخ۔ دارچینی۔ ثعلب مصری۔ عاقر قرحا۔ گوند ڈھاک لسباسہ۔ بندسرمالی۔ خسک مربی۔ موصلی دکنی۔ جوزبوا۔ مصطگی رومی۔ قرنفل، تج بل، ہر ایک ایک تولہ۔ تخم کونچ۔ تخم خشخاش۔ تخم اوٹنگن۔ تخم خیار۔ تخم ہلیون تخم انجرہ۔ تخم پیازہ ہر ایک نو ماشے۔ کشتہ قلعی۔ عنبر۔ زعفران۔ مشک۔ ہر ایک تین ماشہ۔

تیاری

تمام ادویات کو باریک پیس کر کشتہ قلعی ملائیں۔
پھر حسب ضرورت شہد میں قوام کریں۔ معجون تیار ہے۔
چار ماشے خوراک روزانہ استعمال کریں۔ امساک، قوت باہ۔ اور کمزوری کے لئے اکسیر مجرب ہے۔

معجون مقوی باہ

فلفل سیاہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سینبھل، موصلی سفید۔ ہر ایک ایک تولہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ گوند ڈھاک تخم جرجیر تخم شلجم۔ تخم کرفس۔ تخم شبت۔ دارچینی۔ مصطگی رومی۔ سونٹھ۔ ہر ایک چھ ماشے زعفران۔ کنجد۔ مقشر ہر ایک تین ماشہ۔ ورق چاندی ایک ماشہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو کوٹ کر حسب ضرورت شہد میں قوام کر کے معجون بنا کر ورق چاندی ملائیں۔

ہر روز چھ ماشے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ قوت باہ، سرعت انزال کیلئے اکسیر الاثر معجون ہے۔

(۱) قوت باہ

فلفل دراز۔ جوز لوا۔ سونٹھ۔ عاقرقرحا۔ تخم ترنج تخم کرفس۔ تخم سنبھالو۔ بہمن سرخ۔ دارچینی۔
خولنجان۔ بسباسہ۔ شقاقل۔ بیج پوست۔ ہر ایک ایک تولہ۔ عنبر۔ چاندی کے ورق ہر ایک ایک ماشہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر شہد سے چنے کے برابر گولیاں

بنا کر اوپر سونے یا چاندی کے ورق لپیٹ دیں۔
خوراک صبح شام تین گولیاں دودھ کے ہمراہ دیں۔

(۲) دیگر

خولنجان۔ موصلی سیاہ۔ عقرقرحا۔ دارچینی۔ ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ شنگرف ایک ماشہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر کشتہ شنگرف ملا کر تین تولے قند سیاہ ملا کر سفوف بنالیں۔ چار ماشے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

حیوانی کمزوری

فلفل دراز۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ جوز لوا۔ ثعلب مصری۔ طباشیر۔ سونٹھ۔ تخم جرجیر۔ ہر ایک ایک تولہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر چار تولے مصری ملا کر سفوف بنالیں۔

چھ ماشے ہمراہ دودھ روزانہ دیں۔

ممسک

اجوائن۔ اڈنگن۔ دارچینی۔ بسر پالہ۔ عقرقرحا۔ تال مکھانہ برگ قنب۔ اجوائن خراسانی۔ ہر ایک نو ماشے باریک پیس کر ۲ تولہ شیر برگد ملا کر۔ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
روزانہ تین گولیاں صبح دوپہر، شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔
انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

قوتِ باہ

سونٹھ۔ دارچینی۔ فلفل۔ قرنفل۔ مصطگی رومی۔ ہر ایک چھ ماشے۔ زعفران عقرقرحا۔ ہر ایک تین ماشے۔ مشک عنبر۔ ہر ایک ایک ماشہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ روزانہ ایک ایک گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

امساک

مصطگی رومی۔ کشنیز خشک۔ کبابہ خنداں۔ خصیت الثعلب۔ قرنفل ہر ایک چھ ماشے۔ افیون زعفران۔ مشک۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ سب ادویات کو باریک پیس لیں۔ شہد ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں صبح شام ایک ایک گولی استعمال کریں۔

احتلاط سے دو (۲) تین گھنٹے پہلے دو دو گولیاں دیں۔

امساک، جریان۔ اور احتلام کیلئے لاجواب ہے۔

قوت مردمی کا مفت علاج

پسے ہوئے آٹے کا چھان پانچ تولے ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکائیے ایک پاؤ پانی رہ جانے کے بعد چھان لیں۔ روزانہ صبح شام اسی طرح

عمل کریں۔

قوت مردمی میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔

نامردی

ستاور۔ فلفل سیاہ۔ تخم کونچ۔ آملہ۔ بابڑنگ۔ سمندر سوکھ۔ تخم اٹنگن ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ چاندی۔ ہر ایک دو ماشہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو کوٹ کر اس میں دونوں کشتہ جات اور پانچ تولہ قند سیاہ ملائیں۔

صبح شام چھ ماشے ہمراہ دودھ دیں۔ نامردی کی لاجواب دوا ہے۔ ممسک اور مغلظ بھی ہے۔ جسم میں صالح خون پیدا کر کے طاقت کو دو چند کرتی ہے۔

دیگر ● ثعلب مصری۔ کمرکس۔ خولنجان۔ ستاور۔ عقرقرحا۔ تخم املی موصلی سفید۔ ہر ایک ایک تولہ۔

تیاری:۔ تمام ادویات کو پیس کر کشتہ مرجان چار ماشہ۔ کشتہ عقیق چار ماشہ۔ اور مصری تین تولہ ملائیں۔ چھ ماشہ صبح ہمراہ دودھ تازہ استعمال کریں۔

نامردی، ضعفِ باہ۔ اور سرعت انزال کیلئے مفید ہے۔

پیشاب کے ساتھ خون آنا

پھٹکڑی بریان ۔ دودھ پٹھانی ۔
ہر ایک ایک تولہ ۔ ہر دو ادویہ کو پیس کر باہم ملائیں ۔
صبح شام ایک ماشہ دودھ کی لسی کے ہمراہ دیں ۔

بندش پیشاب

نوشادر ۔ قلمی شورہ ۔ جوکھار ۔ سہاگہ سفید ہر ایک چھ ماشے ۔

سب ادویات کو پیس کر باہم ملائیں ۔ اور ۲ دو تولے دیسی کھانڈ سفوف میں ملائیں ۔ صبح وشام چھ ماشے ہمراہ تازہ پانی کے دیں ۔
بندش بول ۔ پتھری گردہ ومثانہ کیلئے مجرب ہے ۔

زیادتی پیشاب

تخم جامن ۔ چھلکا بیل ۔ ہر ایک پانچ تولے
کشتہ بیضہ ایک تولہ ۔
صبح شام چار ماشہ ہمراہ پانی دیں ۔

ذیابیطس

سرمہ سفید تین تولے کو تین پاؤ عرق گلاب میں کھرل کریں ۔
خوراک ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں ۔
انشاءاللہ فائدہ ہوگا ۔

دیگر

پھٹکڑی بریان ۔ گٹھلی جامن ۔ مائیں خورد ۔ مازو ہر ایک، ایک تولہ ۔ کشتہ بیضہ مرغ تین ماشے ۔ تازہ دودھ بوڑھ ۲ دو تولے ۔

تیاری ۔ تمام ادویات کو کوٹ کر کشتہ بیضہ مرغ اور دودھ بوڑھ حل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں ۔ صبح دوپہر شام ایک ایک گولی کو استعمال کریں ۔
ذیابیطس شکری اور سادہ کیلئے کامیاب دوا ہے ۔

دیگر

گٹھلی جامن ۔ بیج نکلے ہوئے پکے ہوئے خشک کریلے ہر ایک پانچ تولے ۔ پھٹکڑی بریان چار ماشے ۔
تیاری ۔ سب ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں ۔
خوراک روزانہ چار ماشے ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں ۔

دردگردہ

پھٹکڑی بریان ایک تولہ ۔ سہاگہ تین ماشے ۔ روزانہ صبح شام ایک ماشہ تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں ۔

دیگر

نوشادر ۔ پھٹکڑی ۔ اجوائن دیسی ۔ سنگ یہود، خوردنی نمک ۔ قلمی شورہ ۔ جوکھار ۔ ہر ایک ایک تولہ لیں ۔

تیاری

تیاری:۔ سب کو باریک سفوف بنالیں۔
صبح دوپہر شام دو ماشے ہمراہ دودھ دیں۔

پتھری گردہ : مثانہ

پوست ریٹھ۔ قلمی شورہ ۔ نوشادر ۔ سہاگہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مغز بادام
مغز خربوزہ۔ مغز تخم خیارین۔ تخم کدو شیریں۔ ہر ایک چھ ماشے۔
تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر ملائیں۔
تین ماشہ صبح شام ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔ گردہ مثانہ کی پتھری
دور کرنے اور درد دور کرنے کیلئے لاجواب ہے۔

دیگر مولیاں دس سیر۔ جنگلی کبوتروں کی بیٹ دس تولے
مولیاں خشک کر کے جلائیں۔ مولیوں کی راکھ اور جنگلی کبوتروں کی بیٹ
باریک پیس کر چھ سات گنا پانی میں بھگو دیں۔ چار پانچ روز بھگوئے رکھیں
ہر روز تین چار مرتبہ ہلاتے رہیں۔ اس کے بعد اس پانی کو نتھار کر کسی صاف
برتن میں آگ پر رکھیں۔ جب سارا پانی جل جائے۔ تو سفید سا سفوف برآمد
ہوگا۔
صبح شام تین رتی ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔ گردے اور مثانے کی پتھری
کیلئے کثیر الاثر دوا ہے۔

درد گردہ

جنگلی کبوتر کی سفید بیٹ دو رتی۔ منقہ میں رکھ کر دیں۔

پتھری گردہ و مثانہ

جوکھار۔ سہاگہ، قلمی شورہ۔ پھٹکڑی۔ نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔
تمام ادویات باریک پیس کر باہم ملائیں۔ تین ماشے صبح شام
ہمراہ تازہ پانی دیں۔ بفضلِ خدا تین دن میں پتھری خارج ہو جائے
گی۔

دیگر تخم شلغم پانچ تولے کو آدھ سیر مولی کے پانی میں ڈال کر
دھوپ میں رکھیں۔ پانی خشک ہونے پر باریک پیس لیں۔
صبح شام تین ماشے ہمراہ شربت بزوری دیں۔ انشاءاللہ آرام آئیگا۔

درد معدہ

ہیرا ہینگ خالص تین رتی۔ منقیٰ میں رکھ کر گرم پانی کے ہمراہ دیں۔
درد معدہ کو فوراً آرام دینے میں لاجواب ہے۔

دیگر زیرہ سفید۔ اجوائن۔ انار دانہ۔ چاروں نمک ہر ایک ایک تولہ
نوشادر تین ماشہ۔ فلفل دراز چھ ماشے

سب ادویات کو باریک پیس کر ملائیں۔ اور شیشی میں محفوظ کریں۔
کھانے کے بعد ایک ماشہ صبح و شام کھائیں۔
دردِ معدہ، بدہضمی، اور معدہ کے دیگر بیماریوں کیلئے اکسیر ہے

دیگر

اجوائن۔ دارچینی۔ سُنڈھ۔ سہاگہ۔ نمک سیاہ۔ نمک لاہوری
ہر ایک ایک تولہ۔ نوشادر۔ لونگ۔ ست لیموں۔ ست پودینہ۔ دانہ الائچی
ہر ایک تین ماشہ۔
تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ صبح شام کھانا کھانے کے بعد نصف ماشہ کھائیں۔ بدہضمی کھٹی ڈکاریں۔ کمی بھوک۔ اور دردِ معدہ کیلئے لاجواب ہے۔

دیگر

ہینگ آدھ رتی منقہ میں رکھ کر پانی کے ساتھ نگل لیں۔

عام پیٹ درد

نمک خوردہ باریک پیس کر نیم گرم پانی کے ساتھ ایک خوراک کھائیں ان شاء اللہ افاقہ ہو گا۔

کرم شکم (پیٹ کے کیڑے)

پوٹاشیم پرمینگنیٹ ایک چاول منقہ میں رکھ کر دیں۔ ان شاء اللہ دو، دو خوراک سے ہی کیڑے ختم ہو جائیں گے اور خارج ہو جائینگے۔

پیٹ کی ریح

مرچ سیاہ اور قلمی شورہ۔ ہر ایک ایک تولہ کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب مرچیں جل جائیں۔ اور قلمی شورہ پگھل جائے۔ اور مرچوں کے ساتھ یک جان ہو جائے۔ تو اتار لیں۔
سرد ہونے پر باریک پیس کر رکھ لیں۔ خوراک چار رتی ہمراہ تازہ پانی دیں۔
پیٹ کی ریح دور کرنے ہاضمہ کو تیز کرنے قدامیہ اور ریحی بواسیر کیلئے مجرب ہے۔

دیگر

چھلکن مولی کے پودے کو لیکر باریک کاٹ لیں۔ کسی پتیلی میں پانی ڈال کر چائے کی طرح ہر دو پکائیں۔ جب پانی پک جائے۔ اس میں اس وقت دیسی گھی اور کھانڈ ہم وزن ڈال کر حلوہ تیار کر لیں۔
ہر روز صبح چائے کیساتھ تھوڑا سا کھاتے رہنے سے ان شاء اللہ ریح جاتی رہے گی۔

قبض کشاء

مصبر دو تولہ۔ عصارہ ریوند۔ ہلیلہ زرد۔ سنڈھ۔ نوشادر
ہر ایک ایک تولہ۔
تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں حسب ضرورت دو یا تین گولیاں استعمال کریں۔ قبض کشاء ہے صبح اجابت کھل

کر آئے گی۔

دیگر گلقند دو تولے۔ مغز بادام ایک تولہ۔ سنامکی چھ ماشے۔
تیاری: سب ادویات کو باریک کوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ سوتے وقت دو دو گولیاں نیم گرم دودھ سے لیں۔

دیگر گل مدار دو تولے۔ فلفل سیاہ، نمک سیاہ۔ ہر ایک ایک تولہ سقمونیا چار ماشے۔ نوشادر، سہاگہ۔ ہر ایک تین ماشہ۔
تیاری: تمام ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ اور پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
کھانا کھانے کے بعد دو گولیاں استعمال کرنے سے صبح اجابت کھل کر آئیگی

دیگر سنڈھ، مصطگی رومی، مرچ سیاہ، اجوائن۔ ہر ایک ایک تولہ، سقمونیا ولائتی، مصبر زرد۔ ہر ایک چھ ماشے۔
تیاری: سب ادویات کو باریک پیس کر ملائیں۔ اور عرق گلاب سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ رات کو سونے سے پہلے ایک یا دو گولیاں ہمراہ پانی دیں
قبض اور پیٹ درد کیلئے مفید ہے۔

دیگر سہاگہ بریان۔ فلفل دراز۔ اجوائن۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مغز بادام مغز ارنڈ۔ ہر ایک چھ ماشے مصبر دو تولہ۔ تیاری: سب ادویات کو کوٹ کر عرق گھیکوار میں چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ رات کو سونے سے پہلے ایک

یا دو گولیاں ہمراہ پانی کھائیں۔
رفع قبض اور درد پیٹ کیلئے مفید ہے۔

دیگر مغز بادام۔ منقہ۔ ہر ایک ایک تولہ سقمونیا چھ ماشہ۔
تیاری: باریک کوٹ کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔
رات کو سونے سے پہلے دو گولیاں لیں۔ صبح باخانہ کھل کر آئیگا۔

دیگر ایلوا پانچ تولے۔ مرچ سیاہ تین تولہ۔ سونف دیسی، اجوائن، ہر ایک دو تولہ سہاگہ نو ماشے۔
تیاری: آب گھیکوار کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ سونے سے پہلے دو گولیاں گرم پانی کے ہمراہ دیں۔

پیٹ سے مٹی نکالنا

مردہ سنگ تین تولے۔ سونف دیسی چار تولے۔ الائچی خورد ایک تولہ آملہ سار چھ ماشے۔
تیاری: مردہ سنگ کو باریک پیس کر پانی سے دھوتے جائیں۔ جب تک کہ سفید نہ ہو جائے۔ سفید ہو جانے پر باقی ادویات کو باریک کر کے باہم ملائیں۔
روزانہ دو ماشہ دودھ کے ہمراہ دیں۔
پرہیز: غذا دودھ چاول استعمال کریں۔ مخصوص غذا سے پرہیز کریں پانچ دن کے استعمال سے انشاءاللہ پیٹ سے

مٹی نکل جائیگی ۔

پیٹ کے کیڑے

ہینگ معتبر ۔ چھال انار ۔ باؤبڑنگ ۔ ہر ایک چھ ماشے ۔ نوشادر تین ماشہ
سب ادویات کو باریک پیس کر دو تولہ کھانڈ ملائیں ۔
خوراک صبح شام ایک یا نصف ماشہ ہمراہ پانی دیں ۔ انشاءاللہ پیٹ کے کیڑے دور ہو جائیں گے ۔

پیچش

دست :۔ طباشیر ۔ دال گیرد ۔ انار دانہ ۔ کتھ سفید ۔ ہر ایک چھ ماشے ۔
ہلیلہ سیاہ اور کافور ہر ایک تین ماشہ ۔
تیاری :۔ سب ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں ۔
خوراک ایک یا نصف ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ پانی استعمال کریں ۔ ہر قسم کے دستوں کے لئے مفید ہے ۔

پیچش ● مصطگی رومی ۔ ہلیلہ سیاہ ۔ طباشیر ۔ انار دانہ ۔ سونف ہر ایک ایک تولہ ۔ سہاگہ ۔ زعفران ہر ایک تین ماشہ ۔
تیاری :۔ سب ادویات کو کوٹ کر باہم ملائیں ۔ صبح شام تین ماشے ہمراہ تازہ پانی دیں ۔
پیچش ۔ دست ۔ ضعف معدہ اور بدہضمی کیلئے مجرب ہے ۔

دیگر ● چینی سفید ۔ پوست ہلیلہ زرد ۔ الائچی خورد طباشیر ہر ایک چھ ماشے ۔ زعفران ۔ کافور ہر ایک تین ماشہ ۔
سب کو باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں ۔ صبح شام دو گولیاں استعمال کریں ۔

دیگر ● مصطگی رومی ۔ ہلیلہ سیاہ ۔ ہر ایک ایک تولہ ۔ پھٹکڑی ۔ افیون ہر ایک دو ماشہ ۔
تیاری :۔ پھٹکڑی اور افیون آپس میں حل کر کے مٹی کے پیالوں میں گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔ سرد ہونے پر اس سفوف میں تمام ادویات باریک پیس کر ملائیں ۔
صبح شام ایک ماشہ تازہ پانی کے ہمراہ دیں ۔

دیگر ● بچ ۔ بیلگری ۔ موچرس ۔ مائیں ہر ایک ایک تولہ ۔
تیاری :۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں ۔ صبح شام چھ ماشے شربت انجبار سے دیں ۔ کھانے میں چاول استعمال کریں ۔

دیگر ● بیلگری ۔ ایک تولہ ۔ سونف ۔ کتھ ۔ انار دانہ ۔ ہر ایک نو ماشہ مصری دو تولہ ۔
تیاری :۔ سب ادویات کو باریک پیس کر مصری ملائیں ۔
خوراک روزانہ ایک ماشہ تین مرتبہ استعمال کریں ۔

دیگر ● ہلیلہ سیاہ ۔ زیرہ سفید ۔ ہر ایک ایک تولہ ۔ نمک سیاہ ایک ماشہ ۔
تمام ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں ۔ ایک ماشہ روزانہ چار مرتبہ دہی کے پانی سے دیں

دیگر ● دار چینی۔ ایک تولہ۔ روزانہ چار بار دو ماشے ہمراہ تازہ پانی دیں۔

دیگر ● پیپل کی چھال۔ باریک پیس کر روزانہ چند بار ہمراہ تازہ پانی دیں کمزوری مثانہ کیلئے بھی مفید ہے۔

دیگر ● چھلکا انار۔ دو ماشہ صبح شام سرد پانی سے لیں۔ بچوں کے دستوں میں شہد میں ملا کر دیں۔

دیگر ● مصطگی رومی۔ الائچی خورد۔ طباشیر ہر ایک ایک تولہ۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر دو تولہ مصری میں ملائیں۔ پانچ ماشہ صبح شام دیں۔

خونی پیچش ● خشخاش کو دہی میں ملا کر کھلائیں۔

دیگر ● پوست آملہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مازو ہر ایک ایک تولہ۔ کافور نو ماشہ زعفران چھ ماشہ۔

تیاری۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح دوپہر شام ٹھنڈے پانی سے ایک گولی دیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

بچوں کے سبز اسہال (دست)

برنج ساٹھی چار ماشے۔ نارجیل دریائی دو ماشے برگ نیم دو عدد۔ منقہ کے ہمراہ گھوٹ کر مونگ کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی روزانہ شیر مادر سے دیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

بچوں کی پیچش اور دست

تودری سفید۔ عمدہ مقشر۔ پودینہ باغی۔ پوست ہلیلہ ہر ایک ایک تولہ۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر ملائیں۔

خوراک بچے کو حسب عمر دیں۔

بچوں کے پیچش۔ زنگار دست۔ ام الصبیان۔ سرسام۔ سر درد۔ قبض اور پیٹ درد کیلئے نہایت اکسیر ہے۔

بچوں کے قے۔ دستوں کیلئے

زہر مہرہ خطائی۔ گیری۔ نربسی اصلی۔ مغز کول ڈوڈہ۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر کبود۔ سوڈا بائیکارب۔ ہر ایک چھ ماشے۔ سب ادویات کو باریک پیس کر ہم ملائیں۔ ایک یا دو رتی حسب عمر دیں۔ بچوں کی قے۔ دست اور بخار کیلئے مجرب دوا ہے۔

بچوں کے دست۔ قے۔ بخار و کھانسی کیلئے

آنیس کاکڑا سنگی۔ فلفل دراز۔ ہر ایک ایک تولہ۔

تیاری:۔ تمام ادویات باریک پیس کر شہد میں ملا کر بلحاظ عمر بچوں کو چٹائیں۔

قے کیلئے ◉ بیل کا چھلکا جلا کر پانی میں بجھائیں۔ پانچ تولے۔ قے والے کو وہ پانی پلائیں۔ یہ پانی ہیضہ اور پیاس میں بھی مجرب ہے۔

سنگرہنی ◉ اندر جو کی چھال باریک پیس کر چار۔ پانچ ماشے دہی کے ہمراہ دیں انشاءاللہ چھ سات روز میں شفا ہوگی۔

پیٹ کے ملہپ مارنا

جس پانی میں قلعی گر برتنوں کو بجھاتا ہے۔ اس پانی کو مقطر کر کے روزانہ تین بار استعمال کریں۔

ملہپ مر کر باہر نکل جائیں گے۔

بھس ◉ پوست ہلیلہ بلیلہ۔ آملہ ہر ایک تین تولہ کو باریک پیس لیں۔

چھ ماشہ صبح شام کھٹی دہی کی لسی سے دیں۔

بچوں کے ہاضمہ کیلئے

نرکچور۔ فلفل سیاہ۔ پودینہ خشک ہر ایک ایک تولہ۔ سہاگہ نمک خوردنی ہر ایک چھ ماشہ۔

تمام ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔

بچوں کو چٹکی بھر دیں۔ بچوں کے ضعف ہضم کیلئے بہترین دوا ہے۔

ہاضمے کی پھکی

ایک عدد بڑے تے کو اندر سے خالی کریں۔ اس کے اندر دیسی اجوائن اور چاروں نمک ملا کر بھر دیں۔ ایک ماہ بعد نکال کر باریک پیس لیں۔

ہاضمے کی پھکی تیار ہے۔

چورن ہاضمہ

چاروں نمک ہر ایک ایک تولہ۔ مرچ سیاہ دو تولے۔ نوشادر ایک تولہ ست اجوائن۔ ست پودینہ ہر ایک تین ماشہ۔

سنگرہنی ● بیل گری۔ کڑا چھال ہم وزن لیکر باریک سفوف بنالیں۔ تین ماشے ہمراہ دہی دیں۔ سنگرہنی اور پیچش کیلئے مفید ہے۔

ہیضہ ● کالی مرچ چھ ماشے۔ پوست بیخ مدار۔ ایک تولہ پھٹکڑی تین ماشہ۔ چونہ۔ ہلدی چھ ماشے۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر لیموں۔ پودینہ سبز۔ ادرک۔ کے پانی میں خوب کھرل کریں۔ اس کے بعد چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

مریض کو ہر تین گھنٹے کے بعد ایک ایک گولی مریض کو دیں۔ بفضل خدا قے دست بند ہو جائیں گے۔ اور مرض سے شفا ہو جائے گی۔

یہ دوا ہیضے کیلئے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔

خروج مقعد

مازو۔ گلنار۔ نسپال۔ پھٹکڑی بریاں۔ پھلی ببول ہر ایک ایک تولہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ اس سفوف کو کانچ پر دھوڑیں۔

چند بار کے استعمال سے کانچ اپنی اصلی جگہ پر آ جائے گی۔

بواسیر

خونی وبادی ● تخم مولی۔ مغز تخم نیم۔ مغز بکائن۔ ہر ایک ایک رسونت مصفیٰ۔ ایلوا ہر ایک چھ ماشے۔

تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر آدھ سیر مولی کے پانی میں کھرل کریں۔ اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

صبح شام ایک ایک گولی پانی کے ہمراہ دیں۔

دیگر ● بابڑنگ۔ رسونت۔ مغز تخم ریٹھہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح شام ایک گولی پانی کے ہمراہ دیں۔

دیگر ● برگ مدار دھاگے میں پرو کر کمر سے باندھ دیں۔ بواسیر سے شفا ہو گی۔

دیگر ● مغز بکائن۔ مغز تخم نیم۔ گل سرخ۔ برگ مرنا۔ پوست ہلیلہ کلاں ہر ایک ایک تولہ۔ رسونت چھ ماشے تمام ادویات کو باریک پیس کر چھ ماشہ ہمراہ تازہ پانی دیں۔

بواسیر

سہاگہ۔ رسونت۔ ہم وزن پیس کر ریٹھے جتنی بڑی گولیاں پانی کی مدد
ایک گولی گھس کر مسوں پر لگائیں۔

دیگر رسونت مصفیٰ پانچ تولے۔ بندق ہندی۔ قند سیاہ کہنہ۔
پرانا گڑ۔ ہر ایک دس تولے۔

تیاری:۔ تمام ادویات کو باہم ملاکر مٹر کے دانے کے برابر گولیاں
بنالیں۔
روزانہ صبح شام دو گولیاں ہمراہ دودھ دیں۔ ہر قسم کی خونی بادی بواسیر
کیلئے اکسیر ہے۔

بواسیر بادی تارامیرا۔ ایک چھٹانک لیکر ہر روز صبح
تھوڑے سے دانے نہار منہ باسے پانی کے ساتھ کھاتے رہیں۔
انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔

بخار

بخار ہر قسم ست گلو ایک تولہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ طباشیر۔ الائچی۔ انٹی فبرین
کونین ہر ایک چھ ماشہ۔ سب دوائیں باریک پیس کر گوند کیکر کی مدد سے چنے
کے برابر گولیاں بنائیں۔ روزانہ تین بار دو گولیاں دیں۔

کالی مرچ چھ ماشے۔ طباشیر تین ماشے نمک خوردنی
چھ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد تین ماشہ۔ ریوند چینی،

باری کا بخار
چھ ماشہ۔ ست گلو چھ ماشے۔

تیاری:۔ ان سب ادویات کو باریک پیس کر چار ماشے ہمراہ دو تولہ شربت انار
دیں۔
باری کے بخار اور موسمی بخار کیلئے مفید ہے۔

تیجے کا بخار کافور تین ماشے۔ پھٹکڑی بریان تین ماشے
کونین چھ ماشے۔ فلفل دراز چھ ماشے۔ زہر مہرہ خطائی چھ ماشے زیرہ سفید
ایک تولہ۔

تیاری:۔ ان سب ادویات کو باریک پیس کر عرق لیموں سے چنے کے
دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح شام ایک گولی پانی کے ہمراہ دیں۔
تیجے اور نوبتی بخار کیلئے اکسیر ہے۔

تپ بخار مکڑی کے جالے کو گڑ میں لپیٹ کر واری آنے سے
پہلے کھالیں۔
بفضل خدا بخار نہیں چڑھے گا۔

ملیریا بخار پھٹکڑی بریان۔ ریوند چینی۔ کشتہ فولاد ہر ایک ایک تولہ
گوند ببول چھ ماشے۔ سب ادویات کو باریک پیس کر چنے کے
برابر گولیاں بنالیں۔ صبح دوپہر شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ دیں۔ ملیریا اور

دیگر موسمی بخاروں کیلئے مفید ہے۔

بخار

مغز کرنجوہ۔ مرچ سیاہ۔ گیرو۔ کلونجی ہر ایک ایک تولہ برگ بھنگ دو تولہ۔

تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ ایک ماشہ ہمراہ پانی بخار سے پہلے دیں۔ انشاءاللہ بخار نہیں آئے گا۔

تپ بخار

فلفل دراز۔ پھٹکڑی بریان۔ ہر ایک ایک تولہ مرچ سیاہ چھ ماشے۔ گندھک آملہ سار تین ماشہ۔ ادرک کے آٹھ تولے پانی میں کھرل کریں۔ پھر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
صبح شام ایک گولی دیں۔

بلغمی بخار

ریوند چینی۔ مغز کرنجوہ۔ گوند کیکر ہر ایک ایک تولہ، سنڈھ چھ ماشے۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر گوند کیکر میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ صبح دوپہر شام ایک ایک گولی دیں۔

دیگر

تخم دھتورہ ایک تولہ۔ ریوند چینی نو ماشے۔ سنڈھ چھ ماشے گوند کیکر چار ماشے۔ سب ادویات کو باریک پیس کر گوند کیکر پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ روزانہ صبح شام دوپہر ایک ایک گولی پانی

کے ہمراہ دیں۔
بلغمی۔ نوبتی۔ اور لرزہ والے بخاروں کیلئے لاجواب دوا ہے۔

باری کا بخار

تخم دھتورہ۔ سنڈھ۔ مغز کرنجوہ۔ ہر ایک ایک تولہ

تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔ باری کے دن ہلکا سا جلاب دیکر تین گولیاں ہمراہ پانی دیں۔ ڈیڑھ گھنٹے بعد دو گولیاں دیں۔

بخار ہر قسم

پھٹکڑی بریان ایک تولہ۔ نوشادر چھ ماشے ریوند چینی تین ماشے۔

تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ چار رتی ہمراہ پانی دیں۔ ہر قسم کے بخار کیلئے اکسیر ہے۔

دیگر

ریوند چینی۔ ست گلو۔ الائچی خورد۔ کافور۔ کونین۔ گوند ببول ہر ایک چھ ماشے۔ کوزہ مصری چھ ماشے۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
صبح دوپہر شام ایک گولی دودھ کے ہمراہ دیں۔ ملیریا۔ نوبتی اور دیگر ہر قسم بلغمی صفراوی بخاروں کیلئے مفید ہے۔

نزلہ زکام کھانسی

نزلہ زکام :- افیون ۔ مرچ سیاہ ۔ کافور ہر ایک تین ماشے ٹینک ایسڈ دو ماشے ۔

ترکیب :- سب ادویات کو سفوف بنا کر پانی کی مدد سے ماش کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں ۔
صبح شام ایک گولی ہمراہ تازہ پانی دیں۔

انفلوئنزا ◉ سونف تین ماشے ۔ برگ گاؤزبان تین ماشے ۔ لسوڑیاں دس عدد ۔ ملٹھی چھ ماشے ۔ دارچینی تین ماشے ۔ گل بنفشہ چھ ماشے عناب پانچ دانے ۔ تخم خطمی چھ ماشے ۔

ترکیب :- ان سب ادویات کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو دیں ۔ پانچ چھ گھنٹے بعد آگ پر جوش دیں۔ حسب ضرورت میٹھا ڈال کر اس جوشاندہ کو پئیں۔
کھانسی، نزلہ، زکام، اور انفلوئنزا کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے ۔

نزلہ زکام کھانسی ◉
ملٹھی ۔ اجوائن خراسانی ۔ آک کی جڑ کا چھلکا ہر ایک چھ ماشے ۔ دھتورہ سیاہ ۔ سونٹھ ۔ سونف ہر ایک تین تین ماشے ۔ سب ادویات کو باریک پیس کر خالص شہد میں دیسی چنوں کے

برابر گولیاں بنالیں۔
نزلہ ۔ کھانسی ۔ زکام ۔ کیلئے ۔ صبح دوپہر شام ایک ایک گولی ہمراہ پانی دیں

جوشاندہ نزلہ زکام ◉ گل بنفشہ ۔ گاؤزبان ۔ ملٹھی ۔ گل نیلوفر ہر ایک چھ چھ ماشہ ۔ تخم خبازی ۔ تخم خطمی ۔ سونف ۔ بہی دانہ تین تین ماشے ۔ لسوڑیاں اور عناب پانچ دانے ۔

ترکیب :- سب ادویات چھ سات گھنٹے ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو کر پڑا رہنے دیں۔ اس کے بعد آگ پر جوش دیں۔ نصف پانی رہنے پر چھان کر پئیں۔
نزلہ ۔ زکام کیلئے بہترین جوشاندہ ہے ۔

دیگر ◉ سنڈھ ۔ تخم دھتورہ ۔ اجوائن خراسانی ہر ایک، ایک تولہ
تمام ادویات کو پیس کر پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
بفضل خدا ایک گولی کھانے سے چند منٹ میں نزلہ بند ہوگا۔

دیگر ◉ ملٹھی سات ماشے ۔ گل بنفشہ سات ماشے خبازی سات ماشے ۔ خطمی سات ماشے ۔ گاؤزبان پانچ ماشے ۔ لسوڑیاں سات عدد عناب ولائتی پانچ عدد ۔

ترکیب :- ان سب ادویات کو رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو دیں ۔ صبح کو جوش دیں ۔ تقریباً نصف پانی رہنے پر چھان لیں ۔ حسب ضرورت

کھانڈ ملا کر پئیں۔ مجرب ہے۔

نزلہ ● سونف چھ تولہ۔ اصل السوس مقشر تین تولہ۔ باریک
پیس کر باہم ملائیں۔
روزانہ صبح شام چار ماشے ہمراہ پانی دیں۔

(۱) **کھانسی** ● پوست بیج مدار پانچ تولے۔ جلا کر راکھ بنالیں۔
ایک رتی خالص شہد میں ملا کر چٹائیں۔

(۲) **نزلہ زکام** ● فلفل سیاہ۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک ایک تولہ۔ سونٹھ
دارچینی نو ماشہ۔
تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ صبح شام نصف
ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

(۳) **نزلہ زکام** ● کافور۔ نوشادر ہر ایک چھ ماشے باریک پیس کر
باہم ملائیں۔ دن میں تین بار نسوار لیں۔ چھینکیں آنے کے بعد آرام ہوگا

بچوں کی کھانسی ● فلفل سیاہ۔ مغز بادام تلخ۔ سہاگہ بریاں اور گودا
گھیکوار۔ ہر ایک ہم وزن۔
تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک کر کے گھیکوار کے گودے میں کھرل کر کے

ماش کے دانے برابر گولیاں بنالیں۔
ایک گولی بچے کی ماں کے دودھ میں گھس کر دیں۔
بچوں کی ہر قسم کی کھانسی کیلئے مفید ہے۔

کھانسی ● سہاگہ۔ اجوائن خراسانی۔ ملٹھی مقشر۔ گل نیلوفر۔
تخم خطمی ہر ایک ایک تولہ۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ ہر ایک چھ ماشے۔
ست پودینہ تین ماشے۔
تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر گوند کیکر، گوند کتیرا۔ اور ست پودینہ
ملائیں۔ حسب ضرورت شہد ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح شام
دوپہر ایک ایک گولی دیں۔
ہر قسم کی کھانسی کیلئے کامیاب دوا ہے۔

کھانسی تر ● ہلدی، گندم، ہر ایک دو دو تولہ۔ دو کو جلا کر پیس
لیں۔
دو دو رتی خالص شہد میں ملا کر دیں۔

کھانسی ● طباشیر ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد نو ماشے۔ پھٹکڑی
اجوائن۔ دارچینی ہر ایک چھ ماشے۔ مصری دو تولے۔
تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ تین ماشے سونف
دو تولہ شہد میں ملا کر تین چار مرتبہ چٹائیں۔ بلغمی کھانسی، تپ دق کی کھانسی

بچوں کی ہر طرح کی کھانسی کیلئے مجرب دوا ہے۔

خشک کھانسی

مغز بادام۔ آرد ملٹھی۔ مویز منقیٰ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ باریک کوٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
گولیاں منہ میں رکھ کر چوسیں۔

بلغمی کھانسی

ملٹھی۔ اجوائن خراسانی۔ تخم خطمی۔ سنڈھ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
صبح دوپہر شام دو (۲) گولیاں ہمراہ پانی دیں۔

کالی کھانسی

رب السوس۔ گوند کیکر۔ افیون۔ نشاستہ۔ ہر ایک چھ ماشے۔ موٹھ کے دانے برابر گولیاں بنالیں۔ دو گولیاں صبح شام لیں۔

دیگر

کاکڑا سنگی نو ماشہ۔ ادر پھٹکڑی۔ نوشادر دو، دو ماشہ لیکر توے پر رکھیں۔ اوپر برتن رکھیں۔ اور نیچے آگ جلاکر راکھ ہونے پر اتار لیں۔ اس راکھ میں شہد ملاکر مریض کو چٹائیں۔ کالی کھانسی کیلئے لاجواب ہے۔

دیگر

ملٹھی۔ پھٹکڑی بریان ہر ایک چھ ماشے۔ دارچینی تین ماشہ تیار ہے۔ سب ادویات کو باریک پیس کر صبح شام چھ ماشے عرق اجوائن کے ہمراہ دیں۔ کالی کھانسی کیلئے نہایت مفید ہے۔

دیگر

ملٹھی چار ماشے۔ انار دانہ چار ماشے۔ جوکھار تین ماشے چاروں نمک تین تین ماشے۔ پھٹکڑی بریاں تین ماشے فلفل دراز تین ماشے۔ اجوائن ایک تولہ۔
تیار ہے۔ اِن ادویات کو باریک پیس کر شہد میں چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔
کالی کھانسی کیلئے صبح دوپہر شام ایک ایک گولی دیں۔

دیگر

نمک سیاہ۔ ریٹھے کا کوئلہ۔ ہم وزن دونوں کو پیس کر باہم ملائیں خوراک صبح شام دو رتی شہد میں ملاکر دیں۔

دیگر

ملٹھی۔ انار دانہ ہر ایک چھ ماشے۔ تگھاں۔ کاکڑا سنگی ہر ایک تین ماشے۔ خالص شہد پانچ تولے۔
تیار ہے۔ ان سب ادویات کو باریک پیس کر شہد میں ملائیں۔ بچے کو روزانہ چار مرتبہ ایک ماشہ چٹائیں۔ کالی کھانسی کیلئے نہایت مجرب اور مفید دوا ہے۔

دمہ

دمہ بلغمی

آدھ سیر بڑہ۔ (تلخ تمباکو) کوئلہ کی آگ پر جلائیں۔ اس کی راکھ کو چار سیر پانی میں ملاکر سائے میں رکھ دیں۔ چار روز تک

روزانہ تین چار بار ہلاتے رہیں۔ چار روز کے بعد اس کو چھان کر بڑی
کڑاہی میں پانی میں ڈال کر آگ پر رکھ دیں۔
جب پانی خشک ہو جائے۔ نیچے بچا ہوا سفوف دوا ہے۔ مریض کو
برگ پان کے چوتھے حصے میں ایک رتی خوراک روزانہ سات روز تک
چوسنے کو دیں۔
انشاءاللہ افاقہ ہوگا۔

دمہ

ملٹھی مقشر دو تولہ۔ پھٹکڑی بریان۔ چھ تولے۔ ہر دو کو باریک
پیس لیں۔
صبح شام چار چار ماشے دہی سے استعمال کرائیں۔ دمہ اور سانس کی تنگی
کیلئے مفید ہے۔

دیگر ◉ بجمدار۔ برگ مدار۔ گل مدار۔ ہم وزن لیکر گل حکمت
کرکے جلائیں۔
دو رتی بالائی سے دیں۔

دیگر ◎ کاکڑاسنگی ایک تولہ۔ باؤ بڑنگ نو ماشہ۔ نمک سیاہ۔
فلفل سیاہ۔ ہر ایک چھ ماشے۔ فلفل دراز تین ماشے۔
تیاری۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر چالیس عدد آک کے پتوں

پر لیپ کر دیں۔
ان پتوں کو کوری ہانڈی میں بند کرکے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں
سرد ہونے پر باریک کرکے رکھ لیں۔
روزانہ چار رتی ہمراہ بالائی دیں۔

تنگیٔ سانس

باجرہ پانچ تولے۔ نمک طعام
ایک تولہ۔
تیاری۔ دونوں کو کوٹ کر باہم ملائیں۔ اور اس پر آک کا دودھ ڈال
کر گوندھ کر چھوٹی سی روٹی بنا کے توے پر پکائیں۔ جب پسنے کے قابل
ہو جائے۔
تو اتار کر باریک پیس لیں۔ دوا تیار ہے۔ روزانہ دو رتی خوراک مریض
کو دیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

دردِ سر

مغز بادیان۔ مغز کشنیز۔ دانہ الائچی خورد۔ ترپھلہ۔ ہر ایک دو ماشہ
سب ادویات کا سفوف بنالیں۔ ان کی دو خوراکیں بنا کر دو دن استعمال
کریں۔

دیگر ◉ کھجور کی پرانی گٹھلیوں کو کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے

پانچ سیر آگ دیں۔
خوراک نصف ماشہ تازہ پانی کے ہمراہ دیں۔

دیگر حرمل پانچ تولے۔ سوڈا سلی سلاس ایک تولہ۔ سفوف بنالیں۔ خوراک ایک ماشہ صبح شام ہمراہ تازہ پانی دیں۔

دیگر ان بجھا چونا۔ نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔ کافور دو ماشہ۔ شیشے کی بوتل میں اچھی طرح بند کر کے رکھیں۔ ضرورت کے وقت ڈھکنا کھول کر سونگھیں ان شاء اللہ درد دور ہوگا

دیگر اگر سر درد سر کی کمزوری کی وجہ سے ہو۔ تو ایک پاؤ دودھ جس میں مغز بادام گیارہ عدد ڈال کر ابالا گیا ہو۔ اس میں دیسی انڈا پھینٹ کر چند روز استعمال کریں۔ درد سے شفا ہو گی۔

دیگر کشمیری پتر۔ کلونجی۔ تمر کنڈ ریای۔ کائپھل۔ ہر ایک چھ ماشے۔
سب کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ درد سر کیلئے نسوار کا کام دیتا ہے۔

درد شقیقہ

آک کا ڈنڈا خشک کر کے باریک کھرل کریں۔
بطور نسوار استعمال کریں۔

دیگر گل روغن ایک تولہ۔ مشک کافور ایک ٹکیہ۔ دونوں کو باہم حل کریں۔
جس طرف درد ہو۔ اس طرف تین قطرے ناک میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

امراض چشم

آشوب چشم :۔ قلمی شورہ چار تولے۔ پھٹکڑی خام۔ پھٹکڑی بریاں۔ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ کافور تین ماشہ۔ تمام ادویات کو ایک بوتل عرق میں ڈال کر محفوظ کر لیں۔
بوقت ضرورت روزانہ تین تین بوندیں آنکھوں میں تین بار ڈالیں۔
آنکھوں میں برف کی طرح ٹھنڈک ہو جائے گی۔

دیگر:۔ قلمی شورہ دو رتی، پھٹکڑی پانچ رتی۔ عرق گلاب پانچ تولہ

دونوں ادویات کو باریک پیس کر عرق میں حل کریں۔
روزانہ تین چار دفعہ ۔ مرتبہ آنکھوں میں چند قطرے ڈالیں۔

امراضِ چشم

سُرمہ چینی، پھٹکڑی سفید۔ سمندر جھاگ۔ ہر ایک چھ ماشے۔ سنگ بصری۔ قلمی شورہ۔ ہر ایک تین ماشے۔
سب ادویات کو نہایت باریک پیس کر سُرمہ بنائیں۔ بطور سُرمہ آنکھوں میں لگائیں۔
آنکھوں سے پانی آنے۔ دھند اور جالے کیلئے لاجواب سُرمہ ہے

دیگر

سمندر جھاگ۔ جوہر نوشادر۔ کشتہ جست ہر ایک ہم وزن لیں
تمام ادویات کو باریک کر کے حل کریں۔ اور ایک روز تک لیموں کے پانی میں کھرل کریں۔
آشوب چشم۔ ککرے۔ اور پڑبال کیلئے کامیاب دوا ہے۔

خارش اور دردِ چشم

کافور تین ماشہ۔ پھٹکڑی چار ماشے۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ کو پندرہ تولے عرق گلاب میں باریک پیس کر ڈالیں۔ بوتل کو اچھی طرح ہلائیں۔ تاکہ تمام ادویات اچھی طرح حل ہو جائیں۔ روزانہ چند قطرے آنکھوں میں چند مرتبہ ڈالیں۔ دردِ چشم۔ خارش چشم۔ اور آشوب چشم کیلئے لاجواب ہے۔

نوشادر۔ پھٹکڑی اور کشتہ جست ہر ایک چھ ماشے

پڑبال ست پودینہ ایک ماشہ۔ سُرمہ سیاہ ایک تولہ۔

تیاری:۔ ان سب ادویات کو عرق لیموں میں کھرل کر کے باریک سُرمہ تیار کریں۔ صبح شام آنکھوں میں لگائیں۔
پڑبال۔ ککرے۔ دھند اور آنکھوں میں خارش کیلئے بہترین سُرمہ ہے۔

آنکھوں کے جالے اور پھولے کیلئے

پھٹکڑی۔ نوشادر قلمی شورہ۔ کشتہ جست۔ جوکھار۔ شیشہ نمک ہر ایک چھ ماشے۔ نیلا تھوتھا اور زنگار ہر ایک تین ماشہ۔
تیاری:۔ تمام ادویات کا باریک سُرمہ بنا لیں۔ اس سُرمے کو صبح دوپہر شام آنکھوں میں لگائیں۔
آنکھوں کے جالے۔ پھولے۔ اور کمزوری نظر کیلئے مفید ہے۔

آشوبِ چشم

زعفران ایک ماشہ۔ رسونت زرد چار ماشہ، کو عرق گلاب میں حل کر کے آنکھوں کے پپوٹوں پر لیپ کریں۔
آنکھ دُکھنے۔ اور آنکھوں کی سُرخی کیلئے **مفید دوا ہے**

آنکھوں کی خارش

مولی کے پتوں کا پانی نکال کر مقطر کر کے آنکھوں میں ڈالیں۔

پڑوال

● پڑبال اکھاڑ کر کھٹمل کا خون لگائیں۔

اندھراتہ

● روزانہ سوتے وقت پانی میں نمک ڈال کر آنکھوں میں ڈالیں۔ انشاءاللہ شفا ہوگی۔

بھینگاپن

● روزانہ چند بار عورت کا دودھ آنکھوں میں ڈالیں انشاءاللہ شفا ہوگی۔

اِمراضِ چشم

● مامیراں چینی۔ کافور۔ بھیم سینی۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ عرق پیاز میں گھس کر شہد ایک تولہ ملا کر رات کو سونے سے پہلے قطرہ قطرہ آنکھوں میں ڈالیں۔
موتیا، جالا، پھولا، گوہانجنی۔ پڑبال۔ ککرے۔ اور ورم وغیرہ کیلئے مفید ہے۔

دَرداُل

● اُن بجھا چونا اور زردی بیضہ مُرغ باہم حل کر کے کنپٹی پر لیپ کریں۔ درد سے آرام ہوگا۔

نیند نہ آنا

● روغن کدو اور روغن خشخاش ہم وزن ملا کر سر اور پیروں کے تلوں کی مالش کریں۔

نیند آور

● سرہانے سبز سوئے رکھیں۔ گہری نیند آئے گی۔ اور بے خوابی کی شکایت رفع ہوگی۔

گوہانجنی

● لودھ پٹھانی تین ماشہ، کافور ایک ماشہ، ہر دو کو عرق گلاب میں حل کر کے روزانہ تین بار آنکھوں میں قطرے ڈالیں۔

دیگر

● تخم املی۔ پانی میں گھس کر لگائیں۔ ایک مرتبہ لگانے سے آرام آجاتا ہے۔

دَرداُل

● جنگلی اوپلوں کی راکھ ایک تولہ۔ آک کا دودھ دو ماشہ خوب کھرل کریں۔
بطور نسوار استعمال کریں۔ چھینکیں آنے کے بعد آرام ہوگا۔

یرقان

پھٹکڑی سفید ایک تولہ۔ کشتہ قلعی تین ماشہ۔ باہم ملائیں۔ ایک ماشہ صبح شام ہمراہ دہی کی لسی کے دیں۔

دیگر

● نوشادر۔ ریوند چینی، ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ گئودنتی

تین ماشہ۔

سب ادویات کو باریک پیس کر ملائیں۔ خوراک صبح شام دو ماشہ ہمراہ دہی دیں۔

دیگر ایک عدد کیلا چھیل کر لمبائی میں سے دو کریں۔ اس میں دو ماشہ پان والا چونا لگا کر رات کو رکھ دیں۔ صبح چونے کو صاف کر کے کیلے کو کھالیں۔ تین دن اسی طرح عمل کریں۔ بفضلِ خدا شفا ہو گی۔

دیگر اونٹنی کا دودھ صبح دوپہر شام حسب ضرورت پیئں۔ یرقان سے انشاء اللہ شفا ہو گی۔

دیگر نوشادر۔ نمک سانبھر۔ ہر ایک ہم وزن۔ دونوں ادویہ کو باریک پیس کر ملائیں۔ اور اس کے جوہر اڑا لیں۔
خوراک نصف رتی ہمراہ تازہ پانی دیں۔
یرقان۔ جگر۔ اور تلی کے بڑھ جانے کیلئے مجرب دوا ہے

دیگر پھٹکڑی ایک تولہ۔ جوہر نوشادر ایک ماشہ باہم ملا کر چار رتی خوراک ہمراہ پانی صبح شام دیں۔
انشاء اللہ فائدہ مند ثابت ہو گا۔ اور نہایت کم خرچ نسخہ ہے

ضعفِ جگر

پوست ہلیلہ زرد۔ فلفل سیاہ۔ بابڑنگ۔ ریوند خطائی۔ کالی مرچ، سہاگہ۔ نمک لاہوری، نمک سیاہ، ہر ایک ایک تولہ۔ نوشادر۔ قلمی شورہ، ہر ایک چھ ماشے۔

تیاری:۔ سب ادویات کو باریک پیس کر ملائیں۔
صبح شام تازہ پانی کے ہمراہ ایک ماشہ دیں۔ ضعفِ جگر، یرقان اور جگر کے دیگر امراض کیلئے اکسیر ہے۔

دیگر پوست ہلیلہ کابلی، پوست ہلیلہ زرد، طباشیر، الائچی خورد، ریوند خطائی۔ نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد تین ماشہ۔

تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر کشتہ فولاد ملائیں۔ روزانہ دو ماشے بکری کے دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔
ضعف جگر، یرقان، اور جگر کے دیگر امراض کیلئے مفید ہے۔

خرابی جگر

قلمی شورہ ایک تولہ۔ نوشادر۔ ریوند خطائی ہر ایک چھ ماشے

تیاری:۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ چار رتی تازہ پانی کے ہمراہ دیں۔ جگر کی خرابی۔ یرقان۔ اور پرانے بخاروں کیلئے مفید ہے۔

تلی کا بڑھنا ◉ نوشادر مبتر، سہاگہ بریان، نوشادر معتبر کلونجی ۔ قلمی شورہ ۔ نمک سونچر،
سب ادویات کو باریک پیس کر باہم ملائیں ۔ صبح شام ایک ماشہ سفوف ہمراہ تازہ پانی دیں ۔

شربت فولاد

تقریباً دس سیر کا ایک تربوز لیں ۔ اس کی ٹاکی نکال کر اس میں برادہ فولاد پھٹکڑی سرخ ۔ نوشادر شورہ ہر ایک دس تولہ ڈال کر اسی ٹاکی سے بند کر دیں ۔
ایک ماہ دھوپ میں پڑا رہنے دیں ۔ ایک ماہ کے بعد اسکو چھان کر اسمیں حسب ضرورت پانی اور ولائتی کھانڈ ملا کر شربت پکائیں ۔
صبح شام ایک تولہ شربت استعمال کریں ۔ جگر کی گرمی ۔ اور یرقان کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے ۔ خون پیدا کرتا ہے ۔ معدے کو طاقت دیتا ہے ۔

ناک ۔ کان ۔ گلے کے امراض

نکسیر ۔ کہربا شمعی ایک ماشہ ۔ شربت انجبار کے ہمراہ دیں ۔

دیگر ◉ کیلا کا پانی ایک تولہ ۔ کافور ایک ٹکیہ میں حل کر کے ناک میں چند قطرے ٹپکائیں ۔ انشاءاللہ نکسیر بند ہو گی ۔

دیگر ◉ اونٹ کے بالوں کو جلا کر انکی نسوار لینے سے افاقہ ہو گا ۔

دیگر ◉ کاغذ کی راکھ اور پھٹکڑی بریاں ہم وزن لیکر پیس کر نسوار بنالیں ۔ مریض کو سنگھانے سے نکسیر بند ہو گی ۔

زخم کان ◉ نیم کے درخت کے پتے گھوٹ کر ٹکیہ بنا کر سرسوں کے تیل میں جلائیں ۔ تیل نتھار کر محفوظ کر لیں ۔
زخم کان، ورم ۔ درد اور کان کی پھنسی کیلئے کان میں تین قطرے ڈالیں ۔

دیگر ◉ چار ماشے کاربالک ایسڈ کو دو تولے تلوں کے تیل میں حل کریں ۔ ضرورت پڑنے پر اس کو ہلکا سا گرم کر کے تین چار قطرے کان میں ڈالیں ۔
کان کے زخم ۔ خارش اور درد کیلئے بہت کامیاب دوا ہے ۔

زخم ◉ چمڑے کا پرانا جوتا لیکر دھو کر خشک کر کے آگ میں جلائیں اس کو زخم پر تیل سے لگائیں ۔

درد کان ◉ سرسوں کے تیل میں کیکر کے پھول جلا کر اس کو چھان

لیں۔
اس تیل کے چند قطرے کان میں ڈالیں۔

کان سے پیپ آنا ◉ کان سے پیپ آنے کیلئے پیاز کو بھوبھل میں پکا کر اس کا پانی کان میں ڈالیں۔ بہرہ پن کیلئے بہت مفید ہے۔

دیگر ◉ شکر کو دیسی گھی میں جلائیں۔ اور چھان لیں۔ اس گھی کے چند قطرے کان میں ڈالیں۔

کن پیڑے ◉ ملتانی مٹی تین تولے، چاول دو تولے۔ کالی زیری ایک تولہ۔ اس کا لیپ بنا کر لگائیں۔

درد کان ◉ روغن صندل درد کرنے والے کان میں دو قطرے ڈالیں۔

گلے کی تکلیف

اگر گلے میں خرابی ہو۔ تو باریک نمک گلے کے اندر اچھی طرح دن میں چند بار لگائیں۔

خنازیر ◉ تخم سرس میں پرانا گڑ ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
صبح دوپہر شام ایک گولی عرق گاؤزبان کے ہمراہ دیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

آواز بیٹھنا ◉ اگر آواز بیٹھ جائے تو ادرک کو منہ میں رکھ کر خوب چبائیں۔

ضعف دماغ

مغز چلغوزہ، مغز بادام۔ مغز خربوزہ۔ مغز کدو ہر ایک ایک پاؤ۔ نشاستہ خشخاش۔ ہر ایک آدھ سیر۔
تیاری:- تمام ادویات کو باریک کوٹ کر نصف سیر دیسی گھی میں بھون لیں۔
اس کے بعد نصف سیر کھانڈ کا قوام بنا کر اس میں حل کریں۔ تمام چیزیں حل کرنے کے بعد چھ ماشے زعفران اور پچاس عدد ورق چاندی ملائیں۔
خوراک روزانہ دو تولہ استعمال کریں۔

دیگر ◉ خشخاس ایک پاؤ۔ سونف ایک چھٹانک۔ کتیرہ گوند دو تولے۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز تربوز۔ مغز خربوزہ ہر ایک آدھ پاؤ۔ ایک سیر گندم کا نشاستہ لیکر آدھ سیر دیسی گھی میں سرخ کر کے

خسب ضرورت چینی ڈالیں۔
سونف گوندا اور خشخاش اور تمام مغز کوٹ کر ڈالیں۔ ٹھنڈا ہونے پر ورق چاندی و ورق سونا سو عدد اوپر لگائیں۔ اور اچھی طرح حل کریں۔
ہر روز صبح ایک چھٹانک کا ناشتہ ہمراہ دودھ کریں۔
بفضلِ خدا دماغ کی کمزوری دُور ہو گی۔

دیگر ● مغز بادام۔ مغز ناریل کوفتہ۔ مغز کدو۔ کشمش سبز۔ سونف طباشیر۔ ہر ایک ایک تولہ۔ الائچی۔ پوست آملہ۔ پوست ہلیلہ۔ کشنیز ہر ایک چھ ماشے لیں۔
ادویات کو باریک پیس کر نیم کوفتہ مغزیات میں شہد خالص ملا کر حل کریں
کشتہ عقیق۔ کشتہ شاخ مرجان۔ اور کشتہ چاندی ڈیڑھ ڈیڑھ ماشے اچھی طرح حل کریں۔
ہر روز صبح نو ماشے اس معجون کو دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
بفضلِ خدا یہ معجون دماغ۔ دل۔ نظر۔ جگر اور اعصاب کے ضعف کو دُور کر کے نئی زندگی بخشتا ہے۔

گرم دماغ ● گرم دماغ کے اخراج کیلئے پرانا چمڑا جلا کر نسوار لیں۔

سرسام ● اگر سرسام کا مریض بے ہوش ہو جائے۔ تو اس کے ناک میں نمک ملے۔ پانی کے چند قطرے ٹپکائیں۔ انشاء اللہ مریض ہوش میں آ جائے گا

سر چکرانا ● زیتون کے تیل کی سر میں مالش کریں۔ اور چند قطرے کانوں میں ڈالیں۔

سکتہ ● کافور۔ سہاگہ۔ نوشادر۔ فلفل دراز۔ زعفران پوست ریٹھہ۔ ہم وزن لیکر باریک پیس کر باہم ملائیں۔ بوقت ضرورت نسوار لیں۔
سکتہ۔ مرگی اور بے ہوشی دور کرنے کیلئے اکسیر ہے۔

مرگی ● جونکیں خشک کر کے باریک پیس لیں۔
مرگی کے مریض کو بطور نسوار استعمال کرائیں۔ دَورے کی صورت میں ناک میں اسکی مقدار سے پھونکیں۔ دَورہ ختم ہو گا۔

مرگی ● آک کے بارہ عدد ڈنٹھے لیکر خشک کر لیں۔ خشک ہونے پر چھ ماشے قند سیاہ ملا کر بارہ گولیاں بنا لیں۔
ایک گولی اللہ تعالیٰ کے نام پر پھینک دیں۔ روزانہ ایک گولی پانی کے ہمراہ دیں۔ بفضلِ خدا مرگی سے شفا ہو گی۔

دیگر ● چمڑے کا پرانا جوتا دھو کر خشک کر کے آگ میں جلائیں بطور نسوار استعمال کروانے سے افاقہ ہو گا۔

دیگر ● چھوٹی چند بوٹی کو سائے میں خشک کر کے سفوف محفوظ

کرلیں۔
صبح دوپہر شام دو ماشے پانی کے ہمراہ دیں۔ مرگی اور ہسٹیریا کیلئے نہایت کامیاب اور سریع الاثر دوا ہے۔

فالج

روغن فرفیون۔ روغن بادام تلخ۔ روغن قسط ہم وزن باہم ملاکر فالج اور لقوے کے مرض میں بطور مالش استعمال کریں

لقوہ

مصطگی رومی۔ دہن بلسان۔ درچینی۔ جدوار خطائی۔ دہن بلسان۔ سلیخہ۔ مرچ سفید۔ ہر ایک تین تین ماشہ۔ زعفران۔ کستوری عنبر افیون اور مرکی ایک ایک ماشہ۔
سب ادویات کو باریک پیس کر حسب ضرورت خالص شہد ڈال کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
لقوہ، رعشہ، اور فالج کیلئے مریض کو صبح دوپہر شام کو ایک ایک گولی دیں۔ اور اس اکسیر الاثر دوا کا کرشمہ ملاحظہ کریں۔

مالیخولیا

زیرہ سفید۔ کشنیز۔ الائچی خورد۔ طباشیر۔ یشب سبز۔ تخم کاسنی۔ سونف۔ زہرمہرہ خطائی۔ بادیان۔ پوست آملہ صندل سفید۔
سب ادویات کو ایک ایک تولہ باریک پیس کر ہم وزن مصری ملائیں مالیخولیا کے مریض کو روزانہ ایک تولہ عرق کیوڑہ کے ہمراہ دیں۔

خارش

آملہ، گل مغزہ، گیرو، گندھک آملہ سار زیرہ سیاہ ہر ایک چھ ماشے۔
تیاری:۔ سب ادویات باریک پیس کر ملائیں۔ صبح شام چار ماشہ ہمراہ تازہ پانی دیں۔ اور دوا کو سرسوں کے تیل میں حل کر کے پانچ چھ روز بدن پر مالش کریں۔
ہر طرح کی خارش کے لئے مفید اور کامیاب دوا ہے

دیگر

گندھک آملہ سار۔ گیرو۔ زیری۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ باریک پیس کر باہم ملائیں۔ صبح شام چار ماشے خوراک استعمال کریں۔ اور چار ماشہ دوا کو سرسوں کے تیل میں حل کر کے جسم پر مالش کریں۔
پرہیز:۔ سارا دن دہی کے سوا کوئی اور چیز استعمال نہ کریں۔ دوا کے استعمال کے دوران پانی بالکل نہ دیں۔ شام کو پھیکے چاول دہی کے ساتھ دیں۔
ایک دن میں خارش سے شفا ہو جاتی ہے۔ اور یہ دوا خارش کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

چہرے کے کالے داغ

سوڈا بائیکارب ایک تولہ۔ ویزلین آٹھ تولے۔ دونوں کو باہم ملاکر مرہم بنالیں۔
روزانہ دو تین بار چہرے پر ملیں۔ چہرے کے داغ ختم ہو جائیں گے۔

چنبل • ارنڈ کے بارہ دانے گھی گگٹے ایک چھٹانک، ارنڈ کے دانے گھی میں خوب تل لیں۔ جب دانے جل جائیں۔ تو گھی سے نکال کر پھینک دیں۔ اور تیل (گھی) چنبل پر لگاتے رہیں۔
انشاءاللہ چنبل جاتی رہے گی۔
اگر کوئی کمی رہ جائے تو دوبارہ یہی عمل کریں۔

پھوڑے پھنسی • میٹھا تیل پانچ تولہ۔ رال پانچ تولہ۔ پھٹکڑی ڈیڑھ تولہ۔ کتھ سفید نیلا تھوتھا ہر ایک ایک تولہ۔ پہلے تیل کو جلائیں۔ اس کے بعد رال باریک پیس کر اور پانچ تولے پانی ملا کر اچھی طرح گھوٹیں۔
اس کے بعد دوسری ادویات باریک پیس کر ملائیں۔ اور تین گھنٹے اس کو اچھی طرح گھوٹیں۔
مرہم تیار ہے۔ ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں پر روئی سے لگائیں۔

زہر دور کرنے والی مرہم

یاد رہے۔ دانتوں کی صفائی رکھیں۔ اور معدے میں گیس پیدا نہ ہونے دیں۔ اگر بدبو گیس کی وجہ سے ہو تو کم کھانے سے معدے کو گیس پیدا کرنے سے محفوظ رکھا جاسکتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هُوَ الْبَارِئُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۔

دانتوں کا ماسخورہ

دانتوں کے ماسخورہ کیلئے اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر اس پانی سے گیارہ کلیاں کریں۔ اس عمل کو ہر روز صبح کے وقت کریں۔ گیارہ روز کے عمل سے بفضلِ خدا ماسخورہ دور ہوگا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ف

ف

ف

ف

ف

درد داڑھ (دانت)

دانت داڑھ کے درد کیلئے ایک عدد لوہے کی کیل لے کر اس پر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر درد کرنے والی داڑھ یا دانت کو اس سے چھوئیں۔ اس طرح اس عمل کو سات بار دہرائیں۔ پھر اس کیل کو کسی درخت میں ٹھونک دیں۔ بفضلِ خدا درد دور ہوگا۔ ہر مرتبہ بسم اللہ شریف ساتھ پڑھیں۔

دانت خراب نہ ہوں

ہمیشہ نماز فجر کے بعد ہر روز اس آیت شریف کو اکیس بار دونوں گالوں پہ دونوں ہاتھ رکھ کر پڑھنے سے دانت تا عمر خراب نہیں ہوتے۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

دانتوں کی مضبوطی

دانتوں کی مضبوطی کیلئے بائیں ہاتھ پر تھوڑا سا ہوا نمک رکھ کر اس پر دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی رکھ کر سات مرتبہ اس عمل کو پڑھیں۔ پھر اس انگلی کو آہستہ آہستہ تمام دانتوں کے ارد گرد پھیریں۔ اسی طرح اس عمل کو سات مرتبہ دہرائیں۔ یہ عمل ہر روز صبح کے وقت کریں۔ گیارہ روز کے عمل سے بفضلِ خدا دانت مضبوط ہونگے اور ریزہ ریزہ ہوکر ٹوٹنے بند ہوجائیں گے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

جَلَّ جَلَالُهٗ

دانت درد کا چلتا ہوا دم

اگر دانت میں درد ہو تو پاک صاف زمین پر ابجد ہوز حطی لکھیں۔ چاقو چھری یا کسی لکڑی سے پہلے حرف الف پر رکھیں اور سورۂ فاتحہ پڑھنا شروع کریں۔ مریض کو تاکید

کریں۔ کہ درد والی جگہ پر انگلی رکھے۔ سورہ فاتحہ پڑھنے کے بعد مریض سے پوچھیں کہ آرام ہوا یا نہیں۔ اگر درد نہ گیا ہو۔ تو اگلے حرف "ب" پر لکھ کر پھر سورۂ فاتحہ پڑھیں اور مریض سے پوچھیں کہ درد سے آرام ہوا کہ نہیں۔ اگر درد بدستور ہو رہا ہے۔ تو اگلے حرف "ج" پر اسی طرح عمل دہرائیں۔ بفضلِ خدا آخری حرف تک نہ پہنچیں گے کہ آرام ہو جائے گا۔

دردِ دانت

حضرت شاہ کلیم اللہ چشتی شاہ جہاں آبادی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ دانت درد کیلئے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی درد والے دانت پر رکھ کر ان کلمات کو پڑھیں۔ انشاء اللہ درد سے شفا ہو گی (مرقع کلیمی)

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ وَقُدْرَتِكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَاِنَّ مَرْيَمَ لَمْ تَلِدْ غَيْرَ عِيْسٰى مِنْ رُّوْحِكَ وَبِكَلِمَاتِكَ اِنْ تَكْشِفَ مَا يَلْقٰى فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ اَوْ تَلْقٰى فُلَانَةُ بِنْتُ فُلَانَةَ مِنَ الضُّرِّ۔

دیگر

اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھیں اس پر سرسوں کا تیل ڈال کر اس نقش کو تیل میں حل کریں پھر اس تیل کو درد والے دانت پر لگائیں۔ مجرب ہے

ا	ا	ا
ل	ل	ل
م	م	م

دردِ داڑھ

جس طرف کی داڑھ درد کرتی ہو۔ اس طرف کے رخسار پر ان کلمات کو دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے لکھیں بفضلِ خدا درد سے آرام ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

دیگر

جس طرف داڑھ میں درد ہو تو اس طرف کے رخسار پر ہاتھ رکھ کر سات بار ان کلمات کو پڑھ کر دم کریں۔ بفضلِ خدا شفا ہو گی۔

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُ سُوْءَ مَا يَجِدُ وَفُحْشَهٗ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ الْمَكِيْنِ الْمُبَارَكِ عِنْدَكَ۔

دیگر

اس عمل کو درد کرنے والی داڑھ پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونک ماریں۔ گیارہ پھونکیں مارنے سے بفضلِ خدا درد داڑھ سے آرام ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

دیگر

درخت کے تنے پر اسم مبارک یا محمد اس طرح لکھیں کہ جب ایک بار لکھنے کیلئے قلم رکھیں تو پورا اسم مبارک لکھ کر اٹھائیں البتہ نقطے قلم اٹھانے کے بعد لکھ دیں۔ اب درد داڑھ والا کلمہ شہادت پڑھتے ہوئے انگلی متاثرہ داڑھ پر رکھے اور آپ اسم مبارک کی پہلی "م" پر کیل گاڑھ دیں بفضلِ خدا درد دور ہو گا۔

دانت آسانی سے نکلیں

اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں بفضلِ خدا بچہ دانت آسانی سے بغیر تکلیف



کے نکالے گا

درد کا بے نظیر عمل

درد کیلئے یہ عمل بہت ہی مجرب المجرب ہے۔ اس عمل کو عمل میں لانے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ اس عمل کو چالیس دنوں میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ دیں۔ ہر روز اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو تو درد کے مقام پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ بفضلِ خدا فوراً درد سے آرام ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

دردِ سر کا بہترین عمل

حضرت عمر		محمد		حضرت ابوبکر
محمد	۶	۱	۸	محمد
	۷	۵	۳	
	۲	۹	۴	
حضرت علی		محمد		حضرت عثمان

اس نقش کو لکھ کر درد کی جگہ پر باندھیں درد کو آرام رہے گا۔ مجرب المجرب ہے۔

دیگر

اس نقش کو زعفران سے لکھ کر درد کی جگہ پہ باندھیں۔ انشاءاللہ درد سے آرام ہوگا۔

۷۸۶

۳۴۰	۲۵۸	۲۹۸	۶۶	اَللّٰهُمَّ صَلِّ
۶۶۱	۱۵۵	۲۰۱	۳۹۱	عَلٰى سَيِّدِنَا
۱۵۶	۱۸	۲۸۶	۱۱۱	مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

دیگر

جس جگہ سر میں درد ہو۔ تو اس طلسم کو اس مقام پر سات مرتبہ انگلی سے بنائیں۔ درد فوراً کافور ہوگا۔



عجیب وغریب عمل ہے۔ کر کے آزمائیں۔

دیگر

درد سر کے لئے سر کو پکڑ کر ہر چار قل ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ ہر قل کے ساتھ بِسْمِ اللّٰهِ شریف ضرور پڑھیں۔ اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ بہت ہی کامیاب اور چلتا عمل ہے۔

دردِ سر کا منتر

حضرت شاہ کلیم اللہ چشتی شاہ جہاں آبادی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ سر درد کے لئے ان کلمات کو لکھ کر پاس رکھیں۔ یا پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ دردِ سر سے شفا ہوگی (مرقع کلیمی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

نصف اور پورے سر کے درد کا نقش

اس نقش کو سبز کاغذ پر لکھ کر مقام درد پہ باندھیں

بفضلِ خدا درد سے آرام ہوگا۔

آدھے سر کے درد کا نقش

آدھے سر کے درد کیلئے ان اسمائے کے نقش کو لکھ کر سر پہ باندھیں۔ پرانے درد کے لئے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر

صبح نہار منہ روزانہ پلائیں بفضلِ خدا آدھے سر کے درد سے شفا ہوگی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا فَتَّاحُ	یَا فَتَّاحُ	یَا فَتَّاحُ
یَا وَهَّابُ	یَا وَهَّابُ	یَا وَهَّابُ
یَا کَرِیْمُ	یَا کَرِیْمُ	یَا کَرِیْمُ
یَا رَحِیْمُ	یَا رَحِیْمُ	یَا رَحِیْمُ

دیگر

آدھے سر کے درد کے لئے اس نقشِ معظم کو زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ نصف سر کا درد رفع ہوگا۔ نہایت مجرب نقش ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

میکائیل		یا بدوح	جبرائیل
یا بدوح	حضرت عمر	حضرت ابوبکر	یا بدوح
	حضرت علی	حضرت عثمان	
عزرائیل			اسرافیل

عمل دردِ شقیقہ

دردِ شقیقہ کے لئے چھری سے زمین پر ابجد، ہوز، حطی لکھیں، چھری کو ہر ہر حرف پر رکھ کر ایک ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھتے جائیں۔ اور سر درد کو جھاڑتے جائیں۔ عمل ابجد کے الف سے شروع کریں۔ انشاء اللہ درد کو آرام ہوگا۔ نہایت ہی مجرب ہے۔

دردِ کمر

دردِ کمر کے لئے سات عدد کالے دھاگے لے کر سات گرہیں لگائیں ہر گرہ پر یہ عمل پانچ پانچ بار پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح یہ عمل کل پینتیس بار پڑھیں اس دم شدہ دھاگے کو کمر کے گرد باندھیں۔ بفضلِ خدا شفا ہوگی۔ آرام آنے

پر دھاگہ کمر سے اتار کر پانی میں بہا دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ اِذْهَبْ عَنِّیْ سُوْءَ مَا اَجِدُ وَفُحْشَهٗ بِدَعْوَةِ نَبِیِّكَ الْمُبَارَكِ الْاَمِیْنِ الْمَكِیْنِ عِنْدَكَ۔

چوٹ اور کمر درد کا لاجواب دم

اس دم کو عمل میں لانے کیلئے گیارہ روز تک ہر روز گیارہ تسبیح اس عمل کو پڑھیں۔ گیارہ روز کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ عمل بروز اتوار شروع کریں۔ عمل کے اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ اور بعد از نماز عشاء پڑھیں دم کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ جب بھی ضرورت ہو سرسوں کے تیل کو ایک کڑاہی میں ڈال کر خوب گرم کریں۔ جب تیل ابلنے لگے۔ تو اس عمل کو گیارہ بار پڑھ کر تیل میں تھوکیں۔ پھر دائیں پاؤں کی ایڑی کے تلوے کو تیل میں ڈبو کر درد کے مقام پر لگائیں بفضلِ خدا ایک ہی مرتبہ لگانے سے پرانے سے پرانا درد بھی کافور ہوگا۔ اگر بالغرض درد نہ جائے تو اسی طرح دوسری بار عمل کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْعَجَلُ الْعَجَلُ الْعَجَلُ السَّاعَةَ السَّاعَةَ السَّاعَةَ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا بِحَقِّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔

گھٹنے اور پاؤں کا درد

گھٹنے یا پاؤں کے کسی بھی حصے میں درد ہو۔ تو اس عمل کو کریں بفضلِ خدا شفا ہوگی۔ سات عدد نیلے دھاگے لیکر اس پر سات گرہیں لگائیں۔ ہر گرہ پر اس عمل کو سات بار پڑھیں، دم شدہ

اب دھاگے کو درد کرنے والے گھٹنے یا پاؤں پر باندھیں۔ بفضل تعالےٰ شفا ہوگی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

عرق النساء

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ کہ عربی بکری سے عرق النساء کا علاج کرنا چاہئے۔ (یعنی اس کے گوشت کی یخنی روزانہ استعمال کریں چند دنوں کے اندر بفضل خدا شفا ہوگی۔) (سفر السعادت)

جوڑ نکلنا

اگر جسم کا کوئی جوڑ نکل جائے اور چڑھانے کے باوجود پھر نکل جاتا ہو تو اس عمل کو سرسوں کے خالص تیل پر اکتالیس ۴۱ بار پڑھ کر دم کریں۔ اور دم شدہ تیل کو متاثرہ حصے پر دن میں چند بار لگائیں۔ کالی ڈوری لے کر اس کو اکتالیس گرہ دیں ہر گرہ پر ایک بار عمل پڑھ کر دم کریں بفضل خدا جوڑ درست ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۔

مرض واضح ہو

اگر مریض کے مرض کا ٹھیک طور پر پتہ نہ چلتا ہو تو اس عمل کو ایک سو گیارہ مرتبہ عشاء کے بعد پڑھ کر دائیں ہاتھ پر دم کرکے اس ہاتھ کو سر کے نیچے رکھ کر بغیر بات کئے سو جائیں۔ خواب میں مرض کا پتہ چل جائیگا۔ اگر پہلے دن معلوم نہ ہو تو دوسرے دن اسی طرح عمل کریں۔ زیادہ سے زیادہ سات روز تک کام بن جائیگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَللّٰهُ رَبِّىْ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ط

دیگر

اگر کسی مریض کا مرض سمجھ میں نہ آئے۔ تو اس درود شریف کو باوضو دوزانو ہو کر مدینہ شریف کی طرف منہ کرکے بانویں مرتبہ پڑھ کر مراقبہ کریں۔ بطفیل مدنی تاجدار صلی اللہ علیہ وسلم مریض کے مرض کا دل میں واضح القاء ہوگا۔ اس عمل کو مریض خود یا کوئی دوسرا بھی مریض کیلئے کر سکتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ۝

امراض کا لاجواب دم

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ روایت کرتے ہیں۔ کہ میں بیمار تھا حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے۔ آپ نے مجھے ارشاد فرمایا میں تم پر وہ دم کروں جو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے مجھ پر پڑھا۔ میں نے کہا جی ہاں۔ اس پر آپ نے تین بار یہ پڑھ کر دم کیا

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ مِنْ دَآءٍ فِيْكَ، وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ (ابن ماجہ)

امراض کیلئے حضرت جبرائیل علیہ السلام کا دم

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ روایت فرماتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے۔ اور مجھے کہنے لگے

کیا آپ بیمار ہیں۔ میں نے کہا ہاں۔ میں بیمار ہوں۔ پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام نے پڑھا۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُّؤْذِیْکَ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ وَّعَیْنِ حَاسِدٍ اَللّٰہُ یَشْفِیْکَ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ

(ابن ماجہ۔ ترمذی۔ مسلم)

برائے دفع تھکاوٹ

حضرت خواجہ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ دورانِ سفر تھکاوٹ سے محفوظ رہنے کے لئے اس خاتم کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تھکاوٹ نہ ہوگی

۱۴	۱۱	۸	۱
۷	۲	۱۳	۱۲
۹	۱۶	۳	۶
۴	۵	۱۰	۱۵

(مجربات دیربی)

مرگی

تانبے کی تختی پر بروز اتوار سورج نکلنے کے دس پندرہ منٹ بعد ان اسموں کو کندہ کریں۔ ایک اسم ایک طرف اور دوسرا دوسری طرف کندہ کریں۔ فوراً بعد مرگی کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ بفضلِ خدا مرگی سے شفا ہوگی۔

اول طرف۔ یَا قَاہِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَاہِرُ۔

دوسری طرف۔ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَہْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ یَا مُذِلُّ۔

رعشہ

چھوٹی مکھی کے خالص شہد کی ایک بوتل پر اس عمل کو تین سو تیرہ بار پڑھ کر دم کریں۔ اول آخر پانچ پانچ بار درود شریف پڑھیں۔ اس شہد کا مریض کو دن میں چار مرتبہ ایک ایک چمچ دیں۔ تا شفا عمل جاری رکھیں بفضل

خدا جلد شفا ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا یُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

دیگر

اس نقش کو نیلے کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھ کر مریض کو دن میں دو مرتبہ صبح و شام پانی میں گھول کر پلائیں۔ اس عمل کو دو ماہ تک جاری رکھیں۔ بفضل خدا رعشہ سے شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ
حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ
حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

تپ دق (ٹی۔بی) کا علاج

اس نقش کو زعفران سے نیلے کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر مریض کو دن میں تین مرتبہ روزانہ پلائیں۔ تا صحت عمل جاری رکھیں۔ نقش اکٹھے بھی لکھ کر رکھے جا سکتے ہیں نقش ہمیشہ باوضو لکھیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ
وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ یَا حَیُّ یَا حَیُّ

چیچک

گیارہ عدد نیلے رنگ کے دھاگے لیں۔ اور سورہ رحمٰن پڑھنا شروع کریں کہ جب آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۰ پر پہنچیں تو گرہ دیں۔ اور دم کریں۔ تا ختم سورۃ جتنی مرتبہ یہ آیت شریف آئے ہر بار گرہ دیں اور دم کریں۔ دم شدہ اس گنڈے کو چیچک کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ بفضلِ خدا چیچک سے شفا ہوگی۔

دیگر

اس نقش کو لکھ کر عارضہ چیچک والے کے گلے میں ڈالیں اور حضرت بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز دلائیں۔ بفضلِ خدا چیچک سے افاقہ ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

درد ناف (ناف ٹلنا)



جس شخص کی ناف ٹل جائے تو اس دائرہ واؤ کو لکھ کر ناف پر باندھیں۔ انشاء اللہ ناف اپنے مقام پر آئے گی۔ اور آرام ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔

دیگر

ناف کے ٹل جانے پر نقش مکرم کو سفید کاغذ پر پاک سیاہی سے لکھ کر بازو پر باندھیں۔ خدا کے فضل سے ناف درست ہوگی۔



دیگر

اگر کسی کی ناف ٹل گئی ہو تو اس کو چیت لٹا کر اس کی ناف کو دائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیوں سے پکڑ کر گیارہ مرتبہ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھ کر دم کریں۔ تین مرتبہ اسی طرح عمل کریں۔ خدا کے فضل سے ناف اپنے مقام پر آئے گی۔ بے نظیر اور مجرب عمل ہے۔

دیگر

ناف ٹلنے کیلئے اس نقش کو لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں خدا کے فضل سے پھر ناف نہ ٹلے گی۔ اور ناف ٹلی ہوئی اپنے مقام پر آئے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



بادگولہ

بادگولہ کیلئے اس نقش کو زعفران سے پاک کاغذ پر لکھ کر گیارہ دن تک نہار منہ گھول کر پئیں خدا کے فضل وکرم سے بادگولہ سے آرام ہوگا۔



دفع درد پیٹ

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو۔ تو ان کلمات کو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ دورانِ دم مریض کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر دائروں کی شکل میں پھیرتے رہیں بفضلِ خدا درد سے شفا ہوگی کلمات یہ ہیں۔

وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ۝

دیگر

ہر طرح کے پیٹ کے درد کیلئے اسمائے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عددی نقش کو زعفران سے لکھ کر سات روز تک پانی میں گھول کر پلائیں۔ بفضلِ خدا پیٹ درد سے شفا ہوگی۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے



دفع ہیضہ کیلئے

اگر کسی کو ہیضہ ہو جائے۔ تو اس دعا کو سات بار پڑھ کر مریض کو دم کریں۔ بفضلِ خدا لگاتار چند بار کے عمل سے مریض کو شفا ہوگی۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَللّٰهُ اِشْفِ یَا رَحْمٰنُ اِشْفِ یَا غَفَّارُ اِشْفِ یَا سَتَّارُ اِشْفِ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ مِنْ جَمِیْعِ الدَّآءِ وَالْبَلَآءِ بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ لَا بِعَمَلِنَا وَلَا بِعَمَلِهٖ۔

دیگر

اگر کسی کو ہیضہ کا مرض ہو جائے تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر مریض کے دائیں بازو کے ساتھ باندھ دیں بفضلِ خدا مرض سے شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ھ	ھ	ھ	ھ
ھ	ھ	ھ	ھ
ھ	ھ	ھ	ھ
ھ	ھ	ھ	ھ

٦٦٦ ٤٩٢٤ ٦٦٦

نقش یہ ہے۔ ←

بواسیر ہر قسم

جس مرد یا عورت کو بواسیر ہو تو تین عدد مٹی کے ڈھیلے لے کر ہر ایک پر گیارہ بار "یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ" پڑھ کر دم کریں۔ اور ان ڈھیلوں کو تین بار مریض کے گرد چکر دے کر کسی پرانے کنوئیں میں پھینک دیں اسی طرح پانچ روز تک عمل کریں۔ یاد رہے کہ یہ عمل سورج نکلنے سے پہلے یا غروب ہونے کے بعد کریں۔ انشاء اللہ بواسیر سے آرام ہوگا۔

دیگر

اس عمل کو چالیس دن تک ہر روز پانچ سو بار پڑھیں۔ عمل ہر روز مقررہ وقت پر کریں۔ عمل کے اوّل آخر درود شریف پانچ پانچ بار ضرور پڑھیں۔ عمل پورا ہونے پر جب بھی ضرورت ہو۔ اس عمل کو اکیس بار پڑھ کر اجوائن پر دم کر کے دیں۔ بفضلِ خدا بواسیر سے اکیس روز کے استعمال سے چھٹکارا ہوگا۔ عمل پورا ہونے پر ہر روز پانچ بار مقررہ وقت پر ہمیشہ پڑھتے رہیں۔ عمل ہمیشہ جاری رہے گا۔ دم شدہ اجوائن کو دن میں تین بار پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یُخْرِجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ۔

بواسیر بادی۔

اس عمل کو تین سو تیرہ (٣١٣) مرتبہ پڑھ کر ہر روز پانی پر بعد از نماز فجر دم کریں۔ دن میں تین مرتبہ اس پانی کو استعمال کریں اس

طرح عمل کو اکیس روز تک بلا ناغہ کریں۔ عورتیں ناغے کے دن کے بعد میں پورے کریں۔ عمل خود بھی کیا جا سکتا ہے۔ اور دوسرے سے بھی کروایا جا سکتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝

بواسیر خونی و بادی

اگر کسی کو بواسیر خونی یا بادی ہو تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔



اور ایک عدد نقش ہر روز گیارہ دن تک پانی میں گھول کر پیئے۔ خدا کے فضل و کرم سے بواسیر سے شفا ہو گی۔ مجرب ہے۔

درد تلی

درد تلی کیلئے اس نقش کو چینی کی پاک صاف پلیٹ میں لکھ کر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر نقش کو اس میں حل کریں اس تیل کو تلی کے مقام پر آہستہ آہستہ ملیں بفضل خدا درد تلی رفع ہو گا۔



پتہ میں پتھری

اس عمل کو اکیس بار پڑھ کر ہر ایک الائچی پر دم کریں۔ ہر روز صبح دوپہر شام تین الائچیاں استعمال کریں۔ سات روز کے عمل سے بفضل خدا پتھری دور ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

گردہ مثانہ کی پتھری کیلئے

گردہ، مثانہ کی پتھری کے لئے ان آیات شریفہ کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر دھو کر مریض کو روزانہ پلائیں بفضل خدا پتھری خارج ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا ۝ وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝

خنازیر

اگر گردن میں خنازیر ہوں۔ تو مریض کے قد کے برابر چمڑے کا تسمہ لے کر اس کو اکتالیس گرہ دیں۔ ہر گرہ پر ایک بار اس دعا کو پڑھ کر دم کریں۔ اس دم شدہ تسمے کو مریض کے گلے میں باندھیں۔ یاد رہے۔ تسمہ گلے میں ڈھیلا نہیں ہونا چاہیے۔ اس روحانی علاج سے بفضل خدا خنازیر سے شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَةِ اللّٰهِ وَقُوَّةِ اللّٰهِ وَعَظْمَةِ اللّٰهِ وَبُرْهَانِ اللّٰهِ وَسُلْطَانِ اللّٰهِ وَكَنَفِ اللّٰهِ وَجِوَارِ اللّٰهِ وَاَمَانِ اللّٰهِ وَحِرْزِ اللّٰهِ وَصُنْعِ اللّٰهِ وَكِبْرِيَآءِ اللّٰهِ وَنَظَرِ اللّٰهِ وَبَهَآءِ اللّٰهِ وَجَلَالِ اللّٰهِ وَكَمَالِ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ ۔

دیگر۔ خنازیر کے لئے سورہ تبت کا عمل گیارہ روز کا ہے۔ ہر روز سورہ تبت

کو وقت مقررہ پر باوضو ایک سو اکیس بار اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کیساتھ پڑھیں ۔ گیارہ روز کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے ۔ ضرورت پڑنے پر اپنے لیئے اور دوسروں کے لئے بھی تسمہ پڑھ سکتے ہیں ۔ تسمہ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ جس کا خنازیر کا مرض ہو ۔ اس کے قد کے برابر چمڑے کا تسمہ لے کر اس کو گیارہ گرہ دیں ، ہر گرہ پر سورہ تبّت کو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں ۔ اس چمڑے کے تسمہ کو مریض کے گلے میں پیوست باندھیں ۔ بفضلِ خدا مرض سے شفا ہو گی ۔

پھوڑے پھنسی اور خارش کا بینظیر عمل

سفید چینی اور سرسوں کے تیل پر سورہ فاتحہ بمعہ بِسۡمِ اللّٰہِ شریف سات بار پڑھ کر دم کریں ۔ پھر ان کلمات کو سات بار پڑھ کر دم کریں ۔ اس چینی کو دن میں چند بار تھوڑی تھوڑی مریض کو کھلائیں اور تیل کو متاثرہ مقام پر لگائیں ۔ بطفیل حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم مرض سے شفا ہو گی ۔ اس نایاب عمل کو آزما کر دیکھیں ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بِسۡمِ اللّٰہِ تُرۡبَۃُ اَرۡضِنَا بِرِیۡقَۃِ بَعۡضِنَا یُشۡفٰی سَقِیۡمُنَا بِاِذۡنِ رَبِّنَا

حیض کی بے قاعدگی ۔

اگر عورت کو حیض بے قاعدگی سے آتے ہوں جو بہت سے امراض کا باعث ہوتے ہیں تو اس درود شریف کو ہر روز صبح و شام پانی پر بہتّر مرتبہ دم کر کے پیئں ۔ اس عمل کو دو ماہ تک جاری رکھیں ۔ بفضلِ خدا حیض معمول کے مطابق آئے گا ۔ اور اس کی بے قاعدگی سے پیدا شدہ امراض بھی دور ہوں گے ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ ۔

کثرتِ حیض

اگر کسی عورت کو حیض کثرت سے آتے ہوں تو اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر اس میں ایک چمچ شہد ڈال کر صبح شام مریضہ کو چٹائیں ۔ چالیس دن کے عمل سے اس مرض سے بفضلِ خدا شفا ہو گی ۔ اور حیض معمول کے مطابق آئیں گے ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

كٓهٰيٰعٓصٓ

س	ق	ض	و
س	ق	ض	و
س	ق	ض	و
س	ق	ض	و

حٰمٓ عٓسٓقٓ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

لیکوریا ۔

لیکوریا کا مرض عورت کی صحت و حسن کا دشمن ہے ۔ اس عمل کو کر کے فائدہ اٹھائیں ۔ اس عمل کو ہر روز صبح دوپہر شام پانی پر چالیس مرتبہ دم کر کے پیئں ۔ بفضلِ خدا دو ماہ کے اس روحانی علاج سے لیکوریا سے شفا ہو گی ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا ۔

برائے حمل

حضرت شاہ کلیم اللہ شاہ جہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ جس عورت کو حمل نہ ہوتا ہو۔ تو اس اسم کو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈالیں۔ عورت جب اپنے خاوند کے پاس جائے گی تو بحکم خدا حمل قرار پائے گا۔ (مرقع کلیمی)

مع مع مع مع خ خ

حفاظت حمل کا بہترین عمل

اگر حاملہ عورت سورۃ اِنَّا اَنزَلنَا کو روزانہ نماز فجر کے بعد تین بار پڑھنے کا وظیفہ مقرر کرے تو حمل ہر قسم کی امراض سے بفضلِ خدا محفوظ رہیگا۔

دیگر

حمل کی حفاظت کیلئے اس آیت شریف کو زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ کے گلے میں ڈالیں۔ بچے کی ولادت پر اس نقش کو بچے کے گلے میں ڈالیں۔ بفضلِ خدا حاملہ اور بچہ آفات و مصائب اور سفلی خبیث ارواح سے حفاظت میں رہے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
اِذۡ قَالَتِ امۡرَاَتُ عِمۡرٰنَ رَبِّ اِنِّىۡ نَذَرۡتُ لَـكَ مَا فِىۡ بَطۡنِىۡ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلۡ مِنِّىۡ اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ۔

اسقاطِ حمل

اس نقش کو سفید پاک کپڑے پر لکھ کر حاملہ عورت کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالیں بفضلِ خدا اس نقش کی برکت سے حمل ساقط نہیں ہوگا۔

۱۲۶۳۷۱	۱۲۶۳۸۵	۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۷۹
۱۲۶۳۸۳	۱۲۶۳۷۸	۱۲۶۳۷۲	۱۲۶۳۸۴
۱۲۶۳۷۷	۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۸۶	۱۲۶۳۷۴
۱۲۶۳۸۷	۱۲۶۳۷۳	۱۲۶۳۷۶	۱۲۶۳۸۱

دیگر

اگر کسی کا حمل ضائع ہو جاتا ہو۔ تو اس نقش کو سبز کاغذ پر زعفران سے لکھ کر خوشبو کی دھونی دے کر مریضہ کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالیں گلے میں ڈالنے سے پہلے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور ہدیہ نیاز پیش کریں اور بچوں میں تقسیم کریں۔ بچے کی پیدائش پر بچے کا نام غلام مصطفٰے رکھیں اگر بچی پیدا ہو تو کنیز فاطمہ نام رکھیں اسقاط حمل دماغی خلیوں کی کمزوری۔ یا کسی دیگر روحانی یا جسمانی مرض سے ہی کیوں نہ واقع ہوتا ہو۔ بفضلِ خدا تاجدارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے اسقاطِ حمل نہیں ہوگا بچہ بخیر و عافیت صحت مند پیدا ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

یَا مُرتَضٰی	یَا مُصطَفٰی	یَا مُجتَبٰی
یَا مُرتَضٰی	یَا مُصطَفٰی	یَا مُجتَبٰی
یَا مُرتَضٰی	یَا مُصطَفٰی	یَا مُجتَبٰی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طَبِيْبِ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَائِهَا وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ دَائِمًا اَبَدًا ۰

دیگر

اگر اسقاطِ حمل کا خطرہ پیدا ہو جائے۔ تو اس آیت شریف کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر مریضہ کو دھو کر پلائیں۔ دن میں دو بار اس عمل کو دہرائیں بفضلِ خدا چند دنوں میں مریضہ روبصحت ہو جائے گی۔ اور اسقاط حمل کا خطرہ ٹل جائیگا

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اِنَّ اللّٰهَ يُمۡسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَكَهُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيۡمًا غَفُوۡرًا ۰

دیگر

اسقاطِ حمل کیلئے سات رنگ کے دھاگے مریضہ کے قد کے برابر لے کر ان کو اکتالیس ۴۱ گرہ لگائیں، ہر گرہ پر اس درود شریف کو اکتالیس بار پڑھ کر دم کریں۔ اس گنڈے کو چند نشستوں میں بھی تیار کیا جاسکتا ہے۔ اس گنڈے کو عورت کے گلے میں ڈال دیں۔ بچے کے پیدا ہونے پر اس گنڈے کو بچے کے گلے میں ڈالیں۔ اور محفلِ میلاد کرائیں۔ بفضلِ خدا اس روحانی علاج سے بطفیل حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم بچہ بخیریت ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ؕ

دردزہ کیلئے

رئیس المحدثین حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ اس آیت شریف کو شرینی پر دم کرکے شدت دردزہ میں عورت کو کھلائیں۔ عورت جلد بچہ جنے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ

(سورہ انشقاق)

دیگر

اگر کسی عورت کو دردزہ کی تکلیف ہو۔ تو ان کلمات کو سفید کپڑے پر لکھ کر عورت کی بائیں ران کے ساتھ باندھیں۔ بفضلِ خدا بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔ (فتاویٰ حجت)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ

اٰهْيًا اَشْرَاهِيًا ۝

دیگر

اس شعر کو آدھے کی ٹھیکری پر لکھ کر عورت کے پیٹ پر رکھا جائے تو عورت کو دردِ زہ سے نجات ہوگی۔ اور بچہ بخیریت پیدا ہوگا۔

مرا جائے شد ، خر مرا جائے شد
تو خواہی بزائی ، نہ خواہی مزا

دیگر

دردزہ کی شدت کیلئے اس شعر کو ایک کاغذ پر لکھ کر عورت کی بائیں ران پر باندھیں۔ اور چینی کی پلیٹ پر یہی شعر لکھ کر تازہ پانی میں گھول کر پلائیں۔ بفضلِ خدا بچہ آسانی سے ہوگا۔

بر یک قطرۂ آبے جگرت بشگافند
اے صدف تشنہ بھیر وسوئے کیسا منگر

دیگر

اگر کسی عورت کو دردزہ اٹھ رہا ہوں تو یہ دو عدد نقش لکھ کر ایک کو عورت کے دائیں بازو کے ساتھ باندھیں۔ اور دوسرے کو بائیں بازو کے ساتھ باندھ دیں۔ بفضلِ خدا بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔ ←

ن	ش	خ	یا
ی	ن	ش	خ
د	ی	ن	ش
د	د	ی	ن

دیگر

شدید دردزہ کیلئے اس نقش کو کسی پھلدار درخت کی شاخ سے نئی قلم بنا کر لکھ کر عورت کے بازو پر باندھیں درد زہ سے فراغت کے بعد نقش کو اتار کر محفوظ

٧٨٦

١١	١٤	١	٨
٥	۴	١٥	١٠
١٦	٩	٦	٣
٢	٧	١٢	١٣

جگہ رکھ دیں۔ انشاء اللہ نقش خطا نہ جائیگا۔

صاحب اولاد ہونے کیلئے

حدیث شریف میں ہے۔ امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ میرے گھر اولاد نہیں ہوتی۔ آپ نے حکم فرمایا کہ تو انڈے کھایا کر۔

دیگر۔ اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی گھول کر روزانہ عورت کو پلائیں۔ یہ عمل غسلِ حیض کے بعد کریں۔ اور سات روز تک بلاناغہ پلائیں۔ اس عمل کو پانچ حیض تک دہرائیں۔ عورت یہ عمل خود بھی اپنے لئے آپ کر سکتی ہے۔ پانچ ماہ کے اندر اندر عورت بفضلِ خدا حاملہ ہو گی۔

٧٨٦

١٨٥٧٣	١٨٥٨١	١٨٥٨٤	١٨٥٧١
١٨٥٨٣	١٨٥٧٧	١٨٥٧٧	١٨٥٨٢
١٨٥٧٣	١٨٥٧٤	١٨٥٧٩	١٨٥٧٤
١٨٥٨٠	١٨٥٧٥	١٨٥٧٢	١٨٥٨٥

برائے فرزند

اگر کسی عورت کے صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں تو اس کا خاوند حمل کے آثار ظاہر ہونے پر عورت کے پیٹ پر ناف کے مقام پر یَا مَتِیْنُ پڑھ کر انگلی سے دائرہ مارے اسی طرح ستّر مرتبہ ایک ہی بار عمل کرے بفضلِ خدا لڑکا پیدا ہوگا۔

دیگر۔ جس عورت کے صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں۔ اور لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو۔ تو ان کلمات کا نقش بنا کر عورت کے گلے میں ڈالیں۔ نقش ہرن کی جھلی پر زعفران سے لکھیں۔ اس نقش کو حمل پر تین مہینے گزرنے

سے پہلے پہلے باندھیں۔ بفضلِ خدا عورت لڑکا جنے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ
وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ يَا زَكَرِيَّا اِنَّا نُبَشِّرُكَ
بِغُلٰمِ اِسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَهٗ مِنْ قَبْلُ
سَمِيًّا بِحَقِّ مَرْيَمَ وَعِيْسٰى اِبْنًا صَالِحًا طَوِيْلَ
الْعُمْرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ۔

دیگر۔ حضرت شاہ کلیم اللہ چشتی شاہ جہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ اگر کسی کے بچہ نہ ہوتا ہو۔ تو ان کلمات کا تعویذ لکھ کر ایک کورے برتن میں پانی ڈال کر اس میں ڈالیں۔ عورت مرد دونوں اس میں سے پانی پیتے رہیں۔ اس دوران دوسرا پانی نہ پیئیں۔ نہ کسی دوسرے کو پانی دیں ہفتہ کے دن سے پانی پینا شروع کریں۔ اور عورت مرد اکٹھے ہوں بفضلِ خدا فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔

(مرقع کلیمی)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ لَكَ اَنْتَ اللّٰهُ
الَّذِیْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ
لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّعَلِیٍّ
وَّفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ اَنْ تَرْزُقَنَا وَلَدًا

صَالِحًا طَوِیْلَ الْعُمُرِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

دیگر زہد الانبیاء حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ تعالٰے علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ اس آیت کو بکثرت پڑھ کر اللہ تعالٰے سے اولاد نرینہ کے لئے دعا مانگیں۔ بفضلِ خدا قبول ہوگی۔ اور اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّۃً طَیِّبَۃً اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ۔

دیگر اگر کسی کے صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں۔ لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو تو۔ ان کلمات کو اکیس ۲۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے عورت اور مرد دونوں پئیں۔ اور اسی دن اکٹھے ہوں۔ بفضلِ خدا چند بار کے عمل سے عورت حاملہ ہوگی۔ اور لڑکا پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓمّٓ ۝ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ اِسْمِکَ الْاَعْظَمِ نَسْئَلُکَ اَنْ تَرْزُقْنَا اِبْنًا صَالِحًا طَوِیْلَ الْعُمُرِ ۔

دیگر اگر کسی کے لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں۔ اور لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو۔ تو گیارہ عدد سبز دھاگے عورت کے قد کے برابر کر ان کو اکتالیس گرہ دیں اور ان کلمات کو ہر ایک گرہ پر پڑھ کر دم کریں۔ اس گنڈے کو عورت کی کمر کیساتھ

باندھ دیں۔ بفضلِ خدا لڑکا پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیٍّ وَّفَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ نَسْئَلُکَ اَنْ تَرْزُقْنَا وَلَدًا صَالِحًا طَوِیْلَ الْعُمُرِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

اولاد نیک بخت اور صاحب عقل ہو

مشائخ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین فرماتے ہیں۔ کہ جماع ہمیشہ نصف شب کے بعد اور خالی پیٹ کریں۔ پیٹ بھرا ہونے پر جماع نہ کریں ورنہ اولاد کند ذہن پیدا ہوگی۔ دوران جماع قبلہ رخ نہ ہوں۔ ورنہ اولاد بے ادب پیدا ہوگی۔ دوران جماع عورت کی شرمگاہ کو نہ دیکھیں۔ ورنہ اولاد کے اندھی ہونے کا خطرہ ہے۔ پلیدی کی حالت میں جماع نہ کریں۔ ورنہ اولاد بخیل اور دیوانی پیدا ہوگی۔ کھڑے ہو کر جماع نہ کریں۔ ورنہ کمزوری پیدا ہوگی۔ جماع کے بعد پیشاب کر لینا امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔

ان اچھے اصولوں کی پابندی کریں۔ اولاد نیک بخت اور عقل والی ہوگی۔ کتاب بستان میں ابو اللیث فقیہہ تحریر کرتے ہیں۔ کہ آخر شب جماع کا بہترین وقت ہے۔ اس لئے کہ اول شب معدہ غذا سے پُر ہوتا ہے۔ جو کہ

نقصان کا باعث ہوتا ہے۔ اور برہنہ ہو کر جماع نہیں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ ایسا کرنے سے اولاد بے حیا پیدا ہوتی ہے۔ اور دوران جماع آپس میں زیادہ باتیں نہیں کرنی چاہئیں۔ کیونکہ بچے کے گونگا پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ کتاب طب میں ابونعیم تحریر کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امیرالمومنین حضرت علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہ کو ارشاد فرمایا۔ کہ اے علی نصف مہینے کو اپنی زوجہ سے جماع نہ کرو۔ اس لئے کہ نصف ماہ کو شیطان آتے ہیں۔

برائے زیادتی شیر

اگر عورت کے دودھ میں کمی واقع ہو جائے یعنی بچہ اچھی طرح پیٹ نہ بھر سکتا ہو۔ تو اس آیت شریفہ کو نمک پر گیارہ بار پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ گیارہ روز تک اس علاج کو جاری رکھیں بفضل خدا دودھ میں زیادتی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ؕ (سورہ بقر)

دیگر

اگر کسی عورت کے بچے کی پیدائش کے بعد کمی خون۔ کم عمری یا کسی اور بنا پر دودھ کم پیدا ہو۔ جو کہ بچے کی پرورش کیلئے ناکافی ہو تو اس عمل کو تھوڑے سے خالص شہد پر چالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ تمام دن چند مرتبہ عورت اس شہد کو کھائے۔ دودھ کی کمی پوری ہونے تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ بفضل خدا اس عمل کی برکت سے دودھ کثرت سے پیدا ہوگا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۔

دیگر

اگر کسی عورت کے دودھ کم اُترتا ہو۔ تو اس آیت شریف کو زعفران سے چینی کی پلیٹ میں لکھ کر پانی سے دھو کر روزانہ صبح نہار منہ پلائیں اکیس روز تک بلاناغہ عمل جاری رکھیں۔ بفضل خدا دودھ میں زیادتی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَقِيْبًا ۔

مرض تھنیلا

اگر کسی عورت کو تھنیلا کا مرض ہو جائے۔ تو اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھ کر متاثرہ پستان کے گرد سات چکر دے کر موم جامہ کر کے اسی جگہ باندھ دیں بفضل خدا مرض تھنیلا سے شفا ہو گی۔ آرام آنے پر پانچ روپے صدقہ کریں۔



پستانوں کی خارش۔ ناسور۔ ورم اور درد کیلئے

پستانوں کی خارش۔ ناسور اور ورم کیلئے اس عمل کو اکیس ۲۱ بار پڑھ کر دم کریں اور پانی پر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس پانی کو صبح۔ دوپہر اور شام مریضہ کو پلائیں۔ اوّل آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ اس عمل کو اکیس روز تک دہرائیں بفضلِ خدا شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ

بچوں کا سوکھا

سات مختلف کنوؤں یا نلکوں کا پانی اور سات نر درختوں کے پتے پانی میں ڈال کر پانی کو گرم کریں۔ اس میں ایک عدد نقش گھول لیں۔ اس پانی سے کسی علیحدہ جگہ بچے کو نہلائیں۔ اس کے بعد بوڑھ کی سبز شاخ کا گول کڑا بنائیں۔ نہلانے کے بعد اس کڑے کو سر کی طرف سے سات مرتبہ گزاریں۔ یہ عمل بروز اتوار عشاء کے بعد کریں۔ بعدہٗ نئے کپڑے پہنائیں۔ پہلے استعمال شدہ کپڑے دھو کر استعمال میں لائیں۔ مستعمل پانی گڑھا کھود کر ایسی جگہ دفن کریں جہاں کسی کا گزر نہ ہو۔ بچہ کا سوکھا ختم ہوگا۔ اور بچہ تندرست اور صحت مند ہوگا۔

۷۸۶

۹	۹	۹
۹	۹	۹
۹	۹	۹

جس عورت کے بچے نہ بچتے ہوں

اگر کسی عورت کے بچے ہو کر مر جاتے ہوں۔ تو اجوائن اور کالی مرچ لیکر "سورۂ والشمس" چالیس بار پڑھ کر دم کریں یہ عمل بروز پیر کریں۔ عمل کے اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں دم شدہ اجوائن اور کالی مرچ کو حمل سے لے کر بچے کے دودھ چھڑانے تک روزانہ تھوڑی تھوڑی کھلاتے رہیں۔ بفضلِ خدا بچہ عمرِ طبعی کو پہنچے گا۔ اور صحت مند ہوگا

حفاظتِ مسّان

دورانِ حمل اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر حاملہ کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دیں نقش کو گلے میں ڈالنے سے پہلے حضرت سید بھیک میراں رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز میٹھی روٹی پر دلوائیں۔ بچہ کی پیدائش پر اس کو غسل دلا کر اس نقش کو بچے کے گلے میں ڈال دیں بچہ مسّان سے بفضلِ خدا محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۳	۲۰	۱۰	۲
۳۰۰	۳	۲۰	۱۰
۴۰۰	۳۰۰	۳	۲۰
۱۰	۴۰۰	۳۰	۳

بحرمت اللہ محمد چار یار سید میراں بھیک

بانجھ عورت کیلئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو۔ تو اللہ تعالیٰ کے اسم پاک "یَا مَقْصُوْدُ" کا عمل اس طرح کریں۔ کہ جب عورت حیض کے غسل سے فارغ ہو تو نمازِ فجر کے بعد اس اسم کو گیارہ سو بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرکے عورت کو کھلائیں۔ گیارہ روز تک بلاناغہ اسی طرح عمل جاری رکھیں۔ بفضلِ خدا عورت صاحبِ اولاد ہوگی۔

دیگر

اس آیت شریف کو عرق گلاب اور زعفران سے ہرن کی جھلّی پر لکھ کر بانجھ عورت کے گلے میں ڈالیں۔ اور اس آیت شریفہ کو ایک بوتل پانی پر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ بانجھ عورت اس پانی کو اکیس ۲۱ روز تک پیتی رہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے عورت صاحب اولاد ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِہِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِہِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِہِ الْمَوْتٰی بَلْ لِّلّٰہِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا

دیگر اگر عورت بانجھ ہو یعنی اولاد نہ ہوتی ہو۔ تو اکیس ۲۱ عدد لونگ لیں۔ ہر ایک لونگ پر اس آیت شریفہ کو سات سات بار پڑھ کر دم کریں بانجھ عورت حیض کے غسل سے فراغت کے بعد ہر روز رات کو سونے سے پہلے ایک لونگ کھائے۔ بلا ناغہ لونگ کھائیں۔ اور یاد رہے کہ لونگ کھانے کے بعد پانی ہرگز نہ پئیں۔ اس روحانی علاج کے دوران مرد اپنی عورت سے قربت کرتا رہے بفضلِ خدا حمل قرار پائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَوْ کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰہُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌ بَعْضُہَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ یَدَہٗ لَمْ یَکَدْ یَرٰہَا وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ لَہٗ نُوْرًا فَمَا لَہٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝ (سورہ نور)

دیگر اگر کسی عورت کے بچے پیدا نہ ہوتے ہوں عورت و مرد میں کوئی جسمانی مرض نہیں۔ تو اس نقش کو پانی میں گھول کر شام سونے سے پہلے عورت ہر روز

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

یَا حَفِیْظُ	۱۱۶	۳۱۰	۲۵۶
یَا حَفِیْظُ	۳۰۵	۱۱۱	۱۸
یَا حَفِیْظُ	۱۲۸۶	۷۰۸	۴۶
یَا حَفِیْظُ	۶۶۱	۱۱۰	۲۰

پئے۔ یہ عمل نیا چاند دیکھ کر شروع کریں عمل سے پہلے بابا فرید الدین رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز دلائیں۔ عمل بلا ناغہ سات دن تک کریں نقش کو زعفران سے لکھیں بفضلِ خدا اس عمل کو چند مرتبہ کرنے سے اولاد پیدا ہو گی۔ آزما کر دیکھیں۔

دیگر بعد فراغت حیض اس نقش کو زعفران سے لکھ کر صبح دوپہر شام پانی میں گھول کر عورت پئے۔ اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے سوا پانچ سیر چاولوں کی کھیر بنا کر بچوں میں تقسیم کریں۔ اس عمل کو تا حصول مقصد کم از کم تین حیض آنے تک جاری رکھیں۔ اس روحانی علاج سے بفضلِ خدا بانجھ پن دور ہو گا۔ اور اولاد پیدا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

یا اللہ

یَا سَائِیْلُ	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ			یَا مَائِیْل
[illegible]	۳	۳	۳	[illegible]
	۴	۴	۴	
	۴	۴	۴	
یَا تَائِیْلُ	[illegible]			یَا تَائِیْل

پاگل آدمی کا بےنظیر علاج

اگر کوئی شخص پاگل ہو جائے تو قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو پاک صاف سبز کپڑے پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ اور ہر روز اس شعر کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر مریض کو پلائیں۔ تاشفا اس عمل کو جاری رکھیں۔ بفضلِ خدا شفا ہو گی۔

کَمْ اَبْرَأَتْ وَصِبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُہٗ وَاَطْلَقَتْ اَرِبًا مِّنْ رِّبْقَۃِ اللَّمَمِ

ظالم کے شر سے حفاظت کیلئے

ظالم کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے

١٩٩٣٥	١٩٩٢٣	١٩٩٤١	١٩٩٢٧
١٩٩٤٠	١٩٩٢٨	١٩٩٣٤	١٩٩٣٩
١٩٩٢٦	١٩٩٤٤	١٩٩٣٦	١٩٩٣٣
١٩٩٣٧	١٩٩٣٢	١٩٩٣٠	١٩٩٤٢

اس نقش کو زعفران سے نیلے کاغذ پر نئی قلم سے لکھیں۔ اس نقش کو معہ ایک عدد الائچی خورد کے موم جامہ کر کے دائیں بازو کے ساتھ باندھیں۔ بفضلِ خدا ظالم کے شر سے حفاظت رہے گی۔

دیگر

سورۃ اِنَّآ اَنزَلنٰہُ کو پاک صاف سبز رنگ کے کاغذ پر زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو کے ساتھ باندھیں۔ بفضلِ خدا ظالم غالب نہیں آئے گا۔

دیگر

اگر آپ کے دشمن آپ سے کسی وجہ سے حسد رکھتے ہوں اور آپ کو رنج و دکھ پہنچانا چاہتے ہوں۔ تو ہر روز نماز فجر کے بعد اس آیت شریف کو اکتالیس بار پڑھا کریں۔ بفضلِ خدا آپ دشمن کے شر و حسد سے محفوظ رہیں گے۔

فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ (سورۃ توبہ)

دشمنوں کو بھگانے کیلئے

حضرت شاہ کلیم اللہ چشتی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں، کہ اگر دشمن حملہ کے ارادے سے آئیں۔ تو ایک مٹھی مٹی لے کر اس آیت شریف اور حروف کو پڑھ کر مٹی کو دشمنوں کی طرف پھینکیں۔ تمام دشمن فرار ہو جائیں گے۔

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ط

اب ج د ھ و ز ح ط

بیماری دشمن کیلئے

روزانہ ایک نقش دشمن کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھیں۔ سات روز تک لکھتے رہیں۔ آخری دن

٧٨٦

١٤	١٢	٨	٢٢	١
٩	٢٣	١٥	١١	٧
١٨	٢	٦	٢٤	١٣
٣	٣٠	١٠	٤	١٧
٢٥	٥	١٩	٢١	٢٠

تمام نقشوں کو ایک جگہ اکٹھا کر کے کورے کوزے میں بند کر دیں، اور اسی کو ایسی جگہ دفن کریں، جہاں آگ جلتی رہے۔ تاکہ اُن نقشوں کو تھوڑی تھوڑی حرارت پہنچتی رہے۔ یاد رہے کہ آگ کے بالکل قریب دفن نہ کریں۔ تاکہ نقش جل نہ جائیں۔ ورنہ ہلاکت کا خطرہ ہے۔ یہ عمل بروز اتوار شروع کریں۔ دشمن بیمار ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے خوف سے ڈریں۔ ناجائز کسی پر ظلم نہ کریں۔

بربادی دشمن کیلئے

چالیس روز کے اس عمل کو اس طرح کریں۔ کہ سرسوں کے چٹکی بھر دانے لے کر "سورہ الکوثر" کو ایک سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ ہر روز تا عمل انہیں دانوں پر دم کرتے رہیں۔ عمل بروز اتوار شروع کریں۔ عمل ہر روز نماز عشاء کے بعد کسی علیحدہ جگہ پر بیٹھ کر کریں دوران عمل کسی سے بات نہ کریں۔ اور دشمن کا تصور رکھیں۔ اور اپنے نیچے سرخ رنگ کا جانماز بچھائیں۔ "سورہ الکوثر" کو اسطرح پڑھیں۔ جہاں فلاں بن

فلاں کا نام آئے وہاں دشمن اور اس کی والدہ کا نام تین بار دہرائیں۔ غیر شرعی کام کے لئے ہرگز نہ کریں۔

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ؕ فلاں بن فلاں تباہ و خراب گردد

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ؕ فلاں بن فلاں تباہ و خراب گردد

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ؕ فلاں بن فلاں تباہ گردد۔

دیگر بروز اتوار سورج نکلنے کے دس پندرہ منٹ بعد اس آیت کو اُلّو کی ہڈی پر لکھ کر جس گھر یا جگہ دفن کرو گے۔ وہ تباہ و برباد ہو جائیگی کسی پر ناجائز ظلم نہ کریں۔ اور اللہ تعالٰے سے ڈریں۔

وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظٰلِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ

دیگر دشمن کی ہلاکت کیلئے اس آیت شریفہ کو چالیس دن میں ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھیں۔ ہر روز بعد پڑھنے کے دشمن اور اس کی والدہ کا نام اس طرح لیں "فلاں بن فلاں ہلاک ہو" یہ عمل ہر روز رات کو بارہ بجے سے پہلے پہلے کیا کریں۔ آیت شریف یہ ہے۔ کسی پر ناجائز ظلم نہ کریں۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ

برائے دفع زہر و جادو ابونعیم تحریر کرتے ہیں۔ کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عجوہ کھجور کو بہت پسند رکھتے تھے۔ آپ فرماتے

ہیں۔ کہ عجوہ کھجور جنت سے ہے۔ اس میں زہر کے لئے شفا ہے۔ اور جو شخص سات عجوہ کھجوریں روزانہ صبح کھائے گا۔ وہ زہر اور جادو سے محفوظ رہے گا۔

سحر جادو کا اثر اگر کسی پر جادو سحر کا اثر ہو تو

۷۸۶

۲۲۱ ۴۴۴۴۴ ۹۲	صا سے	۱۱۲ ۶۶۶۶۶ ۹۲
سے	لو	سے
۹۲ مممممم ۲۵۹	صا سے	۹۲ ههههه ۱۳۱

اس نقش کو چینی کی پیالی میں لکھ کر ہر روز صبح پانی گھول کر پلائیں اور ایک عدد نقش لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ ہر روز ایک نقش کو پانی میں گھول کر اس سے غسل کریں۔ اکیس روز کے عمل سے بفضل خدا شفا ہوگی۔ بعد شفا حسبِ استطاعت کھانا پکا کر تقسیم کریں۔

سفلی جادو سے حفاظت کیلئے اسمائے الٰہی کے اس عددی نقشِ معظم کو زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔ بفضل خدا ہر طرح کے سفلی جادو سے حفاظت رہے گی۔ اور سحر جادو کا اثر دور ہوگا۔ (نقش اگلے صفحہ پر دیکھیں)

جادو سے محفوظ رہنے کیلئے اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو۔ تو "سورہ مزمل" شریف کے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے میں لٹکائیں۔ سفلی جادو کا اثر بفضل خدا زائل ہوگا۔ اس نقش کو اپنے پاس رکھنے سے سفلی جادو کا اثر نہیں ہوگا۔

۷۸۶

۲۱۱۴۰	۲۱۱۴۳	۲۱۱۴۶	۲۱۱۳۳
۲۱۱۴۵	۲۱۱۳۴	۲۱۱۳۹	۲۱۱۴۴
۲۱۱۳۵	۲۱۱۴۸	۲۱۱۴۱	۲۱۱۳۸
۲۱۱۴۲	۲۱۱۳۷	۲۱۱۳۶	۲۱۱۴۷

سفلی جادو سے حفاظت کا نقش یہ ہے۔



دیگر حضرت کعب احبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب مسلمان ہو گئے تو یہودی آپ کی جان کے دشمن ہو گئے۔ آپ فرماتے ہیں کہ اگر میں صبح و شام اس دعا کو نہ پڑھتا تو یہودی جادوگر اپنے جادو سے مجھے کتا یا گدھا بنا دیتے وہ دعا یہ ہے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَاَعُوْذُ بِوَجْهِهِ الْعَظِيْمِ الْجَلِيْلِ

الَّذِيْ لَا يَخْتَصِرُ جَارُهُ الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ مِنْ شَرِّ التَّامَّةِ وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَاَ فِي الْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَخْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

دفع آسیب کیلئے جس کسی کو جنّات کا خلل ہو تو اس آیت شریفہ کو سات بار پانی پر پڑھ کر دم کریں۔ اوّل آخر سات سات بار درود شریف پڑھیں۔ یہ پانی آسیب زدہ کو پلائیں۔ یہ عمل روزانہ سات بار دہرائیں۔ بفضلِ خدا چند دنوں میں مریض کو شفا ہو گی۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

(آخر سورہ مومنون)

دیگر اس نقش کو سبز کاغذ پر زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالیں۔ اور شام کو سونے سے پہلے اور صبح سو کر اٹھنے کے بعد سورۂ ناس گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں

روز تک پلائیں۔ اس دوران مریض کو نمک کم سے کم کھانے کو دیں۔ بفضلِ خدا مریض سے جنات بھوت پریت دور ہوں گے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا قَادِرُ	یَا قَادِرُ	یَا قَادِرُ
یَا قَوِیُّ	یَا قَوِیُّ	یَا قَوِیُّ
یَا قَائِمُ	یَا قَائِمُ	یَا قَائِمُ
یَا دَائِمُ	یَا دَائِمُ	یَا دَائِمُ

شیطانی اثر دور ہو

اگر کسی پر کوئی شیطانی اثر ہو جائے یا شیطان کسی نہ کسی طرح تنگ کرتا ہو۔ تو اس کلمہ توحید کو پانچ بار پڑھ کر سینے پر دم کریں بفضلِ خدا شیطانی اور اس کی ذریات سے حفاظت رہے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

دفع رجعت و دفع جنات کیلئے۔

اگر کسی کو کسی عمل کے دوران رجعت ہو گئی ہو تو ان کلمات کو روزانہ ایک سو دس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ اگر کسی کے گھر میں جنات کا بسیرا ہو۔ تو وہاں چاروں طرف دس دس بار پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالٰی جنات بھاگ جائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سَرَا یُوْ لَزْ رَعِیْ ذُوْ مَشَا مَنُوْ عَتَا عَالِیْمَا طِیُوْنُوْ مَاسَلِیْخَا مَلِیْخَا مَاغُوْمَا وَیَا قَیُّوْمَا بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ

بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؕ

جنات تنگ کریں

آسیب جن وغیرہ اگر گھر میں گندگی پتھر وغیرہ پھینکیں اور کسی وجہ سے بند ہونے میں نہ آئے۔ تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر جس طرف سے پتھر آ رہے ہوں اس طرف نقش کا منہ کر کے کسی چیز سے لٹکا دیں۔



عمل چہل کاف واسطے دفع جنات

عمل چہل کاف یوں تو ہر دینی و دنیوی کاموں کیلئے لاجواب چیز ہے۔ لیکن دفع جنات کیلئے سریع التاثیر ہیں۔ چہل کاف کو عمل میں لانے سے پہلے حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز دلائیں۔ عمل کو نوچندی جمعرات کو شروع کریں۔ دوران عمل کسی قسم کا گوشت وغیرہ نہ کھائیں۔ جلالی جمالی پرہیز رکھیں۔ دوران عمل اپنے قریب خوشبو جلائیں۔ عمل کسی علیحدہ جگہ پہ کریں۔ دوران عمل کسی سے گفتگو نہ کریں۔ کپڑے پاک صاف پہنیں۔ عمل ہر روز بعد از نماز عشاء اور وقت مقررہ پر ہی کریں۔ چہل کاف ہر روز گیارہ سو بار پڑھیں۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف غوثیہ پڑھیں۔ اکتالیس دن کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ جنات اتارنے کا ایک طریقہ یہ ہے۔ کہ آسیب زدہ کو

اپنے سامنے بٹھائیں۔ اور چہل کاف کو پڑھنا شروع کریں۔ بفضلِ خدا ایک سو گیارہ بار پڑھنے سے پہلے پہلے آسیب حاضر ہوگا۔ قسم وعدہ لے کر دفع کر دیں یاد رہے۔ بِسۡمِ اللہ شریف پڑھ کر اوّل آخر گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ دوسرا طریقہ یہ ہے۔ کہ سرسوں کے تیل پر چہل کاف کو ایک سو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ دم شدہ تیل کو آسیب زدہ کے کانوں میں ٹپکا دیں۔ اور اس کے بدن پر مالش کریں بفضلِ خدا آسیب دور ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

كَفَيۡكَ رَبُّكَ كَمۡ يَكۡفِيۡكَ وَاكِفَةً كِفۡكَافُهَا
كَكَمِيۡنٍ كَانَ مِنۡ كَلَكَا تَكَرُّ كَرًّا الۡكَرِّ الۡكَرَّا فِيۡ كَبَدٍ
تَجَلِّيۡ مُشۡكَشَكَةٍ كَلَكَلَكٍ كَلَكَا كَفَاكَ مَا فِيۡ كَفَالِكَ
الۡكَافُ كُرُبَتُهٗ يَا كَوۡكَبًا كَانَ تَحۡكِيۡ كَوۡكَبَ الۡفَلَكِ ○

مندرہ شاہ شرف الدین

دشمن کیلئے اور دفع جنات اور بھوت پریت کیلئے نہایت لاجواب مندرہ ہے اس مندرہ کو ہر روز چالیس ۴۰ بار چالیس ۴۰ دن تک کسی علیحدہ جگہ بیٹھ کر باوضو پڑھیں۔ اس کے بعد اس کا ہمیشہ معمول رکھیں عمل جاری رہے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

پکا پھڑاں قرآن نوں کدے نہ آوے ہار — شاہ شرف الدین سبز لشان مار
سلطان احمد کبیر توں بھی زنجیر تان — جن نار بھوت پری ہمزاد پکڑ پچھاڑ

باندھو جل پری کو دشمن کو کر دمار — زمین میں جائے دشمن البی حضرت محمد
دہائی حضرت آدم صفی اللہ کی — دہائی حضرت سلیمان کی دہائی حضرت محمد کی
دہائی حضرت موسیٰ کی دہائی حضرت عیسیٰ کی — دہائی حضرت شیخ سلطان عبد القادر جیلانی کی
دم خدا دم نبی رسول دم پیر استاد نام — چوں طرف کرد کام [illegible]

یا مُجَدُّوحُ یا مُجَدُّوحُ

اسمائے اصحاب کہف رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے خواص و فوائد

اگر ان اسمائے اصحاب کو:۔

۱۔ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو آفات و بلیّات سے محفوظ رہے۔
۲۔ لکھ کر کھیت میں لٹکایا جائے تو کھیت ٹڈی دل کے نقصان سے محفوظ رہے۔
۳۔ گھر میں پڑھا جائے تو گھر جلنے سے محفوظ رہے۔
۴۔ لکھ کر مال میں رکھے تو مال چوروں سے محفوظ رہے گا۔
۵۔ کوری ٹھیکری پر لکھ کر سات روز تک کسی کنوئیں یا نہر میں ڈالیں تو بارانِ رحمت ہوگی۔
۶۔ کاغذ پر لکھ کر اس کے پیچھے بھاگے ہوئے شخص کا نام لکھ دیں اور اس کو کسی بھاری پتھر کے نیچے رکھ دیں۔ تو بھاگا ہوا واپس آئیگا۔ بھاگے کی واپسی پر پتھر کے وزن کے برابر نیاز پر اصحاب کہف کی نیاز دلائیں۔
۷۔ لکھ کر آسیب زدہ مکان میں لگائیں گے تو جنات مکان چھوڑ جائیں گے۔
۸۔ دردِ زہ کیلئے عورت کے دائیں بازو کے ساتھ باندھیں۔ ولادت بآسانی ہوگی

٩. اگر بچہ بہت روتا ہو۔ تو لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔

١٠. اگر کسی جگہ آگ لگ جائے۔ تو ان اسماء کو لکھ کر وہاں پھینک دیں۔ آگ بجھ جائے گی۔

١١. لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ تو دورانِ سفر آفات سے محفوظ رہیں گے۔

١٢. باری کے بخار کیلئے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ بخار سے شفا ہوگی۔

١٣. مرگی کیلئے ان اسماء کو چاندی کی تختی پر کندہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ مرگی سے نجات ہوگی۔

١٤. دردِ سر کیلئے اکیس بار اسماء کو پڑھ کر دم کریں۔ آرام ہوگا۔

١٥. لکھ کر اپنے پاس رکھیں گے۔ تو دشمن کے شر سے حفاظت میں رہیں گے۔

١٦. امّ الصبیان کیلئے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ بچہ کو شفا ہوگی۔

١٧. حافظہ کی کمزوری کیلئے لکھ کر اپنے پاس رکھیں حافظہ تیز ہوگا۔

١٨. اگر قیدی بے گناہ ہو تو ان اسماء کے پڑھنے کی برکت سے آزاد ہوگا

١٩. دردِ شکم کیلئے پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ تو درد سے شفا ہوگی۔

٢٠. لکھ کر سحر زدہ کے گلے میں ڈالیں تو سحر دور ہوگا۔

٢١. اگر کوئی حاجت درپیش ہو۔ تو ان اسماء کو دو رکعت نماز پڑھ کر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔ بفضلِ خدا دعا قبول ہوگی۔

اِلٰهِی بِحُرْمَةِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ اَذَرْ
فَطْیُوْنَسْ کَشَافَطْیُوْنَسْ تَبْیُوْنَسْ یُوْنَسْ بُرْسِ وَ
کَلْبُهُمْ قِطْمِیْرُ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ۔

مندرہ کلاں حضرت شاہ علی

جن، بھوت، چڑیل، پری، جادو، مسان۔ دفعِ بخار، سانپ، بچھو وغیرہ کا لاجواب عمل ہے۔ اس مندرے کو عمل میں لانے کیلئے ہر روز اس کو اکتالیس بار پڑھیں۔ عمل جمعرات کو شروع کریں۔ دورانِ عمل عربی کرتہ استعمال کریں۔ عمل پڑھنے کے بعد اس کرتے کو اسی کمرہ میں رکھ دیں۔ اکتالیس دن میں چلہ پورا ہو جائے گا دورانِ عمل کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں۔ خوشبو جلاتے رہیں۔ عمل ایک کمرے میں پورا کریں۔ اسی مندرے کو تین بار پڑھ کر اپنے گرد چھری سے حصار کر لیں۔ عمل پورا ہونے کے بعد ہمیشہ سات بار پڑھتے رہیں۔ عمل جاری رہے گا۔ اگر کسی پر آسیب وغیرہ آتا ہو۔ تو اس کو سامنے بٹھا کر اس مندرے کو پڑھیں۔ آسیب حاضر ہوگا قسم لیکر دفع کر دیں، حاضر کرنے سے پہلے تین بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیں۔ جادو، مسان بخار کیلئے کالے دھاگے پر سات گرہ دیں۔ ہر گرہ پر ایک بار پڑھ کر دم کریں اس گنڈے کو گلے میں ڈال دیں۔ سانپ بچھو کیلئے چھری سے سات بار پڑھ کر جھاڑ دیں بفضلِ خدا شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ کہو خدا کو درود مصطفٰے کو۔ میدان شاہ علی کا ضرب زور سے لگا
غیب بات پہ سوار ہیں وہ آپ شہنشاہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھے
پیر مرتضٰے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ میرے پیر مصطفٰے۔ اَلتَّحِیَّاتُ
کی ڈھال ہوئی عطا۔ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ شمشیر لئی اٹھا
لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ کی کٹار سان لا۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ نیزا دست

میں پھڑا قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس کی کمان ہے صفا یَا مُذِلُّ
یَا قَهَّارُ ترکش میں تیر پایا۔ وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ○ وَطُوْرِ
سِیْنِیْنَ کی گرز آپ کی عطا، حضرت امیرالمومنین کمر باندھ کے سوار
کھڑا۔ لَا اِلٰهَ پڑھ جبرائیل کو بلا اِلَّا اَنْتَ میکائیل بھی آ سُبْحَانَكَ
اسرافیل جلدی تو بھیر پایا۔ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ د عزرائیل بھی
چڑھے تھا۔ اسمائے پاک محمد پڑھے وقت ہوا تھا۔ آئے خواجہ اویس
قرنی جو نبی کا یار تھا۔ خواجہ خضر آئے سارے بحروں کے ملاح۔
محی الدین چڑھے پیر غوثوں کے بادشاہ۔ اور بابا فرید گنج شکر
زہد الانبیاء۔ آدم توں نبی نوح سی ذکر شیث کا بھی پا۔ یعقوب
ادریس اور یونس بھی ساتھ۔ موسیٰ آیا شتر پہ عصا بھی پکڑا
عیسیٰ انجیل بغل میں ایوب بھی ساتھ تھا۔ یوسف بیٹھے تخت پہ
شعیب بھی ساتھ تھا۔ سلیمان داؤد زبور لے آئے ابراہیم چڑھے
حضرت اسماعیل بھی ساتھ تھا۔ آئے بارہ امام حضرت الیاس بھی
چڑھے تھا۔ چڑھے موکل سارے محمد کا حکم تھا۔ دُلدُل پہ
سوار ہوئے شاہ لافتاح کفروں کے بل سست ہوئے رستم
بھی کانپا تھا۔ محمود دیو کو قید کیا ہوا تھا جنوں کا بادشاہ۔ چہل کاف پڑھے
تاں دور ہوئی بلا۔ کالا علم پکڑ باندھ چیلی مٹھ کو پکڑ لا۔ یا سید احمد
کبیر کھیل سے باندھ کر لیا۔ یا شاہ مدار زندہ پیر تاپ سب قید کر لیا
یا بُدُّوحٌ پاشنگ کی زہر پکڑ باندھ سب سب باندھ لیا سیاں

کی زہر قبض کر بچھو کی طرف جا۔ سب پری جن بھوت چڑیلاں کو باندھ
لا۔ سایہ جو پتے باندھ کر لیا۔ جو غیبوں میں ہزار جڑیاں ایک پل میں ہٹا
مین چند رافریادی پھوک سے ہٹا۔ بیماری سب کو رد کر چوداں بار
پڑھ بسم اللہ جو شاہ علی کا مندرا جنگلاں میں پڑھیں۔ تیجے زخم نہ ذرا
مدد تیری کرن گے وہ آ زندہ پیر دستگیر بادشاہ۔

برائے حاضری جنات

سورہ مزمل شریف کو ہر روز ایک سو اکتالیس (۱۴۱) بار بعد از نماز عشاء پڑھیں۔ اسی طرح اکتالیس (۴۱) روز تک عمل جاری رکھیں۔ عمل نوچندی جمعرات کو شروع کریں۔ اوّل آخر پانچ پانچ بار درود شریف پڑھیں۔ چلّہ پورا ہونے پر ہر روز گیارہ بار ہمیشہ پڑھتے رہیں۔ عمل جاری رہے گا جس آدمی پر جن آتا ہو۔ اور تنگ کرتا ہو۔ تو اس مریض کو وضو کرا کے اپنے سامنے بٹھا کر سورہ مزمل شریف پڑھنا شروع کریں۔ جن مریض کے سر پر حاضر ہو جائے گا۔ اس سے دوبارہ نہ آنے کا عہد اور قسم لے کر چلے جانے کیلئے کہیں۔ وہ چلا جائے گا۔ اور دوبارہ وہاں مریض پر نہیں آئے گا۔

جنوں کے بادشاہ کو حاضر کرنے کا تین روزہ عمل

حضرت امام احمد بن علی بونی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ جنوں کے بادشاہ ابو یوسف موکل کو بلانے کا یہ عمل اسطرح کریں۔ کہ منگل، بدھ اور جمعرات کے تین روزے رکھیں۔ ان تینوں دنوں میں سورہ قل اوحی کو ایک ہزار بار پڑھیں ہر

[illegible] ۲۲۲ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] کے ساتھ [illegible] جنات [illegible] پیچھے کھڑے ہوں گے۔
[illegible]
[illegible]
[illegible] بال بچوں کے کھانے پینے کا سامان کروں۔ [illegible]
فرمائیں گے۔ وہ اپنے ساتھی کو بھیج کر آپ کے لئے اشیاء منگوا دے گا۔ یاد
رہے کہ یہ موکل جن خاتم الانبیاء حضرت مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کے دستِ مبارک پر ایمان لایا تھا۔ دورانِ عمل حیوانی اشیاء نہ کھائیں
اور رات کو لوبان بھی جلائیں۔ (شمس المعارف)

حروف مقطعات کے فوائد و خواص

حروف مقطعات ان حروف کو کہتے ہیں۔ جو قرآن مجید میں سورتوں کے شروع میں آئے ہیں۔ ان نورانی حروف کے بزرگوں نے بے شمار فوائد و خواص لکھے ہیں۔ ان نورانی حروف کے فوائد و خواص اور اسرار کو کامل طور پر اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں۔ بزرگ فرماتے ہیں۔ کہ ان نورانی حروف میں اسم اعظم ہیں۔ اسی لئے جو بھی ان نورانی حروف کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے مدد چاہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرماتے ہیں۔ بزرگوں نے ان نورانی حروف کے بے شمار فوائد لکھے ہیں چند ایک تحریر کئے جاتے ہیں۔ ان حروف کو زعفران سے لکھ کر استعمال کریں۔

[illegible]
۱. [illegible]
[illegible]
۲. [illegible]
کیا جائے گا تو درد سے آرام ہوگا
۳. [illegible] لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ تو [illegible] ہر قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔
۴. اگر کسی کا نکاح نہ ہوتا ہو۔ تو ان نورانی حروف کو بعد از نماز عشاء ایک سو ایک مرتبہ پڑھے۔ تو اس کی جلد شادی ہوگی۔
۵. جادو، سحر، آسیب اور نظر بد کیلئے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ شفا ہوگی۔
۶. رزق میں برکت کیلئے لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ رزق میں برکت ہوگی۔
۷. لکھ کر دائیں بازو سے باندھیں گے تو دشمنوں پر رعب چھائیگا۔
۸. چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کے پہنیں گے۔ تو لوگوں میں مقبولیت بڑھے گی۔
۹. رجب کی نوچندی جمعرات کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کے پہننے والے شخص کی حاکم و افسر قدر کریں گے۔
۱۰. چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کے پہننے والا شخص دشمن کے شر سے محفوظ رہیگا
۱۱. چینی کی پلیٹ پر لکھ کر گھول کر پینے والے کا حافظہ تیز ہوگا۔
۱۲ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پینے والا آشوب چشم سے شفا پائے گا۔
۱۲ استقاطِ حمل والی عورت کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔ حمل ضائع نہیں ہوگا۔

۴. چینی کی پیالی میں لکھ کر پانی گھول کر جس کھیت میں یہ پانی پھینکا جائے گا اس میں برکت ہوگی۔

۵. لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا حشرات الارض سانپ بچھو وغیرہ کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ الٓمّٓصٓ الٓرٰ الٓمّٓرٰ كٓهٰيٰعٓصٓ طٰهٰ

طٰسٓمّٓ طٰسٓ يٰسٓ صٓ حٰمٓ حٰمٓعٓسٓقٓ قٓ نٓ

دفیعہ موذی جانور

اس نقش کو چینی کی پیالی میں لکھ کر نہر کے پانی سے دھو کر گھر میں چھڑکیں۔ بفضلِ خدا گھر سے موذی جانور بھاگ جائیں گے۔

۶۵۹

۳۰۲۹۶	۲۰۲۰۹	۳۰۳۰۶	۲۰۲۰۲
۲۰۲۰۳	۳۰۳۰۷	۲۰۲۱۳	۳۰۳۰۹
۳۰۳۰۱	۲۰۲۲۴	۳۰۳۱۱	۲۰۲۱۰
۲۰۲۱۰	۳۰۳۱۱	۲۰۲۰۰	۳۰۳۰۵

برائے دفع زہر

اگر کسی کے جسم میں زہر اثر کر جائے خواہ کسی زہریلے جانور مثلاً بچھو، سانپ وغیرہ یا کسی زہریلی دوا یا زہریلے کھانے سے اثر ہو جائے۔ تو ان کلمات کو چینی کی پلیٹ یا سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں۔ بفضلِ خدا ہر طرح کا زہر دفعہ ہوگا۔ یہ عمل دن میں چند بار دہرائیں۔ تا شفا عمل جاری رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ سَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعَالَمِيْنَ

وَعَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْمُرْسَلِيْنَ ۝

بچھو اور زہریلے کیڑوں کا زہر چوس کر دور کرنا

اگر کسی کو بچھو یا کوئی زہریلا کیڑا ڈنک مار جائے۔ تو جس جگہ اس نے ڈنک مارا ہو وہاں ان کلمات کو تین بار پڑھ کر لوہے کی چھری سے بڑا دائرہ مار دیں۔ پھر ان کلمات کو تین بار پڑھ کر چھری سے چھوٹا دائرہ ماریں۔ اسی طرح کل سات بار عمل کر کے سات دائرے ماریں۔ تو ان دائرہ ڈنک والی جگہ کے منہ پر آئے۔ اس کے بعد چھری کی نوک سے اس کو تھوڑا سا زخمی کریں۔ پھر زخم کو سات بار چوس کر تھوک دیں بفضل خدا زہر دور ہوگا۔ مجرب اور چلتا ہوا عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِيْ سَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْمُرْسَلِيْنَ مِنْ حَامِلَاتِ السَّمِّ اَجْمَعِيْنَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ رَبِّيْ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ نُوْحٌ نُوْحٌ نُوْحٌ قَالَ لَكُمْ نُوْحٌ مَنْ ذَكَرَنِيْ فَلَا تَقْرَبُوْهُ وَلَا تَلْدَغُوْهُ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ۝

برائے دفع زہر بچھو

اگر کسی کو بچھو ڈنک کر جائے۔ تو اس افسون کو سات بار پڑھ کر لوہے کی چھری سے سات بار جھاڑ دیں بفضلِ خدا زہر دور ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ شریف (ایک بار) دسے وس نہ گھول اُتے نوں نہ چڑھ پہلی قسم تینوں اللہ دی دسے وس ناں گھول دوجی قسم حضرت آدم علیہ السلام دی دسے وس ناں گھول تیجی قسم حضرت نوح علیہ السلام دی دسے وس ناں گھول چوتھی قسم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دی دسے وس ناں گھول پنجویں قسم حضرت علی دی دسے وس ناں گھول یَا فَیْطُوْش ہڈیاں چوں وس نوں جھاڑ یَا فَیْطُوْش بھٹیاں چوں وس نوں جھاڑ یَا فَیْطُوْش گوشت چوں وس نوں جھاڑ بحرمت لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

سانپ کے ڈسنے۔ ڈوبنے اور جلنے سے حفاظت کیلئے

جو کوئی چاہے کہ میں سانپ کے ڈسنے ڈوبنے اور جلنے اور دیگر ارضی وسماوی بلاؤں سے محفوظ رہوں۔ تو وہ روزانہ اس دعا کو پڑھا کرے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَمِنَ الْحَرَقِ وَمِنَ الْهَدْمِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ يَّتَخَبَّطَنِیَ

الشَّيْطٰنُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا ط

سانپ کا زہر اتارنے کا عمل

سورۂ فاتحہ اور چاروں مؤکلوں کے ناموں کو اکیس ۲۱ سو بار پڑھ کر زکوٰۃ ادا کر دیں۔ آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ ہمیشہ اس کو اکیس ۲۱ بار پڑھتے رہیں۔ تاکہ عمل چلتا رہے جب کوئی مارگزیدہ آپ کے پاس آئے تو اس کے سر پر لکڑی رکھ کر اس عمل کو اکیس ۲۱ بار پڑھ کر دم کریں۔ بفضلِ خدا زہر دور ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ شریف تین بار آمِيْنُ آمِيْنُ آمِيْنُ يَا رَبِّ جِبْرَائِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ

جانور کے بچے بخیریت پیدا ہوں

جب کوئی جانور گائے بھینس۔ بکری بھیڑ گھوڑی وغیرہ پیدائش کے قریب ہوں۔ تو گوگل اور اجوائن پر اس عمل کو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ اس گوگل اور اجوائن کی دھونی جانور کے قریب جلائیں بفضلِ خدا جانور اور اس کا بچہ آفات سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ o

جانور کے بچے نہ مریں

اگر کسی جانور بکری۔ بھیڑ۔ گائے۔ بھینس

گھوڑی۔ وغیرہ کے بچے ہو کر مرجاتے ہوں۔ تو اس عمل کو اس طرح کریں چمڑے کی ایک ڈوری بنائیں۔ اس کو اکتالیس گرہ لگائیں۔ ہر گرہ پر ایک بار سورہ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کریں۔ اکتالیس گرہ پر اکتالیس بار پڑھیں۔ اس چمڑے کی ڈوری کو اس جانور کے گلے میں ڈال دیں جس کے بچے مرتے ہوں۔ بفضلِ خدا پھر بچے نہیں مریں گے۔

جانور کے دودھ میں زیادتی

اگر چوپایہ جانور یعنی گائے بھینس۔ بکری وغیرہ کے دودھ میں کمی واقع ہو گئی ہو یا سفلی عمل سے کسی نے دودھ باندھ دیا ہو تو آٹے کا پیڑا لے کر اس میں نمک ملالیں۔ اس پیڑے پر اس آیت شریف کو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ اور وہ دم شدہ پیڑا جانور کو کھلائیں۔ سات روز اسی طرح عمل کریں۔ بفضلِ خدا دودھ میں کثرت ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ
حَبَّۃٍ اَنْبَتَتْ سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنْبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ ؕ
وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ؕ (سورہ بقرہ)

دیگر

اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھ کر بوڑھ کی لکڑی میں بند کر کے جانور کے گلے میں ڈالیں دودھ دینے والے تمام جانور مثلاً بھیڑ بکری گائے بھینس وغیرہ کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ططط ح ح ح م م م ع ع ع
ھھھ عللح ۶ ااا

س نقش کو استعمال کریں۔ نقش کو گلے میں ڈالنے سے پہلے اس جانور کے دودھ کی ایک پلیٹ کھیر بنا کر حضرت شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز دلائیں۔ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے دودھ میں برکت ہو گی۔

جانور کی سرکشی دور کرنے کیلئے

اگر کوئی جانور سرکش ہو۔ تو قصیدہ بردہ شریف کے ان تین اشعار کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اس کو بارش کے پانی سے دھو کر جانور کو تین روز تک پلائیں۔ بفضلِ خدا جانور سرکشی چھوڑ دے گا۔

اَمِنْ تَذَکُّرِ جِیْرَانٍ بِذِیْ سَلَمٍ
مَزَجْتَ دَمْعًا جَرٰی مِنْ مُّقْلَۃٍ بِدَمٍ
اَمْ ھَبَّتِ الرِّیْحُ مِنْ تِلْقَاءِ کَاظِمَۃٍ
اَوْ اَوْمَضَ الْبَرْقُ فِی الظَّلْمَاءِ مِنْ اِضَمٍ
فَمَا لِعَیْنَیْکَ اِنْ قُلْتَ اکْفُفَا ھَمَتَا
وَمَا لِقَلْبِکَ اِنْ قُلْتَ اسْتَفِقْ یَھِمٍ

پالتو جانوروں کی بیماری کیلئے

اس نقش کو کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھ کر لکڑی میں رکھ کر جانور کے گلے میں ڈال دیں۔ نقش گلے میں باندھنے سے پہلے حضرت خواجہ معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز دلائیں۔



جانور کے زخم کے کیڑوں کا علاج

اگر کسی جانور مثلاً گھوڑا بھینس۔ گائے بکری وغیرہ کے زخم میں کیڑے پڑ

جائیں۔ توان کلمات کو ایک مشت مٹی پر پڑھ کر زخم پر چھڑک دیں۔ زخم سے تمام کیڑے نکل جائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

برس تین بار ددس تین بار ابرس دو بار اندوس دو بار

بِالْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ بِالرَّبِّ الْمَلِكِ الْعَظِيْمِ اُخْرُجْ اَيُّهَا الدُّوْدُ مِنْ هٰذَا الْجُرْحِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ بَار

کتے کا کاٹا زخم خراب نہ ہو۔

اگر کسی کو کتا کاٹ لے اور جسم پر زخم ہو جائے۔ تو سات عدد سبز دھاگے لیکر ان کو سات گرہ لگائیں۔ ہر گرہ پر اس عمل کو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر کے گرہ لگاتے جائیں۔ اسی طرح سات گرہ لگانے پر سات مرتبہ پڑھیں۔ اگر کتے نے ٹانگ پر کاٹا ہے۔ تو ٹخنے پر باندھ لیں۔ اگر بازو کے کسی حصے پر کاٹا ہے تو اس دھاگے کو گٹے پر باندھ لیں۔ اگر دیگر جسم کے حصے کو کاٹا ہے۔ تو اس دھاگے کو گلے میں باندھ لیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ

بے چینی پیدا کرنا

کتے کے دانت۔ خچر کی چوٹی کے بال۔ الو کی چونچ۔ بلی کے دانت بچھو بندر کے بال۔ چمگادڑ۔ خزیہ کا بھیجا اور سیاہ خرگوش کا پتہ۔ ان میں سے کسی ایک چیز کی راکھ حاصل کریں۔ اور اس پر ان طلسمی کلمات کو ۴۴۴۴۴ مرتبہ قمر ناقص النور کی راتوں میں چند نشستوں کے اندر پڑھیں۔ ہر نشست میں راکھ اپنے سامنے رکھیں اور اس پر دم کریں عمل آبادی سے دور کریں۔ اور دوران عمل گوگل کا بخور جلائیں۔ عمل شدہ راکھ جس کسی کو کھلائیں گے یا اس کے سر میں ڈال دیں گے۔ تو وہ ہر وقت بے چین رہے گا۔ دیگر اس راکھ کو جس جگہ بھی پھینک دیں گے وہاں بیٹھنے اور رہنے والے بے چینی محسوس کریں گے۔ کسی پر بے جا ظلم نہ کریں۔

احضرو احضرو احضرو یا شمشوس۔ بحق ق

سفلی مخفی قوتیں سلب کرنا

سفلی عامل کی سفلی قوتوں کو سلب کرنے کے لیے بوقت زوال بروز اتوار عامل کے بائیں پاؤں کی مٹی حاصل کریں اور اس پر ان کلمات مبارکہ کو اکتالیس ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر بروز اتوار اس مٹی کو کسی ویران کنوئیں میں پھینک دیں سفلی عامل خالی ہو جائے گا۔ عمل کو

چند نشستوں میں بھی پورا کیا جاسکتا ہے۔ کلمات مبارکہ یہ ہیں۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط

تسخیر پری کا روحانی عمل

اس عمل کو چالیس روز تک چلتے پانی کے کنارے رات کے وقت کریں عمل روزانہ کھڑے ہوکر کریں۔ کلمات عمل کو روزانہ تین ہزار گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ عمل روزانہ مقررہ وقت اور مقررہ جگہ پر پڑھیں۔ دوران عمل روزے رکھیں۔ مکمل جلالی جمالی پرہیز رکھیں۔ روزانہ پانچوں نمازیں مقررہ جگہ پر ہی ادا کریں۔ جیٹھے سوار سے منگل شروع کریں۔ عمل کے آخری روز پری حاضر ہوگی اس سے شرائط طے کرلیں اور اُسے بلانے کا طریقہ پوچھ لیں کلمات یہ ہیں۔

یَا هَلِجُ یَا مَلِجُ یَا حَلِجُ یَا جَلُ پری اُحضروا بحقِ حاو بحقِ حضرت سلیمان علیہ السلام

سفلی علوم سلب کرنا

اگر کسی بدبخت ظالم اور سفلی عامل کے علوم کو سلب کرنا ہو تو روزانہ صبح و شام ان کلمات مبارکہ کو گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔ اس کے بعد مراقبہ کریں اور توجہ سے مخالف کے سفلی علوم کو سلب کریں۔ کلمات مبارکہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ

سلب علوم سے بچاؤ

روزانہ بعد از نماز تہجد ان کلمات مبارکہ کو تین سو تیرہ مرتبہ پڑھتے رہا کریں۔ بفضل خدا کوئی سفلی عامل آپ کی روحانی قوتوں کو سلب نہیں کرسکتا۔ کلمات مبارکہ یہ ہیں۔

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ط

ہر طرح کے بد اثرات سے حفاظت

ان حروف کو ہرن کی کھال پر زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈال لیں ہر طرح کے سفلی اثرات و ظلمات سے حفاظت رہے گا۔ ذاتی تجربہ شدہ نایاب عمل ہے۔

ح ح ح مر مر ع ع ع
س س س ق ق ق

خواب بندی کا طلسمی عمل

یہ نقش سورج گرہن کے وقت بنا کر رکھ لیں۔ فلاں بن فلاں کی جگہ نام نہ لکھیں۔ اس کے بعد جب بھی ضرورت ہو تو فلاں بن فلاں کی جگہ بروز اتوار زحل کی ساعت میں اس شخص کا نام لکھیں جس کی نیند باندھنی ہے۔ رات کو یہ نقش سرہانے رکھ کر سو جائیں۔ مخالف تمام رات سو نہیں سکے گا۔ عمل جائز جگہ استعمال کریں۔ نقش یہ ہے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ فلاں بن فلاں اَھْیًا اَشْرَاھِیًا
یَا قَابِضُ یَا قَابِضُ یَا قَابِضُ
عحہ عح عمر ۱۱۳ عن عف عق

بربادی کی طلسمی مٹی

سیہ کے کانٹوں کی راکھ۔ کرگس کے پروں کی راکھ۔ مردار کی راکھ الّو کے پروں کی راکھ۔ ہندوؤں کی چتا کی راکھ۔ عیسائیوں کے اجاڑ قبرستان کی مٹی۔ زانی اور شرابی کے پاؤں کی مٹی۔ کالی بلی کالے کتے اور کالے گدھے کی بیٹھک کی مٹی۔ چوراہے کی مٹی اجاڑ بھٹے کی مٹی۔ اجڑے ہوئے گاؤں کی مٹی۔ مکڑی کے جالے کی راکھ۔ ان

سب کو باہم ملا کر رکھ لیں۔ جب ضرورت ہو تو بروز اتوار زحل کی ساعت میں تھوڑی سی مٹی پر ان طلسمی کلمات کو ایک سو تیرہ بار پڑھ کر دم کریں اور دشمن اور اس کی والدہ کا نام لیں۔ زوال کے وقت سات عیسائیوں کی قبروں سے ایک ایک روڑا اٹھائیں ہر روڑا اٹھانے سے پہلے ان طلسمی کلمات کو سات مرتبہ پڑھیں۔ اس مٹی اور روڑوں کو سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے دشمن کے ہاں پھینک دیں۔ دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا اور طرح طرح کے مصائب و پریشانیوں اور امراض میں مبتلا ہو جائے گا۔ اگر کوئی شرعی طور پر سزا کے لائق ہو تو وہاں پہ عمل کریں۔ ناجائز کسی پر ظلم نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کے قہر سے ڈریں۔ طلسمی کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ دِیْلَاشِ عَلَیُوْشِ ھَمِیْلَقُوْشِ
دَدُمَاشِ طَمْیَاشِ اَجِبْ یَا غَنْیَا ئِیْلُ
بَحَقِّ ھٰلٰفِ الْاَسْمَاءِ عَلَیْکَ۔

دشمن کا پیشاب بند کرنا

اگر کسی ظالم دشمن کا پیشاب بند کرنا مقصود ہو تو چھچھوندر کی کھال جو بروز منگل ساعت زحل میں حاصل کی گئی ہو اس میں دشمن کے پیشاب کی گیلی مٹی ڈال کر اسے مضبوطی سے باندھ دیں۔ اس پر ان

طلسمی کلمات کو ایک سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس کے بعد اس کو وزن کے
نیچے دبا دیں۔ دشمن کا پیشاب بند ہو جائے گا۔ کسی پر ناجائز ظلم نہ
کریں۔ ان طلسمی کلمات کی روحانی مخفی قوتوں کو مسخر کرنے کے لیے
ان کلمات کا جنگل میں چالیس روز تک چلہ کریں۔ روزانہ حصار مار کر
عمل کریں۔ عمل قمر ناقص النور میں منگل کے روز شروع کریں۔ روزانہ
بعد از نماز عشاء اس عمل کو ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ طلسمی کلمات
یہ ہیں:

يَاشَدِيْدُ يَاقَهَّادُ يَاقَابِضُ
اَحْضَرُوْا يَاقَوْمَ الْاَرْوَاحِ بِحَقِّ هٰذِهِ
الْاَسْمَاءِ الْعَظِيْمِ

سحر جادو اور ارواح خبیثہ جلانے کا عمل

ہر قسم کے سحر جادو۔ ارواح خبیثہ۔ ڈائن، ڈاکنی، مسان، بھوت
پریت اور سفلی ظلمات کو جلانے کا بہترین چلتا نورانی عمل ہے۔ ہزارہا
بار کا آزمودہ یہ عمل میرے خاص معمولات سے ہے۔ اس عمل کی
روحانی قوتوں کو قابو میں لانے کے لیے پہلے اس کا چالیس روز تک
عمل کریں۔ کسی علیحدہ کمرے میں روزانہ بعد از نماز عشاء کلمات عمل
کو اکتالیس سو مرتبہ پڑھیں۔ دوران عمل اچھی سی خوشبو کا بخور جلائیں
عمل کے آخری روز جاندار کا صدقہ دیں۔ عمل مکمل کرنے کے بعد روزانہ
اکتالیس بار ہمیشہ پڑھتے رہیں تاکہ عمل رواں رہے۔ اس کے بعد جب بھی
ضرورت ایک عدد کوری ہانڈی پر اکتالیس بار کلمات پڑھ کر تلاوت
کریں۔ جس مریض پر اثر ہو اس کو ہانڈی کے قریب بٹھالیں۔ مریض
اور ہانڈی کا حصار کریں۔ پھر ایک جھاڑو والا کانا لے کر اسے مریض
پر سے اتارتے جائیں اور کلمات عمل کو پڑھتے جائیں۔ اکتالیس مرتبہ
پڑھ لینے کے بعد ہانڈی میں جھاڑیں اسی طرح اکتالیس بار کریں۔ دوران
عمل ہانڈی کے نیچے آگ جلاتے رہیں اور ہر مرتبہ ہانڈی میں تھوڑی
تھوڑی گوگل پھینکتے جائیں۔ اگر کسی گھر پر اثر ہو تو گھر کی زمین کو چھو
کر ہانڈی میں جھاڑیں اور باقی تمام عمل کو اسی طرح کریں۔ اس کے بعد
ہانڈی کو قبرستان میں دفن کر دیں۔ اسی طرح تین مرتبہ کرنے سے
ہر قسم کا اثر اور ہر قسم کی سفلی مخلوق جل جائے گی۔ انتہائی کامیاب
اور بے خطا عمل ہے کلمات مبارکہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ يَادَافِعَ الْبَلِيَّاتِ يَاحَلَّ الْمُشْكِلَاتِ

عامل کا عمل ضائع کرنا

اگر کسی سفلی عامل کا عمل ضائع کرنا ہو تو ان کلمات مبارکہ کو عامل
کے پہنے ہوئے کپڑے پر گیارہ مرتبہ لکھیں اور ان کلمات مبارکہ
کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھ کر اس کپڑے پر دم کر کے بوقت زوال اس

کپڑے کو قبرستان میں دفن کردیں۔ بفضل خدا عمل صالح ہوگا۔ کلمات مبارکہ یہ ہیں۔

یَا قَابِضُ فلاں بن فلاں کا فلاں عمل قبض کرو بحق

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْن

سفلی اثرات سے بچاؤ

یہ بہت ہی کامیاب اور خاص الخاص نقش ہے۔ اس نقش معظم کو بروز سوموار عصر و مغرب کے درمیان تیار کیا جاتا ہے۔ ان قرآنی حروف مقطعات کو سبز کاغذ پر زعفران سے قبلہ رو بیٹھ کر لکھیں۔ اپنے قریب خوشبو ضرور جلائیں۔ نقش لکھنے کے بعد ننگے سر کھڑے ہو اپنے دونوں ہاتھوں پر نقش رکھ لیں اور نقش پر لکھے ہوئے، قرآنی حروف مقطعات کو نو مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد نقش کو موم جامہ کرکے جو بھی اپنے پاس رکھے گا وہ ہر طرح کے سفلی اثرات اور دشمن کے سفلی وار سے محفوظ رہے گا۔ نورانی قرآنی حروف مقطعات یہ ہیں۔

الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓمٓصٓ۔ الٓرٰ الٓرٰ الٓرٰ کٓهٰیٰعٓصٓ کٓهٰیٰعٓصٓ

کٓهٰیٰعٓصٓ کٓهٰیٰعٓصٓ طٰهٰ طٰهٰ طٰهٰ طٰهٰ طٰسٓمٓ طٰسٓمٓ

طٰسٓمٓ طٰسٓمٓ طٰسٓمٓ طٰسٓ طٰسٓ طٰسٓ طٰسٓ

طٰسٓ طٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ

یٰسٓ یٰسٓ صٓ صٓ صٓ صٓ صٓ صٓ صٓ صٓ صٓ

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ

عٓسٓقٓ عٓسٓقٓ عٓسٓقٓ عٓسٓقٓ عٓسٓقٓ عٓسٓقٓ عٓسٓقٓ عٓسٓقٓ

عٓسٓقٓ عٓسٓقٓ عٓسٓقٓ قٓ قٓ قٓ قٓ قٓ قٓ قٓ قٓ قٓ

قٓ قٓ نٓ نٓ نٓ نٓ نٓ نٓ نٓ نٓ نٓ نٓ نٓ نٓ نٓ

دفع سحر

اگر کسی سفلی عمل یا سحر جادو وغیرہ سے جسم کا کوئی مخصوص حصہ متاثر ہو تو بروز اتوار ایک عدد میٹھی روٹی پکائیں جو صرف ایک طرف سے پکی ہوئی ہو اس روٹی پر ان کلمات مبارکہ کو ایک سو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ اس روٹی کو دوبارہ گرم کریں اور گرم گرم کو متاثرہ حصے پر پھیریں جب ٹھنڈی ہو جائے تو کسی کالے رنگ کے کتے کو کھلا دیں۔ بفضل خدا چند اتوار کرنے سے ہر قسم کا اثر دور ہو جائے گا۔ اس مجرب المجرب عمل کے کلمات مبارکہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ یَا شَافِی الْاَمْرَاضِ

حاضری بھوت پریت

ہر قسم کے بھوت پریت کی حاضری کے لیے یہ عمل بہت کامیاب ثابت

ہوا۔ جس کسی مریض پر بھوت پریت کا اثر ہو تو اُس مریض کو قبلہ رُخ جانماز پر بٹھائیں۔ اُس کے سامنے دیسی گھی کا ایک چراغ جلاکر رکھ دیں اور مریض کو حکم کریں کہ وہ چراغ کی لو پر نگاہ رکھے۔ خود مریض کے دائیں ہاتھ بیٹھ کر کلمات عمل کو پڑھنا شروع کر دیں۔ مریض پر وزن پڑنا شروع ہو جائے پھر مریض جوش میں آجائے گا۔ اور اُس کی آنکھیں سُرخ انگاروں کی طرح ہو جائیں گی۔ اس وقت مریض پر بھوت پریت حاضر ہوں گے اُن سے قسم لے کر انہیں بھگا دیں۔ حاضری کے وقت گوگل کا بخور جلائیں اس عمل کی مخفی قوتوں کو مسخر کرنے کے لیے اس کا چالیس روز چلہ کریں اور روزانہ اس عمل کے کلمات کو گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ دوران عمل اپنے سامنے دیسی گھی کا چراغ جلاکر اُس پر نگاہ رکھیں اور گوگل کا بخور جلائیں۔ جلالی جمالی پرہیز رکھیں۔ اس کے بعد جب بھی ضرورت ہو حاضری کریں۔ کلمات عمل یہ ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْهِ

حاضری دیو

یہ قرآنی عمل بہت زبردست قوتوں کا مالک ہے۔ اس عمل کی مخفی قوتیں فوراً آسیب کو مریض پر لا حاضر کرتی ہیں۔ یہ عمل میرے خاص الخاص معمولات سے ہے۔ پہلے اس عمل کا اکتالیس روز تک چلہ کریں روزانہ سورۂ جن کو ستر مرتبہ پڑھیں جلالی جمالی پرہیز رکھیں۔ کسی علیحدہ

پاک صاف اور آبادی سے دور حجرے میں اس عمل کو کریں۔ کثرت سے لوبان کی خوشبو جلائیں دوران عمل پانی کا ایک لوٹا اپنے پاس حصار کے اندر رکھیں۔ دوران عمل دروازہ کھڑکی یا روشندان ضرور کھلا رکھیں۔ اس کے بعد جب بھی ضرورت ہو تو آسیب زدہ مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر اپنا حصار کریں پھر سورۂ جن کو تلاوت کرنا شروع کریں۔ مریض پر آسیب حاضر ہو جائے گا۔ اُس سے دوبارہ نہ آنے کا وعدہ لے کر اُسے دفع کر دیں۔ اگر وہ کسی طرح بھی نہ مانے تو اُسے جلا دیں۔ آسیب کے چلے جانے یا جل جانے کے بعد مریض پر غشی طاری ہو جائے گی۔ مریض پر کپڑا ڈال دیں اور اُسے دبائیں۔ چند منٹوں کے بعد پانی پر سورۂ جن دم کر کے مریض کو پلائیں مریض ہوش میں آجائے گا۔ نہایت ہی تیز برقی تاثیر رکھنے والا عمل ہے۔

نکاح بندی کا طلسم

جس لڑکے یا لڑکی کا نکاح باندھنا ہو۔ اس کے سر کے چھ عدد بال حاصل کریں۔ ہر بال کو ایک ایک گرہ دیں ہر گرہ دیتے وقت ان طلسمی کلمات کو چھ مرتبہ پڑھ کر دم کرتے جائیں پھر بروز اتوار زوال کے وقت ان بالوں کو سیاہ کپڑے میں مردار کی ہڈی کے ساتھ رکھ کر باندھ دیں۔ اور ان پر کلمات مذکورہ کو چھیاسٹھ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کپڑے کو پیپل کی جڑ میں دفن کر دیں۔ کلمات اگلے صفحہ پر درج ہیں۔

بستو یا غلیموش بحق یا اللہ

حاضری جادو ٹونہ

ہر قسم کے سحر جادو اور ٹونے ٹوٹکے کی حاضرات کے لیے بہترین عمل ہے۔ کلمات عمل کا ایک نقش لکھ کر اس پر مریض اور اس کی والدہ کا نام لکھیں۔ اس نقش کو مریض کے سر پر رکھیں اور مریض کو اپنے سامنے بیٹھا کر کلمات عمل کو پڑھنا شروع کردیں۔ دوران عمل گوگل کا بخور جلائیں۔ سحر مریض کے سر چڑھ کر بولے گا۔ اس کی باتوں پر یقین نہ کریں۔ کلمات عمل پڑھتے رہیں جب مریض پرسکون ہوجائے تو اسے پانی دم کرکے پلادیں۔ اسی طرح پانچ روز تک حاضری کریں۔ مریض شفایاب ہوگا۔ عمل ہذا کی مخفی نورانی قوتوں کو عمل میں لانے کے لیے پہلے اس کا چالیس روز تک چلہ کریں۔ روزانہ کلمات عمل کو اکیس سو مرتبہ پڑھیں۔ جلالی جمالی پرہیز رکھیں۔ نورانی کلمات عمل یہ ہیں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ۔

حاضری ہمزاد

حاضرات ہمزاد کا یہ پرتاثیر عمل اسرار میں سے ہے۔ اگر کسی پر ہمزاد مسلط ہوجائے تو ایسے مریض کو اپنے سامنے بیٹھا کر کلمات عمل کو با تعداد پڑھنا شروع کردیں۔ ہمزاد مریض پر حاضر ہوجائے گا۔ دوران حاضری مریض کے سامنے کاغذ یا شیشے پر ایک سیاہ دائرہ بنا کر رکھیں۔ اور مریض کو اس دائرے میں دیکھتے رہنے کا حکم کریں۔ ہمزاد سے دوبارہ نہ آنے کا وعدہ لے کر اسے چلے جانا کا حکم کریں۔ اس عمل کی نورانی قوتوں کو اپنے عمل میں لانے کے لیے روزانہ کلمات عمل کو پانچ سو بار ہمیشہ پڑھتے رہیں آپ اس کے عامل ہوجائیں گے اور آپ کا عمل ہمیشہ رواں رہے گا۔ جب بھی ضرورت ہو اس سے کام لیں۔ کلمات عمل یہ ہیں۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ۔

حاضری مسان

یہ طلسمی اثرات رکھنے والا عمل حاضرات مسان کے لیے لاجواب عمل ہے یہ بارہا آزمودہ عمل تیر بے خطا ہے۔ آزمائیں اور مخلوق خدا کو فائدہ پہنچائیں اس عمل کا پہلے چالیس روز تک چلہ کریں۔ روزانہ کلمات عمل کو کسی علیحدہ کمرے میں تین ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ جلالی جمالی پرہیز رکھیں اس کے بعد جب بھی ضرورت ہو مسان زدہ مریض کو اپنے سامنے بٹھائیں مریض کو دونوں ہاتھ زمین پر لگانے اور آنکھیں بند کرکے سر جھکانے کا حکم کریں۔ اس کے بعد کلمات عمل کو پڑھنا شروع کریں۔

جب مریض سر مارنے لگے یا بولنے چلنے اور ہلنے سے قاصر ہو اور مریض کی آنکھوں میں خمار سا پیدا ہو جائے تو سمجھو کہ مسان حاضر ہیں۔ حکمت و تدبیر سے اُسے گفتگو کرنے پر مجبور کریں۔ اور اُسے دفع ہو جانے کا حکم دیں۔ اگر وہ جانے پر رضامند نہ ہو تو دیگر کوئی روحانی عمل کر کے اس کا علاج کریں۔ بفضلِ خدا مریض صحت مند ہوگا۔ کلمات عمل یہ ہیں۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْـہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

حاضری ڈائن ڈاکنی

اگر کسی پر ڈائن مسلط ہو گئی ہو۔ تو اُس مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر ان کلمات کو بلا تعداد پڑھنا شروع کر دیں جب مریض پر غنودگی طاری ہو جائے اور مریض کی آنکھیں سُرخ ہو جائیں تو مریض کا حصار کر دیں۔ حاضر ڈائن سے بات چیت کریں اور مریض کو چھوڑ دینے کا حکم کریں۔ اگر وہ کسی بھی بات پر نہ آئے تو اُسے جلا دیں۔ اس نورانی عمل کی مخفی قوتوں سے کام لینے کے لیے پہلے اس کا اکیس ۲۱ روز تک چلہ کریں جلالی جمالی پرہیز رکھیں اور ان نوری کلمات کو روزانہ اکتالیس سو مرتبہ پڑھیں۔ یہ نورانی عمل زبردست قوتوں کا حامل ہے اور میرے معمولات سے ہے۔ اس مجرب المجرب عمل کے کلمات مبارکہ یہ ہیں

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۰

حاضری سفلی اثرات بد

یہ نورانی قرآنی عمل حیرت انگیز اثرات کا حامل ہے اور میرے معمولات میں شامل ہے۔ اس نورانی عمل سے کام لینے کے لئے پہلے اس کا اکتالیس روز تک چلہ کریں۔ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ اور روزانہ اس مبارک عمل کے کلمات کو تیرہ سو تیرہ بار پڑھیں دورانِ عمل خوشبو جلائیں۔ اور عمل کو کسی پاک و صاف علیحدہ کمرے میں کریں۔ جلالی جمالی پرہیز رکھیں۔ عمل کے آخری روز سجدے میں اللہ تعالٰی سے عجز و انکسار سے کامیابی کی دعا کریں۔ اس کے بعد جب بھی ضرورت ہو۔ فائدہ اٹھائیں۔ جب بھی کوئی سحر زدہ یا ستاروں کے اثرات سے متاثر یا دیگر کسی سفلی ظلمت سے متاثر مریض آئے۔ تو اسے پاک و صاف جگہ پر قبلہ رو بٹھائیں۔ اور ان قرآنی کلمات کو پانچ سو مرتبہ پڑھیں۔ اور مریض پر دم کریں۔ مریض پر موجود اثر جوش کر آئے گا۔ اس کے بعد اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اس پانی کے مریض کے منہ پر چھینٹے ماریں اور مریض کو یہ پانی پلائیں۔ بفضلِ خدا مریض کو شفا ہوگی۔ اس برتی عمل کے کلمات مبارک یہ ہیں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔

حاضری موکلاتِ عناصر اربعہ

اگر کسی پر عناصر اربعہ کی سفلی مخفی مخلوق مسلط ہو جائے تو ایسے مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر ان کلماتِ مبارکہ کو بلا تعداد پڑھنا شروع کر دیں۔ جب مریض سر مارنے لگ جائے۔ یعنی کھیلنے لگ جائے۔ یا انگڑائیاں لینے لگے۔ یا تڑپنے لگ جائے

یا مریض پر بے خودگی کی کیفیت طاری ہو۔ یا وہ دیگر عجیب و غریب حرکتیں کرنے لگ جائے تو فوراً مریض کا حصار کر دیں۔ پھر مریض پر سختی کریں اور اسے چلے جانے کا حکم دیں۔ اگر کوئی بھی طریقہ کامیاب نہ ہو۔ تو انہیں جلا دیں۔ اس عمل کی روحانی قوتوں کو عمل میں لانے کے لئے روزانہ ان کلمات مبارکہ کو تین ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر تیس تیس مرتبہ درود شریف ہزارہ پڑھیں۔ عمل بعد از نماز عشاء کریں۔ عمل قبلہ رخ کھڑے ہو کر پاؤں پر پاؤں رکھ کر پڑھیں۔ جلالی جمالی پرہیز رکھیں۔ چالیس روز کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ دورانِ عمل گل سرس کا بخور جلائیں۔ عمل مکمل ہونے کے بعد روزانہ اس عمل کو ہمیشہ تیس مرتبہ پڑھتے رہا کریں۔ عمل رواں رہے گا۔ کلمات مبارک یہ ہیں۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ ۝

حاضری تعویذات۔

اگر کسی کو تعویذات کا اثر ہو۔ تو کلمات عمل کے تین نقش لکھیں۔ مریض کو اپنے بالمقابل بٹھائیں۔ ایک نقش کو پانی میں گھول کر پلائیں۔ دوسرے دونوں نقش اس کے دونوں ہاتھوں میں پکڑا دیں اور مریض کو آنکھیں بند کرنے کا حکم دیں۔ اور خود کلمات عمل کو پڑھنا شروع کریں۔ جب مریض میں جوش پیدا ہو جائے اور جمائیاں لینے لگے تو سورۂ فاتحہ اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلا دیں۔ جوش ختم ہو جائے۔ چند مرتبہ ایسا کرنے سے تعویذات کا اثر کلی طور پر ختم ہو جائے گا۔ اس عمل کی مخفی قوتوں کو قابو میں لانے کے لئے اس کا چالیس روز تک چلہ کریں۔ روزانہ کلمات عمل کو ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اور اس کے ایک سو گیارہ نقش لکھیں۔ عمل کے آخری روز تمام نقشوں کو چلتے پانی میں بہا دیں۔ عمل چل پڑے گا یہ نورانی عمل میرے خاص الخاص معمولات سے ہے۔ کلمات عمل یہ ہیں۔

أَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ فَاغْفِرْ لِيْ

حاضری پری

یہ نورانی عمل حاضرات کے نایاب عملیات میں سے بے مجرب المجرب عمل ہے۔ حاضرات کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ جس مریض پر پری مسلط ہو۔ اس کو اپنے پاس بٹھائیں۔ اس کے دائیں ہاتھ میں گلاب کا پھول پکڑائیں اور ایک سو ایک مرتبہ روحانی کلمات مبارکہ کو پڑھ کر پھول پر دم کریں۔ اور مریض کو سونگھنے کا حکم دیں۔ اسی طرح بار بار عمل کریں۔ جب مریض پر بے ہوشی طاری ہو جائے۔ اور مریض کا وجود بوجھل ہو جائے۔ تو سمجھو کہ پری مریض کے سر پر حاضر ہے۔ مریض کا حصار کر دیں۔ پری سے قول و قرار کر حصار توڑ دیں اور اسے بھگا دیں۔ عمل ھذا کی روحانی نورانی مخفی قوتوں کو حاصل کرنے کے لئے اس کا چالیس روز تک چلہ کریں۔ روزانہ عمل کے کلمات کو انیس سو مرتبہ پڑھیں عمل ختم ہونے کے بعد روزانہ انیس مرتبہ ہمیشہ پڑھتے رہیں۔ تاکہ عمل جاری رہے۔ عمل نورانی کے کلمات یہ ہیں۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
يَا عَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ

حاضری جنات

اس عمل کو نورانی مخفی قوتوں سے کام لینے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ آسیب زدہ مریض کو اپنے سامنے بٹھائیں۔ اور آیت الکرسی سے اپنا حصار کر کے سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر مریض کے چہرے پر دم کریں۔ پھر سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے کانوں میں دم کریں۔ اسی طرح مریض کے نتھنوں پر دم کریں۔ اس کے بعد اکتالیس بار پڑھ کر مریض کے چہرے پر دم کریں

آسیب حاضر ہو جائے گا۔ پھر سات بار پڑھ کر مریض کا حصار کر دیں۔ جنات سے قول و قرار لے کر اسے دفع کر دیں۔ حاضری کے دوران لوبان زعفران اور ایلوا زرد کی دھونی جلائیں۔ ہزاروں بار کا آزمودہ اور تجربہ شدہ عمل ہے۔ یہ نورانی قرآنی عمل میرے خاص معمولات سے ہے۔ اس قرآنی عمل کو اپنے عمل میں لانے کے لئے پہلے اس کا چالیس روز چلّہ کریں۔ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ روزانہ آیت الکرسی کو بعد از نماز عشاء پانچ سو مرتبہ پڑھیں اس عمل کو مسجد میں کریں۔ جلالی جمالی پرہیز کریں۔ اس کے بعد جب بھی ضرورت ہو حاضری کریں اور اس قرآنی عمل کی حیرت انگیز روحانی قوتوں سے فائدہ اٹھائیں۔

حاضری ڈاکنی چڑیل

یہ نورانی عمل بہت کامیاب ہے۔ جب بھی کسی مریض پر چڑیل ڈاکنی وغیرہ مسلط ہو جائے۔ تو آسیب زدہ مریض کو اپنے سامنے پاک و صاف کپڑے پر بٹھائیں۔ اور مریض کو آنکھیں بند کرنے کا حکم دیں۔ اور اس کے اوپر ایک سفید پاک و صاف کپڑا ڈال دیں۔ حاضری کا عمل جاری [illegible] کلمات عمل کو باقاعدہ پڑھنا شروع کر دیں۔ جب مریض کانپنے لگ جائے تو سمجھ لیں آسیب حاضر ہے [illegible]

[illegible]

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ۭ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ

ہر مرض کا نورانی دم

ہر قسم کے مرض کے لئے لاجواب چلتا دم جو میرا بارہا مرتبہ کا آزمایا ہوا۔ یہ نورانی عمل میرے معمولات میں سے ہے اور زبردست روحانی قوتوں کا حامل۔ اس عمل کی مخفی قوتوں کو مسخر کرنے کے لئے چالیس روز تک اس کا چلّہ کریں۔ اور روزانہ عمل کے کلمات مبارکہ کو اکیس سو مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر اکیس اکیس بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد جب بھی مریض کو اپنے سامنے آنکھیں بند کر کے بٹھائیں اور اپنے نزدیک پانی بھی رکھیں اور عمل کے کلمات مبارکہ کو ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کر مریض پہ دم کریں اور پانی پہ دم کر کے مریض کو پلائیں۔ اسی سات سات دن کے وقفے سے تین مرتبہ دم کریں۔ بفضل خدا مرض سے شفا ہو گی۔ کلمات مبارکہ یہ ہیں۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

حاضری ارواح خبیثہ

یہ نورانی عمل میرے خاص الخاص معمولات میں سے ہے اس روحانی عمل کی مخفی قوتیں زبردست اور حیرت انگیز [illegible] بفضل خدا [illegible] روحانی [illegible]

[illegible]

کریں۔ اگر مریض گھبرا نہ ہو سکے۔ تو سمجھو کہ مریض پر ارواح حاضر ہیں۔ ان کو بھگانے کے نفسیاتی طریقے استعمال کریں۔ اگر وہ نہ مانیں۔ تو عمل کے کلمات کو بلا تعداد پڑھنا شروع کر دیں۔ تا وقتیکہ وہ چلی نہ جائے۔ عمل کے نورانی کلمات مبارکہ یہ ہیں۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

حاضری دیوی

اگر کسی پر کوئی دیوی مسلط ہو جائے۔ اور پیچھا نہ چھوڑتی ہو تو اس نورانی عمل کی مخفی قوتوں سے کام لیں بہت لاجواب اور کامیاب عمل ہے۔ آسیب زدہ مریض کے پیچھے بیٹھ کر کلمات عمل کو بلا تعداد پڑھنا شروع کر دیں۔ دیوی مریض کے سر پر حاضر ہو جائے گی۔ یا مریض کے سامنے حاضر ہو جائے گی۔ اس سے شرطیں کر کے اسے بھگا دیں۔ کلماتِ عمل کی مخفی قوتوں کو مسخر کرنے کے لئے پہلے اس کا چالیس روز تک کسی ویران جگہ میں چلہ کریں۔ روزانہ کلمات کو تین ہزار تین سو تینتیس مرتبہ پڑھیں۔ دوران عمل حصار کے اندر رہیں۔ آخری روز عمل پڑھنے سے پہلے اپنے سامنے سات رنگوں کی مٹھائی رکھیں۔ عمل پڑھنے کے اس میں سے تھوڑی خود کھائیں۔ اور باقی بچوں میں تقسیم کر دیں جلالی جمالی پرہیز رکھیں۔ عمل کے بعد ہر جمعرات کو سات رنگ کی مٹھائی لے کر بچوں میں تقسیم کرتے رہا کریں۔ عمل رواں رہے گا۔ کلمات عمل یہ ہیں۔

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ

دشمن پر فالج گرانا

اگر کسی ظالم دشمن پر فالج گرانا ہو۔ تو دشمن کے سر کے بال حاصل کر کے تیرہ روز تک ساعت زحل میں روزانہ ان پر تین سو تیرہ مرتبہ یہ اسمائے روحانیہ پڑھ کر دم کریں۔ ان بالوں کو جلا کر ان کی

راکھ حاصل کریں۔ چٹکی بھر یہ راکھ دشمن کو کسی کھانے پینے والی چیز میں ملا کر کھلا دیں دشمن فالج میں مبتلا ہو جائے گا۔ اس عمل کی روحانی قوتوں کو حاصل کرنے کے لئے چاند گرہن کے وقت اس عمل کے اسمائے روحانیہ کو تا گرہن پڑھیں دوران عمل ایک پاؤں پانی میں رکھیں اور دوسرا پانی سے باہر رہے۔ اس کے بعد جب بھی ضرورت ہو۔ دشمن کے بالوں پر اس عمل کو کریں۔ کسی شریف آدمی پر ناجائز ظلم نہ کریں۔ اسمائے روحانیہ یہ ہیں۔

الف لام جیم باد الف را یَا سَمْعَیَائِیْلُ

نَحَقِّ الْقَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا
يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ۔

دشمن کے سر پر جوتے پڑیں

بجو کی دباغت دے کر خشک کی ہوئی کھال کا جوتا تیار کریں۔ اس پر عمل کے طلسمی کلمات کو پختہ سیاہی سے لکھیں اس کے بعد جب سورج کو گرہن لگے۔ تو ان کلمات کو چالیس بار پڑھ کر جوتے پر دم کریں۔ دوران عمل جوتے کو بائیں ہاتھ میں پکڑ کر رکھیں۔ اس کے بعد روزانہ دوپہر کو زوال کے وقت اسی طرح چالیس بار پڑھ کر دم کیا کریں۔ پھر جب دوبارہ سورج کو گرہن لگے تو اسی طرح عمل کو دہرائیں۔ عمل مکمل ہو گا۔ اس کے بعد جب بھی ضرورت ہو تو ساعت زحل میں زمین پر دشمن کی شکل بنائیں۔ اور چالیس بار طلسمی کلمات کو پڑھیں اور دشمن اور اس کی والدہ کا نام لے کر اس پر جوتے ماریں۔ اسی طرح دشمن کے سر پر جوتے پڑیں گے۔ ناجائز ظلم نہ کریں۔ کلمات یہ ہیں۔

یَا جَلْطَلِیْشُ ۔ یَا جَلْمُطَلِیْشُ ۔ یَا دَکَارَشُ

یَا مُنْتَطَعُ ۔ یَا مَنْجِیْقَالَعُ ۔ یَا مُسْلِطِیْعُ

أَجِبْ وَحَقِّ يَا أَلْقَيَائِيلُ بِحَقِّ هٰذِهِ الْأَسْمَاءِ
[illegible] وَبِحَقِّ أَهْيَا أَشْرَاهِيَا

مخفی مخلوق سے سنگ باری کرانا

اس کی مخفی قوتوں کو مسخر کرنے کے [illegible] ہو تو کسی بڑے [illegible]

[illegible] یہ عمل [illegible] شروع کریں۔ [illegible] نصف رات [illegible] کے پاس بیٹھیں۔ لوگوں کا مجمع [illegible] جائیں [illegible] کلمات کو [illegible] پڑھیں [illegible] کے نیچے لگ کے [illegible] روشن کریں [illegible] اور چراغ [illegible] سے [illegible] روشن کریں [illegible] پڑھیں [illegible] کے صرف ایک [illegible] وقت [illegible] عمل [illegible] خون پر سنگ باری ہوگی [illegible] ضرورت نہیں۔ عمل ختم ہوتے ہی سنگ باری ختم ہو جائے گی [illegible] جب بھی ضرورت ہو [illegible] کے قریب جا کر حصار باندھ کر عمل پڑھیں اور چراغ روشن کریں۔ عمل مذکورہ پڑھنا شروع کریں۔ جب سنگباری شروع ہو جائے [illegible] جگہ فلاں شخص کے [illegible] سنگ باری کرو [illegible] آپ کے حکم کی تعمیل کریں گے۔ اور پھر اس کے بعد وقفے وقفے سے [illegible] سنگ باری ہوتی رہے گی۔ کسی شریف آدمی پر ناجائز ظلم نہ کریں [illegible]۔ کلمات یہ ہیں۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْأَرْوَاحِ وَالْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ مِنْ
كُنُوزِ الْمُلْكِ بِحَقِّ أَهْيَا وَأَشْرَاهِيَا بِحَقِّ حَضْرَتِ سُلَيْمَانَ ابْنِ

دَاوُدَ خَلِيْفَةِ اللّٰهِ

سلب امراض کا مجرب عمل

[illegible]

[illegible] کامیاب [illegible] بے شمار [illegible] عمل [illegible] حضرات [illegible] ہے۔ [illegible] عمل [illegible] کامیاب [illegible] ہیں۔ اس عمل کی [illegible] مخفی قوتوں کو مسخر کرنے کا طریقہ یہ ہے اس عمل کا چلہ [illegible] کریں [illegible] کے سامنے شمع روشن کر کے رکھ دیں [illegible] کلمات مبارکہ کو [illegible] پڑھیں [illegible] شمع [illegible] اور [illegible] خوشبو کا بخور جلائیں [illegible] پر [illegible] کریں۔ [illegible] کے بعد عمل شروع کریں [illegible] جب بھی ضرورت ہو مریض کو اپنے سامنے [illegible] بٹھائیں۔ پھر [illegible] پر توجہ کر کے سب [illegible] کی نیت سے کلمات مبارکہ کو [illegible] پڑھنا شروع کریں جسم کے [illegible] چہرے پر ہاتھ آہستہ آہستہ پھیرتے رہیں۔ بفضل خدا مریض شفایاب ہوگا۔ اگر کچھ کمی رہ گئی ہو تو پھر کسی دوسری نشست میں اسی طرح عمل کریں۔ قرآنی کلمات مبارکہ یہ ہیں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

ستاروں کے نحس اثرات کا علاج

اگر کسی پر ستاروں کے نحس اثرات ہو جائیں۔ تو وہ صبح و شام ان کلمات مبارکہ کو ایک سو گیارہ بار میٹھے پانی پر دم کر کے پئے۔ بفضل خدا اسی طرح گیارہ روز عمل کرنے سے ہر طرح کے اثرات دور ہو جائیں گے۔ کلمات مبارکہ اگلے صفحہ پر دیئے گئے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَنْوَادِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

حیض جاری کرنے کا طلسمی عمل۔

اس عمل کی روحانی قوتوں کو مسخر کرنے کے لئے پہلے اس عمل کو روزانہ چلتے پانی کے کنارے سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھیں۔ کل چھبیس روز عمل کریں۔ عمل بروز اتوار ذوالقعد الحرام کے مہینے میں شروع کریں۔ روزانہ نماز عشاء کے بعد پڑھائی شروع کریں اس کے بعد جب بھی ضرورت ہو بعد نماز عشاء اندھیری راتوں میں نہر کے کنارے جائیں اور عمل کی ساعت میں ایک عدد لیموں پر اس عمل کے کلمات کو چھبیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر عورت اور اس کی والدہ کا نام چھبیس مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد دائیں ہاتھ سے بہہ کر کانٹا چبھو دیں اور بائیں ہاتھ میں لیموں پکڑ کر آسمان کی طرف منہ کر کے کلمات عمل کو بلا تعداد پڑھنا شروع کر دیں۔ جب آسمان سے تارا ٹوٹے تو فوراً کانٹا لیموں کے آر پار کر دیں عورت کا حیض جاری ہو جائے گا جب تک کانٹا لیموں میں سے نہ نکالیں گے حیض بند نہ ہو گا۔ بندش حیض کے لئے بہترین سریع التاثیر عمل ہے۔ کسی ناجائز جگہ اس عمل کو نہ کریں۔ ورنہ گنہگار ہوں گے کلمات عمل یہ ہیں۔

جل چلے کام چلے اللہ کا نام چلے بحق

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۰

کُشتہ سونا

اجزاء: مصفیٰ اور خالص سونے کے ورق چھ ماشے۔ رس گھیکوار مقطر ایک سیر۔ دو عدد مٹی کی پیالیاں۔ اوپلے بیس سیر۔

سونے کا تصفیہ کرنا۔ لیموں کاغذی پانی آدھ پاؤ۔ گیرو تین تولہ۔ نمک خوردنی تین تولہ کو باہم خوب کھرل کریں۔ اس میں تھوڑا سا پانی ڈال کر مقطر کر لیں۔ اس پانی میں سونے کے پترے کو گیارہ بار سرخ کر کے بجھائیں۔ اس کے بعد اس کے ورق تیار کرائیں۔ اگر سونے کو صاف نہ کیا جائے تو اس کا کشتہ کامل فائدہ نہیں دیتا۔ بلکہ تلی کو خشک کر کے کمزوری پیدا کرتا ہے۔ دماغ میں فتور پیدا کر کے اعصاب پر بھی برا اثر ڈالتا ہے۔

طریقہ تیاری مصفیٰ اور خالص سونے کے ورقوں کو کسی پختہ کھرل میں نصف سیر رس گھیکوار میں کھرل کریں۔ اس کے بعد چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر خشک ہونے پر دو پیالوں میں اچھی طرح گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ دوبارہ اس میں پھر نصف سیر رس گھیکوار ڈال کر پختہ کھرل میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر دو پیالوں میں رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کشتہ نکال کر محفوظ کر لیں۔ اعلیٰ درجہ کا بے چمک کشتہ تیار ہو گا۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن کھلائیں۔

خواص و فوائد: قوت مردمی، سرعت انزال کے لئے لاجواب اکسیر ہے۔ جسم میں نئی قوت و طاقت پیدا کرتا ہے۔ چہرے

کا رنگ سُرخ کرنا اور جسم میں حرارت غریزی پیدا کرنا اس کا ادنےٰ کرشمہ ہے۔

دیگر اجزا: خالص سونے کا مصفیٰ برادہ چھ ماشے۔ نیم کے پتوں کا پانی ایک پاؤ۔ چھمک نولی کی شاخوں اور پتوں کا مقطر رس ایک پاؤ۔ مٹی کے دو پیالے۔ اوپلے دس سیر۔

سونے کا مصفیٰ کرنا ایک پاؤ لیموں کے رس میں ایک چھٹانک نمک خوردنی حل کر کے آگ پر رکھیں۔ اس میں سونے کا برادہ ڈال کر پکائیں۔ ایک چھٹانک پانی رہنے پر اتار لیں۔ اس کے بعد برادے کو نکال کر صاف پانی سے سات بار دھولیں۔ برادہ مصفیٰ ہو جائے گا۔ اگر سونے کا تصفیہ نہ کیا جائے گا تو کشتہ ٹھیک نہیں بنے گا۔ غیر مصفیٰ سونے کا کشتہ خون کو خراب کرتا ہے منی کو خشک کرتا ہے۔ دماغ پر اثر انداز ہوتا ہے۔

طریقہ تیاری سونے کے مصفیٰ برادے کو پختہ کھرل میں پہلے نیم کے پتوں کے پانی میں۔ پھر چھمک نولی کے رس میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنالیں۔ خشک ہونے پر مٹی کے دو پیالوں کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور شیشی میں محفوظ کر لیں۔ بے چمک کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن کھلائیں۔

خواص و فوائد نامردی، سرعت انزال۔ خرابی خون۔ تقویت قلب۔ کمزوری جریان۔ احتلام وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔

نیم کے پتوں کا پانی حاصل کرنا نیم کے پتوں کا پانی حاصل کرنے کا طریقہ

یہ ہے کہ ایک پاؤ نیم کے پتوں کو خوب گھوٹیں۔ اس کے بعد اس میں تقریباً پانچ چھٹانک پانی ڈال کر آگ پر جوش دیں۔ تقریباً ایک پاؤ رہنے پر اتار لیں۔ پانی مقطر کر کے شیشے کے برتن میں محفوظ کر لیں۔

چھمک بوٹی کا رس حاصل کرنا چھمک بوٹی کی شاخوں اور پتوں کو کوٹ کر کپڑے کی مدد سے اس کا رس نچوڑ لیں۔ پھر اسے مقطر کر کے شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔

دیگر اجزاء: خالص اور مصفیٰ سونے کا برادہ ایک تولہ ادرک کا مقطر رس دو پاؤ۔ تازہ برگ منڈی کا مقطر رس دو پاؤ۔ دو عدد مٹی کے چھوٹے پیالے۔ پندرہ سیر اوپلے۔

سونا مصفیٰ کرنا لیموں کا پانی ایک پاؤ۔ گیرو تین تولہ نمک خوردنی تین تولہ۔ سادہ پانی ایک پاؤ۔ ان سب کو آگ پر رکھ کر اس میں سونے کا پترا ڈال کر پکائیں۔ پانی خشک ہونے پر سونے کو نکال کر برادہ بنالیں مصفیٰ برادہ تیار ہوگا۔

طریقہ تیاری سونے کے برادے کو پہلے دو پاؤ ادرک کے مقطر رس میں کھرل کریں۔ اس کے بعد اس کو دو پاؤ برگ منڈی کے رس میں کھرل کریں۔ کھرل پختہ استعمال کریں۔ کھرل کرنے کے بعد اس کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنالیں۔ خشک ہونے پر دو مٹی کے پیالوں میں گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر کشتہ محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک | ایک چاول پانچ تولہ مکھن کے ہمراہ دیں۔

خواص و فوائد | ضعف باہ۔ ضعف قلب۔ ضعف دماغ۔ ضعف معدہ اور ضعف جگر کے لئے سریع الاثر اکسیر ہے۔

دیگر | خالص سونے کا مصفیٰ برادہ۔ چھ ماشہ کو پہلے ایک پاؤ گلاب کے پھولوں کے پانی میں کھرل کریں۔ اس کے بعد ایک پاؤ نیم کے پتوں کے پانی میں کھرل کریں۔ اس کے بعد ٹکیہ بنا کر دو مٹی کے پیالوں کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر محفوظ کر کے رکھ لیں۔ سونے کو پہلے بتائے گئے کسی طریقہ کے مطابق مصفیٰ کر لیں۔

مقدار خوراک | نصف چاول ہمراہ بالائی دیں۔

خواص و فوائد | نامردی کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

دیگر | خالص سونے کا مصفیٰ برادہ چھ ماشہ کو پہلے عرق لیموں ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ اس کے بعد عرق گلاب ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ پانچ تولہ اجوائن کے نغدہ میں رکھ کر پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر شیشی میں محفوظ کر لیں۔

سونا مصفیٰ کرنا | نمک خوردنی۔ گیرو۔ سرخ اینٹ کا برادہ۔ ان کو لیموں کے پانی میں کھرل کریں۔ حسب ضرورت سادہ پانی ڈال کر مقطر کر لیں۔ اس میں چند بار سونا بجھائیں۔

خواص و فوائد | ضعف باہ کے لئے مفید و لاجواب ہے۔

مقدار خوراک | ایک چاول ہمراہ مکھن دیں۔

کشتہ سونا پارہ والا | اجزاء: خالص سونے کا مصفیٰ برادہ چھ ماشہ۔ پارہ مصفیٰ چھ ماشہ۔ پھول گلاب کا مقطر رس دس تولہ۔ برگ تلسی کا مقطر پانی دس تولہ۔ آک کا دودھ دس تولہ۔ پوست نیم کا مقطر پانی بیس تولہ۔ دو مٹی کے پیالے۔ اوپلے تیس سیر۔

طریقہ تیاری | پہلے پارے اور سونے کو خوب کھرل کریں۔ اس کے بعد پھول گلاب کے مقطر رس۔ برگ تلسی کے مقطر رس (پانی) آک کے دودھ۔ پوست نیم کے مقطر پانی۔ گھیکوار کے رس۔ لیموں کے مقطر پانی میں باری باری پختہ کھرل میں خوب کھرل کریں۔ اس کے بعد خشک ہونے پر چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر دو مٹی کے پیالوں میں اچھی طرح گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر اس کشتہ کو سادہ پانی کی مدد سے آٹھ گھنٹے پھر کھرل کریں۔ اس کے بعد چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر دو پیالوں میں اچھی طرح گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور محفوظ کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک | ایک چاول ہمراہ پانچ تولہ بالائی دیں۔

فوائد و خواص | بوڑھوں اور ناکارہ سے ناکارہ قوت باہ کے مریضوں کو جوانی کی طاقت عطا کرتا ہے۔ چہرے کو نکھارتا اور جسم میں چستی پیدا کرتا ہے۔ سل۔ دق کے مریضوں کے لئے بھی مجرب ہے۔

کشتہ سونا شنگرف والا | اجزا: خالص مصفیٰ سونے کے ورق چھ ماشہ۔ شنگرف رومی چھ ماشہ۔ گندھک آملہ سار

تین ماشہ۔عرق گلاب سہ آتشہ تین پاؤ۔ستیاناسی بوٹی کا مقطر رس۔ایک پاؤ۔
پان کے پتوں کا مقطر رس ایک پاؤ۔دو مٹی کے پیالے۔اوپلے ایک من۔

طریقہ تیاری پہلے پختہ کھرل میں شنگرف کو عرق گلاب سے کھرل کرتے جائیں اور ایک ایک ورق ملاتے جائیں۔ساتھ تھوڑی تھوڑی گندھک بھی ملاتے جائیں۔جب تین پاؤ عرق ختم ہو جائے تو خشک ہونے پر چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر دو پیالوں میں اچھی طرح گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اُپلوں کی آگ دیں۔سرد ہونے پر نکال کر اس کو پہلے ستیاناسی بوٹی کے رس میں اور پھر پان کے پتوں کے رس میں کھرل کریں۔اس کے بعد چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر دو پیالوں میں اچھی طرح گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔نکال کر محفوظ کر لیں۔نہایت اعلےٰ درجہ کا کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن دیں۔

فوائد و خواص جوانیوں کی بے اعتدالیوں سے پیدا شدہ خرابیوں کو دور کرتا ہے۔نامردی کے لئے اکسیر ہے۔

کشتہ سونا مکھی اجزاء: سونا مکھی مصفیٰ ایک تولہ۔پیاز کا مقطر پانی تین تولہ۔سبز حرمل کا مقطر پانی ایک پاؤ۔مٹی کی دو چھوٹی پیالیاں۔اوپلے دس سیر۔

تصفیہ سونا مکھی سونا مکھی کو آب ترپھلہ (ہرڑ۔بہیڑہ۔آملہ۔تینوں کا سفوف بنا کر پانی میں جوش دیں اور مقطر کر لیں) کے پانی میں گیارہ

بار بجھائیں۔

طریقہ تیاری سونا مکھی کو پختہ کھرل میں پہلے پیاز کے پانی میں کھرل کریں۔اس کے بعد سبز حرمل کے پانی میں کھرل کریں۔اس کے بعد سبز حرمل کے پانی میں کھرل کریں۔اس کے بعد خشک ہونے پر چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر دو پیالوں میں اچھی طرح گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔سرد ہونے پر کشتہ محفوظ کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ بالائی دیں۔

خواص و فوائد جوڑوں کے درد۔دمہ۔سرعت انزال۔امساک کے لئے لاجواب و اکسیر ہے۔

دیگر سونا مکھی مصفیٰ دو تولہ کو برگ مہندی ایک پاؤ کا شہد بہ سے نغدہ بنا کر اس میں رکھ کر پندرہ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔سرخ کشتہ تیار ہوگا۔

سونا مکھی مصفیٰ کرنا سونا مکھی کو ایک تولہ نمک خوردنی اور لیموں یا گلگل کے پانی میں حسب ضرورت پکائیں۔

کشتہ سونا مکھی پارہ والا اجزاء: سونا مکھی مصفیٰ ایک تولہ۔پارہ مصفیٰ چھ ماشہ۔برگ خا دس تولہ۔دودھ آک ایک پاؤ۔دودھ تھوہر ایک پاؤ۔لہسن کا مقطر پانی دو پاؤ۔مٹی کے دو پیالے۔اوپلے تیس سیر۔

طریقہ تیاری پہلے سونا مکھی اور پارہ کو پختہ کھرل میں خوب کھرل کریں۔

اس کے بعد آک کے دودھ اور تھوہر کے دودھ میں باری باری کھرل کریں۔ پھر برگ حنا کے نغدہ میں دو پیالوں کے اندر خشک ٹکیاں بنا کر اچھی طرح گل حکمت کرکے دس سیر اپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں پھر اس کو ایک پاؤ لہسن کے پانی میں کھرل کرکے دوبارہ حسبِ معمول دس سیر آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر اس کو تیسری بار لہسن کے ایک پاؤ پانی میں کھرل کریں۔ اور پھر دس سیر اوپلوں کی حسب معمول آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

سونا مکھی مصفیٰ کرنا ارنڈی کا تیل تین تولہ۔ کیلے کا رس تین تولہ۔ لیموں کا پانی آدھ پاؤ۔ ان سب کو باہم ملا کر اس میں سونا مکھی کو پکائیں

مقدارِ خوراک دو چاول ہمراہ بالائی دیں۔

خواص وفوائد امراض ضعف باہ۔ گردہ مثانہ کی پتھری اور ہر قسم کی بواسیر کے لئے اکسیر ہے۔

کشتہ چاندی اجزاء: خالص مصفیٰ چاندی کے ورق ایک تولہ مصفیٰ پارہ چھ ماشہ۔ مقطر رس جامن ساٹھ تولہ۔ کٹھکل ایک پاؤ۔ بھنگرہ ایک پاؤ۔ برگ نیم ایک پاؤ۔ مٹی کے پیالے دو عدد۔ اوپلے بیس سیر۔

طریقہ تیاری پختہ کھرل میں پارہ میں ایک ایک ورق ڈال کر اور تھوڑا تھوڑا رس جامن ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب بیس تولہ رس جامن اور تمام ورق حل ہو جائیں۔ تو ٹکیہ بنا کر بھنگرہ کے نغدہ میں خشک ہونے پر دو پیالوں کے نغدہ میں ٹکیہ رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پھر بیس تولہ رس جامن میں کھرل کریں۔ اور پہلے کی طرح

برگ نیم کے نغدہ میں رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال دیں۔ اور تیسری بار پھر بیس تولہ جامن کے رس میں کھرل کرکے کٹھکل کے نغدہ میں پہلے کی طرح دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہوگا۔

چاندی مصفیٰ کرنا چاندی کے پترے کو گیارہ بار لیموں کے رس میں بجھائیں۔

مقدار خوراک دو چاول ہمراہ مکھن ایک چھٹانک۔

خواص وفوائد نامردی۔ سرعت انزال۔ غلط کاریوں کی وجہ سے ضائع شدہ قوت کو واپس لاتا ہے اور جسم میں نئی برقی قوت پیدا کرتا ہے۔

دیگر اجزاء: خالص مصفیٰ چاندی کا برادہ چھ ماشہ۔ ڈنڈا تھوہر کا مقطر رس دو پاؤ۔ دو چھوٹے مٹی کے پیالے۔ اوپلے دس سیر۔

طریقہ تیاری چاندی کے مصفیٰ برادے کو پختہ کھرل میں ڈنڈا تھوہر کے رس میں خوب کھرل کریں۔ اس کے بعد چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر خشک ہونے پر دو پیالوں کے درمیان اچھی طرح گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کشتہ محفوظ کرکے رکھ لیں۔

چاندی کا تصفیہ کرنا چاندی کے برادے کو آدھ پاؤ لیموں کے پانی میں پکائیں۔

مقدارِ خوراک دو چاول ہمراہ مکھن دیں۔

خواص وفوائد سرعت انزال۔ جریان۔ احتلام کے لئے مجرب ہے۔

دیگر اجزاء: خالص مصفیٰ چاندی کا برادہ ایک تولہ۔ ادرک کا مقطر رس

ایک پاؤ۔ برگ بھوپھلی کا پانی ایک پاؤ۔ لیموں کا مقطر رس ایک پاؤ۔ مٹی کی دو چھوٹی پیالیاں۔ اوپلے پندرہ سیر۔

طریقہ تیاری برادہ چاندی کو پختہ کھرل میں پہلے ادرک کے رس سے پھر برگ بھوپھلی کے رس سے اور پھر لیموں کے رس سے بالترتیب اچھی طرح کھرل کریں۔ اس کے بعد چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر خشک ہونے پر دو پیالوں میں رکھ کر اچھی طرح گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر محفوظ کر لیں۔

چاندی مصفی کرنا چاندی کے پترے کو پانچ تولہ املی کے رس میں گیارہ بار بجھائیں۔ پھر برادہ بنا کر استعمال کریں۔

مقدار خوراک دو چاول

خواص و فوائد دل۔ دماغ اور جگر کی طاقت کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

دیگر خالص مصفی برادہ چاندی ایک تولہ کو پانچ تولہ شیر مدار (آک کے دودھ) میں کھرل کریں۔ دس تولہ برگ مدار (آک کے پتے) کے نغدہ میں رکھ کر دس سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر کشتہ محفوظ کر کے رکھ لیں۔

چاندی مصفی کرنا چاندی کا پترا بنا کر اسے آگ میں سرخ کر کے آدھ پاؤ انگور کے مقطر پانی میں گیارہ بار بجھائیں۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ بالائی۔

خواص و فوائد قوت مردمی اور سر چکرانے کے لئے اکسیر ہے۔

دیگر خالص مصفی برادہ چاندی ایک تولہ کو پہلے دودھ بوڑھ پانچ تولہ میں کھرل کریں۔ اس کے بعد نیم کے پتوں کے ایک پاؤ پانی میں کھرل کریں۔ اس کے بعد اس کی ٹکیہ بنا کر دو پیالوں کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر محفوظ کر لیں۔

چاندی مصفی کرنا چاندی کے برادے کو ایک پاؤ لسی میں پکائیں۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بالائی۔

خواص و فوائد جریان۔ احتلام اور سوزاک کے لئے مجرب ہے۔

دیگر برادہ چاندی ایک تولہ کو پہلے پانچ تولہ آک کے دودھ میں کھرل کریں پھر دس تولہ آب انار ترش میں کھرل کریں۔ پھر دس تولہ عرق گلاب میں کھرل کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتے کو دو مٹی کے پیالوں میں محفوظ الہوا گڑھے میں تیار کریں۔

چاندی کا تصفیہ کرنا چاندی کے برادے کو آدھ پاؤ آب ترپھلہ مقطر میں پکائیں۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بالائی

خواص و فوائد جریان۔ احتلام اور سوزاک کے لئے اکسیر ہے۔

کشتہ تانبہ اجزاء: تانبے کا پیسہ مصفی ایک عدد پترا بنا ہوا۔ بھلانوہ سات تولے مصفی سونا مکھی تین تولہ۔ مٹی کی پیالیاں دو عدد۔ اوپلے بیس سیر۔

طریقہ تیاری سونا مکھی کے سفوف کے درمیان پیسے کو رکھیں۔ اس کے بعد

اس کو بعد دو کے نخدے کے درمیان رکھ کر دو پیالوں میں اچھی طرح گل حکمت کرکے محفوظ ہوا گڑھے میں بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ بعد ہو کو کوٹتے وقت اس کو جسم کے کسی حصہ پر چھینٹا نہ پڑنے دیں۔

تانبے کا پیسہ مصفیٰ کرنا پیسے کو آگ میں سرخ کرکے تھوہر اور آک کے دودھ میں بیس بیس بار بجھائیں۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ ایک چھٹانک مکھن

خواص و فوائد ضعف باہ، دمہ، آتشک، درد جوڑوں کے درد کے لئے مجرب ہے۔

دیگر اجزاء: مصفیٰ تانبے کا پیسہ ایک عدد۔ سونا مکھی پانچ تولہ، سرکہ پانچ تولہ۔ مٹی کے دو عدد پیالے۔ اوپلے پندرہ سیر

طریقہ تیاری تانبے کو کوٹ کر پترہ بنائیں۔ اس کو گرم کرکے گیارہ بار آگ میں سرخ کرکے سرکہ میں بجھائیں۔ سونا مکھی کو کوٹ کر اسی سرکہ سے کھرل کرکے پترے کے ارد گرد رکھ کر دو پیالوں میں گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر محفوظ کرکے رکھ لیں۔

پیسے کا تصفیہ کرنا پیسے کو آگ میں سرخ کرکے اکتالیس بار کھٹے دہی میں بجھائیں۔

ہدایت سرمہ میں استعمال کریں۔ کھانے کے قابل نہیں۔

دیگر اجزاء، مصفیٰ تانبے کا پترا ایک تولہ۔ ہڑتال زرد پانچ تولہ۔ مٹی کے دو پیالے۔ اوپلے پندرہ سیر۔

طریقہ تیاری دو پیالوں میں تانبے کے پترے کے اوپر نیچے نصف نصف ہڑتال زرد رکھ کر گل حکمت کرکے خشک ہونے پر محفوظ ہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر شیشی میں محفوظ کرلیں۔

تانبے کا تصفیہ کرنا تانبے کے پترے کو السی کے تیل میں آگ میں سرخ کرکے اکیس بار بجھائیں۔

ہدایت کھانے کے قابل نہیں۔ سرمہ میں استعمال کریں۔

دیگر اجزاء: مصفیٰ تانبے کا پترا ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار پانچ تولہ۔ آک کا دودھ ایک پاؤ۔ تھوہر کا عصارہ ایک پاؤ۔ گلاب کے پھولوں کا رس ایک پاؤ۔ مٹی کے دو پیالے۔ اوپلے پچیس سیر۔

طریقہ تیاری تانبے کے پترے کو دو پیالوں میں گندھک آملہ سار رکھ کے درمیان رکھ کر گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ پھر اس کو آک کا دودھ تھوہر کے رس اور گلاب کے رس میں بالترتیب کھرل کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر محفوظ کریں۔

تانبا مصفیٰ کرنا املی اور نمک ملے پانی میں پترا ڈال کر پکائیں۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ پانچ تولہ بالائی دیں۔

خواص و فوائد نامردی کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

دیگر مصفیٰ برادہ تانبہ ایک تولہ کو پہلے پندرہ تولہ دودھ آک میں کھرل کریں

پھر پندرہ تولہ نیم کے پتوں کے پانی میں کھرل کریں۔ پھر پندرہ تولہ آب گھیکوار میں کھرل کریں۔ اس کے بعد ٹکیہ بنا کر دو پیالوں کے درمیان رکھ کر ایک من اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں سرد ہونے پر کشتہ محفوظ کرلیں۔

تانبہ مصفی کرنا تانبے کے پترے کو اکتالیس بار تھوہر کے دودھ میں آگ میں سرخ کرکے بجھائیں۔ برادہ بنا کر استعمال میں لائیں۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ بالائی

خواص وفوائد نامرد کو مرد بنانے والا لاجواب کشتہ ہے۔

دیگر بوٹی جل نیم اور بوٹی ستیاناسی ہر ایک پانچ تولے لے کر نغدہ بنا کر پیسے کے اوپر لپیٹ کر گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح تین آگ دیں، کشتہ تیار ہوگا۔

پیسے کا تصفیہ کرنا سرسوں کا تیل۔ گھیکوار کا رس کلبھی کا جوشاندہ۔ شہد۔ دہی گائے کا گھی اور لیموں کے رس میں گیارہ گیارہ بار آگ میں سرخ کرکے پیسے کو بجھائیں۔

خواص وفوائد آتشک مصفی خون مقوی باہ کے لئے مفید ہے۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ ایک چھٹانک مکھن دیں۔

دیگر تانبے کا ایک عدد پیسہ لے کر گرم سرخ کرکے ڈنڈا تھوہر کے دودھ میں چالیس بار بجھائیں۔ اس کے بعد آدھ سیر ڈنڈا تھوہر کے نغدہ میں رکھ کر پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح تین چار آگ میں کشتہ تیار ہوگا۔

خواص وفوائد جوڑوں کے درد۔ درد اور ہیضہ کے لئے مفید ہے۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ بالائی۔

دیگر برادہ تانبہ ایک تولہ کو دس تولہ شیر مدار میں کھرل کریں۔ پھر دس تولہ آب دھتورا میں کھرل کرکے تیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

تانبہ مصفی کرنا مغز تخم ببول، مغز تخم کدو۔ دونوں کو گائے کے گھی میں کھرل کرکے تانبے کے پترے پر لیپ کرکے خشک ہونے پر آگ میں سرخ کریں۔ یہ عمل پانچ بار کریں۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن دیں۔

خواص وفوائد نامردی اور جوڑوں کے درد کے لئے بہت مجرب ہے۔

دیگر تانبے کے ایک پیسے پر چھ ماشہ ہڑتال ورقیہ پیس کر لیپ کردیں۔ تیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

پیسے کا مصفی کرنا پیسے کو آگ میں سرخ کرکے آک اور تھوہر کے دودھ میں باری باری اکیس اکیس بار بجھائیں۔

خواص وفوائد ضعف باہ۔ درد پسلی اور جوڑوں کے درد کے لئے مفید ہے۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن دیں۔

دیگر تانبے کا ایک پیسہ لے کر ایک پاؤ ستیاناسی بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر پرانے کپڑوں سے کپڑ وٹی کرکے تیس سیر آگ دیں۔

پیسے کا تصفیہ کرنا پیسے کو آگ میں سرخ کرکے ایک سو ایک بار آب زہلیہ میں بجھائیں۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ بالائی دیں۔

خواص وفوائد نامرد کو مرد بنانے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

کشتہ بنانے کے لئے ضروری ہدایات

۱۔ بوٹی جوبن پر اور خوبصورت ہو۔

۲۔ بوٹی کا رس تازہ اور نتھار کر استعمال کریں۔

۳۔ ٹکیہ خشک کریں۔

۴۔ نغدہ تازہ بوٹی کا لیں۔

۵۔ نئی کپڑ وٹی خشک کرکے دوسری کریں۔

۶۔ گل حکمت کے لئے مٹی چکنی لیں۔

۷۔ عمدہ اور خالص دھات لیں۔

۸۔ پیالوں کے منہ اچھی طرح پیوست کریں۔

۹۔ کشتہ کی خوراک آہستہ آہستہ بڑھائیں۔ آہستہ آہستہ کم کریں۔ گھی۔ دودھ مکھن۔ بالائی زیادہ دیں۔

۱۰۔ گرمیوں میں گرم کشتہ جات احتیاط سے استعمال کریں۔ خوش رہیں۔ جماع سے پرہیز کریں۔

۱۱۔ اچار بادی ترش اشیاء سرخ مرچ اور تیز نمک استعمال نہ کریں۔

۱۲۔ کشتہ مکھن یا کیپسول میں استعمال کریں۔

۱۳۔ عرق گلاب خالص سے آشنہ استعمال کریں۔ بازاری نہ لیں۔

۱۴۔ آگ گڑھا کھود کر اور ہوا سے بچا کر آہستہ آہستہ دیں۔

کشتہ فولاد گندھک والا

اجزاء: اعلیٰ مصفیٰ فولاد کا برادہ تین تولہ۔ گندھک مصفیٰ ایک تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ لیموں کا مقطر رس آدھ سیر۔ گھیکوار کا مقطر رس آدھ سیر۔ مٹی کے پیالے دو عدد۔ اوپلے بیس سیر۔

تیاری: فولاد کے برادے، گندھک اور نوشادر کو لیموں کے رس میں شیشے کے برتن میں ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں۔ روزانہ ہلاتے رہیں خشک ہونے پر پختہ کھرل میں گھیکوار کے رس کے ساتھ خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر دو پیالوں میں اچھی طرح گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر شیشی میں محفوظ کر لیں

فولاد کا تصفیہ کرنا: فولاد کے برادے کو ایک پاؤ کانجی میں پکائیں۔

مقدار خوراک: دو چاول ہمراہ بالائی ایک چھٹانک

خواص و فوائد: جگر اور معدہ کی تقویت کے لئے لاجواب چیز ہے۔

کشتہ فولاد سنگرف والا

اجزاء: اعلیٰ اور مصفیٰ فولاد کا برادہ دو تولہ سنگرف رومی مصفیٰ دو تولہ۔ گھیکوار کا مقطر رس ایک پاؤ۔ آک کا دودھ ایک پاؤ۔ ترش دہی کا مقطر پانی ایک پاؤ۔ پیاز کا مقطر پانی ایک پاؤ۔ لہسن کا مقطر رس ایک پاؤ۔ مٹی کے دو پیالے۔ اوپلے پینتالیس سیر۔

تیاری: برادہ فولاد اور سنگرف کو پختہ کھرل میں رس گھیکوار۔ آک کے دودھ اور دہی کے پانی سے بالترتیب خوب اچھی طرح کھرل کریں۔

اس کے بعد ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر دو پیالوں میں اچھی طرح گل حکمت کر کے پندرہ سیر اُپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیاز کے پانی میں کھرل کر کے دوبارہ پندرہ سیر اوپلوں کی پہلے کی طرح آگ دیں تیسری بار لہسن کے رس میں کھرل کر کے پہلے کی طرح پھر پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

فولاد کا مصفّٰی کرنا برادے کو تین چھٹانک سرسوں کے تیل میں پکائیں۔

مقدار و خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن ایک چھٹانک۔

خواص و فوائد نامردی ضعف جگر اور ضعف معدہ کے لئے اکسیر ہے۔

کشتہ فولاد

اجزاء: اعلیٰ اور مصفّٰی فولاد کا برادہ دو تولہ۔ رس مولی مقطر ایک پاؤ۔ جامن کا مقطر رس ایک پاؤ۔ سرکہ ایک پاؤ۔ پیاز کا مقطر رس ایک پاؤ۔ مٹی کی پیالیاں دو عدد۔ اوپلے دس سیر۔

تیاری فولاد کے برادے اور مولی کے رس کو شیشے کے برتن میں ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں۔ روزانہ ہلاتے رہیں۔ خشک ہونے پر پختہ کھرل میں جامن کے رس، سرکہ۔ پیاز کے رس میں بالترتیب کھرل کریں۔ اس کے بعد چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر خشک ہونے پر دو پیالوں میں اچھی طرح گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر شیشی میں محفوظ کر کے رکھ لیں۔

فولاد کا تصفیہ فولاد کا پترہ بنا کر کلونجی کے جوشاندے میں پکائیں پھر برادہ بنا کر استعمال کریں۔

مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ دودھ کھائے۔

خواص و فوائد معدہ اور جگر کو طاقت دے کر صالح خون پیدا کرتا ہے۔ اور یرقان کے لئے بھی مجرب ہے۔

دیگر

اجزاء: مصفّٰی اور اعلیٰ فولاد کا برادہ دو تولہ۔ ترش انار کا مقطر رس ایک پاؤ۔ کیکر کی پھلیوں کا مقطر رس آدھ سیر۔ مٹی کی چھوٹی پیالیاں دو عدد۔ اوپلے بیس سیر۔

تیاری فولاد کے برادے اور انار کے رس کو شیشے کے برتن میں ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں۔ روزانہ ہلاتے رہیں۔ جب رس خشک ہو جائے تو اس کو پختہ کھرل میں کیکر کی پھلیوں کا رس تھوڑا تھوڑا ڈالتے رہیں اور کھرل کرتے رہیں۔ تمام رس اسی طرح کھرل کریں اور اس کے بعد چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر خشک ہونے پر دو پیالوں کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

فولاد کا تصفیہ کرنا برادے کو حسب ضرورت اطریفل کے پانی میں پکائیں۔

مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ دودھ دیں۔

خواص و فوائد ضعف جگر۔ ضعف معدہ کے لئے نہایت اعلیٰ چیز ہے۔ جسم میں صالح خون پیدا کر کے چہرے کو سرخ بناتا ہے۔

دیگر

اعلیٰ و مصفّٰی برادہ فولاد پانچ تولہ اور ایک تولہ نوشادر کو کسی چینی کے برتن میں رکھ کر اس کے اوپر لیموں کا پانی اتنا ڈالیں کہ ایک انچ اوپر چڑھ جائے۔ اس کو لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ لیموں کا پانی خشک ہونے پر اس میں سرکہ ڈال دیں۔ فولاد کے اوپر ایک انچ چڑھ جائے۔ روزانہ لکڑی سے

جوتے رہیں۔ سرکہ کے خشک ہونے پر اس میں جامن کا پانی اتنا ڈالیں کہ ایک انچ اوپر چڑھ جائے۔ روزانہ لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ اس کے بعد اچھی طرح کھرل کریں۔ ٹکیہ بنا کر محفوظ ہو گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

فولاد مصفیٰ کرنا برادے کو کیلے کی جڑ کے رس میں حسب ضرورت پکائیں۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بالائی کھلائیں۔

خواص و فوائد ضعف معدہ و جگر کی کمزوری کے لئے مفید ہے۔ جسم میں خون پیدا کرتا اور چہرے کو سرخ و شاداب بناتا ہے۔

دیگر اجزاء: برادہ فولاد اعلیٰ مصفیٰ پانچ تولہ۔ آملہ خشک۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک تین تولہ۔ آب کیلا آدھ سیر۔ ترش انار کا معطر رس لیموں کا معطر رس حسب ضرورت۔

تیاری آملہ خشک اور پوست ہلیلہ زرد کو کوٹ کر تین چار یوم کیلے کے پانی میں بھگو رکھیں۔ اس کے بعد جوش دے کر پانی چھان لیں۔ پھر اس میں برادہ فولاد ملا کر پھر آگ پر پکائیں۔ نصف پانی رہنے پر اتار لیں اور برتن کو دھوپ میں رکھیں روزانہ ہلاتے رہیں۔ پانی خشک ہونے پر انار کا پانی اتنا ڈالیں کہ فولاد کے اوپر نصف انچ چڑھ جائے۔ روزانہ ہلاتے رہیں۔ خشک ہونے پر لیموں کا پانی اتنا ڈالیں کہ فولاد کے اوپر نصف انچ چڑھ جائے۔ پھر روزانہ ہلاتے رہیں۔ خشک ہونے پر باریک پیس لیں۔

خواص و فوائد جگر کی طاقت اور خون پیدا کرنے کے لئے لاجواب ہے۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن دیں۔

دیگر اعلیٰ مصفیٰ برادہ فولاد تین تولہ کو آب انار دس تولہ۔ آب برگ جامن دس تولہ۔ آب ثمر ببول دس تولہ میں کھرل کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔

فولاد مصفیٰ کرنا برادے کو آدھ سیر ترش لسی میں پکائیں۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن دیں۔

خواص و فوائد ضعف جگر، ضعف معدہ اور خون پیدا کرنے کے لئے مجرب ہے۔

دیگر اجزاء: اعلیٰ مصفیٰ برادہ فولاد تین تولہ گندھک۔ نوشادر۔ ہر ایک، ایک تولہ۔ شیرہ گھیکوار تین تولہ۔ اوپلے پندرہ سیر۔

تیاری برادے کو شیرہ گھیکوار تین تولہ میں کھرل کر کے گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح گندھک اور نوشادر میں کھرل کریں اور بدستور آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو گا۔

فولاد کا مصفیٰ کرنا برادے کو ایک پاؤ سرکے میں پکائیں۔

خواص و فوائد بھوک خوب لگاتا ہے معدہ اور جگر کی تمام بیماریوں کیلئے لاجواب ہے

مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ بالائی دیں۔

دیگر اعلیٰ مصفیٰ برادہ فولاد پانچ تولہ اور گندھک آملہ سار ایک تولہ کو شیر ثمر ببول۔ آب گھیکوار دس دس تولے میں کھرل کریں۔ اس کے بعد محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

فولاد مصفیٰ کرنا برادے کو آدھ سیر سرکے میں پکائیں۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بالائی دیں۔

خواص وفوائد جگر کے تمام امراض کے لئے مجرب ہے۔

دیگر اعلیٰ مصفیٰ برادہ فولاد پانچ تولہ میں دو تولہ نوشادر ڈال کر اس میں عرق لیموں اتنا ڈالیں کہ برادہ فولاد پر ایک انچ چڑھ جائے۔ خشک ہونے پر اور عرق لیموں ڈال دیں۔ یہ عمل تین بار کریں۔ کشتہ تیار ہوگا۔ باریک پیس لیں۔

فولاد کا تصفیہ کرنا برادے کو ایک سیر لسی میں پکائیں۔

مقدار خوراک دو رتی ہمراہ مکھن دیں۔

خواص وفوائد امراض جگر، معدہ، یرقان و کمزوری کے لئے مجرب ہے۔

کشتہ فولاد مرکب اعلیٰ مصفیٰ برادہ فولاد دو تولہ۔ نقرہ مصفیٰ برادہ چاندی ایک تولہ۔ نوشادر پانچ تولہ۔ چاندی اور فولاد کے برادہ کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ نوشادر کا سفوف چٹکی چٹکی ڈالتے جائیں اور لوہے کی سلاخ سے ہلاتے جائیں۔ سفوف ختم ہونے پر برادہ کشتہ بن جائے گا۔ اس کے بعد کڑاہی کو ڈھک دیں۔ اور اس کے نیچے آگ تیز جلائیں۔ نصف گھنٹے بعد اتار کر سرد کر کے محفوظ کر لیں۔

فولاد اور چاندی کا تصفیہ کرنا فولاد کا پترہ بنا کر اس کو آگ میں سرخ کر کے اکتالیس بار سرکے میں بجھائیں۔ چاندی کے پترے کو آگ میں سرخ کر کے اکتالیس بار لیموں کے پانی میں بجھائیں۔

مقدار خوراک ایک رتی مکھن کے ہمراہ۔

خواص وفوائد ضعف جگر، ضعف معدہ کیلئے مجرب ہے۔ چہرے پر سرخی آئے گی۔

سنگرف فولادی اعلیٰ مصفیٰ برادہ فولاد ایک تولہ۔ نوشادر تین ماشہ کو چینی کے برتن میں ڈال کر ایک پاؤ سرکہ ڈال دیں۔ روزانہ ہلاتے رہیں۔

سرکہ خشک ہونے پر اچھی طرح کھرل کریں۔ اس کے بعد ٹکیہ بنا کر محفوظ الہوا گڑھے میں پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کشتہ نکال کر اس میں ایک تولہ سنگرف ڈال کر دس تولہ گھیکوار کے رس میں کھرل کریں۔ ٹکیہ بنا کر پانچ سیر اوپلوں کی حسب معمول آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر کشتہ کو محفوظ کر کے شیشی میں رکھ لیں۔

فولاد کا تصفیہ کرنا فولاد کا پترا بنا کر اس کو ایک گھنٹہ ترش لسی میں پکائیں۔ برادہ بنا کر استعمال میں لائیں۔

خوراک نصف رتی ہمراہ مکھن۔

فوائد قوت مردمی کے لئے لاجواب کشتہ ہے۔

کشتہ سیسہ تین تولہ سیسہ کو لوہے کی کڑاہی میں پگھلائیں۔ پگھلے ہوئے سیسے کو سوہانجنہ کی لکڑی سے ہلاتے رہیں اور تھوڑی تھوڑی شکر ڈالتے جائیں۔ سیسہ جب مثل خاک کے ہو جائے، اسے اتار کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک دو رتی مکھن میں رکھ کر دیں۔

خواص وفوائد جریان کے لئے لاجواب دوا ہے۔

دیگر تین تولہ سیسے کو لوہے کی کڑاہی میں پگھلائیں۔ اس میں پیپل کی چھال کا سفوف ڈالتے جائیں اور بوہڑ کی موٹی شاخ سے ہلاتے جائیں۔ کشتہ ہونے پر محفوظ کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک ایک رتی بالائی کے ہمراہ دیں۔

خواص وفوائد جریان اور سوزاک کے لئے لاجواب ہے۔

کشتہ قلعی اجزاء:۔ قلعی ۔ ابرک ۔ شاخ مرجان ۔ ہر ایک چھ ماشہ۔

تیاری قلعی کے باریک باریک ٹکڑے کرکے نیم کے پتوں میں رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ تیار ہوگا۔ کشتہ قلعی ۔ ابرک اور شاخ مرجان کو باریک پیس کر پہلے اٹھائیس گھنٹے عرق گلاب اور پھر اٹھائیس گھنٹے لعاب گھیکوار میں کھرل کریں۔ اس کے بعد گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ دودھ دیں۔

خواص فوائد سیلان الرحم ۔ جریان اور اسقاط حمل کے لئے مفید دوا ہے۔ اسقاط حمل کی مریضہ کو دوران حمل چار ماہ تک استعمال کرائیں

دیگر قلعی تین تولہ کے باریک باریک ٹکڑے کریں۔ ہرڑ (ہلیلہ زرد) ایک پاؤ کو باریک سفوف بنالیں۔ کسی ٹاٹ میں سفوف بچھا کر اوپر قلعی کے ٹکڑے بچھادیں۔ پھر اس کے اوپر سفوف بچھا کر قلعی کے ٹکڑے بچھادیں۔ اس طرح تہ در تہ بچھا کر پندرہ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک ۔ دو رتی ہمراہ دودھ دیں۔

خواص و فوائد ۔ سرعت انزال ۔ جریان اور احتلام کے لئے مفید ہے۔

دیگر ۔ تین تولہ قلعی کے ٹکڑے کرکے ایک سیر نیم کے پتوں میں تہہ در تہہ رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

مقدار خوراک ۔ ایک رتی ہمراہ مکھن دیں۔

خواص و فوائد ۔ سرعت انزال کیلئے اکسیر اعظم ہے۔

دیگر ۔ قلعی دو تولے کر باریک ٹکڑے کریں۔ ایک پاؤ بھنگ کے پتوں میں رکھ

کر اوپر ٹاٹ لپیٹ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دے کر کشتہ کریں۔

مقدار خوراک روزانہ دو رتی ہمراہ دودھ یا بالائی۔

خواص و فوائد سرعت انزال ۔ جریان ۔ احتلام اور قوت مردمی کے لئے مجرب ہے۔

دیگر ۔ تین تولہ قلعی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے ایک پاؤ گھیکوار کے نغدہ میں رکھ کر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر محفوظ کرکے رکھیں۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بالائی لیں۔

خواص و فوائد سرعت انزال ۔ جریان ۔ احتلام کیلئے مجرب و مفید ہے۔

دیگر ۔ قلعی چار تولہ پگھلائیں۔ پگھلی ہوئی دھات کو بوڑھ کے ڈنڈے سے ہلاتے جائیں۔ اور قلعی شورہ اور سہاگہ کے سفوف کی چٹکی چٹکی دیتے رہیں کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک ۔ ایک رتی ہمراہ دودھ دیں۔

خواص و فوائد جریان اور احتلام کے لئے مجرب ہے۔

دیگر ۔ قلعی کی تین تولہ سالم ڈلی کو گورکھ پان کے نغدہ میں رکھ کر پندرہ سیر آگ دیں۔ خام قلعی کو اسی طرح دوبارہ آگ دیں۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بالائی دیں۔

خواص و فوائد سرعت انزال اور احتلام کے لئے مجرب ہے۔

کشتہ سیماب (پارہ) سیماب مصفیٰ ایک تولہ کو آب برگ مدار ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ اس کے بعد ایک پاؤ برگ نیم کے

نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں سفید کشتہ تیار ہوگا۔

قوتِ باہ کیلئے پارہ کی گولی پہلے پارہ کو صاف کر لیں۔ اس کے بعد پارہ اور چاندی کے ورق ہم وزن لے کر خوب کھرل کریں۔ جب گولی بند جائے۔ تو اس کو اڑتالیس گھنٹے خالص سرکہ میں رکھیں۔ اس کے بعد اس کو محفوظ کر کے رکھ لیں۔ روزانہ اس گولی کو دودھ میں ابال کر اس دودھ کو پیا کریں۔ قوتِ باہ میں اضافہ ہوگا۔ اور چہرہ سرخ ہوگا۔ کھایا پیا خوب ہضم ہوگا۔

کشتہ سنگرف اجزاء:- شنگرف۔ سم الفار۔ یاقوت سرخ۔ عقیق سرخ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ لیموں کا مقطر رس عرق گلاب سہ آتشہ۔ آک کا دودھ۔

تیاری سب ادویات کو باریک پیس کر ملا لیں۔ سب کو پہلے ایک دن موتی کے پانی میں کھرل کریں۔ پھر ایک دن لیموں کے پانی میں کھرل کریں۔ پھر عرق گلاب میں ایک دن کھرل کریں۔ پھر آک کے دودھ میں ایک دن کھرل کریں۔ اس کے بعد دو عدد مٹی کے پیالوں میں رکھ کر گل حکمت کر کے ایک من اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر پیس کر محفوظ کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن یا بالائی

خواص و فوائد قوتِ مردمی اور بڑھاپے میں جوانی کی یاد تازہ کرنے کیلئے نہایت لاجواب دوا ہے۔ کمزور سے کمزور مریضوں

کیلئے پیغام شفا ہے۔

دیگر۔ اجزاء۔ سنگرف ایک تولہ۔ بیضہ مرغ ایک عدد۔ ایک سیر دیسی گھی۔

تیاری انڈے میں اتنا سوراخ کر لیں۔ کہ سنگرف کی ڈلی گزر جائے۔ انڈے سے سفیدی نکال دیں۔ اور زردی کو اندر ہی رہنے دیں۔ اس میں سنگرف کی ڈلی ڈال دیں۔ انڈے کے سوراخ کو انڈے کے چھلکے سے بند کر کے اوپر آرد گندم کی ایک انچ موٹی تہہ چڑھا دیں۔ کڑاہی میں ایک سیر دیسی گھی ڈال کر اس میں انڈے کو چھوڑ دیں۔ اس کے نیچے بارہ گھنٹے آگ جلائیں پھر انڈے سے سنگرف نکال کر باریک سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک دو چاول بالائی کے اندر رکھ کے دیں

خواص و فوائد۔ نامردی اور قوتِ باہ کیلئے اکسیر الاثر دوا ہے۔

دیگر۔ سنگرف ایک تولہ کی ڈلی۔ سم الفار ایک تولہ کو تین تولہ آب [illegible] میں کھرل کریں۔ پھر تین تولہ آب تھوم میں کھرل کریں۔ اس سم الفار کو سنگرف کے اوپر لیپ کر دیں۔ پھر لوہے کے توے پر اجوائن خراسانی ایک پاؤ کے درمیان رکھ کر اوپر پیالہ دے دیں۔ اور نیچے آگ جلائیں۔ جب دھواں نکلنا موقوف ہو جائے سنگرف نکال کر باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن دیں۔

خواص و فوائد لقوہ۔ قوت باہ کیلئے لاجواب ہے۔

دیگر۔ ایک تولہ سنگرف کو ایک تولہ سم الفار کے درمیان رکھ کر تقریباً ایک پاؤ

وزن کی دیسی صابن کی ٹکیہ میں رکھ کر اوپر تار لپیٹ دیں۔ صابن کی اس ٹکیہ کو ہنڈیا میں برگ مدار کے درمیان رکھ کر اسکے منہ کو بند کر دیں۔ اس کے نیچے بارہ گھنٹے آگ جلائیں۔ باوزن کشتہ تیار ہو گا۔

مقدار خوراک دو چاول ہمراہ مکھن دیں

خواص و فوائد ضعف باہ۔ لقوہ۔ رعشہ اور فالج کیلئے اکسیر ہے۔

دیگر سنگرف رومی ایک تولہ کو پانچ تولہ آک کے دودھ میں کھرل کریں ٹکیہ بنا کر دو پیالوں میں گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر شیشی میں محفوظ کریں۔

مقدار خوراک۔ ایک چاول ہمراہ بالائی دیں۔

خواص و فوائد ضعف باہ۔ اعصابی کمزوری کیلئے مفید و لاجواب ہے۔

دیگر ایک تولہ سنگرف کو ایک پاؤ تمباکو کے پانی میں کھرل کریں ٹکیہ بنا کر پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ بالائی دیں

خواص و فوائد نامردی کیلئے بے حد اکسیر دوا ہے۔

دیگر شنگرف کی ایک تولہ کی ڈلی ایک عدد بڑے کاغذی لیموں میں رکھ کر اوپر سے کپڑ مٹی کر کے پانچ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ اس طرح سات آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو گا۔

مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ بالائی دیں۔

خواص و فوائد اعصابی کمزوری اور نامردی کے لئے مجرب ہے۔

دیگر سنگرف کی ایک تولہ کی ڈلی کو املتاس کی ٹہنیوں کی راکھ ایک پاؤ میں رکھ کر کوزہ میں گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک۔ دو چاول ہمراہ مکھن دیں۔

خواص و فوائد ضعف باہ اور رعشہ کے لئے سریع التاثیر اور لاجواب کشتہ ہے۔

کشتہ سم الفار

اجزاء۔ سم الفار ایک تولہ۔ سرخ آنکھوں والی مچھلی تقریباً ایک سیر وزنی۔ دیسی گھی تقریباً ایک سیر

تیاری سم الفار کی ڈلی کو مچھلی کے منہ میں رکھ کر اس کو بند کر دیں۔ کسی کڑاہی میں گھی کو آگ پر رکھ کر اس میں مچھلی ڈال دیں۔ نیچے آگ جلاتے جائیں جب مچھلی گل جائے تو اس کو اتار لیں۔ سم الفار کی ڈلی کو نکال کر باریک پیس لیں اور شیشی میں محفوظ کریں۔

مقدار خوراک ایک دانہ خشخاش کے برابر منقہ میں رکھ کر کھلائیں۔ اوپر سے حلوہ جس میں خوب گھی ڈالا گیا ہو، کھلائیں۔ روزانہ ایک خوراک دیں۔

خواص و فوائد۔ دمہ۔ سانس کی تنگی اور کھانسی کیلئے کامیاب دوا ہے۔

دیگر ایک تولہ سم الفار کی ڈلی لیکر لوہے کے توے پر رکھ کر تین تولہ سوڈا خوردنی اسکے اوپر ڈال دیں۔ تین سیر بازاری کوئلوں کی آگ جلائیں۔ سرد ہونے پر کشتہ شیشی میں محفوظ کریں۔

مقدار خوراک ۔ روزانہ دو چاول مکھن یا بالائی کے ہمراہ دیں۔

خواص وفوائد نامردی ۔ احتلام ۔ سرعت انزال کے لئے کامیاب دوا ہے

دیگر ایک تولہ سم الفار کو پہلے پانچ تولہ سبز مرچ کے شیرہ میں کھرل کریں پھر پانچ تولہ شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دو کچے پیالوں میں رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن دیں۔

خواص وفوائد ضعف باہ اور بلغمی امراض کیلئے سریع التاثیر ہے۔

دیگر گئو دنتی ہڑتال، تبلی شورہ۔ گندھک آملہ سار اور سم الفار سفید ہر ایک تین تین ماشے لیں۔ اس کو گھیکوار کے پانی میں چار گھنٹے تک کھرل کریں۔ اس کے بعد گھیکوار کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ آگ ٹھنڈی ہونے پر کشتہ نکال لیں اور باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کر لیں۔

خوراک و فوائد سوزاک کے مریض کو چار چاول دوا مکھن یا بالائی میں رکھ کر دیں۔ ہر قسم کے سوزاک کیلئے بہترین دوا ہے۔

دیگر سم الفار ایک تولہ کو سات آٹھ تولہ آک کے دودھ میں کھرل کر کے آک کے پتوں کے نغدہ میں رکھ کر پندرہ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ کشتہ تیار نکلے گا۔ باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کریں۔

مقدار خوراک چار چاول ہمراہ مکھن دیں۔

خواص وفوائد ۔ قوت باہ ۔ نمونیہ ۔ سل اور کھانسی کیلئے لاجواب کشتہ ہے۔

دیگر سم الفار ایک تولہ کو پانچ تولہ دودھ آک سے کھرل کریں ٹکیہ بنا کر دو پیالوں میں گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح تین بار آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک ۔ نصف چاول ہمراہ مکھن دیں۔

خواص وفوائد ۔ نامردی اور اعصابی کمزوری کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے

دیگر سم الفار چھ ماشہ کی ڈلی کو آک کے دودھ سے تر کر کے ایک بڑے شلغم میں سوراخ کر کے اس میں رکھ کر کوزہ میں گل حکمت محفوظ الہوا گڑھے میں پچیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

خواص وفوائد بخاروں کے لئے مفید ہے۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ بالائی یا مکھن دیں۔

دیگر ایک تولہ سم الفار کو پانچ تولہ آب تھوہر میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں اس ٹکیہ کو ایک پاؤ نمک خوردنی کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کر لیں۔

خوراک و فوائد ضعف باہ اور اعصابی امراض کیلئے ایک چاول ہمراہ مکھن دیں۔

دیگر سم الفار کی ایک تولہ کی ڈلی املتاس کی ٹہنیوں کی چھال کی راکھ

ایک پاؤ میں رکھ کر کوزہ میں گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کرکے رکھ لیں۔

خوراک و فوائد ضعف باہ کیلئے ایک چاول ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔

کشتہ گئودنتی ہڑتال

گئودنتی دو تولہ کو خام تمباکو ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک و فوائد ایک رتی خوراک۔ بلغمی بخاروں کے لئے مفید ہے۔

کشتہ گئودنتی ہڑتال

گئودنتی ہڑتال تین تولہ کو ایک پاؤ کوار گندل کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر رکھ لیں۔ دوبارہ شہد سے گولی بنا کر اسی طرح پھر آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک و فوائد تپ دق کے مریضوں کو صبح و شام دو رتی ملائی میں رکھ کر دیں۔

دیگر پانچ تولہ ہڑتال گئودنتی کے سالم ٹکڑے کو ایک پاؤ گھیکوار کے نغدہ میں رکھ کر بیس سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کرکے رکھ لیں۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بالائی دیں۔

خوراک و فوائد درد ریح۔ گنٹھیا۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام کیلئے مفید ہے۔

دیگر گئودنتی ہڑتال تین تولہ کو بوڑھ کے دودھ میں تر کرکے ایک پاؤ ثمر دھتورہ میں رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کرکے رکھ لیں۔

خوراک و فوائد دو رتی خوراک۔ ملیریا بخار کے لئے مفید ہے۔

دیگر تین تولہ گئودنتی کو ایک پاؤ برگ مدار کے نغدہ میں گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک و فوائد ایک رتی خوراک ہمراہ پانی جریان کیلئے مفید ہے۔

دیگر۔ تین تولہ گئودنتی کو نصف پاؤ گھیکوار کے نغدہ میں رکھ کر دس سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ پھر بوڑھ کے تین تولہ دودھ میں کھرل کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر محفوظ کرکے رکھ لیں۔

خوراک و فوائد دو رتی ہمراہ بالائی دیں۔ دمہ اور بلغمی بخار کیلئے مفید ہے۔

دیگر۔ تین تولہ گئودنتی ایک پاؤ برگ نیم کے نغدہ میں محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر استعمال میں لائیں۔

خوراک و فوائد ملیریا بخار کیلئے دو رتی خوراک دیں۔

دیگر گئو دنتی ہڑتال ایک تولہ کو ایک پاؤ مولی کے پانی میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر شہد کی مدد سے ٹکیہ بنا کر پندرہ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں سرد ہونے پر باریک پیس کر استعمال میں لائیں۔

خوراک و فوائد ایک رتی ہمراہ بالائی یا مکھن دیں۔ بلغمی بخار کے لئے لاجواب دوا ہے۔

دیگر گئو دنتی ہڑتال ایک تولہ کو ایک پاؤ نیم کے پتوں کے پانی میں کھرل کرکے دس سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ پھر سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کریں۔

خوراک و فوائد بخار کے لئے ایک رتی ہمراہ مکھن دیں۔

دیگر گئو دنتی ہڑتال ایک تولہ کو ایک پاؤ گھیکوار کے رس میں کھرل کرکے پندرہ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک و فوائد جریان کے مریض کو دو رتی ہمراہ بالائی دیں۔

دیگر گئو دنتی ہڑتال ایک تولہ کو ایک پاؤ پھول گلاب کے رس میں کھرل کرکے دس سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا

خوراک و فوائد ملیریا بخار کے لئے ایک رتی ہمراہ دودھ دیں۔

دیگر گئو دنتی ہڑتال ایک تولہ کو ایک پاؤ لیموں کے پانی میں کھرل کرکے دس سیر جنگلی اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر شیشی میں محفوظ کریں۔

خوراک و فوائد بلغمی بخار اور زکام کے لئے دو رتی ہمراہ بالائی دیں۔

دیگر گئو دنتی ہڑتال ایک تولہ کو پانچ تولہ آک کے دودھ میں کھرل کرکے پندرہ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا

خوراک و فوائد جریان، درد ریح اور پرانے بخاروں کے لئے ایک رتی ہمراہ دودھ دیں۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ

ہڑتال ورقیہ اور ناقوس ہر ایک تین تولہ آب کٹھل ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ اس کے بعد ٹکیہ بنا کر کوزہ میں گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں تین سیر آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کریں۔

خوراک و فوائد ایک رتی ہمراہ شربت بنفشہ دیں۔ کھانسی اور پرانے بخار کیلئے بہترین دوا ہے۔

دیگر تین تولہ ہڑتال ورقیہ کو تین عدد زردی بیضہ مرغ میں کھرل کرکے لغدہ برگ دھتورہ ایک پاؤ میں رکھ کر گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر محفوظ کریں۔

خوراک و فوائد ایک دانہ چاول ضعفِ باہ، سرعتِ انزال کیلئے مفید ہے۔

دیگر ہڑتال ورقیہ ایک تولہ کو پانچ تولہ آک کے دودھ میں کھرل کریں ٹکیہ بنا کر محفوظ الہوا گڑھے میں پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

خوراک و فوائد دو چاول ہمراہ مکھن روزانہ کھلائیں۔

کشتہ ہڑتال سفید

ہڑتال سفید ایک تولہ کو نیم کے پتوں کے نصف سیر نغدہ میں رکھ کر پندرہ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ آگ ٹھنڈی ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک ۔ ایک رتی ہمراہ دودھ دیں۔

خواص و فوائد دمہ۔ لقوہ۔ تپ دق اور تمام بخاروں کیلئے مفید ہے۔

کشتہ ابرک

ابرک تین تولہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے ایک پاؤ مولی کے پانی میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر شہد کی مدد سے ٹکیہ بنا کر محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک ۔ ایک رتی ہمراہ دودھ دیں۔

خواص و فوائد امراض بخار۔ جریان کیلئے مفید ہے۔

کشتہ سنکھ

سنکھ دو دو تولہ کا ٹکڑا لے کر گرم کرکے ڈیڑھ پاؤ لیموں کے پانی میں بار بار بجھائیں۔ نرم ہونے پر باریک پیس کر اسی باقی بچے لیموں کے پانی میں کھرل کرکے گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک ۔ تین رتی صبح شام ہمراہ دودھ دیں۔

خواص و فوائد ۔ بدہضمی۔ سنگرہنی۔ کے لئے مجرب ہے۔ اور آنکھوں کے پھولا کے لئے بطور سرمہ استعمال کرنا فائدہ مند ہے۔

دیگر ۔ دو تولہ سنکھ کو اِٹ سٹ کی بوٹی کے پانی میں دس بار آگ میں گرم کرکے بجھائیں۔ اس کے بعد ایک پاؤ اٹ سٹ کی بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر محفوظ

الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کرکے رکھ لیں۔

خوراک و فوائد سل کیلئے ایک ماشہ منقہ میں رکھ کر دیں۔

دیگر ۔ تین تولہ سنکھ کو آگ میں جلائیں۔ اس کے بعد اس کو ایک پاؤ گھیکوار کے رس میں کھرل کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر استعمال میں لائیں۔

خوراک و فوائد سل اور دمہ کے لئے چار چاول ہمراہ بالائی دیں۔

کشتہ بچھو

ایک عدد کالا بچھو لیکر بکرے کے گوشت کے ایک پاؤ قیمے میں رکھ کر گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہے۔

مقدار خوراک ۔ ایک چاول بالائی یا مکھن میں رکھ کر دیں۔

خواص و فوائد نامردی کا چند دنوں میں خاتمہ کرنا اس کا خاص کرشمہ ہے

کشتہ پارہ سنگھا

دو تولے پارہ سنگھا لے کر اس کو آک کے دودھ میں تر کریں۔ پھر آک کے پتوں کے نغدہ میں رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ میں کشتہ کرلیں۔

مقدار خوراک ۔ دو دو رتی صبح دوپہر شام مریض کو دیں۔

خواص و فوائد ۔ دمہ پسلی کے درد، جوڑوں کے درد، نمونیا اور کھانسی کے لئے مجرب ہے۔ اور کامیاب دوا ہے۔

دیگر ۔ تین تولہ پارہ سینگا کو دس تولہ شیر مدار میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر

دس سیر اوپلوں کی آگ محفوظ الہوا گڑھے میں دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کر کے رکھ لیں۔

خوراک و فوائد۔ نمونیہ کیلئے ایک رتی دودھ کیساتھ دیں۔

کشتہ پوست بیضہ مرغ

تین تولہ پوست بیضہ مرغ کو دس تولہ سرکہ میں کھرل کریں۔ اس کے بعد محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بالائی دیں۔

خواص و فوائد امراض جریان۔ احتلام کیلئے بے حد مفید ہے۔

کشتہ طوطیا

طوطیا دو تولہ کو کوٹ کر کسی چینی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اس پر دانتی ٹنکچر سٹیل بند۔ دو تولہ ڈال کر خشک کریں۔ اس کے بعد کوزہ دگلی میں رکھ کر کوٹوں کی ایک سیر آگ دیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک آدھ رتی ہمراہ بالائی دیں۔

خواص و فوائد۔ رعشہ۔ فالج اور لقوہ کے لئے مفید ہے۔

دیگر طوطیا دو تولہ۔ کو ایک سیر ثمر کریر کے نغدہ میں رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید کشتہ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن دیں۔ مرغن غذا استعمال کرائیں۔

خواص و فوائد سوزاک اور بواسیر کیلئے مفید ہے۔

دیگر طوطیا دو تولہ کو مونیز منقی تین تولہ اور کافور دو تولہ کے نغدہ میں رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں تین سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر باریک پیس کر استعمال میں لائیں۔

خوراک و فوائد۔ سوزاک۔ آتشک کیلئے مفید ہے۔ دو چاول ہمراہ بالائی دیں۔

دیگر طوطیا دو تولہ کو شہد سے تر کر کے ایک پاؤ ادرک کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک و فوائد۔ لقوہ اور سوزاک کے مریضوں کو دو چاول ہمراہ مکھن دیں۔

دیگر طوطیا ایک تولہ کو گوار کے دودھ میں تر کر کے پانچ تولہ چاکسو کے نغدہ میں رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں دو سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

خوراک و فوائد۔ آتشک کے لئے مفید ہے۔ آدھا رتی ہمراہ دودھ دیں۔

کشتہ عقیق سرخ

سرخ عقیق دو تولے لے کر برگ بول کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک روزانہ صبح شام دو رتی خوراک ہمراہ پانی دیں

خواص و فوائد امراض مثانہ اور دل کے امراض کیلئے لاجواب ہے۔

دیگر عقیق سرخ دو تولہ کو آدھ پاؤ پودینہ کے نغدہ میں گل حکمت کر کے کشتہ کریں۔ محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں

مقدار خوراک ایک رتی صبح شام بالائی کے ساتھ استعمال کریں۔

خواص و فوائد۔ دل و دماغ کو تقویت دیتا اور بدن میں صالح خون پیدا کرتا ہے۔

کشتہ عقیق عقیق تین تولے کر آگ میں گرم کریں۔ پندرہ بار عرق گلاب میں بجھائیں۔ آدھ پاؤ پھول گلاب کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک۔ دو رتی مربہ سیب کے ساتھ دیں۔

خواص و فوائد دمہ کیلئے مفید ہے۔

دیگر عقیق تین تولے کر کوزہ گلی میں رکھ کر اس کے اوپر شیر مدار اتنا ڈالیں کہ ایک انچ اوپر چڑھ جائے۔ گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کریں۔

خوراک و فوائد۔ نصف رتی خوراک۔ دمہ کیلئے مفید ہے۔

دیگر عقیق تین تولہ۔ سہاگہ اور نوشادر ہر ایک چھ ماشہ لے کر اس کا باریک سفوف بنائیں۔ اس میں تھوڑا سا شہد خالص ملا کر عقیق پر لیپ

کر کے گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک و فوائد۔ نصف رتی خوراک ہمراہ دودھ۔ دل و دماغ جگر اور معدہ کیلئے مفید ہے۔

دیگر عقیق تقریباً دو تولے کر گرم کر کے آب نیاز بو میں پندرہ بار بجھائیں۔ اس کے بعد شیر مدار سے تر کر کے نیاز بو کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک و فوائد۔ اختلاج قلب کیلئے مفید ہے۔ ایک رتی ہمراہ مربہ سیب دیں۔

دیگر عقیق ایک تولہ کو ایک پاؤ روح کیوڑہ میں کھرل کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کریں۔

خوراک و فوائد۔ ایک رتی ہمراہ پانی دیں۔ معدہ کمزوری کے لئے مفید ہے۔

دیگر عقیق ایک تولہ کو ایک پاؤ عرق گلاب میں کھرل کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کر کے رکھ لیں۔

خوراک و فوائد۔ ایک رتی ہمراہ دودھ بکری دیں۔ ضعف معدہ کیلئے لاجواب ہے دوا

دیگر عقیق ایک تولہ کو ایک پاؤ کول ڈوڈہ کے پانی میں کھرل کرکے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر محفوظ کرکے رکھ لیں۔

خوراک و فوائد ضعف قلب کے لئے دو رتی ہمراہ مکھن دیں۔

دیگر عقیق ایک تولہ کو ایک پاؤ ریحان کے پتوں کے پانی میں کھرل کرکے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک و فوائد دل و دماغ کے امراض کے لئے ایک رتی ہمراہ بالائی دیں۔

دیگر عقیق دو تولہ کو کورگھ پان کے نغدہ میں رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر استعمال میں لائیں۔

خوراک و فوائد دمہ اور پرانی کھانسی کیلئے دو رتی ہمراہ شربت بنفشہ دیں

کشتہ یاقوت یاقوت دو تولہ زہر مہرہ خطائی اور سنگ یشب ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو ٹکڑے ٹکڑے کرلیں۔ ایک پاؤ گل گلاب کے نغدہ میں رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک و فوائد ایک رتی ہمراہ مکھن دیں۔ امراض دل کیلئے مفید ہے۔

کشتہ شاخ مرجان دو تولہ شاخ مرجان کو آب بھنگرہ اور آب برہمی بوٹی میں سات روز تک کھرل کریں۔ اس کے بعد گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن ہر روز صبح استعمال کریں۔

خواص و فوائد ضعفِ قلب اور ضعفِ دماغ کیلئے مفید ہے۔

کشتہ مرجان ایک تولہ مرجان کو چھ ماشہ افیون کے درمیان رکھ کر کوزے میں پانچ تولے مکھن کے درمیان رکھ کر گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر افیون اور مرجان کو پیس لیں۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بالائی دیں۔

خواص و فوائد سرعتِ انزال۔ جریان۔ احتلام اور قوتِ باہ کیلئے اکسیر ہے

دیگر مرجان تین تولہ کو مغز کول ڈوڈہ میں رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کرکے رکھ لیں۔

خوراک و فوائد نصف ماشہ خوراک ہمراہ مکھن دیں۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام اور جریان کے لئے مفید ہے۔

دیگر مرجان تین تولہ کو ایک پاؤ کٹھل کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر محفوظ کرلیں۔

خوراک و فوائد ایک ماشہ خوراک ہمراہ دودھ گائے۔ صبح و شام۔ سیلان الرحم اور کثرت طمث کے لئے مفید ہے۔

دیگر مرجان تین تولہ کو آدھ پاؤ کھانڈ میں تھوڑا سا شہد ڈال کر نغدہ بنا کر اس میں مرجان رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں

کی آگ دیں کشتہ تیار ہے۔

خوراک و فوائد نصف ماشہ خوراک ہمراہ مکھن۔ مقوی دماغ اور نزلہ زکام کے لئے مفید ہے۔

دیگر مرجان تین تولہ کو ایک پاؤ گھیکوار کے گودہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں، کشتہ تیار ہے

خوراک و فوائد نصف ماشہ خوراک ہمراہ مکھن۔ دمہ اور تنگی سانس کے لئے مفید ہے۔

دیگر مرجان تین تولہ کو شیر مدار میں تر کر کے ایک پاؤ برگ مدار کے نغدہ میں محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر استعمال کریں۔

خوراک و فوائد نصف ماشہ خوراک ہمراہ مکھن۔ جریان اور احتلام کے لئے مفید ہے۔

دیگر ایک تولہ مرجان روح کیوڑہ ایک پاؤ میں کھرل کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر استعمال میں لائیں۔

خوراک و فوائد ایک رتی خوراک ہمراہ دودھ بکری دیں۔ جریان اور ضعفِ دماغ کیلئے مفید و لاجواب ہے۔

دیگر ایک تولہ مرجان کو عرق گلاب ایک پاؤ میں کھرل کر کے بیس سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر محفوظ کر لیں۔

خوراک و فوائد جریان اور احتلام کے مریضوں کے لئے مفید ہے۔ خوراک دو رتی ہمراہ مکھن دیں۔

دیگر مرجان ایک تولہ کو ایک پاؤ کول ڈوڈہ کے پانی میں کھرل کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک و فوائد سرعتِ انزال اور نزلہ زکام کے لئے نصف ماشہ ہمراہ مکھن دیں۔

دیگر مرجان ایک تولہ ایک پاؤ ریحان کے پتوں کے پانی میں کھرل کر کے پندرہ اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر استعمال کریں۔

خوراک و فوائد جریان۔ احتلام اور ضعفِ دماغ کے لئے دو چاول ہمراہ مکھن دیں۔

کشتہ زمرّد زمرد دو تولہ کو پہلے عرق گلاب میں پھر لعاب گھیکوار میں بارہ بارہ گھنٹے کھرل کریں۔ گھیکوار کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ بالائی کھلائیں۔

خواص و فوائد گردوں اور قلب کی تقویت کیلئے لاجواب ہے۔

کشتہ مروارید ایک تولہ مروارید کو آدھ پاؤ عرق گلاب اور آدھ پاؤ رس انگور میں کھرل کر کے گل حکمت کر کے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر

باریک پیس کر استعمال کریں۔

مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بالائی روزانہ صبح استعمال کریں۔

خواص و فوائد ضعفِ جگر و ضعفِ قلب کیلئے مفید ہے۔

دیگر مروارید ایک تولہ کو دس تولہ عرق گاؤزبان میں کھرل کرکے شہد کی مدد سے ٹکیہ بنا کر محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کرکے رکھ لیں۔

خوراک و فوائد ایک رتی خوراک ہمراہ مکھن۔ مردانہ کمزوری معدہ اور امراض قلب کے لئے مفید ہے۔

کشتہ صدف مرواریدی

صدف مرواریدی دو تولے کو پانچ تولہ شیر مدار میں کھرل کریں۔ گول ٹکیہ بنا کر دانہ الائچی خورد تین تولہ اوپر نیچے رکھ کر گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کرلیں

مقدار خوراک دو رتی ہمراہ مکھن دیں۔

خواص و فوائد مقوی قلب اور تپ دق میں مفید ہے۔

کشتہ صدف (سیپی)

صدف ایک تولہ کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے گھیکوار یا آک کے پتوں کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں تیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک ایک رتی شہد میں ملا کر دیں۔

خواص و فوائد گردہ کی پتھری۔ نمونیہ اور تنگی سانس کے لئے مفید ہے۔

دیگر پانچ تولہ سیپ کے ٹکڑے کرکے نصف سیر گھیکوار کے گودے میں رکھ کر گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک تین رتی ہمراہ بالائی روزانہ صبح و شام دیں۔

خواص و فوائد جریان۔ کھانسی۔ بخار اور دل و دماغ کی طاقت کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

دیگر سیپ تین تولہ کو آگ میں جلائیں۔ اس کے بعد ایک پاؤ انار کے پانی میں کھرل کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر باریک پیس کر استعمال میں لائیں۔

خوراک و فوائد دو رتی خوراک ہمراہ مکھن۔ سوزاک جریان کے لئے مفید ہے۔

کشتہ سنگ جراحت

ایک تولہ سنگ جراحت کو دس تولہ آک کے دودھ میں کھرل کرکے دس سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کرلیں

مقدار خوراک دو رتی ہمراہ شربت بزوری دیں۔

خواص و فوائد گردہ۔ مثانہ کی بہتری کیلئے مفید ہے۔

دیگر دو تولہ سنگ جراحت کو ایک پاؤ بھنگ کے نغدہ میں رکھ کر محفوظ الہوا گڑھے میں بیس سیر آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو جائے گا۔

مقدار خوراک ایک ماشہ خوراک ہمراہ مکھن دیں۔

خواص وفوائد تنگی سانس، سوزاک اور خونی بواسیر کے لئے مفید ہے۔

دیگر ایک تولہ سنگ جراحت کو پانچ تولہ گائے کے دودھ میں کھرل کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں پانچ سیر اوپلوں کی آگ دے کر کشتہ کرلیں

خوراک وفوائد خوراک ایک ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔ بخار کے لئے مفید ہے۔

کشتہ سنگ یہود

سنگ یہود تین تولہ کو دس تولہ عرق گاؤزبان میں کھرل کرکے شہد کی مدد سے ٹکیہ بنا کر محفوظ الہوا گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر محفوظ کرلیں

مقدار خوراک دو رتی ہمراہ شربت بزوری دیں۔

خواص وفوائد گردہ مثانہ کی پتھری کے لئے تریاق ہے۔

دیگر تین تولہ سنگ یہود کو دس تولہ شیرہ گھیکوار میں کھرل کرکے کوزہ میں گل حکمت کرکے محفوظ الہوا گڑھے میں پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ کریں۔

مقدار خوراک نصف ماشہ ہمراہ مکھن دیں۔

خواص وفوائد گردہ کی پتھری اور درد گردہ کیلئے مفید ہے۔

تحفہ

قلندری

یعنی

خزینۃ العملیات

حصہ سوم

اولیاء کرام اور علمائے اہلسنت کے مجرب عملیات وتعویذات کا بینظیر
مجموعہ کشتہ جات دیسی ڈاکٹری کردموپیتھی، ہومیوپیتھی، بائیوکیمک ادویات
اور روحانی طریقہ سے ہر مرض کے علاج کا طریقہ

تصنیفِ لطیف

پیر طریقت حضرت خواجہ محمد دلاور حسین چشتی، قادری نقشبندی

جہانگیر بُک ڈپو
•لاہور •راولپنڈی •ملتان •حیدرآباد •کراچی

جملہ حقوق بحق جہانگیر بک ڈپو محفوظ

اس کتاب کے کسی بھی حصے کی فوٹو کاپی، سکینگ یا کسی بھی قسم کی اشاعت جہانگیر بک ڈپو کی تحریری اجازت کے بغیر نہیں کی جا سکتی۔

قانونی مشیر: چوہدری ریاض اختر (ایم اے ایل ایل بی)

ناشر: سرفراز احمد سکھیرا

آپ کے مشورے اور شکایات کے لئے۔

E-mail:info@jbdpress.com
www.jbdpress.com

اشاعت: 2005

سرورق: JBD آرٹ سیکشن، لاہور

ہدیہ: روپے

ESTD. 1933

آفس 257 ریواز گارڈن، لاہور۔ فون 042-7213318 فیکس 042-7213319

سیلز ڈپو اردو بازار، لاہور، فون 042-7220879، سیلز ڈپو اردو بازار، کراچی۔ فون 021-2765086

سیلز ڈپو: اقبال روڈ نزد کمیٹی چوک، راولپنڈی۔ فون: 051-5552929

سیلز ڈپو نزد ویو پیغام سنٹر جامع مسجد صدر، رسالہ روڈ حیدرآباد۔ فون 0300-3012131

سیلز ڈپو: اندرون بوہڑ گیٹ، ملتان۔ فون: 061-4781781

نیاز جہانگیر پرنٹرز، غزنی سٹریٹ اردو بازار، لاہور نے پرنٹ کی۔ فون: 042-7314319

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست

نمبر شمار		صفحہ
۱	درد سر	۱
۲	درد دل	۲
۳	ناف پڑنا، دھرن پڑنا، درد گردہ اور پیٹ کا لاجواب دم	۳
۴	درد قولنج۔ عرق النساء	//
۵	درد پسلی۔ درد کمر	۴
۶	بدن میں درد کیلئے	۵
۷	دفع ہر درد و بلا۔ ہر قسم کے درد کا دم	//
۸	دیگر	//
۹	جسم میں خون کی کمی۔ لو بلڈ پریشر	۶
۱۰	خون سے زہر دور ہو۔ پھوڑا پھنسی	۷
۱۱	داد کا علاج۔ بھگندر	۸
۱۲	بال گرتے ہوں۔ بال لمبے ہوں۔	۹
۱۳	آنکھوں کیلئے حضرت خواجہ فرید الدین رحمۃ اللہ علیہ کا عمل۔ دفع درد چشم،	//
۱۴	دیگر	//
۱۵	دفع آشوب چشم	۱۱

نمبر شمار		صفحہ
۱۶	حضرت خضر علیہ السلام کا بتایا ہوا آنکھوں کے تمام امراض کا لاجواب علاج پڑبال اور موتیا وغیرہ	۱۲
۱۷	آنکھوں میں جلن کا کامیاب عمل۔ آنکھوں کی سرخی دور ہو۔ آنکھوں میں خون تیر سے	۱۳
۱۸	نگاہ کی کمزوری کیلئے۔	۱۴
۱۹	نیند نہ آتی ہو۔	۱۵
۲۰	پابندی نیند۔ خواب بندی۔ شب کوری مفقود ہو۔	//
۲۱	بڑا نزلہ۔ سونگھنے کی قوت کمزور ہو، بیماری کا بہرہ پن۔	۱۶
۲۲	کمزور سماعت۔ چہرہ کے امراض	۱۷
۲۳	پائیریا۔ دانت صاف ہوں۔	//
۲۴	دانت ہلنے سے چھٹکارا ہو۔ بچے کے دانت بغیر تکلیف کے نکلیں۔ کنٹھ مالا۔	۱۸
۲۵	کب دور ہو۔ دفع بواسیر۔ دافع احتلام	۱۹

۲۶	بسیریا کے دورے۔ استقرار حمل	//
۲۷	لڑکا پیدا ہو۔	۲۱
۲۸	لڑکی کی نسبت ہو۔ جسم سے جلنے	//
	کے نشان دور ہوں۔ لکنت	
۲۹	لقوہ۔	۲۲
۳۰	سرسام بیہوشی دور ہو۔ دفع مرگی۔	۲۳
۳۱	سرطان۔ تپ دق۔	//
۳۲	بیماری سے شفا ہو۔ ہر دکھ کا علاج	۲۴
	نقش نعلین شریف۔	//
۳۳	لاعلاج بیماری کا روحانی علاج	۲۵
۳۴	ہر مرض کا علاج۔	//
۳۵	انگشتری عجیب۔	۲۶
۳۶	آسیبی اثر والے کھانے سے بیماری	۲۷
۳۷	مہر حضرت سلیمان	//
۳۸	ملاقات حضرت خضر علیہ السلام	۲۸
	زیارت حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم	//
۳۹	مناجات حضرت خواجہ معین الدین چشتی	۲۹
	رحمتہ اللہ علیہ	
۴۰	آسانی سکرات موت۔ دنیا سے بے نیاز	۳۰
	ہونا۔	
۴۱	قرض کی وصولی۔ برائے ادائیگی قرض	۳۱

۴۲	قرض اتارنا۔ ادائے قرض کیلئے۔	//
۴۳	برائے ادائے قرض، برائے رفع فقر و	۳۲
	فاقہ	۳۳
۴۴	دفع فقر و فاقہ۔ برائے دفع تنگدستی	//
۴۵	دفع تنگدستی کیلئے۔	۳۴
۴۶	گھریلو حالات بہتر ہوں۔ عالم غیب سے	//
	امداد حاصل کرنے کا بینظیر عمل۔	//
۴۷	رزق میں غیب سے برکت ہو۔	۳۵
	فراخی رزق کیلئے۔	//
۴۸	فراخی رزق کا بینظیر عمل برائے فساد	
	فراخی رزق برائے کشائش رزق	۳۶
۴۹	برائے فراخی رزق۔	//
۵۰	توسیع رزق کا کامیاب وظیفہ	۳۷
	رزق کی فراوانی کا لاجواب عمل	//
۵۱	وسعت رزق۔	۳۸
۵۲	کاروبار میں برکت ہو۔	//
۵۳	دکان میں برکت کے لئے۔	//
۵۴	دکان میں برکت ہو۔ ترقی تجارت	۴۰
	کے لئے مجرب المجرب عمل	
۵۵	تجارت میں برکت کیلئے واسطے	۴۱
	کشائش دینی و دنیاوی	//

۵۶	مال میں برکت کیلئے۔	//
۵۷	برائے خیر و برکت کیلئے۔ رفع قحط	۴۲
	کیلئے۔	
۵۸	باران رحمت کیلئے۔ باغ میں برکت	۴۴
	برائے دفع غم۔	//
۵۹	برائے دفع آفت و مصیبت۔	//
۶۰	آسمانی آفات سے حفاظت۔ راستہ	۴۵
	بھول جانے کا مجرب عمل۔	۴۶
۶۱	دوران سفر ارضی و سماوی آفات سے حفاظت	//
۶۲	دوران سفر جیب کٹنے سے اور نقصان سے	۴۷
	حفاظت کیلئے سواری تباہی سے محفوظ	//
	رہے۔	
۶۳	سفر میں ضرورت پوری ہو۔ سفر سے	//
	بخیریت عافیت واپس آنے کے لئے	۴۸
	دوران جنگ حفاظت۔	//
۶۴	دشمن کے شر سے حفاظت کیلئے۔	۴۹
۶۵	دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے ظلم	//
	کے ظلم سے حفاظت کیلئے۔	//
۶۶	دشمنوں پر خوف طاری ہو۔ دشمن	۵۰
	بیمار ہو۔	
۶۷	دشمن کی بیماری کیلئے۔ سورۃ یٰسین کا	۵۱

۶۸	کافروں کو منتشر کرنے کا عمل۔ مناظرے	۵۲
	میں فتح حاصل کرنے کے لئے امتحان میں	//
	کامیابی کیلئے۔	//
۶۹	کفایت مہمات۔	۵۳
۷۰	برائے کفایت مہمات۔	//
۷۱	مندرہ پہلوانان تسخیر ہمزاد کا بینظیر	۵۵
	عمل	//
۷۲	چوروں سے مال و جان کی حفاظت کیلئے	۵۶
۷۳	حفاظت اشیاء کا بہترین نقش	۵۷
۷۴	چوری کا مال دریافت کرنا۔ چوری	۵۸
	کی عادت چھڑانا۔	//
۷۵	لوگوں کی نظروں میں عزت حاصل کرنا	//
	عزیز الخلائق ہونا۔ لوگ عزت کریں	//
۷۶	کسی کے دل میں محبت پیدا کرنا۔	۶۰
۷۷	کسی سے کام نکلوانے کا مجرب عمل۔	//
	محبوب حاضر ہوئے۔	۶۱
۷۸	حب کا لاجواب عمل۔ محبوب تابع ہو	//
۷۹	حب۔ ٹھیکہ کا آرڈر مل جائے۔	۶۲
	کاروبار بند ہو جانا۔	//
۸۰	دینی و دنیاوی فوائد کیلئے۔	۶۳
۸۱	بات کرتے وقت خوف طاری ہو جائے	۶۴

٨٢	حصول ملازمت کا کامیاب عمل	//
٨٣	حصول ملازمت کیلئے	٦٥
٨٤	اچھی ملازمت ملے۔ ترقی یا عہدہ زیادہ ہو۔	//
٨٥	عہدے میں ترقی ہو۔ تسخیر حکام کسی کو مہربان کرنے کیلئے۔	٦٦
٨٦	افسر کو مہربان کرنے کیلئے۔	٦٧
٨٧	حاکم یا افسر مہربان ہو۔	//
٨٨	حاکم مہربان ہو۔	٦٩
٨٩	حسب منشا تبادلہ کروانا۔	٧٠
٩٠	تبادلہ کروانے کیلئے۔	//
٩١	ملازمت برقرار رہے۔ ہوا سونگھ کر جادو کا پتہ چلانا۔	٧١
٩٢	دفع سحر۔ گھر سے جادو آسیب دور ہو	٧٢
٩٣	دفع آسیب، دفع جنات کیلئے۔	٧٣
٩٤	جنات دیو پری بھگانے کیلئے جنات کی آگ سے حفاظت جنات کی حاضری	//
٩٥	مسلط ہمزاد سے نجات ہو۔ حاضری نعل شاہ جن۔	٧٥
٩٦	قید سے رہائی کیلئے۔	٧٦
٩٧	شوہر حقوق پورے کرے۔ کام کرنے کو دل چاہے۔ کمزوری دماغ۔	//
٩٨	جانور نظر بد سے محفوظ رہے بیماری سے سرکشی دور ہو۔	٧٧
٩٩	زیادتی مسکہ، مچھلیاں پکڑنے کا عمل کتا نہ کاٹے۔	٧٨
١٠٠	بچھو کا زہر اتارنے کا مجرب منتر گھر سانپوں سے محفوظ رہے۔ فصل میں برکت ہو۔	٧٩
١٠١	محبت دو جنین کا طلسمی ٹونکہ۔ خواب میں روحانی مخلوق سے ملاقی ہونا۔	٨٠
١٠٢	عناصر اربعہ کے ناسوتی موکلات کو مسخر کرنا	//
١٠٣	حاضرات کا ایک روزہ عمل۔	٨١
١٠٤	درود مستغاث شریف۔	٨٥
١٠٥	تسخیر ہمزاد کا نایاب عمل (فوری)	
١٠٦	جام جمشید۔	٨٣
١٠٧	برائے دفع بخار، برائے بخار، برائے دفع بخار	٩٨
١٠٨	" " "	//
١٠٩	برائے تپ کہنہ۔ برائے صفراوی بخار،	١٠٢
١١٠	جاڑے کا بخار جو تپ یعنی بخار کیلئے۔	١٠٣
	بارش کے بخار کا طلسم ہر قسم بخار (ٹائیفائیڈ)	١٠٤
	ہر قسم کے بخار کیلئے بخار برائے ہر قسم،	١٠٥
	بخار کا کامیاب طلسم، بخار کا انوکھا علاج	١٠٦

١١١	بخار کا بے نظیر عمل	١٠٧
١١٢	نمونیہ میں پسلی کا چلنا	//
١١٣	دفع نظر بد	١٠٨
١١٤	قبض دور کرنے کی دوا	//
١١٥	نظر تیز ہو	//
١١٦	دفع درد چشم	١٠٩
١١٧	درد چشم	//
١١٨	درد آنکھ	١١٠
١١٩	آشوب چشم	//
١٢٠	گوہانجنی	//
١٢١	بھینگے پن کا علاج بہترین عمل	١١١
١٢٢	رتوندہ یا اندھاپا	//
١٢٣	آنکھوں کا موتیا۔	١١٢
١٢٤	درد دانت کے لئے	//
	" " "	
١٢٥	درد دانت	١١٣
١٢٦	درد دانت کا نرالا دم	//
١٢٧	درد سر کا عمل	١١٤
١٢٨	درد سر کا دم	//

اکف یاٹ

١	سانس کی تنگی، کھانسی، دمہ کیلئے	//
٢	نمونیہ، پرانی کھانسی اور گلے کی سوزش	١١٦
٣	ہر قسم کی کھانسی۔ بلغم خارج کرنے کیلئے	//
	نمونیہ کیلئے۔	//
٥	نزلہ زکام کیلئے چھینکوں اور بند ناک کھولنے کیلئے۔	١١٧
٦	گلا اور منہ کے پکنے کیلئے	//
	دل اور نظام دوران خون	١١٨
٧	درد دل۔ وجع قلب، بے قاعدگی قلب اختلاج قلبی۔ دمہ قلبی۔ استسقاء قلبی	
	ہائی بلڈ پریشر و سوزش	١١٩
٨	ہائی بلڈ پریشر، درد قلبی۔ دمہ گردوں اور دل کے ٹھیک طور پر کام نہ کرنے پر خون کی کمی کیلئے۔	
٩	مقویات	١٢٠
	جسمانی۔ عشقی اور دماغی کمزوری کیلئے	
١٠	بڑھاپے کی کمزوری کیلئے۔ بھوک لگانے اور وزن بڑھانے اور بیماری کے بعد کمزوری کیلئے۔	
	نظام انہضام	١٢١
	قبض کیلئے۔	//
١١	دستوں کے لئے۔ انتڑیوں کی خراش اور	١٢٢

	اور جراثیمی جوش کیلئے۔	
۰	پیٹ کے کیڑے خارج کرنے کیلئے	۱۳۴
	معدے کی خرابیت اور زخموں کیلئے۔	〃
۱۳	پیٹ درد۔ معدے کے زخم اور ورم کیلئے۔	۱۳۵
		〃
۱۴	پیٹ درد۔ اپھارہ اور گیس کیلئے۔	۱۳۶
	عورتوں کی قے اور متلی کیلئے۔	〃
۱۵	ہر قسم کی قے کیلئے۔	۱۳۷
۱۶	خونی قے۔	۱۳۸
۱۷	مسوڑوں کی سوزش۔ بخار اور چہرے کے داغوں کیلئے۔	۱۳۹
	ذیابیطس شکری	
	رعشہ۔ فالج۔ دماغی کمزوری کیلئے	
۱۸	بے خوابی۔ بے خوابی اور ہسٹیریا۔	۱۳۰
۱۹	بے خوابی۔ پریشانی خوف اور گھبراہٹ کیلئے۔	۱۳۱
۲۰	بے خوابی۔ پریشانی گھبراہٹ پسینے	〃
	کی کثرت اور منہ میں پانی کیلئے۔	〃
	پریشانی گھبراہٹ اور مالیخولیا۔	۱۳۲
۲۱	مرگی۔ جلدی امراض۔ بواسیر میں	۱۳۳
	درد، ورم اور خارش کیلئے	〃

	پھوڑے پھنسی۔ خارش۔ کمر درد	
	اور کیلشیم کی کمی پوری کرنے کیلئے	
۲۲	پھوڑے پھنسی۔ زخموں اور جلی ہوئی جگہ کیلئے۔	۱۳۴
	گلے کی خرابی اور بخار کیلئے	
۲۳	نظام اخراج و تولید۔	۱۳۵
	گردے۔ مثانہ کی پتھری کیلئے	
	پیشاب کی نالی میں درد اور جلن۔	〃
۲۵	اندام نہانی کی سوزش اور سوزاک کیلئے	۱۳۶
	رحم کے منہ کی سوزش اور لیکوریا کیلئے	۱۳۷
۲۶	لیکوریا۔ ماہواری کی بندش، درد اور	۱۳۸
	ماہواری کی بے قاعدگی۔	〃
۲۷	بانجھ پن اور حیض کے درد کے ساتھ آنے کیلئے۔	
	عادتی اسقاط حمل۔ کثرت حیض اور حیض کی تکلیف کیلئے۔	۱۳۹
		〃
	ضبط تولید۔	〃
۲۸	آنکھوں کی خارش، پانی بہنا اور دیگر امراض۔	۱۴۰
۲۹	گلے کے ورم اور خارش کیلئے	
۳۰	ملیریا بخار کیلئے۔	

۳۱	محرقہ بخار اور ہیضہ	۱۴۳
۳۲	دردوں کے لئے۔ دانت درد سر درد	۱۴۴
۳۳	جوڑوں کے پرانے درد۔ موچ کمر درد	۱۴۶
۳۴	ریح اور گردن کے درد کیلئے۔	۱۴۷
	ریح کا درد اور دیگر دردوں کیلئے۔	〃
	درد بوجہ تشنج۔ گردہ۔ قولنج پیٹ مثانہ اور شرمگاہ۔	۱۴۸
۳۵	بچوں کے امراض، سرخ بخار تپ محرقہ	
۳۶	درد، قے اور متلی کیلئے۔	۱۴۹
	قبض کے لئے۔ دستوں کیلئے	۱۵۰
۳۷	بچوں کی کھانسی کیلئے۔ پرانی کھانسی	۱۵۱
۳۸	خشک کھانسی۔ خون کی کمی کیلئے	۱۵۲
۳۹	بچوں کے لئے مقویات، دست	۱۵۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دردِ سر:۔ حضرت برکات احمد صاحب قدس رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں۔ کہ میں نے اپنے شیخ طریقت کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ سورۂ فاتحہ کو سات بار پڑھ کر دم کرنے سے سَر درد کو شفا ہوتی ہے

(میزان الادیان)

دیگر:۔ امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت میں لکھا ہے۔ کہ قیصر روم کے سَر میں دردِ رہتا تھا۔ اس نے ہر طرح کے علاج کرائے لیکن آرام نہ آیا۔ آخر اس نے حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں مکتوب لکھا کہ مجھے اِس کا علاج تجویز کر کے بھیجیں۔ حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک ٹوپی سلوا کر بھیجی۔ قیصر روم نے اِس ٹوپی کو پہنا تو اسے دردِ سر سے آرام آ گیا۔ وہ جب کبھی ٹوپی کو سَر سے اتارتا۔ تو پھر دَرد شروع ہو جاتا۔

قیصر روم یہ معاملہ دیکھ کر حیران ہُوا۔ اس نے ٹوپی کو کھول کر دیکھا۔ تو اس میں بسم اللہ شریف، الحمد شریف اور یہ آیت شریف، اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِیْمٌ لکھی ہوئی تھی۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ عمل نہایت ہی کارگر ہے۔ سَر دَرد کیلئے اُسے لکھ کر موم جامہ کر کے سَر میں باندھیں انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

دیگر:۔ اگر کسی کو دَردِ سَر ہو تو ان حروف (اح اک ک ح ع ح ا م ح) کو لکھیں پھر لوہے کی کیل لیکر پہلے حرف پر اسے رکھ کر تین بار سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دَم کریں۔ اگر دَرد بند نہ ہو۔ تو اگلے حرف پر کیل رکھ کر یہی عمل

کو دم کریں۔
اسی طرح حرف بدلتے رہیں۔ جس حرف پر درد بند ہو۔ تو کیل کو اسی حرف میں ٹھونک دیں۔ اس کے بعد پھر تین بار سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ بفضلِ خدا دوبارہ درد نہیں ہوگا۔

دیگر:۔ دردِ سر کے لیے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پگڑی، ٹوپی یا کسی رومال میں باندھ کر سر پر باندھیں۔
بفضلِ خدا دردِ سر سے شفا ہوگی۔

۷۸۶

		۱۳۲		
	۱۵۱	ح	۲۱۱	
۹۵	د	۵۵۷	ھ	۱۱۲

دردِ دل:۔ اگر کسی کے دل میں درد ہوتا ہو۔ درد محسوس ہوتو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ... کپڑے میں باندھ کر گلے میں ڈالیں ... اور اس نقش کو چینی کی پیالی میں لکھ کر ... پانی ... پلائیں ... سات روز تک کریں۔
بفضلِ خدا شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھ	ھ	ھ
ھ	ھ	ھ
ھ	ع	ھ
ھ	ھ	ھ

ناف ٹلنا:۔ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ناف کے مقام پر باندھیں۔ اور پھر یہ نقش ... پانی میں گھول کر پلائیں۔ بفضلِ خدا ناف بھی درست ہو گی اور ناف سے پیدا شدہ مرض بھی دور ہو گئے



دیگر:۔ اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھ کر ناف کے مقام پر باندھیں ناف کے ٹھیک ہونے پر اس نقش کو جلا دیں۔
بفضلِ خدا اس سے ناف ٹلنے کی علامت سے ... ٹھیک ہوگی۔



دردِ گردہ اور پیٹ کا لاجواب دم:۔ ... تین بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں ... ان شاء اللہ ... فوراً آرام ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَائِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ اَبَدًا

دردِ قولنج:۔ مریض کے جس جگہ درد ہو اس جگہ کسی ... سے دائرہ کھینچیں اور پھر اس آیت شریف کو تین بار پڑھ کر دائرہ کو قطع کریں۔ اسی طرح گیارہ بار یہ عمل کریں۔ اول آخر تین بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا یہ عمل کرتے کرتے مریض کو درد قولنج سے شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا وَّلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

عرق النساء جس ٹانگ میں درد ہو۔ اس طرف کے چولہے پر لوہے کا چمٹا رکھ کر اس عمل کو سات بار پڑھیں۔ اور آہستہ آہستہ چمٹے کو نیچے کی طرف لیتے آئیں۔ جب چمٹا پیر پر آجائے تو چمٹے کو تین مرتبہ زمین پر جھاڑیں اس طرح اس عمل کو سات بار دہرائیں۔ بفضلِ خدا درد کی وجوہ کچھ بھی ہو۔ چند بار جھاڑنے سے درد بالکل غائب ہو جائیگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اٰدَمُ صَفِیُّ اللّٰہِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُوْسٰی کَلِیْمُ اللّٰہِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عِیْسٰی رُوْحُ اللّٰہِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

درد پسلی اس عمل کو سرسوں کے تیل پر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں جس طرف کی پسلیوں میں درد ہو۔ اس تیل کی بار بار ہلکی ہلکی مالش کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ

درد کمر اگر کسی کی کمر میں درد رہتا ہو۔ تو اس آیت شریف کو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ اول آخر تین بار درود شریف پڑھیں۔ روزانہ تین بار اس عمل کو دہرائیں۔ بفضلِ خدا چند بار کے اس عمل سے درد سے شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِھِمْ

وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

بدن میں دردوں کیلئے اگر بدن میں درد شدید ہوتا ہوں۔ تو ان کلمات کو اکیس بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اس پانی کو تین سانس سے پئیں روزانہ اسی طرح عمل کریں۔ اور تا شفا عمل جاری رکھیں۔ بفضلِ خدا شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اِنَّا کُنَّا عَصَیْنَاکَ بِجَھْلٍ نَعُدُّ دَعَوْنَاکَ بِعَقْلٍ حَیْثُ عَلِمْنَا اَنَّ لَنَا رَبًّا یَغْفِرُ وَلَا یُبَالِیْ

دفع ہر درد و بلا جواہر غیبی میں لکھا ہے کہ حضور پُر نور احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ جو بھی اس دعا کو صبح شام پڑھے گا۔ ہر آفت و بلیات اور درد و بلا سے محفوظ رہیگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

ہر قسم کے درد کا دم درد کی جگہ پہ ہاتھ رکھ کر ان کلمات کو گیارہ

بار پڑھ کر دم کریں۔ دورانِ دم آہستہ آہستہ ہاتھ ہلاتے رہیں۔ اوّل آخر ایک بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا درد سے شفا ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بِسۡمِ اللّٰہِ خَیۡرِ الۡاَسۡمَآءِ بِسۡمِ اللّٰہِ رَبِّ الۡاَرۡضِ وَالسَّمَآءِ بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ اِسۡمُہٗ بَرَکَۃٌ وَّشِفَآءٌ بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ بِیَدِہِ الشِّفَآءُ بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسۡمِہٖ سَمٌّ وَّلَا دَآءٌ بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ

دیگر

ان اسماء الٰہی کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر تیل پر دم کریں۔ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف ابراہیمی پڑھیں۔ مقام درد پر تیل کی مالش کریں۔ انشاءاللہ درد سے افاقہ ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِاَسۡمَآئِکَ الۡحُسۡنٰی یَا نُوۡرَ النُّوۡرِ یَا خَالِقَ النُّوۡرِ یَا مُنَوِّرَ النُّوۡرِ یَا نُوۡرَ کُلِّ نُوۡرٍ یَا نُوۡرًا لَیۡسَ مِثۡلَہٗ نُوۡرٌ یَا نُوۡرًا قَبۡلَ کُلِّ نُوۡرٍ یَا نُوۡرًا بَعۡدَ کُلِّ نُوۡرٍ فِی النُّوۡرِ۔

جسم میں خون کی کمی

جسم میں خون کی کمی کیلئے اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد پانی پر پانچ بار پڑھ کر دم کرکے پئیں۔ اس عمل کو چالیس روز تک جاری رکھیں۔ بطفیل سید کونین احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جسم میں وافر مقدار میں اور اچھا خون پیدا ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنۡبَغِیۡ الصَّلٰوۃُ عَلَیۡہِ۔

لو بلڈ پریشر

اس مرض کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اکتالیس روز تک بلا ناغہ صبح شام پانی میں گھول کر پئیں۔ بفضلِ خدا مرض سے شفا ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ی	ف	ل	ش
ش	ی	ف	ل
ل	ش	ی	ف
ف	ل	ش	ی

ہائی بلڈ پریشر

اس عمل کو ایک سو مرتبہ پانی پر دم کریں۔ اس پانی کو صبح دوپہر، شام تین مرتبہ دن میں استعمال کریں۔ اس عمل کو ساٹھ روز تک اسی طرح دہرائیں۔ عمل کے اوّل آخر درود شریف ہزارہ تین تین بار پڑھیں۔ بفضلِ خدا مرض سے شفا ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوۡرِ

خون سے زہر دور ہو

خون میں زہر کسی زہریلی دوا، زہریلے کیڑے کے کاٹنے سے یا کسی اور وجہ سے پیدا ہوگیا ہو۔ تو اس عمل کو آبِ زم زم پر پچیس بار دم کرکے صبح و شام پئیں۔ اس عمل کو پچیس دن تک کریں۔ اگر آبِ زم زم با امر مجبوری نہ ملے۔ تو بارش یا کسی نہر کا پانی لے لیں۔ بطفیل خاتم الانبیاء سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے خون سے زہر دور ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

پھوڑا پھنسی

پھوڑے اور پھنسی کیلئے اس عمل کو پانچ سو بار پڑھ کر سونف پر دم کریں۔ اس سونف کو دن میں چند بار چبائیں۔ اُنیس روز کے عمل سے بفضلِ خدا پھوڑے پھنسیوں سے شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ

داد کا علاج

سورۂ فاتحہ کو اکتالیس بار پڑھ کر سفید چینی پر دم کریں۔ دم شدہ چینی کو دن میں چند بار پھانک لیں۔ دم کرنے کے دوران شہادت کی انگلی چینی کے درمیان رکھیں۔ سورۂ فاتحہ کے اوّل آخر تین تین بار درود شریف مزید پڑھیں۔ اس عمل سے بطفیل سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم شفا نصیب ہو گی۔

بھگندر

اس عمل کو دن میں تین بار پانی پر چالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پئیں۔ چالیس دن تک عمل بلا ناغہ جاری رکھیں۔ دوران روحانی علاج ہر قسم کے گوشت اور تیز مرچ مصالحہ دار اشیاء سے پرہیز کریں۔ بفضلِ خدا مرض سے شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اللّٰہُ الْعَالَمِیْنَ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔

بال گرنا

اس آیت کو ناریل کے تیل پر ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس تیل کو سر میں استعمال کریں۔ بفضلِ خدا بال گرنے سے بند ہو جائینگے۔ دورانِ علاج کھانے میں ہلکی پھلکی زود ہضم سادہ غذائیں استعمال کریں۔ دماغی تقویت کیلئے بادام روغن استعمال کریں۔ تیز مصالحے استعمال نہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ

بال لمبے کرنا

اس آیت کو ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ ناریل کے تیل پر پڑھ کر دم کریں۔ اس دم شدہ تیل کو سر میں استعمال کرنے سے بال لمبے ہونگے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

آنکھوں کیلئے حضرت خواجہ فریدالدین رحمتہ اللہ علیہ کا عمل۔

سلطان المشائخ حضرت خواجہ فریدالدین رحمتہ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: کہ ہاتھوں کے دونوں انگوٹھوں پر اس آیت شریف کو سات بار پھر درود شریف سات بار پڑھ کر دم کریں۔ ان انگوٹھوں کو آنکھوں پر پھیریں۔ آنکھوں کو بیماری سے شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ۝

دفع دردِ چشم

اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ میں لکھیں اس میں تھوڑا سا خالص شہد ڈال کر حل کریں۔ پھر تین تین سلائیاں دونوں آنکھوں میں ڈالیں۔ بفضلِ خدا چند بار ڈالنے سے دردِ چشم سے شفا ہو گی۔

حمٓ	عسٓقٓ	حمٓ
حمٓ	عسٓقٓ	حمٓ
حمٓ	عسٓقٓ	حمٓ

دیگر آنکھوں کے درد کیلئے اس آیت شریف کو سات بار پڑھ کر دم کریں اوّل آخر درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا چند بار کے عمل سے شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

دیگر مجربات دیربی میں لکھا ہے۔ کہ مصنف کتاب شفاء الصدور والابدان نے بیچ اسرار منافع قرآن کے یہ روایت لکھی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کلمات کی برکت سے آنکھوں کے درد کو شفا بخش دیتے ہیں۔ صبح و شام تین بار پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں۔ انشاء اللہ شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

دَخَلَ الرَّمَدُ بِسَلَامَةٍ وَيَخْرُجُ الرَّمَدُ وَانْكَفَتِ الدَّمْعَةُ بِسَلَامَةٍ وَانْحَلَّتِ الْجَمْرَةُ بِسَلَامَةٍ بِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تَا عَنِي نُوْرٌ

دفع آشوبِ چشم

دفع آشوبِ چشم کیلئے اس آیت شریف کو گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اوّل آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ اس پانی سے آنکھوں کو دھوئیں۔ بفضلِ خدا چند بار کے عمل سے آنکھوں کو شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ

دیگر آشوبِ چشم گوہنجی اور ضعفِ بصر کیلئے اس آیت شریفہ کو پڑھ کر سات مرتبہ آنکھوں پر دم کریں۔ ہر مرتبہ سات بار پڑھیں۔ مرض کی شدت میں سات روز بلا ناغہ دم کریں۔ بفضلِ خدا مرض دور ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

دیگر

آنکھوں کے ہر طرح کے امراض کیلئے ان کلمات کو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ بفضل خدا شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يَا قَوِيُّ يَا مُجِيبُ يَا سَمِيعَ الدُّعَآءِ يَا لَطِيفًا لِّمَا يَشَآءُ اُرْدُدْ عَلَيَّ بَصَرِيْ ،

حضرت خضر علیہ السلام کا بتایا ہوا آنکھوں کے تمام امراض کا لاجواب علاج،

مجربات دیربی میں لکھا ہے کہ ایک صالح مرد سے حضرت خضر علیہ السلام کی ملاقات ہوئی۔ تو حضرت خضر علیہ السلام نے کہا۔ کہ جو کوئی مؤذن اذان میں جب شفیع روز جزا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک سنے۔ تو اپنے دونوں ہاتھ انگوٹھوں کے ناخنوں کو بوسہ دے کر اپنی آنکھوں پر ملے اور کہے۔

مَرْحَبًا بِحَبِيْبِيْ وَقُرَّةِ عَيْنِيْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

تو اس کی آنکھیں درد سے امن پائیں۔

پڑبال اور موتیا

اگر آنکھوں میں پڑبال ہوں یا موتیا اتر آئے۔ تو ان کلمات کو ہر نماز کے فرض پڑھنے کے بعد آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر سات بار پڑھیں۔ تا شفا عمل جاری رکھیں۔ بفضل خدا مرض سے جلد آرام ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝

آنکھ میں جلن کا کامیاب علاج

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یَا نُوْرُ	یَا بَصِیْرُ	یَا نُوْرُ
یَا بَصِیْرُ	اَللّٰہُ	یَا بَصِیْرُ
یَا نُوْرُ	یَا بَصِیْرُ	یَا نُوْرُ

اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ میں لکھ کر اس میں تھوڑا سا شہد ملائیں۔ پھر اس شہد کو آنکھ میں لگائیں جلن دور ہوگی۔

آنکھوں کی سرخی دور ہو

اس نقش کو زعفران سے چینی کی پیالی میں لکھیں۔ پیالی میں تھوڑا سا پانی ڈال کر نقش کو اس میں حل کریں۔ اس پانی کو کسی بڑے برتن میں انڈیل کر اور پانی ملائیں۔ اس پانی سے آنکھوں پر آہستہ آہستہ چھینٹے ماریں۔ چند بار کے اس عمل سے بفضل خدا شفا ہوگی۔

۷۸۶

یَا نُوْرُ	یَا نُوْرُ	یَا نُوْرُ

آنکھوں میں خون تیرنا

۷۸۶

۶	۱	۸	یا بدوح
۷	۵	۳	یا بدوح
۲	۹	۴	یا بدوح

آنکھوں میں خون تیرتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے چینی کی پاک صاف پلیٹ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پئیں چالیس روز تک یہ عمل کریں ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

دوران علاج میٹھا بالکل نہ استعمال کریں۔

نگاہ کی کمزوری کیلئے

نگاہ کی کمزوری کیلئے ان کلمات کو اکیس بار پڑھ کر تازہ پانی پر دم کریں۔ آہستہ آہستہ اس پانی کے آنکھوں پر چھینٹے ماریں۔ عمل سورج نکلنے سے پہلے کریں۔ اگر سورج نکل آئے تو پھر اس عمل کو نہ کریں۔ چالیس روز تک بلا ناغہ عمل جاری رکھنے سے بفضلِ خدا کمزوری دور ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ

اَعِیۡنُنۡ نُوۡرَ بَصَرِیۡ بِنُوۡرِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا نُطۡفَاً

دیگر

محبوبِ الٰہی حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ روشنی چشم کیلئے یہ عمل اس طرح کریں۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ کو دو بار پڑھ کر دونوں انگوٹھوں پر دم کر کے آنکھوں پر ملیں۔ پھر الٓمّٓ ہ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ہ کو اسی طرح دم کر کے آنکھوں پر پھیریں۔ پھر تیسری بار وَعَنَتِ الۡوُجُوۡہُ لِلۡحَیِّ الۡقَیُّوۡمِ ہ دم کر کے آنکھوں پر پھیریں۔

دیگر

محبوبِ الٰہی حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان حروف کو ایک ایک بار پڑھتے جائیں۔ اور ہاتھوں کی ایک انگلی بند کرتے جائیں۔ جب دس حروف پڑھنے پر دسوں انگلیاں بند ہو جائیں تو انگلیاں کھول کر آنکھوں پر پھیریں۔ اسی طرح عمل کو تین بار کریں۔ انشاء اللہ آنکھوں کو شفا ہوگی۔

(سیر الاولیاء)

کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ

نیند نہ آتی ہو

اگر کسی وجہ سے نیند جلد نہ آتی ہو تو اس عمل اس طرح کریں جب رات کو نماز عشاء اور دوسرے کاموں سے فارغ ہو کر سونے کیلئے بستر پر جائیں۔ تو دائیں پہلو سوئیں۔ دائیں ہاتھ کو چہرے کے نیچے رکھیں۔ اور دائیں پاؤں کو بائیں پاؤں پر رکھیں۔ بائیں ہاتھ کو بائیں ران پر رکھیں اس کے بعد دماغ میں "الف" کا دائرہ میں تصور جمائیں۔ (ا) یہ تصور کریں کہ الف سے نوری اور سکون بخش شعائیں نکل رہی ہیں۔ اور تمام جسم میں پھیل رہی ہیں۔ اس تصور کو بار بار دہرائیں۔ بفضلِ خدا جلد نیند آجائے گی۔

پابندی نیند

جس کو نیند بہت زیادہ آتی ہو اور نیند کی خماری نہ جاتی ہو طبیعت میں سستی رہتی ہو تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں پہنیں انشاء اللہ سستی جاتی رہے گی۔ اگر رات کو کسی مقررہ وقت پر اٹھنا ہو تو اس موم جامہ کئے ہوئے نقش کو سر پر سات مرتبہ چکر دیں۔ خدا کے فضل سے وقت پر آنکھ کھلے گی۔

میکائیل	یَا اَللّٰہُ	جبرائیل
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
عزرائیل	یَا اَللّٰہُ	اسرافیل

خواب بندی

کسی کی نیند باندھنی ہو تو سات روز تک آدے کی ٹھیکری پر نقش لکھ کر کسی پرانے خشک کنوئیں میں پھینکیں دشمن کی نیند بند ہو جائے گی۔

	۷ ۲	
ص ۴	دد ۱۱	د ۳۰
	ح ۲	

بستم خواب فلاں بن فلاں

شب کوری دور ہو

اگر کسی کو رات کے وقت نظر نہ آتا ہو۔ تو اس نقش کو چاندی کی تختی پر کندہ کر کے چاند کی چودہ تاریخ کو گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ شب کوری دور ہوگی۔

۷۸۶

۶۶۱	۶۶۳	۶۶۴	۶۵۴
۶۶۶	۶۵۵	۶۶۰	۶۶۵
۶۵۶	۶۶۹	۶۶۲	۶۵۹
۶۶۳	۶۵۸	۶۵۷	۶۵۹

پرانا نزلہ

اگر کسی کو پرانا نزلہ ہو اور ہر وقت حلق میں گرا گرتا ہو جس کی وجہ سے سانس سے بدبو آتی ہے۔ تو اس نقش کو زعفران سے لکھیں جس میں آب زم زم ڈالا گیا ہو۔ صبح دوپہر شام ہر روز چینی کی پاک صاف پلیٹوں میں لکھ کر پانی میں گھول کر اکیس ۲۱ روز تک پئیں بفضلِ خدا پرانے نزلے کو شفا ہوگی۔

۷۸۶

یا مصطفٰی	یا مصطفٰی
یا مصطفٰی	یا مصطفٰی

سونگھنے کی قوت کمزور ہونا

اگر قوتِ شامہ کی کمزوری کے باعث خوشبو اور بدبو کا ٹھیک طور پر پتہ نہ چلتا ہو۔ تو اس نقش کو زعفران سے چینی کی سفید پیالی میں لکھ کر صبح دوپہر شام ہر روز پانی میں گھول کر پئیں۔ بفضلِ خدا اکیس ۲۱ روز کے روحانی علاج سے قوت شامہ مضبوط ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ

بیماری کا بہرہ پن

اگر کسی بیماری کی وجہ سے بہرہ پن پیدا ہو تو اس عمل کو رات سونے سے پہلے ہر روز چالیس دن تک اس طرح کریں۔ دونوں کانوں پر شہادت کی انگلیاں رکھ کر ہر روز گیارہ بار پڑھ لیا کریں۔ بفضلِ خدا شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَا حَقُّ یَا فَتَّاحُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

کمزور سماعت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اس پر ایک چمچ شہد ڈال کر نقش حل کر لیں۔ اس شہد کو چاٹ لیں۔ صبح شام اس عمل کو چالیس روز تک کریں۔ بفضلِ خدا سماعت تیز ہوگی۔

یَا نُوْرُ	یَا نُوْرُ	یَا نُوْرُ	یَا نُوْرُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا مُنَوِّرُ	یَا مُنَوِّرُ	یَا مُنَوِّرُ	یَا مُنَوِّرُ

چہرے کے امراض

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

چہرہ کے تمام امراض آنکھیں، کان، ناک منہ وغیرہ کیلئے اس نقش کو زعفران سے جس میں آبِ زم زم ملا ہوا ہو چینی کی پاک صاف سفید پیالی پہ لکھ کر اس میں ایک چمچہ خالص شہد ڈال کر نقش اس میں حل کر کے انگلی سے چاٹیں۔ اس روحانی علاج کو دن میں تین بار کریں۔ بفضلِ خدا وطفیل سید کونین چہرہ کے تمام امراض سے شفا ہوگی۔

یَا فَتَّاحُ	یَا فَتَّاحُ	یَا فَتَّاحُ
یَا فَتَّاحُ	یَا فَتَّاحُ	یَا فَتَّاحُ
یَا فَتَّاحُ	یَا فَتَّاحُ	یَا فَتَّاحُ

پائیریا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اس نقش کو چینی کی پیالی میں لکھ کر سرسوں کے تیل میں شہادت کی انگلی سے آہستہ آہستہ دانتوں پر ملیں صبح شام سات روز تک عمل کریں بفضلِ خدا دانتوں کے مسوڑھوں سے گندی رطوبت

م	د	ی	ق
ق	م	د	ی
ی	ق	م	د
د	ی	ق	م

نکنا بند ہو گی۔

دیگر

دانتوں کے پائیریا کیلئے اس عمل کو سرسوں کے تیل پر اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دم کریں۔ اس دم شدہ تیل کو دن میں چند بار متاثرہ جگہ پر لگائیں۔ چند دنوں کے استعمال سے بفضلِ خدا پائیریا کا نام و نشان تک مٹ جائیگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ۨ

کٓھٰیٰعٓصٓ

دانت صاف رہیں

اگر دانت گندے ہوں۔ مثلاً دانتوں پر زردی جمی رہے۔ یا دانتوں پر داغ دھبے پڑے ہوں۔ یا کسی اور وجہ سے گندے رہیں۔ تو صبح ہر روز مسواک پر اس عمل کو نو (۹) بار پڑھ کر استعمال کریں۔ چند دنوں کے اس عمل سے بفضلِ خدا دانت صاف ہونگے۔ اور گندگی دانتوں پر جمنی بند ہو جائیگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

دانت پیسنے سے چھٹکارا

دانت پیسنے سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے اس عمل کو پانچ سو بار ایک پاؤ خالص شہد پر پڑھ کر دم کریں۔ اس شہد کو دن میں چند بار مریض کو چٹائیں۔ عمل کے اول آخر پانچ پانچ بار درود شریف پڑھ کر چٹائیں۔ دانت پیسنے کا مرض پیٹ کے کیڑوں یا کسی اور وجہ سے ہو بفضلِ خدا چھٹکارا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّفِیْعُ جَلَّ جَلَالُہٗ یَا ھُوْ

بچے کے دانت بغیر تکلیف کے نکلیں



اگر بچہ دانت نکال رہا ہو۔ اور تکلیف محسوس کرے۔ تو اس تعویز کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بچہ دانتوں کی تکلیف سے محفوظ رہیگا۔

کنٹھ مالا

اس عمل کو مرض کے مقام پر سات بار پڑھ کر دم کریں۔ یہ عمل دن میں تین مرتبہ دہرائیں۔ تا صحت عمل کو جاری رکھیں بفضلِ خدا شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

کُب دور ہو

اگر کوئی مرد یا عورت پسلیوں کی کمزوری کی وجہ سے کُبڑا ہونا شروع ہو جائے۔ یا ہو گیا ہو۔ تو یہ نقش کو چینی کی پاک صاف پیالی میں زعفران سے لکھ کر ہر روز صبح کے وقت پانی میں گھول کر تین ماہ تک پئیں۔ بفضلِ خدا کُب دور ہوگا۔



دفع بواسیر

ہر قسم کی بواسیر کیلئے اس نقش کو چاندی کی تختی پر کندہ کرائیں۔ ہر روز تختی کو پاک صاف پانی سے دھو کر مریض کو چالیس روز تک پلائیں بفضلِ خدا مرض سے شفا ہوگی۔

۲ ۷	٦٦
ق ع	ح

دفع احتلام

کسی مرد کو کثرت سے احتلام ہو۔ تو اس نقش کو بروز اتوار لکھ کر ناف پر باندھے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی اور کثرت احتلام سے محفوظ ہوگا۔

ف	لا	ع
ك	۱۱	ك
س	لا	عط

ہسٹیریا کے دورے

اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ہسٹیریا کی مریضہ کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالیں۔ ہر روز صبح دوپہر شام چینی کی پاک صاف پلیٹ پر لکھ کر اس میں پانی گھول کر پلائیں۔ تا شفا

اس عمل کو جاری رکھیں۔ اس روحانی علاج سے بفضلِ خدا شفا ہو گی۔ اور ہسٹریا کے دورے پڑنے بند ہو نگے۔ شدید دورے کی صورت میں اس نقش کو لکھ کر پانی میں گھول کر مریضہ کے چہرے پر چھینٹے ماریں۔ دورہ ختم ہو جائیگا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرۡضٰی لَهٗ	یَاوَدُوۡدُ	یَاوَدُوۡدُ	یَاوَدُوۡدُ
	یَاوَدُوۡدُ	یَاوَدُوۡدُ	یَاوَدُوۡدُ
	یَاوَدُوۡدُ	یَاوَدُوۡدُ	یَاوَدُوۡدُ

استقرارِ حمل

استقرارِ حمل کیلئے بے نظیر عمل ہے۔ اس نقش کو عمل میں لانے کیلئے سُورۂ اخلاص کو پانچ سَو بار ہر روز اکیس دن تک پڑھیں۔ اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔ اکیس (۲۱) روز کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ جب کسی اسقاطِ حمل والی عورت کو نقش لکھ کر دینا ہو تو اس نقش کو لکھ کر اس پر گیارہ مرتبہ سُورۂ اخلاص پڑھ کر دم کریں پھر اس نقش کو موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈالیں۔ خُدا کے فضل و کرم سے حمل اسقاط نہ ہو گا۔ اور بچہ آفات سے محفوظ رہیگا۔ مجرب المجرب عمل ہے۔ انشاء اللّٰہ خطا نہیں جاتا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

قل	هو	اللّٰه	أحد	اللّٰه	الصمد	لم	يلد
هو	اللّٰه	احد	اللّٰه	الصمد	لم	يلد	ولم
اللّٰه	احد	اللّٰه	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد
احد	اللّٰه	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم
اللّٰه	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له
لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوًا
يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوًا	احد

لڑکا پیدا ہو

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

الحمد للّٰه	رب العٰلمین	الرحمٰن الرحیم	مٰلک یوم الدین
ایاک نعبد	و ایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم
صراط الذین	انعمت علیھم	غیر المغضوب	علیھم ولا الضالین آمین

جب کسی عورت کے صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو۔ اس نقش کو لکھ کر حمل کے آثار ظاہر ہونے پر گیارہ روز تک گھول کر پلائیں۔ انشاء اللّٰہ لڑکا پیدا ہو گا۔ نقش نہایت سریع التاثیر ہے۔

لڑکی کی نسبت ہو

۴۸۹

۱۶۶	۱۵۹	۱۶۴
۱۶۱	۱۶۳	۱۶۵
۱۶۲	۱۶۷	۱۶۰

جس لڑکی کی نسبت نہ ٹھہرتی ہو تو اس نقش کو پاک سیاہی لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اور نماز میں کوتاہی نہ کرے۔ خُدا کے فضل سے جلد نسبت طے ہو گی۔

جسم جلنے اور زخم کے نشان دُور ہوں۔

ہر نماز کے بعد نشان کے مقام پر دایاں ہاتھ رکھ کر اس عمل کو گیارہ بار پڑھیں، اوّل آخر دُرود شریف رحمت تین تین بار پڑھ لیا کریں۔ نشانوں کے معدوم ہونے تک عمل جاری رکھیں۔ بفضلِ خدا نشان دُور ہو نگے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

یَارَحۡمٰنَ کُلِّ شَیۡءٍ وَّ رَاحِمَهٗ

لکنت

اگر کسی کو بولتے وقت ہکلاہٹ یا لکنت ہو۔ اور روانی سے بول نہ سکتا ہو۔ تو اس عمل کو صبح نماز فجر کے بعد اُنچاس (۴۹) مرتبہ اس طرح پڑھیں:

پہلے ایک بار درود شریف جو یاد ہو پڑھیں۔ پھر سات بار اس عمل کو پڑھیں۔ اسطرح ہر سات بار کے بعد درود شریف پڑھیں۔ اسی طرح اس عمل کو نماز عشاء کے بعد کریں۔ عمل کو درمیانی آواز سے آہستہ آہستہ پڑھیں۔ تا حصول مقصد اس روحانی علاج کو جاری رکھیں بفضل خدا جلد لکنت دور ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ اَقْوَاہُ یَا اللّٰہُ

لقوہ

شکر یا گڑ کی اکیس ڈلیاں لیکر ہر ایک پر اس عمل کو چالیس بار پڑھ کر دم کریں تین ڈلیاں ہر روز کھائیں۔ سرسوں کے تیل پر اس عمل کو پڑھ کر دم کریں اس تیل کی متاثرہ حصے پر ہلکی ہلکی مالش کریں۔ بعد میں روئی سے سینک کریں۔ اور روئی اوپر باندھ دیں، ہوا سے بچائیں۔ چند دنوں میں بفضل خدا شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ وَیُمُوْمَتِہٖ مُلْکِہٖ وَ بَقَآئِہٖ حَیُّ یَاحَیُّ یَاحَیُّ

سرسام

اگر سرسام کے مریض کو بے ہوشی طاری ہو جائے۔ تو ان کلمات کو گیارہ بار پانی پر پڑھ کر دم کریں۔ اس پانی کے چہرے پر چھینٹے ماریں۔ اور چند قطرے مریض کے ناک میں ٹپکائیں۔ بفضل خدا مریض ہوش میں آجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ شِفَاءً وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اَنْتَ شَافِیْ اَنْتَ کَافِیْ، یَاحَلِیْمُ، اَنْتَ حَسْبِیْ، اَنْتَ رَبِّیْ، یَاکَرِیْمُ

بے ہوشی دور ہو

اس عمل کو گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ دم شدہ پانی کے چھینٹے بیہوش چہرے پر ماریں۔ اگر ایک دفعہ کام نہ ہو تو دوبارہ اسی طرح کریں۔ مریض ہوش میں آجائیگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَاجِبْرِئِیْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ

دفع مرگی

سات عدد نیلے دھاگے لیکر انکو تین سو تیرہ گرہ دیں۔ ہر گرہ پر ایک بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ ہر بار بسم اللہ ضرور پڑھیں اس گنڈے کو مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ بفضل خدا مرگی کے مرض سے شفا ہوگی، آرام آنے پر اس گنڈے کو قبرستان میں دفن کر دیں۔

سرطان (کینسر)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓمٓ	الٓمٓصٓ الٓرٰ	الٓمٓرٰ	کٓھٰیٰعٓصٓ
طٰہٰ	طٰسٓمٓ طٰسٓ	یٰسٓ	حٰمٓعٓسٓقٓ
	صٓ قٓ نٓ		

سرطان کے مریض کو کھانے والے سرخ رنگ کی روشنائی سے اس نقش کو چینی کی پاک صاف پیالی پر لکھ کر صبح دوپہر شام ہر روز پانی گھول کر پلائیں۔ اکیس (۲۱) روز تک اس روحانی علاج کو جاری رکھیں دوران علاج مریض کو سرخ رنگ کے کپڑے پہنائیں۔ بفضل خدا جلد شفا ہوگی۔

تپ دق (ٹی بی)

اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر تپ دق کے مریض کو ہر روز تین بار پلائیں۔ اور مریض کے قد کے برابر تین عدد دھاگے لیکر اُس کو اکتالیس گرہ لگائیں۔ ہر گرہ پر اس نقش والے عمل کو تین بار پڑھیں۔ اس دھاگے کو اکٹھا کر کے تمام جسم پر لیں۔ پھر اسکو آگ میں جلا دیں۔ تین ماہ تک اس عمل کو اسطرح جاری رکھیں۔ بفضل خدا اس روحانی علاج

...ے جو شفا ہو گی مجرب المجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝
اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝
اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝

بیماری سے شفا کیلئے

بیماری سے شفا کیلئے قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو سات بار پڑھ کر مریض کو دم کریں۔ روزانہ اسی طرح سات بار عمل کریں۔ اوّل آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا چند روز میں شفا ہو گی۔

اِنْ اٰتِ ذَنْبًا فَمَا عَهْدِیْ بِمُنْتَقِضٍ
مِنَ النَّبِیِّ وَلَا حَبْلِیْ بِمُنْصَرِمٖ

ہر دکھ کا علاج نقشِ نعل شریف

سلطان الانبیاء احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم



کے نعل شریف کا نقش ہر دکھ کا علاج ہے۔ اس نقش کو زعفران سے سبز کاغذ پر لکھ کر اگر ۱۔ دکان میں لگائیں تو کاروبار میں برکت ہو گی۔ ۲۔ دردِ زہ والی عورت کے بازو کے ساتھ باندھیں تو بچہ آسانی سے پیدا ہو گا۔ ۳۔ دورانِ سفر اس کو پاس رکھیں گے تو ہر طرح کی آفات سے حفاظت رہے گی۔ ۴۔ بیمار کے گلے میں ڈالیں تو مرض سے شفا ہو گی۔ ۵۔ نظر بد والے کے گلے میں ڈالیں تو نظر بد دور ہو گی۔ غرض جس مقصد کیلئے رکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ مدد فرمائیں گے۔

لاعلاج بیماری کا روحانی علاج

حضرت شاہ برکت محمد صاحب رحمۃ اللہ فرماتے ہیں۔ کہ اگر کسی کو شدید بیماری ہو اور ظاہری علاج سے فائدہ نہ ہو۔ یعنی وہ مادی طور سے عاجز آ جائے یا طبیب اُسے لاعلاج مرض قرار دیں۔ تو ان کلمات کو تین وقت پانی پر پڑھ کر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ چند روز میں شفا ہو جائے گی۔

(ضیاء القلوب)

اَللّٰهُمَّ يَا كَثِيْرَ النَّوَالِ يَا دَائِمَ الْوِصَالِ وَيَا اَحْسَنَ
الْفِعَالِ اَعْطِ شِفَاءً، اَنْتَ شَافِیْ، اَنْتَ كَافِیْ
فِیْ مُهِمَّاتِ الْاُمُوْرِ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ، لَا اِلٰهَ
اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝
فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی
الْمُؤْمِنِيْنَ وَزَكَرِيَّا اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ
فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى
عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَ
اَزْوَاجِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

لاعلاج مرض کا علاج

اگر کوئی مریض لاعلاج ہو۔ اور ہر طرح کے علاج کرا کے عاجز آ گیا ہو تو اس نقش کو سبز رنگ کے ریشمی کپڑے پر زعفران سے لکھ کر فریم کرا کے گھر میں ایسی جگہ لگائیں۔ جہاں اکثر مریض کی نگاہ پڑتی رہے۔ صبح اور شام ہر روز مریض بلاناغہ دس منٹ تک نقش کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھے۔ تا حصولِ شفاء یہ عمل جاری رکھیں۔ بفضلِ خدا تعالیٰ جلّ مجدہٗ الکریم تھوڑے عرصے میں مرض سے آزاد ہو گا۔



انگشتری عجیب

شروع ماہ کے اول جمعہ کو اس نقش کو لکھ کر پانی میں گھول لیں۔ چاندی کی ایک انگشتری لیکر اس کو آگ پر گرم کر کے اس پانی میں بجھائیں۔ اسطرح سات مرتبہ گرم کر کے بجھائیں۔ انگشتری تیار ہے۔ یہ عمل سورج نکلنے سے پہلے اور باوضو کریں۔ مرگی کے مریض کو اگر داہنے ہاتھ کی چھنگلی میں پہنائیں۔ مرگی سے شفاء ہوگی۔ بواسیر کے مریض کو بائیں ہاتھ کی چھنگلی میں پہنائیں۔ ہر طرح کی خونی بادی بواسیر سے شفاء ہوگی۔ دردِ زہ کیلئے عورت کی بائیں ران سے انگشتری باندھیں۔ جلد چھٹکارا ہوگا۔ دردِ شقیقہ کیلئے داہنے ہاتھ کی چھنگلی کیساتھ والی انگلی میں پہنیں۔ دردِ شقیقہ سے شفاء ہوگی۔ ناف بڑھ جانے پر اس انگشتری کو ناف کے مقام پر باندھیں۔ ناف درست ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓرٰ الٓمٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ
طٰسٓ یٰسٓ حٰمٓ قٓ نٓ
☆ ااا م ▤ ااا ھ ۶۹

آسیبی اثر والے کھانے سے بچاؤ

اگر کوئی کھانے پینے والی چیز دیتے وقت کوئی دم کر دے تو جی متلا ہوگی۔ اس کو کوئی آسیبی مخلوق چھوڑ جب سے۔ اور جس کھانے سے کوئی مرض ہو جائے۔ تو اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر صبح شام گھول کر پلائیں۔ ۲۱ روز کے اس روحانی علاج سے بفضل خدا شفاء ہوگی۔



مہر حضرت سلیمان علیہ السلام

اسطرح کے ارضی وسماوی اور سفلی آفات سے حفاظت کیلئے اس مہر شریف کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ بفضل خدا ہر طرح سے حفاظت رہیگی۔

۲۰ ۶۶ ۳۸ ۱۱ ۲
۴ ۱۱ ۱۱ ۹۸ ۱۳ ۳۴ ۱۱
اھھ ۱۱سر ۱۱ ۹۳ ۱۱۱ ے ۷
۱۳ ھے ۹۹ ا ھے ۱۱ ۶
صم۱۲ ۱۱ ھے ۹۹ ۲سر ۱سر ھے
•
ھے

ملاقات حضرت خضر علیہ السلام

اگر کسی شخص کو حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات کا شوق ہو، تو اس عمل کو اکیس۲۱ روز چلتے پانی میں کھڑے ہو کر کریں۔ پانی ٹھوڑی تک ہو جانا چاہئے عمل پڑھنے سے پہلے سات بار الحمد شریف پڑھ کر انگلی پر دم کر کے اپنے گرد حصار کر لیں عمل ایسی جگہ کریں۔ جہاں آدمیوں کا گذر نہ ہو۔ اس عمل کو ہر روز بعد از نماز عشاء کریں۔ اور عمل کو تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھیں۔ آخری دن حضرت خضر علیہ السلام تشریف لائینگے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

زندہ پیر خضر خواجہ سیر کرے دریا والے دا،
عزت ہتیں اور ظاہر باطن نقیب اے کل ادب والا

دا اَنْتَ الْہَادِیْ اَنْتَ الْحَقُّ لَیْسَ الْہَادِیْ اِلَّا ھُو،

زیارت حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی زیارت کیلئے ان کلمات کو اکیس روز تک بعد از نمازِ عشاء کسی علیحدہ کمرے میں پانچ سو پانچ بار پڑھا کریں۔ جیٹھی جمعرات سے شروع کریں۔ اور دورانِ عمل خوشبو بھی جلائیں۔ اور پاک صاف کپڑے پہنیں۔ بفضلِ خدا آپکی زیارت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا علی ہے نام تیرا تو سوہنا پیر میرا ہیں،
مرید ترا کدی تاں یاد بھیرا میں عاجز دل،

مناجات حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی کو کوئی دینی۔ دُنیاوی حاجت ہو تو حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کی اِن مُناجات کو وقت مقرر کر کے روزانہ پڑھے بفضلِ خدا چند دنوں میں حاجت پوری ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بزرگی و جباری لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رحیمی و غفاری:
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مرا بحق گذاری لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
الٰہی بحرمت و برکت یک صد و چہاردہ سورۃ قرآن الٰہی، بحرمت و برکت شش و صد و بشش آیۃ قرآن، الٰہی بحرمت و برکت ہفتاد و شش ہزار و ہشتاد و شش، کلماتِ قرآن الٰہی بحرمت و برکت حروف مقطعات، قرآنِ الٰہی بحرمت و برکت سہ صد و بست و یک، لک و یک ہزار و شش صد و نود حروف قرآنی، الٰہی بحرمت و برکت نود و نہ نام بارئ تعالیٰ الٰہی، بحرمت و برکت سہ صد نقباء الٰہی بحرمت و برکت ہفتاد مرد نجبا الٰہی بحرمت و برکت چہل مرد ابدال، الٰہی بحرمت و برکت ہفت مرد اوتاد الٰہی بحرمت، و برکت یک مرد غوث الٰہی بحرمت و برکت یک، مرد قطب الٰہی بحرمت و برکت جمیع علماء و فقہا، الٰہی بحرمت و برکت زہاد و عباد رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ الٰہی بحرمت و برکت شہدائے امت، محمد صلی اللہ علیہ وسلم الٰہی بحرمت و برکت جمیع،

مشائخاں طریقت رحمۃ اللہ علیہم اجمعین،
خداوندا ملکا بادشاہا مہمات دینے ودنیاوی،
من بندہ را بنظر عنایت خود راست آریا جمیع
مسلمانانے آمین یا رب العالمین برحمتک
یا ارحم الراحمین،

آسانی سکراتِ موت

اگر کوئی قریب المرگ ہو اور تکلیف بہت زیادہ ہو۔ اور جان نہ نکلتی ہو۔ تو قصیدہ بردہ شریف کا یہ شعر اس کے پاس پڑھیں۔ اس عمل سے اسے سکرات موت سے نجات مل جائے گی۔

لَوْ نَاسَبَتْ قَدْرَہٗ اٰیَاتُہٗ عِظَمًا
اَحْیَا اسْمُہٗ حِیْنَ یُدْعٰی دَارِسَ الرِّمَمِ

دُنیا سے بے نیاز ہونے کیلئے

حضرت خواجہ فخر الدین مشہدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ شہنشاہِ ہند الولی خواجۂ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ ان کلماتِ شریفہ کو تو مسلموں کو سکھایا کرتے اور پڑھنے کیلئے ارشاد فرماتے! خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ خود ان کلمات کو، تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھا کرتے تھے۔ جن درویشوں نے بھی اس وظیفہ کو پڑھا وہ دنیا سے بے نیاز ہو گئے۔ انہوں نے نعمتِ خاص سے وافر حصہ حاصل کیا اور ہر قسم کے شر سے محفوظ ہو گئے۔ انکے دل نورِ معرفت سے منور ہو گئے۔

(برکات الاولیاء)

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِکُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، اَنْتَ رَبِّیْ
وَاَنَا عَبْدُکَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ

جَمِیْعًا، اٰمَنْتُ بِکَ، تَبَارَکْتَ وَتَعَالَیْتَ
اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ ۰

قرض کی وصولی

اگر کسی سے قرض لینا ہو۔ اور وہ واپس نہ کرے یا پس و پیش کرے۔ تو اس عمل کو ہر روز بعد از نمازِ عشاء پانچ سو بار، انیس ۱۹ روز تک کریں۔ عمل کے اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا مقروض سے قرض وصول ہو جائیگا۔ اور قرض کی وصولی پر حسبِ توفیق صدقہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَصَحْبِہِ الْمَرْضِیِّیْنَ اِقْضِ حَاجَتِیْ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ،

برائے ادائے قرض

حضرت شاہ کلیم اللہ چشتی شاہجہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی مؤطا میں ادائے قرض کیلئے یہ دعا آئی ہے۔

اَللّٰھُمَّ فَالِقَ الْاِصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّیْلِ سَکَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا اِقْضِ عَنِّی الدَّیْنَ وَاَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ وَمَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَقُوَّتِیْ فِیْ سَبِیْلِکَ

قرض اُتارنا

اگر کسی طرح قرض سر چڑھ جائے، اور واپسی کی کوئی صورت پیدا نہ ہوتی نظر آئے۔ اور قرض خواہ تنگ کرتا ہو۔ تو اس عمل کو ہر نماز کے بعد انیس مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔ چند دنوں کے عمل سے اللہ تعالیٰ غیب سے کوئی نہ کوئی صورت پیدا فرما دیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ ۰

ادائے قرض کیلئے

اگر کسی پر قرض ہو اور ادا کرنے کی کوئی سبیل نظر نہ آتی ہو۔ تو اس عمل کو سات روز تک نماز ظہر کے بعد ایک سو ایک مرتبہ پڑھیں۔ اوّل آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا ادائے قرض کا غیب سے کوئی نہ کوئی سبب پیدا ہو جائیگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ يَا غَنِيُّ يَا حَمِيْدُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا رَحِيْمُ يَا وَدُوْدُ
اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ
وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ،

برائے ادائے قرض

ادائے قرض کیلئے اس دعا کو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں۔ بفضلِ خدا بطفیل سید الانبیاء احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ادائے قرض کیلئے کوئی نہ کوئی سامان پیدا ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ
مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَ
اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ اَللّٰهُمَّ
اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ
سِوَاكَ،

برائے دفع فقر و فاقہ

دفع فقر و فاقہ کیلئے ان کلمات کو نماز مغرب اور عشاء کے درمیان روزانہ اکیس ۲۱ بار پڑھیں۔ اوّل آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں، بفضلِ خدا تنگدستی دور ہو گی۔

اَللّٰهُمَّ اقْذِفْ فِيْ قَلْبِيْ رَجَاءَكَ وَاقْطَعْ رَجَائِيْ عَمَّنْ
سِوَاكَ حَتّٰى لَا اَرْجُوْ اَحَدًا غَيْرَكَ،

دفع فقر و فاقہ

حضرت شاہ کلیم اللہ شاہجہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ کسی سائل نے سلطان المشائخ سے اپنے فقر و فاقہ کے دفیعہ کیلئے کوئی عمل پوچھا تو آپ نے فرمایا: کہ اس شعر کو بہت پڑھا کر۔ (مرقع کلیمی)

آمد گر آں کہ عہد ہا تازہ کنیم،
شد آنچہ شد ائے صنم گذشت آنچہ گذشت،

برائے دفع تنگدستی

دفع تنگدستی کے لئے ان کلمات کو بعد از نماز فجر ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ اوّل آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا تنگدستی دور ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

دیگر

دفع تنگدستی کے لئے گھر میں داخل ہوتے وقت الحمد شریف آیت الکرسی اور سورۂ اخلاص، پڑھا کریں۔ بفضلِ خدا تنگدستی دور ہو گی۔ اور رزق میں فراخی ہو گی۔

دفع تنگدستی کیلئے

اگر تنگدستی ہو تو اس آیت شریف کو نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ہر روز ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا اس عمل سے تنگدستی دور ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ يُوْرِثُهَا
مَنْ يَّشَاءُ مِنْ عِبَادِهٖ

دفع تنگدستی کیلئے

۱۲۶۳۷۹	۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۸۵	۱۲۶۳۷۱
۱۲۶۳۸۴	۱۲۶۳۷۲	۱۲۶۳۷۸	۱۲۶۳۸۳
۱۲۶۳۷۳	۱۲۶۳۸۶	۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۷۷
۱۲۶۳۸۱	۱۲۶۳۷۶	۱۲۶۳۷۶	۱۲۶۳۸۴

اس نقش کو سبز کپڑے پر زعفران سے لکھ کر فریم کرکے گھر میں دیوار کے ساتھ لٹکائیں۔ بفضلِ خدا گھر سے تنگدستی دُور ہوگی۔

دفع تنگدستی

اگر گھر میں تنگدستی ہو تو ان کلمات کو نماز مغرب اور عشاء کے درمیان ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ بفضلِ خدا تنگدستی دُور ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ لَا یَنْزِلُ بَلَآءٌ اِلَّا بِذَنْبٍ وَّلَا یَنْکَشِفُ اِلَّا بِالتَّوْبَۃِ وَھٰذِہِ الدُّنْیَا مَبْسُوْطَۃٌ اِلَیْکَ بِالذُّنُوْبِ وَلَوْ صَنَیَا بِالتَّوْبَۃِ فَاغْفِرْ لَنَا یَا غَفَّارُ وَتُبْ عَلَیْنَا یَا تَوَّابُ ○

گھریلو حالات بہتر ہوں

اس عمل کو ہر روز عشاء کے بعد بلا تعداد سجدے میں سر رکھ کر پڑھیں۔ اور اس کا نقش بنا کر گھر میں کسی مناسب جگہ پر لٹکائیں۔ حالات بہتر ہونے پر بچوں میں حسبِ استطاعت پیسے تقسیم کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَا حَلِیْمُ	یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ
یَا عَظِیْمُ	یَا حَمِیْدُ	یَا عَزِیْزُ

عالم غیب سے امداد حاصل کرنیکا بینظیر عمل

حضرت شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللّٰہ علیہ لکھتے ہیں۔ کہ غیب سے امداد حاصل کرنے کیلئے یہ عمل نہایت سریع التاثیر ہے۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ نماز فجر کی سُنتوں اور فرضوں کے درمیان اس آیت شریف کو ایک سو ایک بار پڑھیں۔ اور اس کے بعد سجدے میں سر رکھ کر اللّٰہ تعالیٰ سے عجز و انکسار سے امداد طلب کریں۔ انشاء اللّٰہ آپکی ضرورت کیلئے غیب سے مدد کی جائیگی۔ (الملفوظ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰہُ سَکِیْنَتَہٗ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْھَا ؕ

رزق میں غیبی برکت ہو

نصف رات کے وقت اکیس (۲۱) روز تک باوضو ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ یہ عمل پڑھیں دورانِ عمل خوشبو جلائیں۔ اوّل آخر اکیس (۲۱) اکیس (۲۱) بار درود شریف ضرور پڑھیں بفضل خدا رزق میں غیبی ترقی ہوگی۔ مجرب المجرب عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَا بَاسِطُ یَا بَاسِطُ یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ؕ

فراخی رزق کیلئے

رزق کی فراخی کیلئے ان تین اسماء الٰہی یَا وَھَّابُ یَا رَزَّاقُ یَا مُغْنِیُ کا وظیفہ اکیس (۲۱) روز تک وقت مقرر کرکے پڑھیں۔ ہر ایک اسم ایک سو بار پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ جب باوضو قبلہ رُخ ہو کر بیٹھیں، تو پہلے تین بار درود شریف پڑھیں پھر ایک سو بار یَا وَھَّابُ پڑھیں پھر سجدے میں جا کر ایک سو بار یَا رَزَّاقُ پڑھیں پھر سجدے سے سر اُٹھا کر ایک سو بار یَا مُغْنِیُ پڑھیں، اسکے بعد پھر تین بار درود شریف پڑھیں۔ اور عجز و انکسار سے فراخی رزق کیلئے دُعا کریں۔

فراخی رزق کا بینظیر عمل

حدیث شریف ہے۔ کہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ جو کوئی ہمیشہ دسترخوان پر سے گری ہوئی کھانے کی

چیزوں کو اٹھا کر کھا لیا کرے۔ اس کو فراخی رزق ہمیشہ حاصل رہے گا۔

برائے غنا و فراخی رزق

حضرت شاہ کلیم اللہ شاہجہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ حضرت شیخ ابن حجر نے شرح شمائل میں لکھا ہے۔ کہ جو شخص جمعرات کے روز اپنے ناخن ترشوائے گا۔ وہ غنا و فراغت حاصل کرے گا۔ (مرقع کلیمی)

برائے کشائش رزق

حضرت شاہ کلیم اللہ چشتی شاہجہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ کشائش رزق کیلئے ان کلمات کو صبح و شام تین بار پڑھیں۔ (مرقع کلیمی)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَوَسِّعْ عَلَیَّ رِزْقِیْ وَاقْدِرْلِیْ عَلٰی کَسْبِہٖ وَمَتِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَلَا تَشْغَلْنِیْ فِیْمَا صَرَفْتَہٗ عَنِّیْ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

برائے فراخی رزق

رزق کی فراخی کے لیے اس دعا کو روزانہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان گیارہ بار پڑھیں۔ بفضل خدا رزق میں فراخی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَّسُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَاِنَّھُمَا بِیَدِكَ لَا یَمْلِکُھُمَا اَحَدٌ سِوَاكَ اَللّٰھُمَّ اَقْضِ دَیْنِیْ وَوَسِّعْ عَلَیَّ رِزْقِیْ ۔

ترقی رزق کیلئے

اس آیت شریف کو ہر روز بعد از نماز فجر ایک سو گیارہ بار پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ بفضل خدا

رزق میں ترقی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَللّٰہُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ۔

توسیع رزق کا کامیاب وظیفہ

تنگی رزق یا کاروبار میں نقصان ہو یا ملازمت نہ ملتی ہو۔ تو اس عمل کو نماز عشاء کے بعد ایک سو ایک بار پڑھیں۔ بفضل خدا غیب سے مدد ہوگی۔ اور ہر طرح کی بندش دور ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ۝

رزق کی فراوانی کا لاجواب عمل

اپنے والدین کے قدموں کو چھو کر ہر روز صبح شام اپنے چہرے پر ملیں۔ اگر والدین وفات پا چکے ہوں۔ تو صبح و شام اُن کی قبر پر جا کر فاتحہ پڑھنے کے بعد چہرے پر ہاتھ ملیں۔ اگر قبر دور ہو یا دوسرے شہر میں ہو تو گھر میں ہی اُن کے لئے فاتحہ پڑھ کر چہرے پر ہاتھ ملیں بفضل خدا اس عمل سے رزق میں بہت برکت ہوگی۔ نہایت مجرب المجرب عمل ہے۔

واسطے فراخی رزق

فراخی رزق کے لئے سید الاستغفار کو صبح نماز فجر کے بعد اور شام نماز مغرب کے بعد اکتالیس اکتالیس بار پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ رزق کو فراخ فرما دیں گے۔ سید الاستغفار یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ

مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ
بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ،

وسعت رزق

حضرت [illegible] رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اس دعا کو ہر نماز کے بعد پڑھنے سے رزق میں فراخی وسعت ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا مَنْ یَمْلِكُ حَوَائِجَ السَّائِلِیْنَ وَیَعْلَمُ ضَمِیْرَ الصَّامِتِیْنَ
لِكُلِّ مَسْئَلَةٍ مِّنْكَ سَمْعٌ حَاضِرٌ وَّجَوَابٌ عَتِیْدٌ وَّ
لِكُلِّ صَامِتٍ مِّنْكَ عِلْمٌ بَاطِنٌ مُّحِیْطٌ اَسْئَلُكَ بِمَوَاعِیْدِكَ
الصَّادِقَةِ وَاَیَادِیْكَ الْفَاضِلَةِ وَرَحْمَتِكَ الْوَاسِعَةِ وَ
سُلْطَانِكَ وَ الدَّائِمِ وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ،
یَا مَنْ لَّا تَنْفَعُهٗ طَاعَةُ الْمُطِیْعِیْنَ وَلَا تَضُرُّهٗ
مَعْصِیَةُ الْعَاصِیْنَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَارْزُقْنِیْ
مِنْ فَضْلِكَ وَاَعْطِنِیْ بِهِ الْعَافِیَةَ بِرَحْمَتِكَ
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

فراخی رزق کا ایک انوکھا عمل،

رمضان شریف کا چاند دیکھ کر سورۃ انا انزلنہ پڑھنا شروع کر دیں۔ اور نماز عشاء کی اذان تک بلا تعداد پڑھتے رہیں۔ اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ اس عمل کی برکت سے بفضل خدا تمام سال روزی فراخ ہوگی۔ کاروبار میں برکت اور مال نقصان سے محفوظ رہے گا۔

فراخی رزق

اگر گھر میں تنگدستی ہو، تو اس وظیفہ کا معمول رکھیں، ہر روز نماز فجر کے بعد اور شام نماز عشاء کے بعد اول آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ اس کی ایک ایک تسبیح پڑھیں، بفضل خدا رزق میں

فراخی ہوگی۔ اور تنگدستی دور ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ،

کاروبار میں برکت ہو

اس نقش کو زعفران سے سبز کاغذ پر لکھ کر دوکان یا دفتر میں لگائیں۔ یہ نقش جمعہ کو لکھا جائے۔ کاروبار میں بفضل خدا ترقی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



کاروبار میں برکت کیلئے

کاروبار میں برکت کیلئے اس استغفار کو روزانہ بعد از نماز عشاء ایک سو چودہ بار پڑھیں۔ بفضل خدا کاروبار میں وسعت و برکت ہوگی۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِیْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مِنْ جَمِیْعِ
جُرْمِیْ وَظُلْمِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ،

دکان میں برکت کیلئے:-

دکان میں برکت کیلئے ان کلمات کو زعفران سے لکھ کر فریم کرا کے ایسی جگہ لگائیں جہاں

گاہکوں کی نگاہ پڑتی ہے۔ بفضلِ خدا دکان میں برکت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ يَا اَللّٰهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ،

دیگر

دکان میں برکت کیلئے ہو۔ بعد از نماز فجر اس درود شریف کو ایک سو پانچ بار پڑھیں۔ صبح اس درود شریف کو پڑھتے ہوئے، دکان کھولیں بفضلِ خدا

اس عمل کی برکت سے دکان میں بہت برکت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ،

دکان میں برکت ہو

پانچ لونگ، پانچ کنوؤں، پانچ لوگوں کا پانی لیکر اس عمل کو دو سو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ اول آخر درود شریف تین تین بار ضرور پڑھیں۔ اس دم شدہ پانی کو دکان میں چھڑکیں۔ بفضلِ خدا بہت برکت ہوگی۔ اور گاہک کثرت سے آئیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَا رَازِقُ تَرَزَّقْتَ بِالرِّزْقِ وَالرِّزْقُ فِيْ رِزْقِ مِنْ رِزْقِكَ يَا رَزَّاقُ،

ترقی تجارت کیلئے مجرب المجرب عمل

حضرت شاہ برکات احمد صاحب قدسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ تجارت کی ترقی کیلئے یہ عمل بے حد سریع التاثیر ہے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے۔ کہ تازہ غسل کرکے نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ان کلمات کو ایک سو ایک بار پڑھیں

يَا لَطِيْفُ، يَا كَافِيْ، يَا حَفِيْظُ، يَا شَافِيْ، يَا كَرِيْمُ يَا بَاقِيْ، يَا رَءُوْفُ، يَا رَحِيْمُ، اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ، يَا حَيُّ، يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَاءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝ يَا رَحِيْمُ، يَا وَدُوْدُ، وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ، ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۝ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝

تجارت میں برکت کیلئے

تجارت اور کاروبار میں برکت کیلئے قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو صبح نماز فجر کے بعد ہر روز اکیس بار پڑھیں۔ اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا اس عمل سے تجارت اور کاروبار میں برکت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

وَمَنْ يَّبِعْ اٰجِلًا مِّنْهُ بِعَاجِلِهٖ يَبِنْ لَهُ الْغَبْنُ فِيْ بَيْعٍ وَّفِيْ سَلَمٖ

واسطے کشائش دینی و دنیوی

سورۂ مزمل شریف کو ہر نماز کے بعد تین بار پڑھنے والے کو کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔ اسے ہر طرح کی دینی و دنیوی اور ظاہری و باطنی کشائش حاصل ہوتی ہے۔

مال میں برکت کیلئے

اس نقش کو بروز جمعرات سورج نکلنے کے نصف گھنٹے کے بعد قبلہ رخ ہوکر باوضو زعفران سے

۴۲۳	۴۵۳	۴۲۰	۴۵۱	۴۴۹	۴۱۸
۴۴۲	۴۲۸	۴۴۵	۴۴۴	۴۲۵	۴۲۹
۴۴۱	۴۳۷	۴۳۳	۴۳۲	۴۳۴	۴۳۹
۴۳۰	۴۳۱	۴۲۹	۴۳۸	۴۴۰	۴۳۵
۴۲۴	۴۴۶	۴۲۶	۴۲۷	۴۴۳	۴۴۷
۴۵۲	۴۱۹	۴۵۰	۴۲۱	۴۲۲	۴۴۰

لکھ کر مال میں رکھیں۔ بفضلِ خدا مال میں برکت ہوگی۔ اور نقصان سے محفوظ رہیگا۔

برائے خیر و برکت

خیر و برکت کیلئے اِس نقش کو بروز جمعہ سورج نکلنے سے دس منٹ بعد زعفران سے لکھیں۔ یہ نقش جس کے لیے لکھنا ہو اُسکا اور اُسکی والدہ کا نام نقش کے دوسری طرف لکھیں۔ اِس نقش کو موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھیں۔ بفضلِ خدا دینی و دنیوی کاموں میں برکت ہوگی

۷۸۶

۱۰۳۸	۵۳۸	۲۵۶	۶۶
۶۶	۲۵۶	۵۳۸	۱۰۳۸
۵۳۸	۱۰۳۸	۶۶	۲۵۶
۲۵۶	۶۶	۱۰۳۸	۵۳۱

دیگر

خیر و برکت کیلئے اس آیت شریفہ کو اکیس (۲۱) روز تک ہر روز وقت مقررہ پر ستر (۷۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اوّل آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا مال، جان اور اولاد اور کاروبار میں برکت ہوگی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۞
سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۞

(پارہ ۲۶ سورہ فتحنا)

برائے خیر و برکت

حضرت خواجہ فخر الدین مشہدی رحمۃ اللہ علیہ تحریر کرتے ہیں۔ کہ یہ وظیفہ جان و مال کی خیر و برکت کیلئے بہت مجرب ہے عمل اس طرح کریں،

کہ صبح کے وقت علیحدہ جگہ باوضو ہو کر ان کلمات کو ایک سو ایک بار پڑھیں۔ (تذکرۃ الکرام)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۞

دفع قحط کیلئے

دفع قحط کیلئے قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو سات آدمی مل کر ایک سو گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ بعد از نماز فجر روزانہ ایک ہی جگہ بیٹھ کر گیارہ روز تک عمل کریں بفضلِ خدا قحط دور ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاَحْيَتِ السَّنَةَ الشَّهْبَآءَ دَعْوَتُهٗ
حَتّٰى حَكَتْ غُرَّةً فِي الْاَعْصُرِ الدُّهُمِ

بارانِ رحمت کیلئے

اگر خشک سالی ہو اور بارش کی سخت ضرورت ہو تو قصیدہ بردہ شریف کے اِس شعر کو کئی آدمی مل کر کسی مسجد کی چھت پر بیٹھ کر حلقہ بنا کر بلا تعداد پڑھیں۔ اگر مسجد کی چھت پر نہ ہو سکے۔ تو مسجد کے اندر ہی بیٹھ کر پڑھیں۔ بفضلِ خدا اس عمل سے بارانِ رحمت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِثْلُ الْغَمَامَةِ اَنّٰى سَارَ سَآئِرَةً
تَقِيْهِ حَرَّ وَطِيْسٍ لِّلْهَجِيْرِ حَمِيْ

باغ میں برکت کیلئے

باغ میں برکت کے لئے قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو زعفران سے لکھ کر بردرجمہ کو باغ میں کسی پھل دار درخت کے ساتھ موم جامہ کرکے لٹکا دیں۔ بفضلِ خدا باغ میں برکت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

وَلَنْ یَّفُوْتَ الْغِنٰی مِنْہُ یَدًا تَرِبَتْ
اِنَّ الْحَیَا یُنْبِتُ الْاَزْھَارَ فِی الْاَکَمِ

عمل برائے دفعِ غم

اگر غم والم اور پریشانیوں نے گھیرا ہو تو قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو صبح نمازِ فجر کے بعد اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ ہر روز ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ بفضلِ خدا ہر قسم کے غم دور ہو نگے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

لَوْلَا الْھَوٰی لَمْ تُرِقْ دَمْعًا عَلٰی طَلَلٍ
وَلَا اَرِقْتَ لِذِکْرِ الْبَانِ وَالْعَلَمِ

برائے دفعِ آفت و مصیبت

حضرت شاہ کلیم اللّٰہ شاہجہاں آبادی رحمۃ اللّٰہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ اگر کسی کو کوئی خوف، مصیبت، آفت آپڑے تو یہ عمل کریں۔ انشاءاللّٰہ ہر قسم کی پریشانی دور ہو جائیگی۔ عمل اسطرح کریں۔ کہ جنگل میں جہاں کوئی نہ ہو۔ ایک بکرا قبلہ رو بیٹھ کر ذبح کریں۔ بکرا وہ ہیں جو قربانی کی شرائط پر پورا اُترتا ہو۔ بکرے کی کھال اور ہڈیاں دم اسی جگہ گڑھا کھود کر دبا دیں۔ اور گوشت کے ساتھ حصے کریں۔ فی نفر کے حساب سے ساٹھ فقیروں میں تقسیم کریں۔ یہ گوشت نہ خود کھائیں اور نہ ہی اپنے احبّاء متعلقین کو کھلائیں۔ بکرا ذبح کرتے وقت ذبح کی تکبیر کے بعد یہ دعا ضرور پڑھیں، ——— (مرقع کلیمی)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا لَکَ اَللّٰھُمَّ اِنَّہٗ فِدَائِیْ اَوْ فِدَآءُ ذٰلِکَ الرَّجُلِ اَوِ الْمَرْاَۃِ فَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ اَوْ مِنْہُ اَوْ مِنْھَا،

برائے مصیبت و پریشانی

اس آیت شریفہ کو مصیبت و پریشانی کے وقت پڑھنے سے اللّٰہ تعالیٰ مصیبت و پریشانی دُور فرما دیتے ہیں۔ شہنشاہِ ہند الولی خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللّٰہ علیہ مصیبت و پریشانی میں اس آیت شریف کو ایک سو گیارہ بار پڑھا کرتے تھے۔ دورانِ تبلیغ حضرت خواجہ صاحب نے مصائب کے وقت اس عمل کو کثرت سے کیا، آخر کار کفار ناکام ہوئے۔ اور حق پرستوں کا بول بالا ہوا۔ (برکات الاولیاء)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

وَلَقَدْ نَادٰنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِیْبُوْنَ وَنَجَّیْنٰہُ وَاَھْلَہٗ مِنَ الْکَرْبِ الْعَظِیْمِ

آسمانی آفات سے حفاظت

اس نقش کو لکھ کر گلے میں پہنے خواجگانِ چشت اہلِ بہشت کی نیاز دلائیں۔ انشاءاللّٰہ اسماءِ الٰہی کے اس نقش کی برکت سے آپکا ہر آسمانی بلاؤں سے حفاظت ہوگی۔ اگر کوئی اس نذ دیں تو اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر گیارہ روز نہار منہ پانی پلائیں۔ مجرب ہے۔



راستہ بھول جانے کا مجرب عمل

اگر آپ کہیں سفر میں راستہ بھول جائیں، تو اس دعا کو تین بار پڑھیں بفضلِ خدا غیب سے کوئی نہ کوئی سامان پیدا ہو جائے گا۔ مجرب المجرب عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ ذُنُوْبِىْ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ يَهْدِىْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

دورانِ سفر ارضی و سماوی آفات سے حفاظت

اس نقش مبارک کو سفید پاک صاف کپڑے پر زعفران سے لکھ کر اچھی طرح خوشبو سے دھونی دیں۔ اور موم جامہ کر کے گلے میں یا دائیں بازو پر باندھیں۔ بطفیل حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ دورانِ سفر ہر قسم کی آفات سے محفوظ فرمائینگے۔

مصطفٰے	ھو اللہ	نبی
یا مجتبٰی	محمد محمد محمد محمد یَا مُحَمَّدُ محمد محمد محمد محمد محمد	ھو محمد
یا رسول اللہ	ھو اللہ	یا نبی اللہ

دورانِ سفر طوفان، سیلاب اور آتش زدگی سے حفاظت کیلئے

حضرت شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ دورانِ سفر اگر کسی قسم کا خطرہ پیش آجائے تو، مثلاً طوفان، سیلاب، یا آتشزدگی وغیرہ، تو اس آیت شریف کو دو سو ایک بار پڑھیں۔ انشاء اللہ ہر قسم کا خطرہ ٹل جائیگا۔ ←

اَللّٰهُ وَلِىُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۝ (پارہ ۳ سورۃ بقرہ)

(ضیاء القلوب)

دورانِ سفر جیب کٹنے کے نقصان سے حفاظت کیلئے

دورانِ سفر نقصان سے محفوظ رہنے اور جیب کٹنے سے محفوظ رہنے کے لیے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو کے ساتھ باندھیں، بفضلِ خدا دورانِ سفر ہر طرح کے نقصان سے حفاظت رہے گی۔

یا مالک (?)	[illegible]	یا کافی (?)
[illegible]	یا کافی (?)	[illegible]
یا کافی (?)	[illegible]	یا محسن (?)

سواری تباہی سے محفوظ رہنے کے لئے

اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنی سواری مثلاً کار، بس، جہاز، لانچ وغیرہ کشتی میں رکھیں گے، بفضلِ خدا نقصان سے حفاظت رہے گی۔

۴۷۱۹۹	۴۷۲۱۳	۴۷۲۱۰	۴۷۲۰۶
۴۷۲۱۱	۴۷۲۰۵	۴۷۲۰۰	۴۷۲۱۲
۴۷۲۰۴	۴۷۲۰۸	۴۷۲۱۵	۴۷۳۰۱
۴۷۲۱۴	۴۷۲۱۳	۴۷۲۰۳	۴۷۳۰۹

سفر میں ضرورت پوری ہو

اگر دورانِ سفر کوئی سخت مجبوری پڑ جائے، مثلاً جیب کٹ جائے یا پیسے گم ہو جائیں۔ تو اس عمل کو باوضو اکتالیس بار پڑھ کر دعا کریں، بطفیل سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ جل شانہٗ غیب سے امداد فرمادے گا۔

سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّ وَارِثَهٗ
وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ

سفر سے بخیروعافیت واپسی

اگر سفر پر جانا ہو۔ تو قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کا یہ شعر پاک صاف کاغذ پر لکھ کر گھر میں رکھ جائیں اور یہ شعر لکھ کر سفر میں ساتھ لے جائیں۔ بفضلِ خدا دورانِ سفر ہر طرح کی آفت سے حفاظت رہے گی۔ اور بخیریت واپسی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَا سَامَنِي الدَّهْرُ ضَيْمًا وَّ اسْتَجَرْتُ بِهٖ

اِلَّا وَنِلْتُ جِوَارًا مِّنْهُ لَمْ يُضَمِ

دورانِ جنگ حفاظت

۴۲۲۰۸	۴۲۲۱۰	۴۲۲۱۳	۴۲۱۹۹
۴۲۲۱۲	۴۲۲۰۰	۴۲۲۰۵	۴۲۲۱۱
۴۲۲۰۱	۴۲۲۱۵	۴۲۲۰۶	۴۲۲۰۳
۴۲۲۰۹	۴۲۲۰۲	۴۲۲۱۲	۴۲۲۱۴

اس نقش کو زرد کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا دورانِ جنگ بفضلِ خدا ہر طرح سے محفوظ رہے گا۔

دشمن کے شر سے حفاظت کیلئے

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنے والا۔ بفضلِ خدا دشمن کے شر سے حفاظت میں رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا جَبَّارُ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْقَاهِرِيْنَ قَاتِلِ الْمُشْرِكِيْنَ
دَافِعِ الْحَاسِدِيْنَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ
نَهُرْ عَلٰى اَعْدَائِنَا بِقَهْرِكَ الْعَظِيْمِ يَا قَهَّارُ،

اعداء سے حفاظت کیلئے

حضرت شاہ برکات رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اگر دشمن طرح طرح سے تنگ کرتے ہوں۔ تو ان کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے یہ عمل بہت ہی سریع الاثر ہے۔ اس عمل سے دشمن کے حاسدانہ مخفی ہتھیار سب بے کار ہو جائیں گے۔ اور دشمن ذلیل و خوار ہوگا۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ صبح بیدار ہوتے ہی غسل کر کے دو رکعت نمازِ نفل پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد شریف کے بعد اَلَمْ تَرَ كَيْفَ تین بار اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد شریف کے بعد لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ تین بار پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد ایک سو اکتالیس بار یہ دعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (فوائد صالحین)

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْ شُرُوْرِ الْفَاسِقِيْنَ اَللّٰهُمَّ قُلُوْبٌ
لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا، وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا۔

دشمن کے شر سے حفاظت کیلئے

اگر دشمن آپ کو تنگ کرنے سے کسی طرح باز نہ آئے۔ تو اس کو نو روز تک بعد از نمازِ تہجد کریں۔ عمل کا طریقہ یہ ہے۔ کہ دشمن کا تصور کر کے ان کلمات کو ہر روز ایک سو چالیس بار پڑھیں۔ بفضلِ خدا دشمن اپنے انجام کو پہنچے گا۔ ناجائز نہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ اَعْدَائِيْ
اَللّٰهُمَّ زَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ،

ظالم کے ظلم سے حفاظت کیلئے

اگر کوئی ظالم آپ پر بے حد اور بے جا ظلم کرے تو اس عمل کو کرنے سے بفضلِ خدا آپ اس کے ظلم سے محفوظ رہیں گے۔ اس عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ منگل کے روز نمازِ فجر کے بعد اپنے

سامنے ایک سو کالی مرچیں رکھ کر یہ کلمات ایک سو ایک بار پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ
وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ
وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ ہ اِنَّکَ عَلٰی
کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ہ

دشمنوں پر خوف طاری ہو

اس نقش کو سبز کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے اور نقش کو خوشبو سے معطر کر کے دائیں بازو پر باندھیں۔ بفضلِ خدا دشمنوں پر رعب طاری ہو گا۔

۴۲۳	۴۵۳	۴۲۰	۴۵۱	۴۴۹	۴۱۸
۴۴۲	۴۲۸	۴۴۵	۴۴۴	۴۲۵	۴۲۹
۴۴	۴۳۷	۴۳۳	۴۳۲	۴۳۴	۴۳۶
۴۳۰	۴۳۱	۴۳۹	۴۳۸	۴۴۰	۴۳۵
۴۲۴	۴۴۶	۴۲۶	۴۲۷	۴۴۳	۴۴۷
۴۵۳	۴۱۹	۴۵۰	۴۲۱	۴۲۲	۴۴۰

دشمن بیمار ہو

اس نقش کو بکرے کی دستی پر بروز اتوار سورج نکلنے کے دس منٹ بعد لکھیں۔ نقش کے نیچے دشمن اور اسکی والدہ کا نام لکھیں اس نقش کو دائے کپڑے کے ٹکڑے میں جو کالے مرغے کے خون میں تر کیا گیا ہو۔ لپیٹ کر ایسی جگہ دفن کریں جہاں آگ جلتی ہو۔ دشمن دنوں میں بیمار ہو جائیگا۔ جب تک دستی آگ کے نیچے سے باہر

نکال کر پانی میں نہ بہائی جائیگی۔ اس وقت بیماری سے شفا نہیں ہو گی۔ یہ عمل وہاں کریں جہاں شریعت اجازت دے۔

اَجِبْ دُدْ کَیائیل بِحَقِّ یَا مُذِلُّ



دشمن کی بربادی کیلئے

(فلاں بن فلاں بیمار ہو)

ظالم کی بربادی کیلئے اس عمل کو بروز اتوار سورج نکلنے کے پانچ منٹ بعد شروع کریں۔ عمل اس طرح کریں کہ ویران جگہ کی مٹی چوراہے کی مٹی اور قبرستان کی مٹی۔ ان سب کو تھوڑا تھوڑا لیکر باہم ملا لیں۔ اس پر ان اسماء الٰہی کو دشمن اور اسکی والدہ کے نام کی تعداد کے مطابق پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح تین اتوار دم کریں۔ اس مٹی کو مکان یا دوکان پر پھینکو گے۔ تباہ و برباد ہو جائے گی۔ خدا کا خوف کریں۔ اور کسی پر ناجائز ظلم نہ کریں۔ اسماء الٰہی یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

یَا اَللّٰہُ یَا سَمِیْعُ یَا سَرِیْعُ یَا بَاعِثُ یَا بَدِیْعُ
یَا عَدْلُ یَا مُعِیْنُ یَا فَعَّالُ،

سورہ یٰسین کا بےنظیر عمل

حجۃ الاسلام حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے سورہ یٰسین شریف میں وہ عظیم تاثیر پیدا فرمائی ہے کہ جو کوئی نماز فجر کے بعد اسے ہر روز پڑھے گا۔ لوگوں میں عزت حاصل کرے گا۔ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ رزق میں برکت ہو گی۔ اور اسکی پریشانیاں دور ہونگی۔

(مشکوٰۃ الانوار)

کافروں کو منتشر کرنے کیلئے

اگر کافروں کا گروہ آپ کو نقصان پہنچانے کے ارادے سے جمع ہو تو قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کو پانچ عدد کنکروں پر پانچ بار پڑھ کر ان پر دم کر کے کافروں کی طرف پھینک دیں۔ بفضلِ خدا کافر منتشر ہو جائیں گے۔ اور نقصان سے باز رہیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

نَبَذْنَ اٰبِهٖ بَعْدَ تَسْبِیْحٍ بِبَطْنِهِمَا ،

نَبْذَ الْمُسَبِّحِ مِنْ اَحْشَاءِ مُلْتَقِمٖ ،

مناظرے میں فتح حاصل کرنے کیلئے

مناظرے میں فتح حاصل کرنے کے لئے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ عمل: اس طرح کریں۔ کہ مناظرہ والے دن صبح نمازِ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس شعر کو اوّل آخر میں تین تین بار درود شریف کے ساتھ اکتالیس بار پڑھیں۔ بفضلِ خدا مناظرے میں جیت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

كَمْ جَدَّلَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ مِنْ جَدَلٍ

فِيْهِ وَكَمْ خَصَمَ الْبُرْهَانُ مِنْ خَصِمٖ

امتحان میں کامیابی کیلئے

امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے اس بابرکت نقش کو بروز جمعہ زعفران سے سبز کپڑے پر لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔ بفضلِ خدا امتحان میں کامیابی ہوگی۔

اگلے صفحہ پر درج ہے۔

برائے کفایت مہمات

سورہ یٰسین شریف کا عمل مہمات کیلئے نہایت ہی مجرب اور کامیاب ہے۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب سورہ پڑھنی شروع کی جائے۔ اور پہلی "مبین" آئے تو سورہ پھر شروع سے پڑھنا شروع کریں، جب دوسری "مبین" آئے تو پھر دوبارہ شروع کریں۔ یعنی ہر "مبین" پر پہنچ کر نئے سرے سے شروع کیا جائے۔ تا آخر اسی طرح پڑھیں۔ آخر میں ننگے سر ہو کر عجز و انکسار سے دعا کریں۔ سخت سے سخت مہم بفضلِ خدا سات روز تک سَر ہوگی۔

کفایت مہمات

اگر کسی کو کوئی مہم پیش آئے۔ تو جمعہ کی رات کو اس دعا کو پانچ سو بار پڑھے، اوّل آخر پانچ پانچ بار درود شریف

پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مہمات میں کفایت ہوگی۔ اگر ایک جمعہ میں مہم سر نہ ہو تو دوسرے جمعہ اسی طرح عمل کیا جائے۔ نہایت ہی سریع الاثر عمل ہے۔ آزما کر دیکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۚ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا دَائِمُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا اَحَدُ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

برائے کفایت و مہمات

کوئی شخص اس عمل کو جس مہم کیلئے بھی پڑھے گا۔ بفضل خدا اُسے فتح ہوگی۔ عمل اسطرح کریں۔ کہ صبح نماز فجر کے بعد پہلے ایک سو ایک مرتبہ ان تین اسماء الٰہی کو پڑھیں۔ اُسکے بعد یہ دُعا کریں۔ یہ عمل کو اکیس روز تک جاری رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا اَوَّلُ　يَا اٰخِرُ　يَا مُؤَخِّرُ

اَللّٰهُمَّ زِدْ نُوْرَنَا وَزِدْ سُرُوْرَنَا وَزِدْ حُضُوْرَنَا وَزِدْ مَعْرِفَتَنَا وَزِدْ طَاعَتَنَا وَزِدْ نِعْمَتَنَا وَزِدْ مُحَبَّتَنَا وَزِدْ عِشْقَنَا وَزِدْ شَوْقَنَا وَزِدْ عِلْمَنَا وَزِدْ يَا مَوْلَانَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

کفایت مہمات

حضرت شاہ کلیم اللہ شاہجہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ ہر نماز کے بعد سجدے میں سر رکھ کر ان کلمات کو چند بار پڑھیں۔ مہم کے فتح ہونے تک اس عمل کو جاری رکھیں۔

(مرقع کلیمی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَفْتِحُكَ بِاُمِّ يَحْيٰى بْنِ زَكَرِيَّا يَا مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

مندرہ پہلواناں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یہ عمل حضرت بابا محمد اصغر شاہ سے حاصل کر کے لکھا گیا ہے۔ اس عمل کو چالیس دنوں میں سوا لاکھ بار پڑھیں۔ عمل چل پڑے گا۔ عمل چھٹے سوموار سے شروع کریں دوران عمل جلالی جمالی پرہیز رکھیں۔ عمل خلوت میں کریں۔ روزانہ عمل کے اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ جب بھی حاضری کرنی ہو تو اس نقش کے درمیان والے ہندسے میں سوئی سے سوراخ کریں اس کے بعد چراغ روشن کر کے کسی بچے کو چراغ کے سامنے بٹھا کر اُسے کہیں کہ سوراخ میں سے چراغ کی لو پر نگاہ رکھے۔ جب لڑکے کو میدان نظر آنے لگے تو اُسے کہیں کہ کہہ جاروب کش حاضر ہوں۔ جب وہ حاضر ہو جائیں تو انہیں کہیں کہ جگہ صاف کر دو۔ سقّہ کو بلا کر حکم کریں کہ پانی چھڑکائے پھر فراش کو بلا کر حکم کریں کہ فرش بچھائے اور شاہ جنات کا تخت لا کر رکھیں۔ پھر بادشاہ کے درباری اور فوجوں کا حکم کریں کہ وہ سب دربار میں حاضر ہوں پھر بادشاہ کو پیغام بھیجیں کہ وہ آکر دربار کریں۔ جب وہ آکر تخت پر بیٹھ جائیں تو اُن سے عرض کریں کہ فلاں بن فلاں کو جو بھی آسیب وغیرہ ہے اُسے پکڑ کر حاضر کریں اور قتل کرا دیں۔ بروز جمعہ اور نماز کے وقت حاضری نہ کریں۔ ہر حاضری پر نیاز دلائیں۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الجبار الغفار الصبور بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

نقش حاضری یہ ہے۔

اجیبا یا عزرائیل

٧٨٦

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

الصبور بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ

الوحّا الوحّا الوحّا بحق اھیا اشراھیا

گھر جادو سے محفوظ رہے

اگر کسی کے گھر جادو وغیرہ کیا گیا ہو تو اس نقش کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے رکھیں۔ نقش کو بند کر کے اپنے پاس حفاظت سے محفوظ رکھیں زوال کے وقت گھر کے دروازے میں کھڑے ہو کر ایک پیر دروازے کے اندر رکھیں اور ایک پیر باہر رکھیں اس نقش کو کھول دیں۔ اس طرح سات روز تک بلا ناغہ عمل کریں جادو کا اثر دُور ہوگا۔

٧٨٦

اللہ	محمد	محمد	اللہ
محمد	عمر	ابوبکر	محمد
محمد	علی	عثمان	محمد
اللہ	محمد	محمد	اللہ

مندرہ شاہ علی

دیگر فوائد کے علاوہ اس مندرے کا عامل ہمیشہ دشمن پر غالب رہے گا اور اُسے غیب سے روزینہ ملے گا۔ مندرہ شریف یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

ہادی امام سرور سلطان یا علی اقرار نامدار تیری شان یا علی کل اختیار صاحب دیوان کے یا علی، چندی ہزار درد کے درمیان یا علی۔ اللہ کا تو شیر پہلوان یا علی۔ دین روزہ نماز بندگی کی دکان یا علی۔ دید ذری جامہ حکم سیتی سلیمان یا علی۔ رکھنا شرف شوق شاہ پردان یا علی۔ بجو خارجی کا کٹ جڑھ سیتی لگے منہ پر طمانچہ دھڑ سیتی سر کاٹ ٹانگ دیجئے۔ جب لوڑ پڑی میں بار بار تجھے چہل نام نجتری لوہے کی داڑ گاڑ گڑھے کا دم مخدوم بچھاڑ کاڑ ادکھڑ جائے دشمن کی کھاڑ کھاڑ جس نگری میں ایک دوستانہ نہیں وہ نگری اجاڑ بیابان یا علی۔ تیرے شہر میں بیٹھا ہوں شاہ جی پتری پریت میں حیدر کا نام جپتا ہوں۔ میں صاف نیت میں آیا ہوں۔ تھر تھر پیر مرتضیٰ چڑھے۔ چھپ چھپ خارجی پہاڑ میں وڑیں لکھ کر بھیجوں چھٹہ شاہ دلدل اسوار کا لکھوں۔ تو پہنچتا ہے شاہ نامدار کا علی تیغ کا بہادر قاتل ہے کفار کا۔ مسجد میں محمدؐ میدان میں علی دفتر محمدؐ (صلی اللہ علیہ وسلم) تو لشکر علی۔ صلوٰۃ بر محمدؐ درود بر علیؓ۔ یا علیؓ۔ یا علیؓ۔ یا علیؓ۔ یا علیؓ۔ یا علیؓ۔

مندرہ سید احمد کبیر

یہ مندرہ ہر طرح کے سفل عملیات زہر بچھو۔ درد دانت سحر جادو اور

دشمن کی باندھ کے لیئے لاجواب ہے۔ اس مندرے کو عمل میں لانے کے لیئے روزانہ ایک سو اکتالیس دن تک پڑھیں۔ عمل رواں ہو گا۔ عمل قبرستان میں کریں۔ جلدی جمالی پرہیز رکھیں۔ عمل پورا ہونے کے بعد اس کو ہمیشہ پڑھتے رہیں۔ عمل جاری رہے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

یا اللہُ یا جبرائیل یا رحمٰنُ یا میکائیل یا رحیمُ یا اسرافیل یا حیُّ یا تنکائیل یا قیومُ یا دردائیل مندرہ سید احمد کبیر دا برکت شاہ علی دی شاہوں کا شاہ علی بادشاہ علی مشکل کشاء علی جتھے نام لیا تیرا ادتھوں بلا ٹلی۔ سلطان علی جی کھینچو نیزہ مار۔ سلطان احمد کبیر جی توں بھن زنجیر تاں۔ جادوگروں کی پتلی پھیرتی سی ڈال ڈال گچی سے میں نے پکڑا سے کر تیرا نام۔ کال کلکتے دال بھیروں ہنومان۔ سبے کیتے زیر برکت نال قرآن جادو بنے سارے مٹھاں دے بنے وار۔ ظلمت دا ٹٹیا زور گولی خنجر کٹار۔ دلدل اُتے چڑھیا شیراں دا اسوار۔ ہوئی قدرت تیاری بنے سب ہتھیار۔ جن چڑیلاں بھوتنے ڈائن چوہڑی چمیار۔ نارسنگھ لونا چمیاری بھیروں گرج مار۔ ان کو ایسی ضرب مارو بھانویں کرن چلتر ہزار۔ بھجے سبے سورمے ڈر گئے جاندار۔ سلطان کبیر دا مندرا۔ پڑھ کے نشان مار بحق لا الہ زیر کر الا اللہ ضبط کر محمدؐ رسول اللہ مٹے کو خبر کر۔ بچھو کا ڈنگ سحر درد دندان باندھ۔ تین سو چھتیس ۳۳۶ راگ باندھ۔ انچاس بیر باندھ۔ باندھ تاں باندھ ببرکت قرآن باندھ باندھ تاں ببرکت نام محمدؐ باندھ۔ دہائی تاں دہائی پنجتن پاک کی دہائی حضرت امیر کی دہائی حضرت غوث اعظم پیر دستگیر کی دہائی چہار چوداں… خانوادوں کی دہائی بحق لَا اِلٰہ اِلا اللّٰہ محمدٌ رسُول اللّٰہ۔

حاضری حضرت خضر علیہ السّلام

حاضری اس طرح کریں کہ سات رنگ کی شرینی اور خوشبو دار پھولوں پر حضرت خضر علیہ السلام کی فاتحہ دلائیں۔ پھر ایک لوٹا پانی کا بھرا ہوا منگوا کر اپنے قریب رکھیں اس میں دو چار بتاشے شرینی وغیرہ ڈال دیں۔ ایک نابالغ لڑکے کو اپنے قریب بٹھا کر اس کے ناخن پر روشنائی سے یہ اٹھاراں کا آبی نقش لکھیں اس کے بعد اٹھاراں بار یہ عمل پڑھیں لڑکا نقش پر نگاہ جما کر رکھے۔ جب حضرت خضر کی حاضری ہو جائے تو اُن سے سوال جواب کریں۔ عمل یہ ہے۔

عمل اُس وقت کریں جب مطلع صاف ہو۔ (نافع الخلائق)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

آؤ خضر جاؤ خضر گھیر گھار لاؤ خضر جلد حاضر کن

۷۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

ڈراؤنے خوابوں کیلئے

اگر کسی کو ڈراؤنے خواب آتے ہوں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی شبیہ مبارک کو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالیں۔ بفضل خدا ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے۔

قبر مبارک خاتم الانبیاء
صلی اللہ علیہ وسلم

برائے ہول دل

اس نقش معظم کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر روزانہ صبح نہار منہ پانی گھول کر مریض کو پلائیں بفضل خدا اکیس روز کے اس روحانی علاج سے شفا ہوگی۔



برائے دفع ہول و پریشانی

اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں موم جامہ کرکے ڈال دیں اور روزانہ اکیس روز تک چینی کی پیالی میں لکھ کر مریض کو پلاتے رہیں بفضلِ خدا اس روحانی علاج سے پریشانیوں اور ہول دل سے چھٹکارا ہوگا۔

۷۸۶

ح	ی	ط	م
ط	م	ح	ی
م	ط	ی	ح
ی	ح	م	ط

دفع مصائب

جو شخص بھی اس درود شریف کو کثرت سے پڑھے گا۔ اللہ تعالےٰ جل شانہٗ اُس سے ہر طرح کی مصیبت دور فرمائیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

دل سے فکر دُور ہو

اگر دل میں کوئی فکر گھر کر جانے یا کسی مرد یا عورت یا بچے کی بہت یاد آئے تو اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں بفضلِ خدا تمام دکھ دُور ہونگے۔

٧٨٦

٢٦٣	٢٥٨	٢٦٥
٢٦٤	٢٦٢	٢٦٠
٢٥٩	٢٦٦	٢٦١

ادائے قرض کا نقش

اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں اللہ تعالیٰ جلد ادائے کا کوئی نہ کوئی بندوبست فرما دیں گے اللہ قرض خواہوں کے دل نرم فرما دیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَلْوَکِیْلُ	وَنِعْمَ	اَللّٰہُ	حَسْبُنَا
٩٠	٩٠	٩٠	٩٠
٩٠	٩٠	٩٠	٩٠
٩٠	٩٠	٩٠	٩٠

ادائے قرض کا عمل

اگر قرض بہت ہوگیا ہو تو اس دُعا کو ہر جمعہ کے دن نمازِ فجر کے بعد ایک سو ایک پڑھیں اوّل آخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا غیب سے ادائے قرض کا کوئی نہ کوئی جلد سامان پیدا ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۔

مراد پوری ہو

اگر کسی کا کوئی خاص جائز شرعی مقصد ہو تو روزانہ بعد از نمازِ فجر یہ اکیس عدد نقش لکھیں نقشوں کو زعفران سے لکھیں اور اس دوران اپنے قریب خوشبو جلتی رہے۔ ان نقشوں کو دوپہر زوال سے پہلے پہلے پانی میں بہا دیں بفضلِ خدا عمل پورا ہونے سے پہلے پہلے مُراد پوری ہوگی۔

٧٨٦

۵۵۴۲	۵۵۴۵	۵۵۴۸	۵۵۳۵
۵۵۴۷	۵۵۳۶	۵۵۴۱	۵۵۴۶
۵۵۳۷	۵۵۵۰	۵۵۴۳	۵۵۴۰
۵۵۴۴	۵۵۳۹	۵۵۳۸	۵۵۴۹

ا ل ل ھ ا ص م د اجب یا جبرائیل

حصول ملازمت کیلئے

حصول ملازمت کے لیے اس نقش کو سرخ رنگ کے کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھ کر اُسے خوشبو کی دھونی دیکر اپنے پاس رکھیں بفضل خدا جلد ملازمت کا غیب سے کوئی نہ کوئی بندوبست ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اجب یا جبرائیل بحق یا باسط

۶۹۳	۶۹۷	۷۰۰	۶۸۶
۶۹۹	۶۸۷	۶۹۲	۶۹۸
۶۸۸	۷۰۲	۶۹۵	۶۹۱
۶۹۶	۶۹۰	۶۸۹	۷۰۱

یا غنی یا مغنی

اجب یا جبرائیل بحق یا باسطُ

برائے حاجت

جو شخص روزانہ ایک سو بار اس درود شریف کو پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ

جل شانہٗ اس کی سو حاجتیں پوری فرمائیں گے۔ ان میں سے تیس دنیا میں پوری ہوں گی۔ (افضل الصلوٰۃ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ

برائے حاجت

اگر کسی قسم کی کوئی دینی یا دنیوی حاجت درپیش ہو تو اس عمل کو بعد از نماز عشاء تین سو تین بار پڑھیں۔ چودہ روز تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ بفضل خدا اس عمل کی برکت سے حاجت پوری ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا اللہ یا رسول میں اکیلا منزل دور صدقہ حسن حسین داماد میری کر دستگیر۔

برائے قضائے حاجت

قضائے حاجت کے لیے اس شکل کو روزانہ گیارہ بار لکھ کر چلتے دریا میں علیحدہ علیحدہ کر کے بہائیں۔

ط ١١١ [illegible] ح [illegible] ۸

حاجت بر آنے کا بے نظیر عمل

خزانۃ المتقین میں تحریر ہے کہ یہ اسم محبوب سبحانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے معمولات میں شامل تھا۔ اور یہ اسم حاملان عرش کی تسبیح ہے۔ اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آئے تو سات رات

تک اس اسم کو جلدی جمالی پرہیز اور شرائط دعوت کے ساتھ پڑھے۔ سات دن لگاتار روزے رکھے۔ اور روزہ نمک سے افطار کرے۔ ہر وقت بلا تعداد اس اسم کو پڑھتا رہے۔

ساتویں دن عجز و انکسار کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے لیے دُعا کرے۔ انشاء اللہ کتنی ہی بڑی حاجت کیوں نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ پوری فرمائیں گے۔

رِغَيطِيغُورِش

گھر میں برکت کیلئے

گھر میں برکت کیلئے ان کلمات کو ہر روز صبح بانویں بار پڑھا کریں۔ گھر میں بفضلِ خدا برکت ہوگی۔ بلائیں بیماریاں دور ہوں گی اور دشمن کے سفلی جادو وغیرہ کا بھی گھر پر اثر نہیں ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یا محمدؐ یا رسول کل درج ہویا تیرا نور فضل کریں تاں بیڑے تادیں رحمت کریں تاں جنت واڑیں۔ اللہ توں اسے بخش بار توبہ میری استغفار میری توبہ وار دوار۔

دکان کی برکت کیلئے

دکان کی برکت کے لیے صبح دکان کھولنے اور صفائی وغیرہ کرکے دکان لگانے کے بعد پہلے دکان میں خوشبو یا اگر بتی سلگائیں اس کے بعد چاروں کونوں میں یہ درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ بفضلِ خدا دکان

میں برکت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ ۔

کاروبار میں برکت کیلئے

کام میں برکت کے اس نقش کو روزانہ ایک بار لکھ کر چلتے پانی میں بہا دیں اسی طرح سات دن عمل کریں آخری دن نقش پانی میں بہانے کے بعد ایک نقش کو کاغذ پر لکھ کر دکان میں لگائیں بفضلِ خدا کاروبار میں بہت برکت ہوگی۔

٧٨٦

الب				اسط
	٧٨٦	٧٨٦	٧٨٦	
الب				اسط
	٧٨٦	٧٨٦	٧٨٦	
الب				اسط
	٧٨٦	٧٨٦	٧٨٦	
الب				اسط

حصولِ برکت کا لاجواب عمل

حصولِ برکت کے لیے بسم اللہ شریف کو انیس بار پڑھ کر کسی خوشبو دار چیز اگر بتی وغیرہ پر دم کریں۔ پھر اس کو جلائیں روزانہ یہ عمل کرتے رہیں۔ جس جگہ بھی یہ عمل کیا جائے گا بفضلِ خدا وہاں پر ہر طرح کی برکت و رحمت کا نزول ہوگا۔

برکت کا بے نظیر عمل

جو کوئی ہر جمعۃ المبارک کو ایک ہزار بار اس درود سعادت کو پڑھتا رہے گا تو اس کے جان، مال اور کاروبار میں بہت زیادہ برکت ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ۔

رزق میں برکت کیلئے

رزق میں برکت کے لیے اس نقش کو خالص زعفران سے لکھ کر ریزگاری میں رکھیں۔ بفضل خدا رزق میں برکت ہوں گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ	لَطِیْفٌ	بِعِبَادِہٖ
یَرْزُقُ	مَنْ	یَّشَاءُ
وَھُوَ	الْقَوِیُّ	الْعَزِیْزُ

برکت قائم رکھنے کا نقش

ملازمت کاروبار، تجارت فصل صحت وغیرہ کو نظر بد اور آسمانی آفات سے محفوظ رکھنے اور اس کی برکت کو قائم رکھنے کے لیے اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر استعمال میں لائیں بفضل خدا برکت برقرار رہے گی۔ اس نقش کو لکھنے سے پہلے ایک جاندار کا صدقہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

محمد	محمد	محمد
محمد	محمد	محمد
محمد	محمد	محمد

یَا مَنَّانُ ذُوالْاِحْسَانِ

قَدْ عَمَّ کُلَّ الْخَلَائِقِ

مَنُّہٗ یَا مَنَّانُ

دفع تنگدستی

دفع تنگدستی کے لیے اس نقش کو بروز جمعرات زعفرانی سیاہی سے سبز کپڑے پر لکھ کر اس کو خوشبو سے معطر کرکے دائیں بازو پر باندھ لیں۔ بفضل خدا جلد ہی تنگدستی ہو جائے گی۔

۱۰۳ ۷۸۶ ۳۳

۵۵۳۵۲	۵۵۳۵۵	۵۵۳۵۹	۵۵۳۴۵
۵۵۳۵۸	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۵۶
۵۵۳۴۷	۵۵۳۶۱	۵۵۳۵۲	۵۵۳۵۰
۵۵۳۵۴	۵۵۳۴۹	۵۵۳۴۸	۵۵۳۶۰

۱۲۷ ۱۱۲

ترقی رزق کا بے نظیر نقش

اس نقش کو عمل میں لانے کے لیے ہر روز نقش کو ایک سو ایک بار لکھ کر چلتے پانی میں بہا دیا کریں اسی طرح اکیس روز عمل جاری رکھیں۔ آخری روز کھیر پر تمام اولیاء کرام کی نیاز دلائیں۔ اس کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے ضرورت پڑھتے ۔ جس کو چاہیں لکھ کر دیں۔ بفضل اس کے رزق میں بہت برکت ہوگی۔

۷۸۶

۵۵۴۲	۵۵۴۵	۵۵۴۸	۵۵۳۵
۵۵۴۷	۵۵۳۶	۵۵۴۱	۵۵۴۶
۵۵۳۷	۵۵۵۰	۵۵۴۳	۵۵۴۰
۵۵۴۴	۵۵۳۹	۵۵۳۸	۵۵۴۹

فراخیٔ رزق کا عمل

ان قرآنی حروف مقطعات کو روزانہ ایک سو گیارہ بار ننگے سر قبلہ رُخ کھڑے ہو کر پڑھیں۔ یہ عمل روزانہ نماز تہجد اور فجر کے درمیان کریں۔ گیارہ روز کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ جب بھی اس عمل کی ضرورت پیش آئے تو رائج الوقت سکّے یا نوٹ پر ان حروف کو بلا تعداد زعفران سے لکھیں ۔ اس سکّے یا نوٹ کو خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھیں۔ بفضلِ خدا رزق میں فراخی ہوگی۔ وقتاً فوقتاً اس کو خوشبو سے معطر کرتے رہا کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمٓ کھیعص طس حمٓ ق ص ن

ترقی رزق

اس نقش کو عمل میں لانے کا طریقہ یہ ہے کہ اس نقش کو ایک تانبے کی تختی پر نقش کریں۔ اس تختی کو روزانہ دوران عمل اپنے سامنے رکھیں۔ عمل اکتالیس روز تک نماز فجر اور چاشت کے درمیان کریں۔ دوران عمل کسی سے گفتگو نہ کریں یہ نقش روزانہ سفید کاغذ پر گلاب کی قلم سے ایک سو اکتالیس مرتبہ لکھیں۔ اور ان کو آٹے کی گولیاں بنا کر چلتے پانی میں بہا دیں۔

عمل کے آخری دن تانبے کی تختی کو بھی پانی میں بہا دیں۔ اس کے بعد روزانہ وقت مقررہ پر ایک نقش لکھتے رہیں۔ عمل رواں رہے گا۔ اس کے یہ نقش جس کسی کو بھی لکھ کر دیا جائیگا۔ اللہ تعالیٰ اُس کے رزق میں ترقی عطا فرمائیں گے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲۲۰	۴۲۲۳	۴۲۲۸	۴۲۱۳
۴۲۲۷	۴۲۱۴	۴۲۱۹	۴۲۲۴
۴۲۱۵	۴۲۲۰	۴۲۲۱	۴۲۱۸
۴۲۲۲	۴۲۱۷	۴۲۱۶	۴۲۲۹

جیب خالی نہ رہے

چاند کی چودہ تاریخ کو بعد از نماز عشاء اس نقش کو چاندی کی تختی پر کندہ کرے اس پر باوضو ان کلمات کو جو نقش میں لکھے گئے ہیں سات سو سات بار پڑھ کر دم کریں نقش کو چمڑے کے اندر محفوظ کر کے اپنے پاس رکھیں بفضلِ خدا جیب خرچ سے خالی نہ ہوگی۔



غیب سے روپیہ اور مال آنے کیلئے

غیب سے روپیہ اور ضروریات کی چیزیں آنے کے لئے اس عمل کو چالیس روز کریں۔ عمل کو چھٹی جمعرات کو شروع کریں۔ عمل روزانہ رات کو کریں ہر روز عمل کرنے سے پہلے منہ میں کوئی میٹھی چیز ڈال لیا کریں۔ روزانہ ایک سو چوبیس بار پڑھیں۔ عمل پورا ہونے کے بعد ہمیشہ چوبیس بار پڑھتے رہیں۔ بفضلِ خدا غیب سے روپیہ پیسہ اور ضروریات کی چیزیں کثرت سے آئیں گی۔ یاد رہے جمع نہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ یا جبرائیل آ اِلَّا اللّٰہُ یا میکائیل آ بحق محمد رسول اللّٰہ یا اسرافیل آ غیبی خزانے چوں گھڑی بھر کے لیا دو اے میری دلیل آ یا رب العالمین چیتی کیوں نہیں بھیج دا۔

دست غیب

حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس عمل کو چودہ روز کرے گا وہ غیب سے روزی پائے گا۔ عمل اس طرح کریں کہ روزانہ رات کو سوتے وقت چار رکعت نماز نفل پڑھیں۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص دس۱۰ مرتبہ پڑھیں۔ دوسری رکعت الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص بیس۲۰ مرتبہ پڑھیں۔ تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص تیس۳۰ مرتبہ پڑھیں۔ چوتھی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص چالیس۴۰ مرتبہ پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد ایک سو مرتبہ استغفار پڑھیں پھر ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھیں۔ دوران عمل سفید روئی کی ایک تھیلی میں یہ نقش لکھ کر مصلے کے نیچے رکھ لیں۔ عمل پورا ہونے کے بعد تھیلی کو بحفاظت اپنے رکھیں۔ اس میں سے آپ کو خرچہ ملتا رہے گا۔ جو پیسے آپ کے پاس آئیں ان کو اس تھیلی میں رکھیں۔ پیسوں کا شمار نہ رکھیں۔ اس میں سے نکال کر خرچ کرتے رہیں۔ انشاءاللہ پیسے کم نہ ہوں گے۔

نقش یہ ہے۔

(دستر الجلیل)

۷۸۶

۱۲۰	۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴	۲۲۱	۲۲۰
۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴	۲۲۱
۲۲۱	۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴
۱۱۴	۲۲۱	۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱	۱۲۶
۱۲۶	۱۱۴	۲۲۱	۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱
۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴	۲۲۱	۲۲۰	۱۲۰

نقش عظیم

حضرت امام یافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ الکریم اس کی تمام مشکلات کو آسان فرما دیں گے۔ صاحب نقش جو مانگے گا اُسے ملے گا۔ اور اس کے رزق میں برکت ہوگی۔

(سرّ الجلیل)

دستِ غیب

حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ غیبی فتوحات کے لئے روزانہ رات کو چار ہزار پانچ سو بار حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھ کر تین سو تیرہ بار یہ اسماء پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ یَا کَافِیْ اِکْفِنِیْ نَوَائِبَ الدُّنْیَا وَمَصَائِبَ الدُّنْیَا وَمَصَائِبَ الدَّھْرِ وَذُلَّ الْفَقْرِ اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ اَغْنِنَا بِغِنَاکَ عَمَّنْ سِوَاکَ وَبِجُوْدِکَ وَفَضْلِکَ عَنْ خَلْقِکَ فَاِنَّکَ قُلْتَ وَقَوْلُکَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ

لَکُمْ دَعَوْنَاکَ کَمَآ اَمَرْتَنَا فَاسْتَجِبْ مِنَّا کَمَا وَعَدْتَنَا۔ اَللّٰھُمَّ یَا مُغْنِیُ اَسْئَلُکَ غِنَاءَ الدَّھْرِ اِلَی الْاَبَدِ اَللّٰھُمَّ یَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ لِیْ بَابَ رَحْمَتِکَ وَاسْبِلْ عَلَیَّ سِتْرَ عِنَایَتِکَ وَسَخِّرْ لِیْ خَادِمَ ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ بِشَیْءٍ اَسْتَعِیْنُ بِہٖ عَلٰی مَعَائِشِ اَمْرِ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ وَسَخِّرْہُ لِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ وَالْاِنْسَ وَالْجِنَّ وَالْوَحْشَ وَالطَّیْرَ لِنَبِیِّکَ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَیَا اَھْیًا اَشْرَاھِیًا اٰذُوْنَایَ اَصْبَاؤُتِ اٰلِ شَدَّائِیْ یَا مَنْ اَمْرُہٗ بَیْنَ الْکَافِ وَالنُّوْنِ اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ۝ فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ۝ تاحصول مقصد عمل جاری رکھیں۔ ان اسماء کے خادم موکل عامل کے سرہانے نقد رکھ جایا کریں گے۔ عمل جلد جاری ہونے کے لیئے یہ تین نقش سبز کپڑے پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ (سترالجلیل)

۱

ک	ا	ف	ی
ی	ف	ا	ک
ا	ک	ف	ی
ف	ی	ک	ا

۲

ف	ت	ا	ح
ح	ا	ت	ف
ت	ف	ح	ا
ا	ح	ف	ت

۳

ن	غ	ی
ی	ن	غ
غ	ی	ن

کپڑا سونگھ کر مرض معلوم کرنا

اس عمل کا عامل ہونے کے لیئے ان اسمائے الٰہی پونے چار لاکھ بار پڑھیں۔ عمل روزانہ مقررہ تعداد ہی میں پڑھیں کمی بیشی آخری دن پوری کریں۔ جب پہلا سوا لاکھ پورا ہو جائے تو اس کا ثواب تمام انبیاء کرام اور اولیاء اللہ کی ارواح کو بخش دیں۔ اور جب دوسرا سوا لاکھ پورا ہو تو انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں تحفہ پیش کریں اور جب تیسرا سوا لاکھ پورا ہو جائے تو آپ اس کے عامل ہو جائیں گے اس کے بعد روزانہ تین سو تین بار ہمیشہ پڑھتے رہیں عمل چلتا رہے گا۔ جب کسی مریض کی مرض کا معلوم کرنا ہو تو مریض کے استعمال شدہ کپڑے پر ایک سو ایک بار ان اسمائے الٰہی کو پڑھ کر دم کریں۔ پھر کپڑے کو سونگھیں اگر کپڑے سے گندھک کی سی بو آئے تو مریض کو آسیب کا مرض ہے اگر کپڑے سے مردار کی سی بو آئے تو مریض کو سحر جادو وغیرہ کیا گیا ہے اگر کپڑا میں کوئی بُو وغیرہ پیدا نہ ہو تو مریض کو طبی جسمانی مرض ہے۔ اس کے بعد مریض کی مرض کے مطابق علاج کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا وَاجِدُ یَا مَاجِدُ یَا جَوَّادُ

مریض کے کپڑے سے مرض کا پتہ چلانا

پہلے مریض کے استعمال کئے کپڑے کو پیمائش کریں پھر مریض کے کپڑے

کو اپنے سامنے رکھ کر پہلے سات بار درود شریف پڑھ کر کپڑے پر دم کریں پھر سورۂ اخلاص سات بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر آیت الکرسی سات بار پڑھ کر دم کریں پھر چاروں قل سات سات بار پڑھ کر دم کریں پھر ایک بار شجرہ شریف پڑھ کر دم کریں۔ پھر سات بار درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ اس کے بعد پھر پیمائش کریں اگر کپڑا پہلی پیمائش سے بڑھ جائے تو مریض کو آسیب کا مرض ہے اگر پہلی سے کم ہو جائے تو سفلی جادو اور تعویذوں کا اثر ہے اگر پیمائش پہلے جتنی ہو تو مریض کو طبی جسمانی مرض ہے۔ اس عمل کو روزانہ بلا ناغہ ایک بار ہمیشہ پڑھتے رہیں۔ عمل جاری رہے گا۔

روحانی جسمانی بیماریوں کا پتہ چلانے کا عظیم عمل

آیت الکرسی کا یہ عمل ایک سو ایک دن کا ہے۔ عمل کسی علیحدہ حجرے میں کریں۔ دوران عمل روزے رکھیں اور جلدی جمالی پرہیز کریں۔ عمل کے لیے کسی علیحدہ پاک صاف کمرے کا بندوبست کریں۔ کمرے میں خوشبو جلاتے رہیں۔ کمرے میں ہلکی روشنی رکھیں۔ عمل کے نئے پاک کپڑے سلائے جائیں۔ شریعت کی پابندی رکھیں۔ دوران عمل کسی سے بات نہ کریں۔ زیادہ وقت ذکر الٰہی اور مراقبے میں گزاریں۔

ہر روز بعد از نماز عشاء آیت الکرسی کو پانچ سو بار ہر روز پڑھیں ہر مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھیں۔ عمل کے بعد دس سنت کے مطابق سو رہیں۔ عمل پورا ہونے کے بعد ہمیشہ اس عمل کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھتے رہیں۔ عمل جاری رہے گا۔ اس عمل سے دل میں نور پیدا ہوگا اس نور سے چشم باطن روشن ہو جائے گی۔ اس کا عامل جب بھی مریض کی طرف ایک نظر دیکھ کر

یا مریض کی نبض پکڑ کر مراقبہ کرکے دل کی طرف متوجہ ہوگا۔ فوراً مرض کی اس کی تمام ہسٹری دل پر مشاہدہ ہو جائے گا۔ جیسے جیسے عامل ترقی کرے گا۔ تو اس کو مراقبے کے بغیر ہی لیک مریض کو دیکھتے ہی مرض کا پتہ چل جایا کرے گا بھی مریض کو دیکھتے ہی مرض کی تمام کیفیات سامنے کھلی آنکھوں سے نظر آجایا کریں گی۔ اس کے بعد جو بھی مرض ہو مثلاً آسیب۔ جادو ٹونا۔ جنتر منتر یا دیگر جسمانی امراض۔

لاعلاج مرض کا علاج

اگر ڈاکٹر طبیب وغیرہ کسی مریض کو علاج قرار دے دیں تو دعائے حزب البحر کے اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی گھول کر روزانہ پلائیں۔ تاشفا یہ روحانی علاج جاری رکھیں بفضل خدا ہر طرح کی مرض سے شفا ہوگی۔

۷۸۶

۲۲۴۵	۲۲۴۸	۲۲۲۹	۲۲۲۴
۲۲۲۴	۲۲۳۸	۲۲۴۱	۲۲۲۸
۲۲۴۲	۲۲۲۷	۲۲۲۵	۲۲۲۷

لاعلاج مرض کا علاج

اگر روزانہ صبح و شام ان کلمات کو تین سو تیرہ بار پڑھ کر مریض کو دم کرتے رہیں گے اور تاشفا علاج جاری رکھیں۔ بفضل خدا لاعلاج مریض بھی مرض سے شفا حاصل کرے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَادَتْ دَا سُتَدَادَتْ

ہر مرض کا چلتا دم

اس عمل کو عمل میں لانے کے لیے پہلے ایک لاکھ پچیس ہزار بار سورۂ فاتحہ کو پڑھیں۔ عمل ہمیشہ باوضو کریں جتنے دنوں میں چاہیں عمل پورا کرلیں۔ جب بھی ضرورت ہو تو سات بار سورۂ فاتحہ کو پڑھ کر اپنی انگلی پر دم کرکے اشارے سے مریض پر کپڑا مار دیں۔ سات بار اسی طرح عمل کریں۔ چند روز کے دم سے بفضلِ خدا مرض سے شفا ہوگی مجرب المجرب عمل ہے۔

ہر مرض کے لیے گنڈہ

مریض کے قد کے برابر سات عدد دھاگے لے کر ان کو اکتالیس گرہ دیں ہر گرہ پر ان کلمات کو اکتالیس بار پڑھ کر دم کریں۔ اس گنڈے کو مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ بفضلِ خدا بہت جلد مریض مرض سے شفا حاصل کریگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ سَادَتْ

ہر مرض کا علاج

ہر مرض کے لیے ان کلمات کو اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں روزانہ تین بار اسی طرح عمل کریں۔ بفضلِ خدا چند دنوں میں مرض سے

شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شِفَاءٌ مِّنْ كُلِّ دَاءٍ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

آیاتِ شفا

ہر مرض کے لیے ان آیات کو پڑھ کر دم کریں یا چینی کی پلیٹ میں لکھ کر پانی گھول کر مریض کو پلائیں۔ یہ قرآنی آیاتِ شفاء ہر مرض کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ٥
(پ ۱۰ ع ۸)

۲۔ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ٥
(پ ۱۱ ع ۱۱)

۳۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ۔ (پ ۱۴ ع ۱۵)

۴۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ (پ ۱۵ ع ۹)

۵۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ٥ (پ ۱۹ ع ۹)

۶۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ (پ ۲۴ ع ۱۹)

ہر دوا کا اثر جلدی اور دیر پا ہو

جب بھی مریض کو دوا دیں تو اس پر سات مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھ کر

دم کرے مریض کو دوا دیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو دوا دیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو جلد شفا ہوگی اور دوا جلدی اثر کرے گی اور مرض دوبارہ عود نہیں کرے گا۔

مریض جلد صحت یاب ہو

اگر کسی مریض کو مرض سے شفا نہ ہو رہی ہو تو اس طرح کریں کہ روزانہ مریض کے دھوئے ہوئے کپڑے پر الحمد شریف اکتالیس بار پڑھ کر دم کریں اوّل آخر دُرود شریف ابراہیمی سات سات بار پڑھیں۔ وہ قمیض مریض کو پہنائیں یہ عمل اسی طرح روزانہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحت یاب ہوگا۔ مجرب المجرب عمل ہے۔

درد جھاڑنے والی چھری

چھری کو تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ ایک عدد لوہے کی بغیر دستے کی چھری بنائیں۔ ان کلمات کو اُس چھری پر کندہ کر لیں۔ ان کلمات کو تین سو پینسٹھ بار پڑھ کر عرق گلاب پر دم کریں پھر چھری کو بیری کے کوئلوں میں گرم کر کے عرق گلاب میں بجھا لیں۔ یہ عمل دس محرم الحرام کو روزہ رکھ کر کریں۔ جب بھی ضرورت ہو اس چھری سے مقام درد کو نو بار چھو کر زمین پر جھاڑیں اسی طرح نو بار کریں۔ بفضل خدا درد سے شفا ہوگی۔ یہ چھری ایک سال تک کارآمد ہوگی۔ اگلے سال اس چھری کو پھر اسی طرح بجھائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

باری کے بخار کیلئے

یہ نقش سات عدد لکھیں۔ پہلے ایک نقش کو مریض کے جسم پر پھیریں اور اُس کو پانی میں ڈال دیں۔ اس طرح باری باری ساتوں جسم پر پھیر کر پانی میں ڈال دیں۔ بفضل خدا بخار دُور ہو گا۔



باری کے بخار کیلئے

باری کے بخار کے لئے مریض کے سینے پر کسی چیز سے یا اللہ اور یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بلا سیاہی لکھیں پھر نیچے حضرت ابوبکر صدیق حضرت عمر حضرت عثمان حضرت علی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین لکھ دیں۔ بفضل خدا دو تین بار کے عمل سے بار دُور ہوگا۔

چوتھے کے بخار کا عمل

چوتھے کے بخار کے لئے مریض کو پہلے نیم گرم پانی سے غسل کرائیں۔ اس

کے بعد مہندی کی تازہ شاخ سے مریض کی دائیں کلائی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور بائیں کلائی پر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لکھیں پھر دائیں پنڈلی پر یا جبرائیل اور بائیں پنڈلی پر یا اسرافیل اور بائیں کوکھ پر یا عزرائیل لکھیں۔ بفضلِ خدا مریض کو بخار سے شفا ہوگی۔

برائے دفع بخار

سات عدد کچے دھاگے لے کر اس پر سورہ الم نشرح پڑھ کر دم کرے ہر کاف پر گرہ لگاتا جائے۔ اس طرح نو گرہ پوری ہو جائیں گی۔ اس گنڈے مریض کے دایاں بازو کے ساتھ باندھ دیں۔ بفضلِ خدا بخار سے شفا ہوگی۔

دفع بخار کے لیے

اگر کسی کو بخار ہو تو اس دُعا کو گیارہ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ بفضلِ خدا چند بار دم کرنے سے مریض کو شفا ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ اِذْھَبْ عَنِّیْ سُوْءَ مَآ اَجِدُ وَفُحْشَہٗ بِدَعْوَۃِ نَبِیِّکَ الْمُبَارَکِ الْاَمِیْنِ الْمَکِیْنِ عِنْدَکَ۔

برائے دفع بخار

ہر قسم کے بخار کے لیے اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور روزانہ پانی میں گھول کر بھی پلاتے رہیں بفضلِ خدا جلد بخار سے شفا ہوگی۔

بے شمار مرتبہ تجربہ میں آچکا ہے۔



دفع بخار

اس درود شریف کو پانچ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اس طرح دن میں پانچ بار یہ عمل دہرائیں بفضل خدا مریض کو بخار سے جلد شفا ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔

ہر بخار کا بے نظیر نقش

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے مبارک کے اس نقش کو لکھ کر ...... موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ بفضل خدا اس نقش معظم کی برکت سے ہر طرح کے بخار سے شفا ہوگی۔



مرگی کا روحانی علاج

مرگی کے مریض کے دائیں کان میں اذان کہیں اور بائیں کان میں اقامت کہیں اس کے بعد حسب حیثیت صدقہ کریں۔ بفضل خدا مرگی سے شفا ہوگی۔

دفع طاعون

مجربات دیربی میں لکھا ہے کہ حضرت سید عثمان النجدی الحلیل رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو کوئی صبح و شام ان کلمات کو سات بار پڑھے گا۔ اور جو کوئی ان کلمات کو لکھ کر اپنے گھر میں آویزاں کرے گا وہ طاعون سے محفوظ رہیں گے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَمَانٌ مِّنَ الطَّعْنِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ طَعْنٌ فِی الطَّاعُوْنِ سَیِّدِیْ عَبْدُ الْوَھَّابِ الشَّعْرَانِیْ سَیِّدِیْ شَمْسُ الدِّیْنِ الْبُلْقِیْنِیْ سَیِّدِیْ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ حَیٌّ صَمَدٌ بَاقِیْ وَلَہٗ کَنَفٌ وَاقِیْ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْخَلَّاقِ۔

دفع وباء کیلئے

وباء سے حفاظت کیلئے ان کلمات کو کاغذ پر لکھ کر مکان کے دروازے پر لگائیں بفضل خدا اہل خانہ وباء سے حفاظت میں رہیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَھْلَ یَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَکُمْ فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا سمنہ

کو پرت عبداللہ کا جایا۔ جاوے وبا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آیا۔

برائے دفع یرقان

اس نقش کو چینی کی پلیٹ میں لکھ کر روزانہ صبح شام مریض کو پلائیں۔ بفضلِ خدا یرقان دور ہوگا۔

۷۸۶

۶۶۱	۶۶۴	۶۶۷	۶۵۲
۶۶۶	۶۵۵	۶۶۰	۶۶۵
۶۵۶	۶۶۹	۶۶۲	۶۵۹
۶۶۳	۶۵۸	۶۵۷	۶۶۸

آنکھوں کے امراض کا علاج

آنکھوں کے ہر مرض کے لیے ان اسماء کو اکیس بار پڑھ کر روزانہ تین بار دم کریں۔ بفضل خدا آنکھوں کو شفا ہوگی۔ اگر کوئی ہر نماز کے بعد گیارہ بار ان اسماء کو پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرا کرے گا تو وہ آنکھوں کے امراض سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا رَبُّ يَا نُوْرُ يَا بَصِيْرُ

سر کے پھوڑے پھنسیوں اور زخموں کیلئے

سر کے زخموں پھوڑوں پھنسیوں اور خشک تر خارش کے لیے اس نقش کو

چینی کی پلیٹ میں لکھیں۔ پھر اس میں خالص سرسوں کا تیل ڈال کر نقش کو اس میں حل کریں۔ اس تیل کو روئی سے سر میں لگائیں۔ بفضل خدا سر کے امراض سے شفا ہو گی۔

۷۸۶

۷۶	۸۰	۸۳	۹۹
۸۴	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۸۵	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۲

برائے درد شقیقہ

آدھے سر کے درد کے لیے اس نقش کو لکھ کر صبح سورج نکلنے سے پہلے پانی میں گھول کر پئیں بلا ناغہ سات روز عمل جاری رکھیں۔ بفضل خدا درد شقیقہ سے آرام ہوگا۔

۷۸۶

۱۹۶	۱۹۹	۳۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

درد شقیقہ

اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر سر پر باندھیں۔ بفضل خدا درد دور ہوگا۔

۷۸۶

ا	ل	ل	ھ
۶۶	۶۶	۶۶	۶۶
۶۶	۶۶	۶۶	۶۶
۶۶	۶۶	۶۶	۶۶

درد شقیقہ کے لیئے حضرت خضر علیہ السلام کا نقش

ایک مرد باخدا کے سر میں درد رہا کرتا تھا۔ حضرت خضر علیہ السلام نے اُن کو یہ نقش لکھ کر باندھنے کے لیئے کہا انہوں نے باندھا درد سے آرام آگیا۔ یہ نقش لکھ کر جو بھی باندھے گا بفضل خدا درد سے آرام ہوگا۔

ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ	عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ	عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ	علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ
بحرمت توریت موسیٰ	بحرمت انجیل عیسیٰ	بحرمت زبور داؤد	بحرمت فرقان محمد صلی اللہ علیہ وسلم

چکر آنے کے لیئے

اگر کسی کو چکر آتے ہوں تو اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے چینی کی پلیٹ میں لکھ کر پانی گھول کر مریض کو پلائیں۔ تاشفا عمل جاری رکھیں۔ بفضل خدا چند دنوں میں شفا ہوگی۔

بندش نکسیر کیلئے

اگر کسی کی نکسیر چل پڑے تو اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ بار ان کلمات کو پڑھ کر دم کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ نکسیر بند ہوگی۔

كُفِّ اَيُّهَا الرُّعَافُ بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ

سینے میں درد کے لیئے

اگر کسی کے سینے میں درد رہتا ہو خواہ وہ کسی بھی وجہ سے ہو۔ اس نقش کو

چینی کی پیالی میں لکھ کر روزانہ صبح شام پانی گھول کر پئیں اکیس روز تک اس روحانی علاج کو جاری رکھیں۔ بفضلِ خدا سینے کے درد سے شفا ہوگی۔

۷۸۶

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

برائے درد دانت

درد دانت کے لئے نہایت مفید عمل ہے یہ اس طرح کریں کہ پہلے مریض سے درد کی معیاد مقرر کرلیں اس کے بعد اس شعر کو کاغذ پر لکھ کر کسی پاک صاف اونچی جگہ رکھ کر یا کے نقطے پر کیل رکھ کر مریض کو کہیں کہ اپنی درد والا دانت دو انگلیوں سے پکڑے اور عامل کیل ٹھونک دے اگر درد سے آرام ہو جائے تو فہوالمراد ورنہ دوسرے نقطے پر بھی اسی طرح عمل کریں۔ اسی طرح شین میم عین کے حرفوں کے نقطوں تک عمل کرتے جائیں انشاءاللہ آخری نقطے پر پہنچنے سے پہلے پہلے درد موقوف ہوگا۔

درد دانت کیلئے

دانت کے درد کے لئے اس عمل کو پانچ بار پڑھ کر جھاڑیں۔ درد دفع ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

دم خدادم پیر استاد ہلا خدا کا ہلا رسول کا ہلا چہار کا ہلا پنجتن پاک کا ہلا دستگیر علی جناب کا ہلا میراں سید مہدی صاحب کا۔

دفع نارو

یہ نقش حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔ اس نقش کو لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اور ایک نقش لکھ کر باندھیں۔ بفضلِ خدا شفا ہوگی۔

یا طمعم

دفع نارو

یہ عمل حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند رحمتہ اللہ علیہ سے منقول ہے۔ یہ تینوں ظرف نارو پر لکھیں۔ بفضلِ خدا شفا ہوگی۔



دفع خنازیر

شیخ الاسلام شیخ نظام الحق والدین قدس اللہ سرہ العزیز سے منقول ہے دفع خنازیر کے لئے اس عمل کو بارہ یا تیرہ بار پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سری مہاسری سدہ وقیصری جرجا سند تو ماہ ہنجر

بحق ابراہیم خلیل۔

برائے دفع چیچک

حضرت خواجہ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ دفع چیچک کے لیئے یہ نقش بہت آزمودہ ہے۔ اس کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔

(مجربات دیربی)

٨	١	١٤	١١
١٠	١٥	٤	٥
٣	٦	٩	١٦
١٣	١٢	٧	٢

دفع چیچک کیلئے

اگر کسی بچے کو چیچک نکلی ہو تو ان ناموں کو پانچ بار پڑھ کر دم کریں۔ بفضل خدا چیچک سے آرام ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بابا فرید خواجہ فرید درویش فرید

شیخ فرید شکر گنج فرید

تمام اہل خانہ چیچک سے محفوظ رہیں

حضرت خواجہ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ اس نقش جس مکان کے دروازے پر لٹکائیں گے تو وہ تمام اہل خانہ چیچک سے محفوظ رہیں گے جو کوئی اس کو لکھ کر بازوں کے ساتھ باندھے گا وہ چیچک سے محفوظ رہے گا۔

(مجربات دیربی)

سلی	صلی	والقرعہ
السر	السر	یادس
الفرس	اس	...

برائے بادی بواسیر

اس نقش کو چاندی کی تختی پر اس طرح لکھوائیں کہ نقش ابھرا ہوا ہو۔ پھر اس نقش کو روزانہ صبح دوپہر شام پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں بفضل خدا مرض سے شفا ہوگی۔



دفع بواسیر

بواسیر کیلئے سات عدد مٹی کے ڈھیلے کر ہر ایک پر سات بار پڑھ کر دم کر

کے ان ڈھیلوں کو مقصد پر پھیریں۔ تاشفا عمل جاری رکھیں عمل یہ ہے۔

آنان مقان تقان تقوی اپلیح پلیح کلیجا۔

برائے بواسیر

اگر کسی کو بواسیر ہو تو اس نقش کو بروز اتوار صبح کے وقت لکھ کر موم جامہ کر کے زوال کے بعد کمر کے ساتھ باندھیں۔



برائے دفع خونی قے

اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر مریض کے دائیں بازو پر باندھ دیں۔ اور مریض کے ماتھے پر انگلی سے ختم لکھ دیں۔ بفضل خدا مرض سے شفا ہوگی۔



منتر دفع آسیب قے دست وغیرہ

دفع آسیب قے دست وغیرہ کے لئے اس منتر کو تین بار پڑھ کر پتاشے پر دم کر کے مریض کو کھلائیں۔ بفضل خدا مریض اچھا ہوگا۔ منتر یہ ہے۔

سید بالا بھولا لنگی پیٹھ پلانا گھوڑا جو سید کے بار پا ہوں تو اسے کانگرو باندھ کر لاہوں جو سید کا چابول پان کانگرو کو بلا کرون بیان سنگ کی سواری نانگ کا چابک میاں سید برہنہ کہاں کو جاتے ہم جاتے کانگرو کے باٹے وہاں دنت چڑھے سو ساٹھ بارہوں دنت کروں گمسام فریاد پہنچے مہتا کے پاس مہتا پوچھے کر وہاں کتنے کٹک اور کتنے سوار جنہوں نے میرا آنگہ دگھیرا آن کمر چھوٹا گلے زنجیر اس کوس کا دھاوا کریں سو اسیر کا توشہ کھائیں جو کھاوے اُسے داماہ کے پیر کا راہ کا باٹ کا کرایہ اپنا بیگانہ اوپری پرائے جو کچھ ہوا سکے تیلیں نکال کے باہر کر دتمہیں اپنی آنسہ بی بی ترکنی کی دوری کی دوہائی۔

برائے سل

ان سات سلاموں کو ایک سو ایک بار شہد پر پڑھ کر دم کریں۔ مریض کو یہ شہد دن میں چند بار چٹائیں۔ تاشفا اس طرح عمل جاری رکھیں۔ بفضل خدا مرض سے جلد شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۔ سَلٰمٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی ط ۲۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۔ ۳۔ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۵ ۴۔ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ۵ ۵۔ سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ۵ ۔ ۶۔ سَلٰمٌ

عَلٰی اٰلِ یٰسِیْنَ۔ ۔ سَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ اللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی
علیہ وَسَلَّمَا ہ

پیچش

پیچش دُور کرنے کے لیئے اس نقش کو چینی کی پلیٹ میں زعفرانی سیاہی سے لکھ کر اس میں پانی گھول کر مریض کو روزانہ دن میں تین بار صبح دوپہر شام پلائیں۔ سات روز کے اس روحانی علاج سے بفضلِ خدا پیچش دُور ہوں گے۔

م	م	م
م	م	م
م	م	م

آنت اترنا

اگر کسی کی آنت اتر آئی ہو تو اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر پیٹ پر باندھیں۔ بفضلِ خدا آنت درست ہو گی۔



برائے دفع احتلام

جس کو کثرت سے احتلام کا مرض ہو تو وہ رات کو سونے سے پہلے دائیں

اِن پر انگلی سے آدم اور بائیں ران پر حوا لکھ لے بفضلِ خدا احتلام نہ ہوگا۔

استحاضہ

اگر عورت کو حیض کے دنوں کے علاوہ بھی خون آتا رہتا ہو۔ تو اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر ہر روز صبح شام پانی میں گھول کر پلائیں۔ بفضلِ خدا جلد شفا ہو گی۔ تاشفا اس روحانی علاج کو جاری رکھیں۔

د	م	ح	م
م	د	م	ح
ح	م	د	م
م	ح	م	د

برائے زیادتی حیض ونفاس

اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر مریضہ کو صبح دوپہر اور شام پلائیں۔ بفضلِ خدا چند دنوں میں شفا ہوگی۔



برائے دفع کسل

اس بابرکت نقش کو زعفرانی سیاہی سے سُرخ رنگ کے کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے تھکاوٹ اور سستی دور ہوتی ہے۔ اور دوران سفر تھکاوٹ کم ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



برائے امساک

اس نقش کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر موم جامہ کر کے رکھ لیں بوقت ضرورت اس کو کمر کے ساتھ باندھ لیں۔ امساک پیدا ہو گا۔

٧٨٦

ھ	ھ	ھ	ھ
١١١	١١١	١١١	١١١
٧	٧	٧	٧
٨	٨	٨	٨

امساک کیلئے

اس نقش کو خالص زعفران سے چینی کی پیالی میں لکھ کر صبح نماز فجر سے پہلے اور رات کو نماز عشاء کے بعد روزانہ پئیں بفضل خدا بہت امساک پیدا ہو گا عمل بلاناغہ دہرائیں اور تا مقصد علاج جاری رکھیں۔

٧٨٦

٦٥٤	٦٦٧	٦٦٤	٦٦١
٦٦٥	٦٦٠	٦٥٥	٦٦٦
٦٥٩	٦٦٢	٦٦٩	٦٥٦
٦٦٨	٦٥٧	٦٥٨	٦٦٣

برائے نکاح دختر

اگر کسی لڑکی کے نکاح کا پیغام نہ آتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر لڑکی کی کمر میں باندھ دیں۔ بفضل خدا جلد نکاح کا پیغام آئے گا اور نکاح ہو گا۔

ص	ط	ع	ر	ك
ك	ص	ط	ح	ف
ق	ك	ص	ط	ع
ح	ف	ی	ص	ع
ط	ف	ی	ع	ع

لڑکی جلد شادی ہو

جس لڑکی کے لیئے رشتہ نہ ملتا ہو یا اگر رشتے آتے ہوں اور کوئی رشتہ طے نہ پاتا ہو تو اس نقش کو کنگھی پر کندہ کرائیں پھر روزانہ لڑکی یہ کنگھی اپنے استعمال میں لائے۔ بفضل خدا لڑکی کا جلد رشتہ طے ہو جائے گا۔



برائے دردزہ

قند سیاہ پر ان اسماء کو آٹھ بار پڑھ کر دم کر کے عورت کو کھلائیں بچہ جلد اور بآسانی پیدا ہوگا۔

یا خالق یا مخلص یا خلاص یا حضرت خواجہ خضر مہتر الیاس

برائے آسانی وضع حمل

حضرت خواجہ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ بعض مجربات مجھ سے آسانی وضع حمل کے لیئے یہ نقش ہے۔ اس کو لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالیں۔

انشاء اللہ بچہ جلد پیدا ہوگا۔ (مجربات دیربی)



برائے شناخت حمل

حضرت خواجہ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر یہ دیکھنا ہو کہ عورت کو حمل ہے یا نہیں تو اس نقش کو لکھ کر عورت کے گلے یا بازو پر باندھیں۔ اگر عورت حاملہ ہوگی تو اسے اسی وقت پیشاب کی حاجت ہوگی۔ (مجربات دیربی)



حاملہ عورت لڑکا جنے

حضرت خواجہ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی چاہے کہ میری بیوی لڑکا جنے تو اس طرح عمل کریں کہ جب حمل پر تیسرا مہینہ شروع ہو جائے تو اپنی بیوی کو چت لٹا کر اس کی ناف پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا تین بار پڑھیں۔ دعا پڑھنے کے دوران ناف پر ہاتھ پھیرتے رہیں۔ (مجربات دیربی)

اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِیْ بَطْنِ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ فَكَوِّنْهُ ذَكَرًا وَّاسْمِيْهِ اَحْمَدَ اَوْ مُحَمَّدًا بِحَقِّ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ۔

بعد ولادت واسطے گرانے مشیمہ

حضرت خواجہ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں اگر مشیمہ یعنی پردہ جھلی جس میں بچہ ہوتا ہے اگر بچے کی ولادت کے بعد خارج نہ ہو تو ان کلمات کو کپڑے پر لکھ کر عورت کے پیٹ پر باندھیں۔ مجربات دیربی)

دَخَلَ جِبْرَئِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ وَاِسْرَافِيْلُ اَللّٰهُمَّ رَبِّ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْزِلِیْ اَيَّتُهَا الْمَشِيْمَةُ ۔



عورت کا دودھ کھولنا

اگر کسی نے سفلی عمل سے کسی عورت کا دودھ باندھ دیا ہو تو اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر عورت کے گلے میں ڈال دیں۔ بفضل خدا سفلی عمل ٹوٹ جائے گا اور دودھ کھل جائے گا۔



بچوں کی پسلی چلنا

اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ ہر روز نیا نقش لکھ کر ڈالتے رہیں جب تک مرض رہے۔ بفضل خدا اس مرض سے بچے کو شفا ہوگی۔

٧٨٦

الحفیظ	الحفیظ	الحفیظ
٩٨٩	١٥٥	١١١
٢٧	٢٩١	١١٢

بچے کا گریہ کرنا

اگر بچہ بہت روتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

بفضلِ خدا وزرے باز آئے گا۔

ھٹی ھٹی ھٹی ھٹی ھٹی ھٹی ھٹی

بچہ ضد نہ کرے

اگر بچہ ضد بہت کرتا ہو تو اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھ کر بچے کے تکیے میں رکھ دیں۔ بفضل خدا بچہ ضد کرنے سے باز آئے گا۔

صہ	صہ	صہ
ما	ما	ما
صہ	صہ	صہ

بچہ جلدی چلنا سیکھے

حضرت خواجہ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر اس نقش کو ہرن کی جھل پر لکھ کر اُسے خوشبو کا بخور دے کر بچے کے گلے میں ڈالیں گے تو بچہ قوت رفتار حاصل کرے گا اور چلنے لگے گا۔ (مجربات دیربی)

م	ت	ی	ن
۴۰	۴۰۰	۱۰	۵۰
۴۰۰	۱۰	۵۰	۴۰
۱۰	۵۰	۴۰	۴۰۰
۵۰	۴۰	۴۰۰	۱۰

بچہ کی عادت بد چھڑانا

اگر کوئی بچہ بری عادتوں کا شکار ہو جائے تو اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں اور روزانہ چینی کی پلیٹ میں لکھ کر گھول کر بچے کو پلاتے رہیں۔ بفضل خدا بچہ بری عادتوں سے باز آئے گا۔

۷۸۶

۱۱۷۲۳۹	۱۱۷۲۴۴	۱۱۷۲۴۱
۱۱۷۲۴۰	۱۱۷۲۳۰	۱۱۷۲۳۶
۱۱۷۲۳۵	۱۱۷۲۴۲	۱۱۷۲۳۷

ڈبہ اطفال کیلئے چلتا عمل

بچے کو جھاڑنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سرکنڈہ مع جڑ کے لے کر جڑ کیطرف سے ایک بالشت سات انگل پیمائش کر کے کاٹ لیں۔ اس سرکنڈہ سے بچے کو اس طرح جھاڑیں کہ سرکنڈہ کو بچے کے پیٹ سے چھو کر ایک بار منتر پڑھ کر زمین پر جھاڑیں۔ اسی طرح پندرہ بار جھاڑیں۔ سرکنڈہ اصل پیمائش سے جتنا بڑھ جائے اُسے کاٹ دیں۔ تین بار متواتر اس طرح عمل کریں۔ تین دن تک صبح شام اس عمل کو دہرائیں۔ بفضل خدا بچہ صحت مند ہو جائے گا۔ نہایت ہی آزمودہ عمل ہے۔

ہر سال دیوالی دو مہرہ کی رات اس منتر کو پانچ سو بار پڑھ لیا کریں۔ عمل چلتا رہے گا۔ بچے کے تندرست ہونے پر شرینی پر حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی فاتحہ دلا دیا کریں۔ منتر یہ ہے۔

پربت پرے اوترے سورہ گاڈ سورہ گاڈ کے پیٹ میں مجہ اور مجہ کے پیٹ میں کچہ اور کچہ میں کیچا کیچا گھٹے اور سر پر پڑھے دو ہائی ابراہیم خلیل اللہ کی پتھر دں منتر ایسر وباچا آدیس گرد آدیس گرد آدیس گرد۔

نیند میں دانت چبانے کا علاج

اگر کوئی نیند میں دانت چباتا ہو تو اس نقش کو اس کے استعمال کیئے کپڑے پر لکھ کر اُسے عطر سے معطر کرکے موم جامہ کر اُس کے گلے میں ڈال دیں۔ بفضل خدا دانت چبانے سے باز آئے گا۔

ملو	ملو	ملو
۶۶	۶۶	۶۶
ہ	ہ	ہ

گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو

اگر گھر میں بے اتفاقی ہو اور لڑائی جھگڑا اکثر رہتا ہو تو اس نقش کو بروز جمعہ جمعہ کی پہلی اذان کے فوراً بعد لکھیں اور اس نقش کو گھر میں فریم کرا کے لگا دیں بفضل خدا گھر سے لڑائی جھگڑا ختم ہو گا۔

۷۸۶

۲۲۲۰۴	۲۲۲۰۷	۲۲۲۱۰	۲۲۱۹۷
۲۲۲۰۹	۲۲۱۹۸	۲۲۲۰۳	۲۲۲۰۸
۲۲۱۹۹	۲۲۲۱۲	۲۲۲۰۵	۲۲۲۰۲
۲۲۲۰۶	۲۲۲۰۱	۲۲۲۰۰	۲۲۲۱۱

مراد پوری ہو

اگر کوئی کسی قسم کی جائز شرعی مراد رکھتا ہو تو اس عمل کو ہر روز کسی علیحدہ جگہ جہاں سر پر چھت نہ ہو بیٹھ کر اس عمل کو ایک سو گیارہ بار پڑھے تا حصول مراد اس عمل کو جاری رکھے عمل کو جاری رکھے عمل ہمیشہ رات کو کریں۔ بفضل خدا جلد مراد پوری ہو گی۔ دوران عمل اگر روحانی نظر آئیں تو اُن سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اپنے عمل کی طرف دھیان رکھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

سچا نام خدا سچے نبی رسول فوجاں جاواں بھجیاں اُڈے تا مٹیوں توڑ۔ بھجے بے جاندے حاضری دیچ حضور گھوڑا ذرا تھما عرض کرو قبول۔ سواری آگے تدہ کھڑنا پہلوں میری مراد حاصل کرنا بحق یا بُدُّوحُ السلام علیکم۔

محبوب کا دل نرم کرنے کیلئے

سنگ دل محبوب کے دل کو نرم کرنے کیلئے اس عمل کو چالیس دن پڑھیں اس عمل کو ہر روز تین سو بار پڑھیں دوران عمل محبوب کا تصور رکھیں روزانہ عمل کے اول آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ اس عمل کو غیر شرعی

جگہ ہرگز نہ کریں۔ بفضل خدا محبوب کا دل نرم ہو گا اور طالب کی طرف رجوع کرے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مقصد دل ویرانہ کرو دل کو کرو چین سنگ دل کو نرم کرد یا حسن حسین

چراغ محبت

اگر معشوق کو تابع کرنا ہو تو کورے چراغ پر اس نقش کو لکھیں اور اسی نقش کا فلیتہ بنائیں۔ رات کے وقت اس چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈال کر اس فلیتے کو جلائیں۔ چراغ کا منہ خانہ معشوق کی طرف رکھیں۔ جب تک چراغ جلتا رہے، چراغ کے قریب باوضو بیٹھے رہیں۔ اکیس روز تک چراغ جلائیں۔ عمل جیسے سوموار کو شروع کریں اور ہر روز نیا چراغ اور نیا فلیتہ استعمال کریں۔ چراغ کے قریب سات عدد گلاب کے پھول رکھیں۔ عمل پورا ہونے پر معشوق آپ کا تابعدار ہوگا اور آپ کے حکم کی تعمیل کرے گا غیر شرعی جگہ عمل کو استعمال نہ کریں۔



محبوب کو بلانے کیلئے

اگر کسی کو اپنے روبرو بلانا مقصود ہو تو اس عمل کو جیٹھی جمعرات کو شروع کریں۔ اور اکتالیس روز تک جاری رکھیں۔ عمل اس طرح کریں کہ ہر روز بعد از نماز عشاء کسی علیحدہ جگہ بیٹھ کر ایک سو نقش لکھیں۔ روزانہ سورج نکلنے سے پہلے ان نقشوں کو چلتے پانی بہا دیا کریں۔ آخری دن ایک سو ایک نقش لکھیں۔ سو کو پانی میں بہادیں اور ایک نقش کو موم جامہ کرکے اپنے پاس محفوظ کرکے رکھ لیں۔ دوران عمل اپنے قریب خوشبو جلائیں اور قبلہ رخ بیٹھیں اور منہ میں کوئی میٹھی چیز ڈال لیں مطلوب حاضر ہوگا اور جب تک آپ کے پاس نقش رہے گا وہ آپ کا تابعدار رہے گا۔ نہایت پر تاثیر عمل ہے لیکن غیر شرعی جگہ ہرگز نہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قل	هو	الله	احد
الله	الصمد	لم	يلد
ولم	يو	لد	ولم
يكن	له	كفواً	احد

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

محبوب کو حاضر کرنے کیلئے

محبوب کا تصور کرکے اس عمل کو تین سو ساٹھ بار روزانہ بعد از نماز عشاء پڑھیں سات روز تک اسی طرح عمل جاری رکھیں۔ بفضل خدا محبوب حاضر ہوگا۔ غیر شرعی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ بِحُرْمَۃِ جِبْرَئِیْلَ اَللّٰہُ الصَّمَدُ بِحُرْمَۃِ اِسْرَافِیْلَ لَمْ یَلِدْ بِحُرْمَۃِ مِیْکَائِیْلَ وَلَمْ یُوْلَدْ بِحُرْمَۃِ عِزْرَائِیْلَ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ بِحُرْمَۃِ دَرْدَائِیْلَ سِمْنَائِیْلَ۔

حب کا چلتا عمل

ایک جوڑا جنگلی کبوتروں کا لائیں۔ پھر چاند کے مہینے کی تیرہویں رات کو برہنہ حالت میں کسی پیپل کے درخت سے بارہ پتے حاصل کریں۔ صبح کو ان پتوں کو زمین پر بچھا کر ان پر کبوتروں کو ذبح کریں تاکہ خون ان پتوں پر گرے۔ خون آلود ان پتوں کو جلا کر ان کی راکھ محفوظ کر کے رکھ لیں۔ جس پر بھی اس راکھ کی ایک چٹکی ڈالو گے وہ آپ کی محبت میں مبتلا ہو جائے گا۔ حرام جگہ عمل بالکل نہ کریں۔

مطلوب کو تابعدار کرنے کا عمل

اگر کسی کو اپنا تابعدار کرنا ہو۔ تو اس آیت کو کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دیں۔ وہ آپ کا تابعدار ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ یُحِبُّوْنَ کَحُبِّ اللّٰہِ بِقُلُوْبِھِمْ فِیْ لَیْلٍ وَّنَھَارًا وَفِیْ سَاعَۃٍ وَشَھْرٍ عَلٰی حُبِّھِمْ اَشَدُّ حُبًّا وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ھُمُ السَّاعَۃَ جَمِیْعًا فُلَانِ بْنُ فُلَانٍ عَلٰی حُبِّ فُلَانِ بْنُ فُلَانٍ۔

کسی کو اپنی محبّت میں گرفتار کرنا

چھٹے اتوار کو سورج نکلنے سے پہلے پہلے ایک سیاہ جونک برہنہ حالت میں ماریں۔ اس جونک کو جلا کر اس کی راکھ محفوظ کر لیں جس پر بھی ایک چٹکی ڈالیں گے وہ آپ کا دیوانہ ہو جائے گا۔ یاد رہے دوران عمل کسی سے بات نہ کریں۔ اس عمل کو غیر شرعی جگہ ہرگز استعمال نہ کریں۔

حبّ کا لاجواب عمل

حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا ہو تو اس عمل کو اس طرح کریں۔ نصف رات کو اٹھ کر وضو کریں پھر چھ رکعتیں پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد چار سو پچاس ۴۵۰ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد نو سو پچاس ۹۵۰ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کو مطلوب کا تصور رکھ کر پڑھیں۔ پھر سات مرتبہ ان آیات مبارکہ کو پڑھیں۔ یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ ط وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْآ اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ط لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَھُمْ اِنَّہٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۝ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ اس کے بعد نو سو پچاس مرتبہ پھر حسبنا اللہ ونعم الوکیل پڑھیں۔ یہ عمل تین مرتبہ اس طرح نہ کریں۔ پڑھتے وقت یہ تصور رکھیں کہ میں مطلوب کو اپنی طرف کھینچ رہا ہوں۔ (سر الجلیل)

مطلوب کو تابع کرنا

حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ اس نقش کو

سفید کاغذ پر لکھ کر میٹھے انار کی لکڑی پر اپنے سامنے لٹکائیں۔ ہر نماز کے بعد اس پر نو سو پچاس مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط پڑھیں۔ ہر سو مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ لینے کے بعد یہ کہیں۔ یَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ الشَّرِيْفَةِ وَالْاَسْمَاءِ الْمُنِيْفَةِ بِحَقِّهَا عَلَيْكُمْ وَبِمَا مِنَ السِّرِّ وَالْاَسْرَارِ وَالنُّوْرِ وَالْاَنْوَارِ حَرِّكُوْا رُوْحَانِيَّتَهٗ وَاجْذِبُوْا اِلٰى كَذَا وَكَذَا جَذْبًا يَكُوْنُ لَهٗ فِيْهِ رِضًا وَّ طَاعَةٌ وَّ مَحَبَّةٌ وَعَطْفًا وَّ فَابِحَقِّ مَا تَعْتَقِدُوْنَهٗ مِنَ الْقُوَّةِ وَالسَّطْوَةِ عَلَيْكُمْ اَجِيْبُوْا اَجِيْبُوْا اَجِيْبُوْا اِهْيًا اِهْيًا اِهْيًا اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ جَعَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى سَعْيَكُمْ سَعْيًا وَّ نُسُكَكُمْ نُسُكًا مَّبْرُوْرًا وَّ بِحَقِّ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ط مُسْرِعِيْنَ طَائِعِيْنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

دوران عمل لوبان کی دھونی دیتے رہیں۔ جب بھی نقش میں حرکت پیدا ہو جائے یعنی نقش دورہ کرنے لگے تو سمجھو کہ ارواح حاضر ہو گئیں ہیں وہ آپ کی تابعدار ہوئیں جو مناسب ہو اُن کو حکم دیں۔ پھر اس نقش کو اپنے پاس رکھ کر مطلوب کے پاس رکھ کر مطلوب کے پاس جائیں وہ آپ کا فرمانبردار ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

حَسْبُنَا	اللّٰهُ	وَنِعْمَ	الْوَكِيْلُ
الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا
اللہ	حسبنا	الوکیل	ونعم
ونعم	الوکیل	حسبنا	اللہ

برائے دفع مشکل و مصائب

اگر کوئی مشکل یا مصیبت آن پڑے تو اس عمل کو رات کے وقت باوضو پاک صاف جگہ بیٹھ کر مدینے کی طرف منہ کرکے ہر روز بانویں بار پڑھیں۔ اسی طرح گیارہ روز تک عمل کریں۔ اول آخر گیارہ گیارہ درود شریف پڑھیں۔ بفضلِ خدا مشکل حل ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

توں میرا دل جان محمدؐ۔ میں تیتھوں قربان محمدؐ

بگڑے کم سوار محمدؐ۔ کر دیو مشکل آسان محمدؐ

مشکل میں آسانی کیلئے

اگر کوئی مشکل درپیش ہو تو اس عمل کو رات کے وقت باوضو ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ گیارہ روز تک وقت مقررہ پر اسی طرح عمل کریں۔ بفضلِ خدا مشکل آسان ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اردگرد اولیاء چوپھیرے چارے پیر

مشکل میری کرو آسان یا جناب دستگیر

دفع مشکلات و غم

ہر قسم کی مشکلات و غم کے لیے روزانہ بعد از نماز عشاء تا حصول مقصد پانچ سو بار۔ الا اللہ پڑھیں۔

دُعا خاص

اگر کسی کو کوئی مشکل آن پڑے اور وہ کسی طرح حل نہ ہو تو وہ اس دُعا کو روزانہ خلوت میں وقت مقررہ پر ۱۲۹ مرتبہ پڑھے۔ ہو سکے تو رات کو پڑھے انشاء اللہ چند روز نہ گزریں گے کہ وہ مشکل حل ہو جائے گی۔ دُعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمُحَمَّدٍ وَّ رَأْفَتِهٖ وَبِصِدْقِ اَبِیْ بَكْرٍ وَّ
خِلَافَتِهٖ وَبِعَدْلِ عُمَرَ وَصَلَابَتِهٖ وَبِحَيَاءِ عُثْمَانَ وَسَخَاوَتِهٖ وَبِعِلْمِ
عَلِیٍّ وَّشُجَاعَتِهٖ وَبِشَرَفِ فَاطِمَةَ وَنَسَبِهَا وَبِسَخَاوَةِ الْحَسَنِ
وَرُتْبَتِهٖ وَبِشَهَادَةِ الْحُسَيْنِ وَغُرْبَتِهٖ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ يَا قَاضِیَ
الْحَاجَاتِ۔

مقدمے میں کامیابی کیلئے

مقدمہ میں کامیابی کے لیے اِن کلمات کو ہر روز رات کو چھیاسٹھ بار پڑھا کریں۔ تا مقدمہ عمل جاری رکھیں۔ حاکم کے روبرو جانے سے پہلے ان کلمات کو چند بار پڑھ لیں۔ بفضلِ خدا مقدمہ میں کامیابی ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ داتا موج خضر دا نور نبی دا قوت علی دی ہر میدانے فتح پاواں برکت نام اللہ دی۔

سخت سے سخت مہم کامیاب ہو

یہ عمل حضرت شیخ بہاؤالدین محمد علی آملی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔

عمل اس طرح کریں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کی شبیہ بنا کر اس درود شریف کو ایک ہزار مرتبہ حضور قلب سے پڑھیں۔ عمل خلوت میں رو بقبلہ رخ بیٹھ کر کریں۔ بفضل خدا اس بابرکت عمل کی برکت سے سخت سے سخت مہم میں بھی کامیابی ہو گی۔

صلی اللہ علیك یا رسول

مقدمہ میں کامیابی کیلئے

اگر کسی پر جھوٹا مقدمہ ہو گیا ہو یا جھوٹا مقدمہ کر کے کسی کو قید میں ڈال دیا گیا ہو تو نقش معظم کو لکھ کر اپنے دائیں بازو کے ساتھ موم جامہ کر کے باندھ لیں۔ بفضل خدا مقدمہ میں کامیابی ہو گی اور جیل سے رہائی ہو گی۔



کفایت مہمات

کفایت مہمات کے لیے یہ عمل بے نظیر ہے۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ رات کو بعد از نماز عشاء تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد چار سو پچاس ۴۵۰ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیں۔ اس کے بعد چار سو پچاس ۴۵۰ مرتبہ اَلَّذِیْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھیں۔ پھر چار سو پچاس ۴۵۰ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر چار سو پچاس ۴۵۰ مرتبہ یَا عَزِیْزُ یَا کَافِیْ یَا قَوِیُّ یَا لَطِیْفُ پڑھیں۔ ہر سو مرتبہ پڑھنے کے بعد تین مرتبہ یَا عَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ یَا کَافِیْ اِکْفِنِیْ یَا قَوِیُّ قَوِّنِیْ یَا لَطِیْفُ اُلْطُفْ بِیْ فِیْ اُمُوْرِ کُلِّهَا وَاُلْطُفْ بِیْ فِیْ اُمُوْرِیْ پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا مانگتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا مقبول ہوگی۔

لوگوں میں مقبول ہونے کا عمل

حضرت امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس درود شریف کو پڑھتا ہے تو اس پر رحمت کے ستر دروازے کھل جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ جل شانہٗ اس کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈال دیتے ہیں۔ (افضل الصلوٰۃ)

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

نئی جگہ لوگ تعاون کریں

اگر کوئی نئی جگہ ملازم ہوا ہو یا نئی جگہ اس کا تبادلہ ہوا ہو۔ یا نئی جگہ جا کر

کوئی مال یا جائیداد خریدی ہو۔ اور لوگ تعاون نہ کرتے ہوں تو چلتے پھرتے ان کلمات کو پڑھتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ لوگ آپ سے تعاون کریں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

فتح پانے کا لاجواب عمل

ہر کام میں فتح حاصل کرنے کے لیے اس عمل کو گیارہ دن نماز کے بعد پڑھیں۔ اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ روزانہ اس عمل کو ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ بفضل خدا فتح حاصل ہوگی۔ نہایت ہی کامیاب عمل ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ یَا اللّٰهُ یَا كَرِیْمُ اَللّٰهُ الصَّمَدُ یَا تَنْكَائِیْلُ یَا مِیْكَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا جِبْرَائِیْلُ یَا اِسْرَائِیْلُ حَاكِمٌ حَكِیْمٌ حَافِظٌ حَفِیْظٌ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ یَا عَلِیُّ یَا غَنِیُّ یَا عَلِیُّ۔

تسخیر خلائق کیلئے

ہر نماز کے بعد ان اسماء کو تین سو بار پڑھیں اور ہمیشہ اس کا وظیفہ رکھیں دوران عمل کسی سے بات نہ کریں اول آخر تین تین بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ مخلوق خدا مسخر ہوگی اور عامل کی طرف کثرت سے رجوع کرے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یَا جِبْرَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا رَفْتَمَائِیْلُ یَا تَنْكَفِیْلُ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ۔

تسخیر خلائق کا بے نظیر عمل

تسخیر خلائق کے لیے اس باموکل سورۂ اخلاص کو ہر روز بعد از نماز چاشت ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ لوگ آپ کے مسخر ہوں اور جوق در جوق آپ کی خدمت میں حاضر آئیں گے۔ لیکن یاد رہے کسی پر ناجائز ذمہ داری نہ ڈالیں بلکہ لوگ کو دین اسلام کی تبلیغ کریں اور آخرت کے لیے سامان پیدا کریں سورۂ اخلاص باموکل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَقْسَمْتُ عَلَیْكُمْ وَعَزَمْتُ عَلَیْكُمْ اَجِبْ جبرائیل یا عطرائیل بحق قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اجب یا میکائیل یا اسرافیل بحق اَللّٰهُ الصَّمَدُ اجب یا اسرافیل یا طاطائیل بحق لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ اجب یا عزرائیل یا رفتائیل بحق وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

عمل تسخیر خلائق

تسخیر خلائق کے لیے اس عمل کو ہر روز بعد از نماز فجر تین سو تیرہ بار پڑھیں اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ بفضل خدا مخلوق مسخر ہوگی اور حاضر خدمت ہو کر آپ کے حکم کے مطابق خدمت بجالائے گی۔ مخلوق خدا سے بے جا خدمت نہ لیں بلکہ اُن کو واعظ نصیحت کریں۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ مُسَخِّرُ سَخِّرْلِیْ کُلَّ مَخْلُوْقَاتٍ اَجِبْ یَاجِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَااَللّٰہُ یَابُدُّوْحُ یَابَاسِطُ

تسخیر کا بہترین عمل

جو شخص ہر نماز کے بعد حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کو چار سو پچاس مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے گا اور بعد نماز تہجد اسی آیت شریف کو چار ہزار پانچ سو مرتبہ پڑھتا رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس روز نہیں گزرنے پائیں گے کہ تمام لوگ اس کے مسخر ہو جائیں گے اور اُس کے پاس حاضر ہوں گے۔

حاکم مہربان ہو

اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر موم جامہ کرکے سر میں باندھ کر حاکم کے روبرو جائیں حاکم مہربان ہوگا۔



تسخیر حکام

حضرت امام بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اس شکل کو لکھ کر اپنے پاس رکھ کر حکام و رؤسا کے پاس جائے گا۔ تو ان کی نگاہ میں عزت حاصل کرے گا۔ اور دشمنوں پر غالب رہے گا۔ اور لوگوں میں محبوب ہوگا۔ (شمس المعارف)۔

قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب
قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم
قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم
قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر
قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر
قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار
قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر
قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی
قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم
قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس

نیا مکان یا دکان نظر بد سے محفوظ رہے

ایک نقش کو کوری ٹھیکری پر لکھ کر مکان یا دکان میں رکھیں نقش کے دوسری یا اللہ یا اسرافیل لکھ دیں۔ دکان یا مکان بفضلِ خدا نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۴۴۶	۴۵۰	۴۵۳	۴۳۹
۴۵۲	۴۴۰	۴۴۵	۴۵۱
۴۴۱	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۴
۴۴۹	۴۴۳	۴۴۲	۴۵۴

دفع نظر بد

اگر کسی کو نظر بد لگی ہو تو تین عدد ہلدی کی گرہ لیں اور ہر گرہ پر یہ کلمات تین تین بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر ان کو آگ میں ڈال کر نظر زدہ کو اس کی دھونی دیں۔ بفضلِ خدا نظر دور ہو گی۔

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْكُفْرُ بَاطِلٌ

چور کی پہچان

حضرت خواجہ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں۔ چور کی پہچان کے لئے اس طرح کریں کہ ایک میخ چار پہلوؤں والی بناؤ۔ ایک پہلو پر یٰسٓ والقرآن الحکیم لکھیں دوسرے پر صٓ والقرآن تیسرے پر قٓ والقرآن اور چوتھے پر حٰمٓ عٓسٓقٓ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ لکھیں اس کے بعد اس کیل کو زمین میں گاڑھ دیں اور اس پر سورۃ الملک پڑھیں۔ پھر جن پر شبہ ہو ان کو کہیں کہ وہ سب کھڑے ہو جائیں۔ چور کھڑا نہیں ہو سکے گا۔

دیگر

چور معلوم کرنا

اگر کسی چور کا معلوم کرنا ہو تو ان حروف کو کاغذ پر لکھ کر اپنے بالیں میں زیر گوش رکھ کر سو رہیں۔ خواب میں چور کے متعلق معلوم ہو جائے گا۔

(مجربات دیربی)

مح ھ ۶ ھ عد ۶

بغیر پوچھے آدمی کا حال نام پتہ جان لینا

یہ عمل ایک سو ایک روز کا ہے۔ عمل جنگل میں علیحدہ جگہ دریا کے کنارے کریں۔ دوران عمل کسی سے بات نہ کریں اور روزانہ روزے سے اور پاک صاف رہیں۔ مکمل جلالی جمالی پرہیز کریں۔ اور شریعت کی پابندی رکھیں دوران عمل سلے ہوئے کپڑے استعمال نہ کریں بلکہ دو چادریں جوگیا رنگ کی استعمال کریں۔ خوشبو کا استعمال رکھیں۔ روزانہ ان دو اسموں کو چوبیس ہزار بار پڑھا کریں۔ فارغ وقت درود شریف پڑھا کریں۔ عمل پورا ہو جانے کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ شریعت کی ہمیشہ پابندی کریں۔ اور ہر وقت کثرت سے ان دونوں اسموں کو پڑھتے رہا کریں۔

جو بھی آدمی یا مریض آپ کے پاس آئے آپ اپنے دل کی طرف آنکھیں بند کر کے متوجہ ہو جائیں آپ کو اُس آدمی کے بارے میں تمام حالات کے بارے میں غیب سے آگاہی ہو جایا کرے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰہُ الصَّمَدُ

آسمانی بلاؤں سے نجات کا نقش

اگر کوئی اسم ذات کے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور روزانہ چھیاسٹھ بار اسم ذات اللہ کو پڑھتا رہے گا تو بفضل خدا اس پر کوئی بلا قبضہ نہ کر سکے گی اگر کسی پر زعفران سے لکھ کر اس میں پانی گھول کر روزانہ پلائیں بفضل خدا چالیس روز کے عمل سے مکمل شفا ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اللہ	للہ	لہٗ	ھو
للہ	لہٗ	ھو	لہٗ
لہٗ	ھو	لہٗ	للہ
ھو	لہٗ	للہ	اللہ

جادو والی اشیاء منگوانا

اس عمل کا عامل بننے کے لیے روزانہ ایک سو سات بار سورۃ یٰسین کو پڑھا کریں اوّل آخر درود شریف تاج سات سات بار پڑھیں۔ عمل کرنے

سوموار سے شروع کریں۔ عمل روزانہ بعد نماز عشاء شروع کریں۔ اکتالیس روز کے چلہ کرنے سے آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ دوران عمل مکمل جلالی جمالی پرہیز کریں اور روزہ سے رہیں۔ روزانہ اپنے قریب لوبان کا بخور جلائیں۔ اگر کسی سحر زدہ مریض پر کیئے گئے جادو کی اشیاء کو منگوانا ہو تو ایک ٹوکرا الٹا رکھ کر اس پر سرخ رنگ کا کپڑا ڈال دیں مریض کو غسل دھو کرا کر اس کے اوپر بٹھا دیں اور خود مریض کے سامنے قبلہ رخ ہو کر بیٹھ کر سورۃ یٰسین پڑھنا شروع کریں۔ اپنے دائیں ہاتھ لوبان کی خوشبو بھی جلاتے رہیں۔ اکیس مرتبہ پڑھنے سے جادو کی اشیاء ٹوکرے کے نیچے آ جائیں گی۔ اگر دکان یا مکان کے بارے میں کرنا ہو تو اس دکان یا مکان میں اسی طرح ٹوکرا الٹا کر یہ عمل کریں۔ تو دکان یا مکان پر کیئے گئے جادو کا سامان حاضر ہو جائے گا ان اشیاء پر درود ابراہیمی اکیس بار پڑھ کر دم کر کے ان کو چلتے پانی میں بہا دیں۔ عامل جب بھی یہ عمل پڑھے تو وہ لکڑی کی چار بازوؤں والی چوکی بیٹھ کر عمل کرے۔ ورنہ عمل کا اثر نہ ہو گا۔

کھیت کی حفاظت کیلئے

اگر کھیت کو چوہے گیدڑ یا سور وغیرہ نقصان پہنچاتے ہوں۔ تو اس آیت کو سفید کاغذ پر لکھ کر کچے برتن میں رکھ کر کھیت میں دفن کر دیں۔ یاد رہے آیت کے نیچے اس جانور کا نام بھی لکھ دیں جو نقصان کرتے ہوں۔

صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ۔

پچھتے سے شہد حاصل کرنے کا عمل

ان کلماتِ مبارکہ کو چھیاسٹھ ہزار بار پڑھ لیں آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ جب بھی کسی چھتے سے شہد حاصل کرنا ہو تو ان کلمات مبارکہ کو چھیاسٹھ بار پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ پر اور چھتے کی طرف دم کریں۔ اس کے بعد ہاتھ سے تمام مکھیوں کو ہٹا کر شہد حاصل کر لیں۔ انشاء اللہ مکھیاں کوئی نقصان نہ کر سکیں گی۔ یہ عمل جتنے دنوں میں چاہیں کریں لیکن وقت اور تعداد مقرر کر لیں اور اس کی پابندی تا عمل جاری رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

واپسی مفرور

مفرور کی واپسی کے لیے اس نقش کو لکھ کر چکی کے پتھر کے نیچے رکھیں۔ مفرور جلد واپس آئے گا۔ اس کی واپسی پر اس پتھر کے برابر شرینی منگوا کر اس پر صحابہ کرام اور حضرت ابراہیم ادھم کی فاتحہ دلائیں اور اس کو تقسیم کریں۔



مفرور کی واپسی کیلئے

اگر کوئی مفرور ہو اور اُسے واپس بلانا ہو تو ایک کاغذ پر شیخ فرید شکر گنج لکھ کر کسی پتھر کے نیچے دبا دیں۔ جب مفرور واپس آجائے تو اُس پتھر کے وزن کے برابر شرینی منگوا کر اُس پر حضرت شیخ فریدالدین شکر گنج کی فاتحہ دلائیں۔

برائے رہائی قیدی

اگر کسی پر ناجائز جرم بنا کر اگر اُسے قید میں ڈال دیا گیا ہو تو اس نقش کو خالص زعفران سے لکھ کر قیدی کے دائیں بازو کے ساتھ باندھ دیں اور قیدی چلتا پھرتا درود شریف کثرت سے پڑھتا رہے۔ بفضل خدا قید سے جلد رہائی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

د	م	ح	م
٩٢	٩٢	٩٢	٩٢
٩٢	٩٢	٩٢	٩٢
٩٢	٩٢	٩٢	٩٢

مادہ جانور آسمانی سے بچہ جنے

مجربات دیربی میں کہ حضرت یونس بن عبید رحمۃ اللہ علیہ سے

ہے کہ اگر کوئی عورت دردِ زہ میں مبتلا ہو یا کوئی مادہ جانور بچہ جننے میں دشواری محسوس کرتا ہو تو کوئی شخص ان کے قریب یہ دُعا پڑھ دے اللہ تعالیٰ ان دونوں پر وضع حمل آسان فرما دیں گے دُعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ عُدَّتِیْ عِنْدَ کُرْبَتِیْ وَاَنْتَ عُمْدَتِیْ عِنْدَ شِدَّتِیْ وَاَنْتَ صَاحِبِیْ عِنْدَ بَلِیَّتِیْ وَاَنْتَ مُنْقِذِیْ عِنْدَ وَحْلَتِیْ وَاَنْتَ وَلِیُّ نِعْمَتِیْ عِنْدَ فَرْحَتِیْ۔

مادہ جانوروں کے آسانی سے بچہ پیدا ہونے کیلئے

مجربات دیربی میں ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت یحییٰ علیہ السلام ایک صحرا سے گزر رہے تھے۔ انہوں نے دیکھا کہ ایک صحرائی وحشی جانور بچہ جننے کی تکلیف میں مبتلا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حضرت یحییٰ علیہ السلام سے کہا آپ یہ کلمات پڑھیں۔ جب انہوں نے یہ کلمات پڑھے جانور کے بچہ پیدا ہو گیا۔ حضرت حماد ابن زید کہتے ہیں کہ اگر کوئی عورت دردِ زہ میں ... کلمات کو پڑھنے سے آسانی سے جلد بچہ پیدا ہوتا ہے اگر کسی ... بچہ جننا دشوار ہو تو یہ کلمات پڑھیں اُس کے آسانی سے جلد بچہ پیدا ... طرح جس مادہ جانور کو بچہ جننے میں دشواری ہو تو یہ کلمات پڑھیں انشاء اللہ آسانی سے بچہ پیدا ہو گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

حَنَّۃُ وَلَدَتْ مَرْیَمَ وَمَرْیَمُ وَلَدَتْ عِیْسٰی اُخْرُجْ ... مَوْلُوْدٌ بِقُدْرَۃِ الْمَلِکِ الْمَعْبُوْدِ۔

عجیب الخلقت بچے پیدا نہ ہوں

اگر کسی عورت کو عجیب الخلقت بچے پیدا ہوتے ہوں تو دورانِ حمل روزانہ اکتالیس بار سورہ فاتحہ پانی پر دم کر کے پلاتے رہیں۔ اوّل آخر پانچ پانچ بار درود شریف ضرور پڑھیں اور سات عدد سبز رنگ کے دھاگے لیں اور اُن کو اکتالیس گرہ دیں ہر ایک گرہ پر درود تاج شریف سات بار پڑھ کر دم کریں۔ اس گنڈے کو عورت کی کمر میں باندھ دیں۔ بچے کی پیدائش پر یہ گنڈہ بچے کے گلے میں باندھ دیں اور میلاد شریف کرائیں اور شرینی تقسیم کریں۔

جانوروں کا بستہ دودھ کھولنے کیلئے

اگر کسی نے سفلی عمل سے گائے بھینس بکری وغیرہ کا دودھ باندھ دیا ہو تو اس عمل کے ذریعے سے بستہ دودھ کھولا جا سکتا ہے۔ نہایت کا اگر عمل ہے۔ نظر بھی اسی عمل سے کھولا جا سکتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ داتا موز خضر دا نور نبی دا قوت علی دی۔

شریر گھوڑے کو رام کرنے کیلئے

شریر گھوڑے کو رام کرنے کیلئے اس نقش کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھ کر تین دن لگاتار پانی میں گھول کر گھوڑے کو پلائیں۔ بفضل خدا گھوڑا شرارت چھوڑ دے گا۔

۷۸۶

ع	ر	ل
و	ح	د
ع	ھ	خ

جانوروں کا منہ آنا

اس مرض کی وجہ سے جانور کھانا پینا چھوڑ دیتے ہیں اور دودھ والے جانوروں کا دودھ سوکھ جاتا ہے۔ جس جانور کو یہ مرض ہوگیا ہو تو اس کے دونوں کانوں میں اکیس اکیس بار یہ کلمات پڑھ کر مغرب اور عشاء کے درمیان دم کریں۔ بفضل خدا مرض دور ہوگا۔ اگر ان کلمات کو راکھ پر اکتالیس بار پڑھ کر دم کر کے تندرست جانور کے جسم پر اس راکھ کو ڈھوڑ دیں تو وہ جانور بفضل خدا اس مرض سے محفوظ رہتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُہُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمِ۔

کھیت سے چوہے بھگانے کیلئے

کھیت سے چوہے بھگانے کیلئے ان اسماء کو کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے بانس کے ساتھ باندھ کر اس کو کھیت کے چاروں طرف پھرا کر کھیت میں کھڑا کر دیں۔ بفضل خدا کھیت سے چوہے بھاگ جائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
الٰہی بحرمتہ بایزید عثمانی
از شر موشہا نگہدار
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شکار زیادہ جال میں آئے

اس نقش کو زعفران سے سبز کاغذ پر لکھ کر ہر روز پانی میں بہادیا کرے چالیس روز تک اس طرح عمل جاری رکھے اکتالیسویں دن ایک نقش لکھ کر اسے موم جامہ کر محفوظ رکھ لے جب بھی شکار کے لیئے جال لگائیں اس نقش کو جال کے ساتھ باندھ دیں۔ شکار کثرت سے جال میں پھنسے گا۔

۷۸۶



شکار کے دوران مچھلی زیادہ ہاتھ لگے

اس عمل سے مچھلی بے تحاشہ ہاتھ آتی ہے۔ اس عمل کا عامل ہونے کے لیئے چالیس

روز تک عمل کریں۔ عمل خلوت میں روزانہ مقررہ جگہ اور مقررہ وقت پر کریں۔ دوران عمل جلالی جمالی پرہیز کریں۔ عمل جیٹھی جمعرات سے شروع کریں اور روزانہ اس باموکل سورۂ اخلاص کو گیارہ سو گیارہ بار پڑھا کریں اور اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ عمل پورا ہونے کے بعد روزانہ وقت مقررہ پر ایک سو گیارہ بار روزانہ پڑھتے رہیں۔ عمل جاری رہے گا۔ جب بھی مچھلی کے شکار کے لیئے جال یا کانٹا پانی میں پھینکیں تو گیارہ بار اس باموکل سورۂ اخلاص کو پڑھ کر دم کر کے پانی میں پھینکیں اور اس کے بعد اس عمل کو منہ میں پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مچھلی کثرت سے ہاتھ آئے گی اور کوئی بھی وار خالی نہیں جائے گی اور جلد سے جلد مچھلیاں قابو آتی رہیں گے۔ مجرب عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ بِحُرْمَةِ جِبْرَائِيْلَ اَللّٰهُ الصَّمَدُ بِحُرْمَةِ اِسْرَافِيْلَ لَمْ يَلِدْ بِحُرْمَةِ مِيْكَائِيْلَ وَلَمْ يُوْلَدْ بِحُرْمَةِ عِزْرَائِيْلَ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ بِحُرْمَةِ دَرْدَائِيْلَ مِهْرَائِيْلَ۔

جانور کی نظر بد دیکھنے کیلئے

اگر یہ دیکھنا ہو کہ جانور بھینس، گائے، بکری، گھوڑے وغیرہ کو نظر بد ہے یا نہیں۔ تو اس طرح کریں کہ جانور کے چاروں پاؤں کی مٹی لے کر یا کسی پرانے کپڑے کو جو جانور کے جسم پر پھیر گیا ہوئے کر اس پر کلمات کو انیس بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس مٹی یا کپڑے کو آگ میں پھینکیں۔ اگر اس کے جلنے پر گوشت جلنے کی سی بو آئے تو نظر بد ہے اگر عام بو ہو تو نظر نہیں۔ اگر اس عمل کا سوا لاکھ کا چلہ کر لیا جائے تو کپڑہ یا مٹی سونگھ کر بھی نظر بد کا پتہ چلایا جا سکتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا وَّاَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ سَهْلًا

جانور نظر بد سے محفوظ رہے

اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھ کر جانور کے گلے میں ڈال دیں۔ یاد رہے اس نقش کو لکڑی میں ڈال کر جانور کے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۱۵۲۷۳	۱۵۳۸۷	۱۵۲۸۴	۱۵۲۸۱
۱۵۲۸۵	۱۵۲۸۰	۱۵۲۷۴	۱۵۳۸۶
۱۵۲۷۹	۱۵۳۸۲	۱۵۲۸۹	۱۵۲۷۵
۱۵۳۸۸	۱۵۳۷۶	۱۵۲۷۸	۱۵۲۸۲

جانور نظر بد سے محفوظ رہے

اس نقش کو پاک چمڑے پر لکھ کر اس کو لکڑے کے اندر رکھ کر جانور کے گلے میں ڈال دیں۔ جانور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔



کتّے کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو کتا کاٹ جائے تو اس افسوں کو پڑھ کر تین بار پانی پر دم کریں اور اس پانی کو پیئیں۔ بفضل خدا شفا ہو گی۔

کالی ناگن چھپ کے الانس کو کھاوے۔
کارے کتے اور سیاہ کا مرے پانی جائے۔

بچھو کا زہر دُور کرنے کا عمل

اگر کسی کو بچھو کاٹ جائے تو ان کلمات کو سات بار پڑھ کر جھاڑیں۔ بفضل خدا زہر دُور ہو گا۔ عمل یہ ہے۔

کھیر کی پتی مونچھ کے بان اور ترے بچھو
تجھے خواجہ معین الدین چشتی کی آن

دفع زہر بچھو

مجربات دیربی میں ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری روایت کرتے ہیں کہ ابو مذکر نامی ایک آدمی بچھو کا افسون جانتا تھا۔ اس وجہ سے لوگ اُس سے بہت لوگ کو فائدہ ہوتا تھا۔ ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے پُوچھا کہ اے ابو مذکر وہ افسون کون سا ہے۔ ہمیں بتاؤ۔ ابو مذکر نے کہا شجینۃ دوبار قرنیۃ دوبار ملحۃ بحر تفقطار یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس افسون میں کوئی اندیشہ نہیں کیونکہ یہ وہ عہد و میثاق ہے جو حضرت نوح علیہ السلام نے تمام موذی زہریلے جانوروں پر قرار دیا

تھا۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ افسوں اس طرح اس آیت کے ساتھ پڑھنا چاہیئے۔

شجینۃ دوبار قرنیۃ دوبار ملحۃ بحر تفقطار سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ۔

دفع زہر کثر دم

اس منتر کو کاٹے کی جگہ پر گیارہ بار پڑھ کر دم کریں اس طرح گیارہ بار دم کریں۔ بفضل خدا زہر دُور ہو گا۔ منتر یہ ہے۔

ڈھسر کا ہار کو کر کا ڈمر کے پہنچے امر بکھو میرے کہنے اور ترا چنڈال دو چنڈال جھاڑ دل ذال۔

منتر دفع زہر کثر دم

مٹی کے پیالے میں پانی لے کر اس منتر کو تین بار پڑھ کر دم کر کے کثر دم زدہ کو پلا دیں یا جو خبر لے کر آیا ہوا اُسے پلا دیں۔ بفضل خدا زہر دُور ہو گا۔ منتر یہ ہے۔

مگر ا مکر کھائیں مگر ہی مر جائیں ان کالو کا پانی پلا ہوں فلانے کا مکرا تیرا اُتر جائیں۔

سانپ کے دم کا بے نظیر کڑا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اول نام اللہ دا دوجا نام رسول تیجا ناں چوں یاراں دا چوتھا پیر اُستاد دا آیت قرآن دی قول نبی فَاتِحَۃُ الْکِتَابِ شِفَاءٌ لِکُلِّ دَاءٍ کڑا ہے اسی الحمد کا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ۔ الرَّحْمٰنِ

الرَّحِیْمِ ۙ یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ یَا عَلِیْمُ۔ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ یَا عَلِیُّ
یَا حَفِیْظُ یَا کَرِیْمُ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ؕ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا
وَکِیْلُ۔ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ یَا رَءُوْفُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
یَا عَفُوُّ۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ یَا نَافِعُ یَا نُوْرُ یَا بَدِیْعُ۔
غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ہ اٰمِیْنَ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا
صَمَدُ کرڑا چلے کھڑے ناگ تے کالے تے کڑکول تے زردے زردول
تے اڑن کنڈن تے کورتے کنڈتے تیلے تے تویلے تے کبرے تے ٹھبرے
تے گوراٹیاں تے ہروائیاں تے کھپرے تے ڈھپرے تے دوڑھیئے تے جوڑیئے
تے سنگ چوڑیئے تے رنگ بوائیے دس کیتی مار و مار سی فرمان اللہ دا آیت
قرآن دی وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ
پڑھ کے دس آتاری یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا وَافِیُ کرڑا کراں ترے نام دا دس مول
نہ چڑھے یَا دَیَّانُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ دس جھڑے دس اُتاں مول نہ چڑھے وکا
کوں کٹی شے جھاڑے کلمہ پاک لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ
علیہ وسلم حق اَللّٰہُ الصَّمَدُ توڑدوں زنجیر معاف کردتکبیر عرضاں کردا ہیں عاجز فقیر
یَا رَبِّ جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل کرڑا ہی ساجی تیری یا
پیر دستگیر کم ہوئے سو جو اللہ محمد آپ کرے۔

سانپ کے دم کا بے نظیر کرڑا

اس کرڑے کو عمل میں لانے کیلئے اکتالیس روز چلہ کریں۔ عمل جیٹھ جمعرات کو شروع کریں ہر روز اس کرڑے کو چھیاسٹھ بار پڑھیں عمل کے آخری روز سوا سیر سوجی کے حلوے کی کڑاہی پر فاتحہ دے کر تقسیم کریں۔ عمل پورا کرنے کے

بعد ہمیشہ اس کرڑے کو وقت مقررہ پر بارہ بار پڑھ لیا کریں عمل جاری رہے گا۔
زہر اتارنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس جگہ سانپ نے ڈسا ہو تو اس جگہ کو لکڑی یا چھری
سے سات بار پڑھ کر سات کرڑے مار دیں۔ بفضل خدا زہر دُور ہوا گا۔ اسی طرح
ہر طرح کا زہر اس کرڑے سے اتارا جا سکتا ہے۔ اگر مریض عامل کے پاس نہ پہنچ
سکے تو جو شخص پیغام لے کر آیا ہوا اُس ہی کو دم کر کے کرڑا کر دیں مار گزیدہ کا زہر
دُور ہو گا۔ اس کرڑے سے جانوروں کی زہر اتاری جاتی ہے۔ کرڑا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
اول نام اللہ دا

جادُو کے مقام کا پتہ چلانا

اس عمل کو ہر روز رات کو عشاء کے بعد پانچ سو پانچ بار پڑھ کر کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں گیارہ روز تک اس عمل کو کریں۔ عمل کے اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔ عمل کے آخری رات کو خواب میں وہ جگہ دکھا دی جائے گی جہاں جادُو کر کے دبایا گیا ہے۔ اس جگہ کا پتہ چل جانے کے بعد اس عمل کو گیارہ بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اُس جگہ کو اکھاڑیں۔ جادو کی گئی چیزوں کو نکال کر چلتے پانی میں بہا دیں۔ جادو کا اثر ختم ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا اِلٰہَ اِلَّا لِھَۃِ
الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ

جادو کرنے والے عامل کا پتہ چلانا

اگر کسی نے کسی پر جادو کیا ہو اور جادو کرنے والے عامل کا پتہ چلانا ہو۔ تو اس عمل کو بروز جمعرات شروع کریں ہر روز بعد از عشاء اس عمل کو گیارہ سو بار پڑھ کر کسی سے بات کیے بغیر سو جائیں۔ عمل کے اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ اسی طرح اس عمل کو گیارہ روز تک کریں۔ عمل کے آخری دن رات کو خواب میں عامل کی صورت دکھادی جائے گی اور اس کی جائے رہائش کے متعلق بھی خبر ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ

جادو کروانے والے کا پتہ چلانا

اگر جادو کروانے والے کا پتہ چلانا ہو تو اس عمل چالیس روز تک کریں۔ عمل اس طرح کریں کہ روزانہ بعد از نماز عشاء پہلے دو نفل پڑھیں ہر رکعت میں پندرہ بار سورہ اخلاص پڑھیں اور ایک بار آیت الکرسی پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد اسی حالت میں بیٹھے ہوئے اس عمل کو اکتالیس بار پڑھیں۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ اور وہیں سو رہیں۔ دوران عمل خواب میں جادو کروانے والے کے متعلق انشاء اللہ تعالیٰ آگاہی ہو جائے گی۔ اگر دوران عمل مقصد پورا ہو جائے تو عمل کو ترک کر دیں خواہ ایک ہی دن پڑھا ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا عَلِيْمُ تَعَلَّمْتَ بِالْعِلْمِ وَالْعِلْمُ فِيْ عِلْمِ عِلْمِكَ يَا عَلِيْمُ۔

گھر یا دکان پر کیے گئے جادو کا پتہ چلانا

اگر گھر یا دکان پر کسی مخالف نے سفلی جادو کیا ہو اور اس جادو کا پتہ چلانا ہو تو گھر یا دکان کے فرش کی مٹی لے کر اس عمل کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس عمل کے دوران مٹی اپنے سامنے رکھیں۔ بعد مٹی کو سونگھیں اگر مٹی سے متعفن بو آئے تو اس سے ظاہر ہے کہ اس جگہ پر جہاں کی مٹی ہے جادو کیا گیا ہے۔ اس کا علاج کریں اگر بو نہ ہو تو کوئی جادو نہیں۔ اگر فرش ہوں اور مٹی نہ مل سکے تو کسی کھیت سے مٹی لا کر فرش پر ایک دن رات متاثرہ کمرے کے فرش پر رکھیں اور اس پر عمل کریں۔ اس عمل کا عامل ہونے کے لیے ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ اس عمل کی چالیس دنوں میں زکوٰۃ ادا کر لیں۔ عمل ہر روز وقت مقررہ پر رات کو کریں۔ اور اوّل آخر سات بار درود شریف پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔

سفلی جادو کا اثر دور کرنا

اگر کسی پر سفلی جادو کا اثر ہو تو قصیدہ بردہ شریف کے اس بابرکت نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر سحر زدہ کو صبح شام پانی بفضل خدا گیارہ روز کے اندر اندر سحر کا اثر مکمل طور پر دور ہو جائے گا۔

۷۸۶

۱۴۳۳۳۲	۱۴۲۴۲۶	۱۴۳۴۴۶
۱۴۳۴۴۰	۱۴۳۳۳۰	۱۴۳۴۲۲
۱۴۳۴۲۸	۱۴۳۴۲۱	۱۴۳۴۲۵
۱۴۳۴۲۸	۱۴۲۲۲۱	۱۴۳۸۲۵

کالے جادو کا اثر دور کرنا

اگر کسی دشمن نے کسی پر کالا جادو کر دیا ہو تو اس عمل کو اس طرح کریں کہ چاندی کی تختی پر ایک طرف پہلا اور دوسری طرف دوسرا نقش لکھیں۔ چاندی کی اس تختی کو روزانہ صبح پانی میں دھو کر وہ پانی سحر زدہ کو پلائیں اور روزانہ غسل کے پانی میں اس تختی کو دھو کر اس پانی سے غسل کریں۔ بفضل خدا چند دنوں میں مکمل طور پر سحر دور ہوگا۔ سورہ جن اور سورہ مزمل کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

۷۸۶

۱۱	۲	۸	۷
۳	۳	۳	۶
۱۸	۱۸	۸	۸
۴	۴	۲۲	۲۲

برائے حفاظت وعزت

قرآنی حروف مقطعات کے اس نقش کو ماہ رجب کی پہلی جمعرات کو صبح سورج نکلنے سے لے کر ایک گھنٹے کے اندر اندر تیار کیا جاتا ہے۔ وقت مذکورہ پر اس نقش کو چاندی کی انگشتری پر کندہ کریں اور اس پر آگے لکھی ہوئی دعا کو ۴۹ مرتبہ پڑھ کر دم کرکے دائیں ہاتھ میں پہن لیں۔ اس دعا کو روزانہ اسی طرح اس پر دم کرتے رہا کریں۔ ہر قسم کی آفات و بلیات سے حفاظت رہے گی اور لوگوں میں عزت و وقار بڑھے گا۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِيطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا
حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ؕ

نقش یہ ہے۔

	س ر	۷۸۶	ح ا	
و	۲۳۲	۲۲۷	۲۲۴	ہ
ط	۲۳۳	۲۲۱	۲۲۹	ھ
ل	۲۲۸	۲۲۵	۲۳۰	ع
	ی ک	م	ص	

دشمن کا دل نرم کرنے کیلئے

اگر دشمن کو مخالفت سے باز رکھنا ہو اور اس کے دل کو نرم کرنا ہو۔ اس لیئے کہ وہ برائی سے باز آئے اور کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائے اس عمل کو سات روز کریں عمل جمعرات کے روز شروع کریں اس عمل کو مقررہ وقت پر روزانہ ایک سو ایک بار پڑھیں دوران عمل دشمن کا تصور رکھیں۔ آخری روز دشمن کے دائیں پیر کی مٹی لے کر اس پر اس عمل کو سات بار پڑھ کر دم کریں اور مٹی کو آگ میں پھینک دیں۔ بفضل خدا دشمن مہربان ہوگا اور

مخالفت سے باز آئے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

یَارَحِیۡمُ رحم کر یَاکَرِیۡمُ کرم کر دشمن کا دل نرم کر۔

دشمن جھگڑے سے باز آئے

اگر کوئی دشمن کسی نہ کسی بہانے جھگڑے کی کوشش میں ہر وقت رہتا ہو تو اس نقش کو سبز کپڑے پر لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو کے ساتھ باندھ لیں۔ بفضلِ خدا دشمن اپنے فعل بد سے باز آئے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط



ظالم کو بیمار کرنا

اگر کوئی ظالم اپنے ظلم سے باز نہ آتا ہو۔ تو یہ عمل منگل کے روز شروع

کریں۔ نصف رات کو اٹھ کر تازہ وضو کریں پھر دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد اکیس مرتبہ سُورۂ اخلاص پڑھیں سلام پھیرنے کے بعد اسی حالت میں دشمن کی بیماری کا تصور کر کے سُورۂ الم ترکیف اکیس مرتبہ پڑھیں۔ اسی طرح تین مرتبہ یہ عمل کریں۔ اس طرح چند دن کرنے سے دشمن بیمار ہوگا اور اپنے انجام کو پہنچے گا۔ ناجائز کسی پر ظلم نہ کریں۔

اعداء سے حفاظت کا عمل

دشمنوں کے شر اور حملے سے محفوظ رہنے کے لیئے روزانہ رات کو بعد از عشاء اس باموکل سورۂ فیل کو ایک سو ایک بار پڑھا کریں۔ عمل کھڑے ہو کر اور ننگے سر کریں۔ عمل پورا پڑھ لینے کے بعد سجدے میں سر رکھ کر عجز و انکسار سے دُعا مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اپنی شرارتوں سے باز آئیں گے اور ذلیل و خوار ہوں گے۔

اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ فَعَلَ رَبُّکَ یَاجِبۡرَائِیۡلُ بِاَصۡحٰبِ الۡفِیۡلِ یَامِیۡکَائِیۡلُ اَلَمۡ یَجۡعَلۡ کَیۡدَھُمۡ فِیۡ تَضۡلِیۡلٍ یَامِیۡکَائِیۡلُ وَّاَرۡسَلَ عَلَیۡھِمۡ طَیۡرًا اَبَابِیۡلَ یَا تَرۡمِیۡھِمۡ بِحِجَارَۃٍ یَا اَمۡوَاکِیۡلُ مِّنۡ سِجِّیۡلٍ فَجَعَلَھُمۡ کَعَصۡفٍ مَّاۡکُوۡلٍ یَا تُوۡمَائِیۡلُ۔

قتل سے حفاظت کیلئے

اگر کسی کو اپنے قتل کیئے جانے کا خوف ہو تو وہ اس نقش کو زعفرانی سیاہی سے لکھ کر اپنے گلے میں لٹکالے بفضلِ خدا اُس کے دشمن اس پر حاوی

ہوں گے اور قتل سے باز رہیں گے۔

میکائیل ۷۸۶ جبرائیل

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

اسرافیل ک ک ھ ھ ی ی ع ع ع ص ص ص عزرائیل

برائے زبان بندی

اگر کسی کی زبان بندی کرنا ہو تو اُس کا پہنا ہوا کپڑا لے کر اس پر اس نقش کو لکھ کر اُس کے گھر میں دفن کر دیں۔ اُس کی زبان بندی ہو جائے گی۔



فلاں بن فلاں

دشمن کی خرابی اور تباہی کیلئے

اگر کسی دشمن کی خرابی اور تباہی منظور ہو تو ایک عدد کچی اینٹ لے کر اس پر

سورۂ تبت یدا چاقو سے لکھ دیں۔ اس کے نیچے دشمن اور اُس کی والدہ کا نام لکھ کر آگے تباہ و خراب گردد لکھ دیں۔ اور چار سو چالیس بار اس سورۃ کو پڑھ کر اس پر دم کر کے اس کو کسی کنوئیں میں پھینک دیں۔ یہ عمل بروز اتوار کریں۔ دشمن ذلیل خوار اور برباد ہوگا۔ ناجائز کسی پر ظلم نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کے قہر سے ڈریں۔

دشمن کو سخت بیمار کرنا

بکرے کا دل لیں اور چالیس عدد سوئیاں یا کانٹے لے کر ہر ایک پر ایک بار سورۂ تبت پڑھ کر دم کریں۔ ہر بار سورۃ کے آخر میں دشمن اور اُس کی والدہ کا نام لیں۔ اس کے بعد ان سوئیوں یا کانٹوں کو دشمن کے دل کا تصور کر کے بکرے کے دل میں چبھو دیں پھر اس دل کو سفید کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دفن کر دیں۔ یہ عمل اتوار کو دوپہر کے وقت کریں۔ دشمن سخت بیمار ہوگا ناجائز کسی پر ظلم نہ کریں۔ خوف خدا سے ڈریں۔

برائے مقہوری اعداء

مقہوری اعداء کے لیے اس نقش کو کوری ٹھیکری پر کالی سیاہی سے لکھ کر نیچے دشمن اور اُس کی والدہ کا نام لکھ کر۔ اس کو قبرستان میں دفن کر دیں۔ اس عمل کو بروز اتوار کریں۔ دشمن ذلیل خوار ہوگا اور اُس کے شہر سے نجات ملے گا۔

کریں۔ بعد از نماز عشاء قبرستان میں جاکر قبلہ رُخ دو زانو بیٹھ کر دشمن کا پتلا اپنے سامنے رکھیں اس کے بعد اس باموکل سورۃ فیل کو ایک سو چھبیس بار پڑھیں۔ ہر اکیس بار پڑھ لینے کے بعد اس طرح کہیں کہ فلاں بن فلاں ہلاک ہو پھر پتلے پر دم کریں۔ اسی طرح چالیس روز عمل کو دہرائیں پتلے کو اپنے ساتھ نہ لائیں۔ بلکہ قبرستان میں کہیں محفوظ کر کے رکھا کریں۔ آخری روز عمل پورا ہونے کے بعد اس پتلے کو سفید کفن دیں اور اس پر نماز جنازہ پڑھ کر اس کو قبرستان میں دفن کر دیں۔ دشمن ہلاک ہو گا۔ خدا کے خوف سے ڈریں ناجائز کسی پر ظلم نہ کریں۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ يَا بُدُّوحُ يَا جِبْرَائِيلُ فَعَلَ رَبُّكَ يَا مَنَّانُ يَا دَرْدَيَائِيلُ بِأَصْحٰبِ الْفِيْلِ يَا حَيُّ يَا تَنْكَفِيلُ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ يَا عَلِيُّ يَا نُومَائِيلُ فِيْ تَضْلِيْلٍ يَا ثَابِتُ يَا مِيكَائِيلُ وَاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ يَا اَعْظَمُ يَا اِسْرَائِيلُ طَيْرًا اَبَابِيْلَ يَا فَتَّاحُ يَا سَرْحمَائِيلُ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ يَا رَبُّ يَا اَمْوَائِيلُ مِّنْ سِجِّيْلٍ يَا قَاهِرُ يَا عَطْرَائِيلُ فَجَعَلَهُمْ يَا تَوَّابُ يَا عَزْرَائِيلُ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ يَا خَالِقُ يَا مِيكَائِيلُ۔

مخالف سے حق حاصل کرنا

اگر کسی نے کسی سے اپنی کوئی چیز یا روپیہ وغیرہ واپس لینا ہو اور وہ واپس نہ کرتا ہو تو اس کا تصور کر کے ان کلمات کو ہر روز بعد از نماز عشاء تین سو تیرہ بار پڑھیں انشاء اللہ اکیس روز کے اندر اندر مخالف آپ کا حق آپ کو واپس کرے گا۔

يَا جَبَّارُ يَا قَاهِرُ يَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ خُذْ حَقِّيْ مِمَّنْ ظَلَمَنِيْ وَتَعَدّٰى عَلَيَّ۔

گمراہ فرقوں کی شکست کیلئے

اگر کوئی گمراہ فرقہ نئے نئے فتنے کھڑے کرے اور اپنی چالبازیوں سے باز نہ آئے۔ اور گمراہی کو پھیلائے اور طرح طرح سے تنگ کرے تو ان کو شکست دینے کے لئے اور ان کا زور توڑنے کے لئے یہ عمل اس طرح کریں کہ رات کو کسی علیحدہ جگہ اس جگہ اس عمل کو تین سو تیرہ بار پڑھیں۔ بفضل خدا چند دنوں میں مخالفوں کا زور ٹوٹ جائے گا اور ہر میدان میں ان کو شکست کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اور ذلیل خوار ہوں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

دم توڑ کفر دا دمر رگڑا دم لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اے محمد پاک رسول اللہ۔

شناخت جنات کا عمل

اس عمل کا عامل ہونے کے لئے چالیس روز تک سورۃ جن کو وقت مقررہ پر اکتالیس بار روزانہ باوضو پڑھیں۔ عمل پورا ہونے کے بعد روزانہ سات بار ہمیشہ پڑھتے رہیں عمل جاری رہے گا۔ جب بھی کسی آسیب زدہ مریض کے بارے میں شک نکالنا ہو تو مریض کو اپنے سامنے دو زانو بٹھالیں اور اس کے دونوں ہاتھ اپنے سامنے سفید کاغذ پر رکھوالیں۔ اور اس کو حکم دیں کہ ہاتھوں پر دباؤ ڈال کر رکھے۔ خود سورۃ جن کو سات بار پڑھیں اگر دونوں ہاتھوں کے کاغذ پر واضح لہو کے رنگ نشان بن جائیں تو سمجھ کہ مریض جن گرفتہ ہے۔

جنّات کی حاضرات کیلئے حصار

درود شریف گیارہ بار الحمد شریف سات بار آیۃ الکرسی اور چاروں قُل گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے گرد انگلی یا چھری پر دم کرکے حصار کریں بفضل خدا کوئی جنات بھوت پریت نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

جنات کی حاضرات کا عمل

سورۂ مزمل شریف کے اس نقش کو عمل میں لانے کے لیے اکتالیس دن اس کا عمل کریں عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ شروع چاند کے پہلے سوموار کو عمل شروع کریں۔ ہر روز مقررہ جگہ مقررہ وقت پر سورۂ مزمل شریف کو ایک سو بارہ بار پڑھیں آخری دن عمل ختم ہونے پر اس کے نقش کو دو عدد سبز کاغذوں پر لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے پاس محفوظ کرکے رکھ لیں۔ دوران عمل روزانہ اپنے پاس خوشبو جلاتے رہیں اور عمل کے اول آخر درود شریف طاق بار پڑھتے رہیں۔ عمل پورا ہونے کے بعد روزانہ اس سورۂ شریف کو بارہ مرتبہ پڑھتے رہیں عمل جاری رہے گا۔ جب بھی کبھی ضرورت ہو تو جن گرفتہ کو وضو کرا کر اس کے دونوں ہاتھوں میں ایک ایک تعویذ پکڑا دیں۔ اور آپ سورۂ مزمل شریف پڑھنا شروع کر دیں۔ جن حاضر ہوگا۔

۲۱ ۰	۲۱۱۴۳	۲۱۱۴۶	۲۱۱۳۴
۲۱۱۴۵	۲۱۱۳۴	۲۱۱۳۹	۲۱۱۴۴
۲۱۱۳۵	۲۱۱۴۸	۲۱۱۴۱	۲۱۱۳۸
۲۱۱۴۲	۲۱۱۳۷	۲۱۱۳۶	۲۱۱۴۷

مسلط ہمزاد کی حاضرات کا عمل

اگر کسی پر کوئی ہمزاد مسلط ہو اور کسی طرح پیچھا نہ چھوڑتا ہو یا عامل کے آنے پر وقتی طور پر ادھر ادھر ہو جاتا ہو تو اس عمل سے ہمزاد کو حاضر کیا جا سکتا ہے عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اکتالیس روز تک ہر روز گیارہ تسبیح سورۂ اخلاص کی مقررہ وقت پر پڑھتے رہیں۔ آخری روز عمل ختم ہونے پر سورۂ اخلاص کو پاک صاف کاغذ پر زعفران سے لکھ کر خوشبو لگا کر اس کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں۔ جب بھی ضرورت ہو تو اس تعویذ کو مریض کے سر پر رکھیں اور آہستہ آہستہ سورۂ اخلاص مریض کے سامنے بیٹھ کر پڑھیں ہمزاد حاضر ہوگا۔ اس سے دوبارہ نہ آنے کا وعدہ لیں اگر شریر ہو تو اس کو جلا دیں۔ خیال رکھیں کہ روزانہ عمل پڑھتے وقت دوران عمل زوال کا وقت نہ آئے۔

جنات کو تابع کرنے کا عمل

جنات کو تابع کرنے کا یہ عمل کسی علیحدہ کمرے میں کیا جاتا ہے۔ عمل اکتالیس روز کریں۔ روزانہ اس عمل کو سات سو سات بار پڑھیں۔ دوران عمل باوضو رہیے۔ جلالی جمالی پرہیز کریں۔ پاکیزہ کپڑے پہنیں۔ عمل ہمیشہ مقررہ وقت پر کریں اور بیٹھے منگل کو شروع حصار مار کر بیٹھیں حصار کے اندر پانی ایک لوٹا ... بھر

رکھیں۔ گوگل کی دھونی جلائیں۔ دوران عمل طرح طرح کے نظارے دیکھنے میں آئیں گے خوف نہ کھائیں اور نہ ہی حصار سے باہر نکلیں۔ جنات حاضر ہوں گے۔ آخری دن اُن سے تابع رہنے کا عہد لیں اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم لیں۔ یاد رہے اُن سے جائز کام لیں ناجائز کام مت لیں۔ ورنہ نقصان ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

حَتّٰی دِیْنُكَ بِفَضْلِكَ وَمَكْرَمِكَ وَاَسْئَلُكَ بِاَنْفُسْنَا بِالْحُسْنَا
بِالْحُسْنَا سَلْحُسْنَا سَلْحُسْنَا مُنْكَسْنَا مُنْكَسْنَا مُنْكَسْنَا سَنَا نَنَا سَنَا نَنَا
سَنَا نَنَا تَنَا نَنَا تَنَا نَنَا تَنَا تَنَا اَعِزَّهُمْ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ
وَالْاِنْسِ بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَيْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ
حاضر شو حاضر شو حاضر شو

جنوں کو تابع کرنے کا عمل

جنات کو تابع کرنے کیلئے اس عمل کو اکتالیس دن میں سوا لکھ بار پڑھیں۔ دوران عمل جلالی جمالی پرہیز رکھیں۔ حصار باندھ کر عمل کریں۔ عمل کسی علیحدہ کمرے میں رات کے وقت کریں اور گوگل کی دھونی جلائیں۔ جانماز اور کپڑے سرخ رنگ کے ان سلے استعمال کریں۔ دوران خوف نہ کھائیں آخری روز عمل پورا کرنے کے بعد تمام جنات سے حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم لیں۔ وہ آپ کے تابع ہو جائیں گے اور آپ کے ہر طرح کے کام کو منٹوں میں بجالائیں گے کسی پر ظلم نہ کرائیں اور غیر شرعی کام نہ کرائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اُحْضُرُوْا يَا اَصْحَابَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَالْجُنُوْدِ

وَالْوَسْوَاسِ مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ وَالْجُنُوْبِ وَالشِّمَالِ
بِحَقِّ خَاتَمِ حَضْرَتْ سُلَيْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِحَقِّ لَا
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

جن کو تابع کرنے کا عمل

جن کو مسخر کرنے کا یہ عمل چالیس روز کا ہے۔ عمل جنگل میں علیحدہ جگہ کریں روزانہ رات کو بعد از نماز عشاء عمل شروع کریں۔ دوران عمل جلالی جمالی پرہیز رکھیں کپڑے ان سلے پہن ہر روز حصار کر کے بیٹھیں۔ اس عمل کو ہر روز پانچ سو پانچ بار پڑھیں عمل کے دوران کئی طرح کے نظارے نظر آئیں گے۔ ڈرنے کی ضرورت نہیں۔ کسی کے بلانے پر بھی بات نہ کریں۔ عمل کے آخری دن عمل پورا کرنے کے بعد جن سے قول و قرار اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم لیں اور تابعدار رہنے کا عہد لیں۔ جن ہمیشہ تابع رہے گا یاد رہے ناجائز کام نہ لیں۔ جن ہمیشہ آپ کا تابعدار رہے گا اور آپ کے حکم کے مطابق حکم بجالائے گا۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

بَهَارٍ بَهَادٍ مَالِكٍ مَالٍ اَلِيْكَ اَمِرْ تَمِيْمِيْ جَسَّنْ بِيْرُكِيْ اَرْمِلِيْنَ
مِيْنَ مِيْنَ وَبِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جنات کو مسخر کرنے کا چلتا عمل

جنات کو مسخر کرنے کا یہ عمل اکتالیس روز کا ہے۔ یہ عمل کسی ایسی مسجد میں

کیجاتا ہے جو قبرستان میں ہو اور ویران ہو عمل ہر روز تقریباً نصف رات کو شروع کریں۔ روزانہ حصار کر کے پڑھیں عمل کو ایک سو اکتالیس بار پڑھیں۔ دوران عمل گوگل کی دھونی جلائیں۔ دل مضبوط رکھیں۔ اور اپنے قریب چراغ جلا کر رکھ لیں۔ کپڑے پاک صاف ہوں۔ عمل روزانہ باوضو کریں۔ عمل کے آخری دن جنات کا بادشاہ اپنے گروہ کے ساتھ حاضر ہوگا۔ اس سے دعا وسلام کے بعد اپنے تابع جنوں کو طلب کریں۔ اس کے سامنے ان سے حضرت سلیمان علیہ السلام قسم لے لیں۔ اس کے بعد جن ہمیشہ آپ کے تابع رہیں گے۔ ان سے برا کام نہ کرائیں ورنہ الٹا نقصان کریں گے عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَصْحَابُ الْاَرْوَاحِ فَتَعُوْنَ جِلِيْكَ اَللّٰهُمَّ صَنْكَا صَنْكَا اَنْسَا اَنْسَا بَلْسَا بَلْسَا مَلْسَا مَلْسَا طَلْسَا طَلْسَا سُوْدَدًا سُوْدَدًا كَهْلَدْ كَهْلَدْ مَهْلَدْ مَهْلَدْ سَهْلَدْ سَهْلَدْ حَاضِرًا حَاضِرًا شَيْخًا شَيْخًا مَدِىْ سَدِىْ بِحَقِّ سُلَيْمَانِ ابْنِ دَاؤُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ حاضر شو حاضر شو۔

جنّوں کو قابو میں کرنے کا عمل

جنّوں کو قابو میں کرنے کا یہ عمل جیٹھی جمعرات کو شروع کریں عمل قبرستان میں زمین کے اندر بیٹھ کر کریں چالیس دن کے بعد جنات ٹولیوں میں آپ کے پاس حاضر آئیں گے آخری روز کا عمل پورا کرنے کے بعد ان سے تابع رہنے کے لئے حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم لیں۔ جنات کو تابع کر کے ان سے غیر شرعی کام نہ لیں ورنہ یہ نقصان پہنچائیں گے۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ مَلَكَانِ سُلْطَانِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ وَالْجُنُوْبِ وَالشِّمَالِ بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَيْمَانِ ابْنِ دَاؤُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔

تسخیر جنات کا عمل

جنات کو مسخر کرنے کے لیئے اس عمل کو چالیس دن کریں ہر روز اس عمل کو ایک ہزار ایک سو چالیس ۱۱۴۰ بار پڑھیں۔ عمل علیحدہ کمرے میں کریں اور گوگل کی دھونی جلائیں۔ کپڑے ان سلے استعمال کریں۔ دوران عمل جلالی جمالی پرہیز کریں۔ دوران عمل باوضو رہیں اور حصار باندھ کر عمل کریں۔ روزانہ غسل کر کے عمل شروع کریں۔ دوران عمل جنات طرح طرح سے تنگ کریں گے۔ آپ عمل جاری رکھیں اور حصار سے باہر مت نکلیں اگر حصار سے باہر نکل گئے تو جنات نقصان پہنچائیں گے۔ اور عمل خراب ہو جائے گا خوف دکھائیں۔ آخری دن ان سے حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم لیں وہ آپ کے تابع ہو جائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ اَجِبْ يَا مُوْمَايِيْلُ يَا عَمَارِيْلُ يَا تَعَارِيْلُ يَا سَائِيْلُ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اُحْضُرُوْا وَالْمُسَخَّرَاتِ اُسْتَادِ الْحَاضِرَاتِ بِحَقِّ كَهُوْشٍ لَسَلِيْقًا هَكَوْشٍ جَرَفُوْشٍ حَرُوْشٍ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاَرْوَاحِ وَالشَّيَاطِيْنِ اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْجُنُوْبِ وَالشِّمَالِ اُحْضُرُوْا يَا فَتَّحْ عَلِىْ حاضر شو بِحَقِّ لَا

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

جنّات کو مسخر کرنے کا بے نظر عمل

یہ عمل تنہائی میں مسجد کے اندر نصف رات کے قریب کیا جاتا ہے چالیس دنوں میں اس عمل کو سوا لاکھ بار پڑھیں۔ عمل روزانہ مقررہ وقت پر ہی پڑھیں دوران عمل خوشبو جلائیں اور حصار کر کے بیٹھیں۔ جلالی جمالی پرہیز رکھیں۔ عمل کے آخر میں تین جن حاضر ہوں گے ان سے مسخر رہنے کے لیے سرکار دو عالم کی قسم لیں۔ جس طرح کے کام کا حکم کریں گے وہ بجالائیں گے غیر شرعی کام ہرگز نہ لیں ورنہ سخت نقصان پہنچائیں گے۔ انہیں رخصت کرتے وقت دوبارہ بلانے کے لیے نشانی مانگ لیں۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا عَبْدَ الصَّمَدُ الرَّحْمٰنُ يَا عَبْدَ الْوَاحِدُ حاضر شو حاضر شو حاضر شو بحق لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

روپے جنّات چوری نہ کر سکیں

اگر گھر یا دکان سے جنات رقم چوری کرتے ہوں۔ یا سفلی عمل سے کوئی بدبخت رقم خورد برد کرتا ہو تو اس نقش کو سفید ریشمی کپڑے پر نئی قلم سے زعفران کی سیاہی سے لکھیں اور اسے عطر سے معطر کر کے موم جامہ کر کے پیسوں میں رکھیں بفضل خدا جنات رقم چوری نہ کر سکیں گے اور نہ ہی کوئی سفلی عمل ان پر کارگر ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم	الله	الرحمٰن	[illegible]
[illegible]	[illegible]	الرحیم	[illegible]
[illegible]	۱سمسمہ	[illegible]	[illegible]
[illegible]	۱ہمہمہ	۱مہ	[illegible]

نقش نوری

مرض سے شفا کے لیے لکھ کر مریض کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالیں۔ کاروبار میں ترقی کے لیے زعفرانی سیاہی سے لکھ کر دکان پر فریم کرا کے لگائیں۔ سحر سے حفاظت کے لیے لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ آسیب زدہ کو لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں مختصر یہ کہ بے شمار کاموں کے لیے یہ نوری نقش مجرب ہے۔



جنّات پتھر پھینکتے ہوں

اگر کسی کے گھر یا دکان میں جنات پتھر پھینکتے ہوں تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر گھر یا دکان میں لگائیں اور دوسرا نقش لکھ کر کسی شہید کی قبر پر دفن کر دیں. بفضل خدا جنات پتھر پھینکنے سے باز آئیں گے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

٢٠٢١٢	٢٠٢٠٧	٢٠٢١٤
٢٠٢١٣	٢٠٢١١	٢٠٢٠٩
٢٠٢٠٨	٢٠٢١٥	٢٠٢١٠

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ



ڈائن سے حفاظت کیلئے

اگر کسی کو ڈائن ڈراتی ہو تو اس نقش کو مع ان موکلات کے سفید کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں پہنیں۔ بفضل خدا ڈائن نہیں ڈرائے گی۔

	۷۸۶	
۳۹۰۹	۳۹۰۴	۳۹۰۱
۳۹۱۰	۳۹۰۸	۳۹۰۶
۳۹۰۵	۳۹۱۲	۳۹۰۷

برائے دفع آسیب وسحر

اس نقش کو بروز جمعہ چاندی کی تختی پر کندہ کرا کر آسیب زدہ یا سحر زدہ کے گلے میں ڈالیں۔ بفضلِ خدا آسیب سحر وغیرہ دُور ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

جبرائیل	م	م	م	م	میکائیل
م	۲۰۲	۲۰۲	۲۰۲	۲۰۲	م
م	۲۰۲	۲۰۲	۲۰۲	۲۰۲	م
م	۲۰۲	۲۰۲	۲۰۲	۲۰۲	م
م	۲۰۲	۲۰۲	۲۰۲	۲۰۲	م
اسرافیل	م	م	م	م	عزرائیل

سلام قولا من رب رحیم

برائے دفع جادو مسان

نمک کی آٹھ کنکریاں لے کر اُس پر اس عمل کو آٹھ بار پڑھ کر دم کریں۔

ان کنکریوں کو مسان جادو یا پانی گذرے ہوئے مریض کے سر پر سے آٹھ بار گذار کر چلتے پانی میں پھینک دیں۔ بفضلِ خدا مسان، جادو اور پانی گذرے کا اثر اس عمل سے دور ہوگا۔ صحت ہونے پر آٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شیر کی کنکر سارکی بان توڑاں گر توڑاں مسان جادو ڈھانواں پانی ڈھانواں۔ ڈھانواں اُس کا سب بان۔ دشمن کی مُنڈی کو لاواں آگ یابدوح تیرے نام کی لاگ۔

برائے دفع مسان جادو جن

اس عمل کو ہر روز وقت مقرر کر کے اکتالیس ہمیشہ بار پڑھتے رہیں۔ عمل جاری رہے گا۔ جس کسی پر جن آتا ہو تو اس عمل کو ایک سو اکتالیس بار پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کریں۔ چند بار کے عمل سے بفضلِ خدا آسیب ہمیشہ کیلئے دور ہو جائے گا۔ مسان کے لیے کالے دھاگے کو اکتالیس گرہ دیں ہر گرہ پر ایک بار پڑھ کر دم کریں۔ دفع جادو کے لیے چلتے پانی کی ایک بوتل بھر کر اُس پر اس عمل کو اکتالیس بار پڑھ کر دم کریں اس دم شدہ پانی کو مریض کو سات دن پلائیں۔ بفضلِ خدا جسم سے جادو کے اثرات دور ہوں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ اَلْحَفِیْظُ اَلشَّافِیْ خضر خواجہ زندہ پیر۔ مدد اون جد پنجے پیر۔ مسان جادو جن ہون اوتھوں تیر۔

جنّات اور شیاطین جلانے کا نقش

یہ نقش حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی سے منقول ہے۔ اگر کسی پر جنات یا شیاطین آتے ہوں اور کسی طرح جانے کا نام نہ لیں تو اس نقش کو لکھ کر اس کے اوپر پاک روئی لپیٹ کر اس کا فلیتہ بنائیں۔ اس فلیتہ کو کورے چراغ میں تلوں کا تیل ڈالا گیا ہو رکھ کر جلائیں۔ آسیب زدہ کو چراغ کے روبرو بٹھائیں۔ بفضلِ خدا آسیب جل جائے گا۔

اللهم احرق الشياطين

۱۳	۳	۲	۱
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

بیماریوں کا رُوحانی علاج

اس کتاب میں بچوں جوانوں مردوں عورتوں اور عمر رسیدہ بوڑھے افراد کی ہر قسم کی تکالیف اور بیماریوں کا علاج بذریعہ آیات قرآنی دیا گیا ہے۔ مختلف بیماریاں جن کا علاج تحریر کیا گیا ہے ان میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

بچوں کی بیماریاں: بخار، چیچک، نظر بد، کان کا درم، آنکھ درد، پیٹ درد، مرگی کا علاج، ہیضہ، تعویذ برائے دفع تے، خونی دست، کالی کھانسی، دانتوں کا نکلنا اور بچے کا رونا وغیرہ

عورتوں کی بیماریاں: پیدائش میں آسانی۔ عورتوں کے مخصوص ایام، دودھ بڑھانے کے لیے پیٹ درد، ناف کا درد، دردِ زہ، اولاد کا نہ ہونا، لڑکا پیدا ہو

دیگر بیماریاں: سکونِ قلب، پاگل پن، بلغم کی زیادتی، دمہ، درد جگر، احتلام کا علاج، بواسیر، خارش، ہیضہ، لکنتِ زبان، داڑھ درد، درد قولنج، خوفِ السر، خفقان، یرقان، امساک کا نقش، نامردی، ذیابیطس وغیرہ

علاوہ ازیں چور کو پکڑنا، دعائے ادائے قرض، آیاتِ شفا برائے حاجات، استخارہ حضرت نظام الدین اولیا، برائے محبت نافرمان اولاد کی اصلاح، نقشِ محبت برائے میاں بیوی، زیارت نبی کریم، حافظہ کو توی کرنا، جن کو حاضر کرنا، ردِ بلا، مقدمہ میں برئیت، قیدی کی رہائی، کھیتوں فصلوں کی حفاظت اسکے علاوہ بیشمار نقش عملیات و تعویذات دیئے گئے ہیں

فائدہ: اس کتاب کے پڑھنے سے ثواب، قلب کو تسکین اور طبیعت کو راحت ملتی ہے

جہانگیر بُک ڈپو، اُردو بازار، لاہور

ہماری چند اسلامی کتب

- صحیح بخاری شریف (مجلد)
- تفسیر ابن کثیر (مجلد)
- تفسیر ابن کثیر (عام کاغذ تین جلد)
- فضائل اعمال (مجلد)
- تحفہ خواتین
- اسوہ رسول اکرم ﷺ
- بہشتی زیور (سفید کاغذ)
- بہشتی زیور (عام کاغذ)
- تعبیر الرویاء (مجلد)
- کشف المحجوب (مجلد)
- قصص الانبیاء (مجلد)
- تذکرۃ الاولیاء (مجلد)
- موت کا منظر
- رسول اللہ ﷺ کے حالات زندگی
- حضرت ابوبکرؓ کے حالات زندگی
- حضرت عمرؓ کے حالات زندگی
- حضرت عثمانؓ کے حالات زندگی
- حضرت علیؓ کے حالات زندگی
- تعلیم الاسلام
- مسلمان خاوند بیوی
- رہنمائے حج و عمرہ
- طب نبوی ﷺ
- طب روحانی
- فلاح دارین

جہانگیر بُک ڈپو

اُردو بازار۔ لاہور۔ فون: 042-7220879
اقبال روڈ، راولپنڈی۔ فون: 051-5552929
بوہڑ گیٹ، ملتان۔ فون: 061-4781781
اُردو بازار، کراچی۔ فون: 021-2765086
نزد یو نیفارم سنٹر جامع مسجد صدر سالہ روڈ۔ حیدرآباد

موکلات

ارواح

تحفہ قلندری یعنی خزانۃ العملیات

روحانی علوم کی دنیا میں تہلکہ مچا دینے والی کتب

چند ایک عملیات مشہور بزرگان دین کے خاص الخاص عملیات، وظائف اور تعویذات حضرت شاہ علی کرم اللہ وجہہ کے مندرجہ اسمائے اصحاب کہف کے عجیب و غریب خواص و فوائد، دعائے کثیر البرکت، مندرجہ شاہ شرف الدین، مقالید السمٰوات والارض، روحانی نماز استخارہ، تسخیر افسران، مطلوب کو طابع کرنا، آسیب، جنات، سحر مسان، شیطان، ارواح خبیثہ، ہمزاد عناصر اربعہ کے سفلی موکلات، ستاروں کے اثرات بد، سحر جادو، ڈائن، ڈاکنی، نظر بد، دیوی، بھوت پریت، دیو کے عمل اور حاضرات کرنا اور علاج کرنا، ان سے محفوظ رہنے کے عملیات، جنوں کے بادشاہ کی حاضرات کا تین روزہ عمل، دشمنوں کے ظلم سے نجات حاصل کرنا، دشمنوں کی تباہی و بربادی اور ہلاکت کے چلتے ہوئے طلسمی اعمال، روحوں کی حاضرات اور ان کی تسخیر کے حیرت انگیز عمل، عناصر اربعہ کے مخفی موکلات کو مسخر کرنا اور دنیاوی کاموں میں ان سے مدد لینا، سلب امراض کا لاجواب اور چلتا عمل۔ سفلی انتقال امراض سے بچاؤ۔ خواب میں روحانی مخلوق سے مل کر پوشیدہ حالات کی حقیقت جاننا۔ زنانہ مردانہ بیماریوں کے روحانی علاج۔ شفاء الامراض کا لاجواب نورانی عمل۔ عاملین کے خاندانی صدری زود اثر عملیات۔ اس فن کے علمائے متاخرین کے ذاتی تجربہ شدہ عملیات۔ دعائے حزب البحر چہل کاف، اوراد فتحیہ، دعائے رقاب اسبوح شریف، قصیدہ غوثیہ، درود مستغاث ہفت اسماء شریف، اسماء پاک غوث الاعظمؒ، درود اکسیر اعظم، مسبعات عشر، درود کبریت احمر، درود صلوٰۃ الکبریٰ، تیر بہدف طلسماتی فقیری ٹوٹکے۔ لاجواب عملیات کی مخفی قوتوں کی تسخیر، تسخیر حالات و روحانیات کے حیرت انگیز اعمال، دیسی ادویات کشتہ جات، ایلوپیتھک، بائیوکیمک اور کرومو پیتھی ادویات سے زنانہ و مردانہ اور جانوروں کے طریقہ علاج، اپنے اندر موجود زبردست برقی روحانی قوت سے بذریعہ توجہ علاج کرنا۔ ذاتی تجربہ شدہ نوری عملیات حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے دینی و دنیاوی فوائد کے حامل مناجات، زیارت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم مہر سلیمانی، نقش نعلین شریف مندرجہ پہلوانان، امتحان میں کامیابی کا سریع التاثیر عمل۔ تسخیر ہمزاد کا نایاب عمل، ہر مخلوق کی زبان جاننے کا حیرت انگیز علم، چور معلوم کرنا، دعوت ارواح کا بار بار ذاتی طور پر آزمودہ عمل، خنازیر کا طلسمی عمل، حُب اور بغض کے اسراری عملیات، مرگی اور دماغی امراض کے بہترین عملیات، حُب کا کاجل تیار کرنا، حاضرات سے امراض کی تشخیص، مجرب استخارے، عورتوں اور بچوں کے روحانی امراض کے علاج، تسخیر جنات، دست غیب، دشمن پر ہانڈی چڑھانا، خون پھینکنا، سنگ باری کرنا اور دشمن کو طرح طرح کے امراض میں مبتلا کرنا۔ چاند سورج گرہن، قمر زائد النور، قمر ناقص النور اور مخصوص دنوں کے مخصوص ساعتوں کے لاجواب عملیات، کشف القلوب کشف الارواح اور کشف القبور کے نادر روزگار روحانی عملیات۔ اُلو اور دیگر جانوروں کے عجوبہ روزگار روحانی عملیات۔ مریض کا مرض مریض کے سامنے حاضر کرنا، آئینہ سکندری میں ماضی، حال اور مستقبل کے حالات کا مشاہدہ کرنا، تسخیر حاضرات کا ایک روزہ چلتا عمل۔ ملاقات حضرت خضر علیہ السلام، کثیر الفوائد عجیب انگشتری، مٹی اور ہوا سونگھ کر جادو معلوم کرنا، چلتے جادو کا وار روکنا، سورۂ یٰسین کا بے نظیر عمل۔ آنکھوں کے لیے حضرت خواجہ فرید الدین رحمۃ اللہ علیہ کے مجرب المجرب عمل، مناظرے، انٹرویوز (مکالمے) اور مقابلوں میں کامیابی کے عمل، حصول ملازمت، حسب منشا تبادلہ کروانے اور رکوانے کے عمل، ترقی عہدہ اور امداد غیبی کے نایاب عمل۔ آفات و بلیات سے حفاظت، کفائیت مہمات، دشمن کی خواب بندی کے مجرب عملیات، علم کیمیا کا خاص عمل، مقدمات میں کامیابی کا نادر الوجود عمل، علم الجفر کے اسراری عملیات، قرآن پاک کے نورانی عملیات۔ بغیر ریاضت کے چلتے نوری عمل، علم الحروف، علم الاعداد اور اسمائے الٰہی کے عجیب و غریب فوائد و خواص۔ طلسمی مخفی علوم اسم اعظم نادعلی خوش بختی لانے اور بدقسمتی کے بد اثرات دفع کرنے کا مجرب عمل۔ گھریلو حالات کی کامیابی کے انقلابی عملیات، امراض کا بذریعہ دم علاج، دفع مشکلات کا پُر تاثیر عمل۔ جنسی امراض کا موثر عمل۔ بخار کا حیرت انگیز نورانی نقش جو اپنی مثال آپ ہے۔ قبل از مسیح کے طلسماتی برقی قوتوں کے حامل نایاب عمل تسخیر مطلوب اور تسخیر قلوب کا مقناطیسی قوت و کشش رکھنے والا عمل دل و دماغ جگر، معدہ، جلد، جسم مثالی خون، ہڈیوں اور سانس کے امراض کے علاج کے طریقے، آسانی سکرات موت کا عمل، گریختہ کی واپسی کا نایاب نقش معظم، اتفاقی حادثات سے بچاؤ کا پُر تاثیر نورانی نقش، دوران سفر حادثات اور آگ سے محفوظ رہنے کے مجرب عمل نورانی، قرآنی حروف مقطعات کے معجزنما حیرت انگیز عملیات۔ دورِ حاضر کی ہنگامہ خیز مشینی زندگی میں پیش آنے والی ظلماتی، شیطانی، نفسانی پریشانیوں سے بچاؤ کا لاثانی عمل، دیہاتی زندگی میں پیش آنے والے روحانی معاملات کے حل کے بہترین عملیات۔ نعت خوانوں، ادیبوں اور شاعروں کے لیے نقش مبارک کا روحانی تحفہ، مچھلی کے شکار کا سریع التاثیر عمل۔ عاملوں کے لیے روحانی قوت میں اضافہ کرنے کا خاص الخاص نورانی عمل، غیبی قوتوں پر تصرف حاصل کرنے کے اعمال، اعتقادات کی درستگی اور حصول برکات کے مقناطیسی اثرات رکھنے والے اعمال زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا عمل۔ حُب الٰہی کا کامیاب عمل۔ نقش حال والغیب اور ایسے بے شمار نورانی وظائف اور حیرت انگیز عملیات کا مجموعہ، سانپ اور باؤلے کتے کے کاٹے کے نورانی مجرب عمل شامل ہیں۔

نورانی تحفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ			میکائیل
[illegible]	۸	۱	۶	[illegible]
	۳	۵	۷	
	۴	۹	۲	
اسرافیل	الباسط یا محیط الوہاب			عزرائیل

فوائد: • کاروبار میں برکت کیلئے نقش کو دکان پر لگائیں • سحر جادو کیلئے اس نقش کو پانی میں گھول کر سات روز تک سحر زدہ جگہ پر چھینٹے ماریں • سحر زدہ مریض کو روزانہ ایک نقش صبح خالی پیٹ پانی میں گھول کر سات روز تک پلائیں • سحر جادو سے حفاظت کیلئے اس نقش کو اپنے پاس رکھیں • باری کے بخار لیے کے اس نقش کو مریض کے دائیں بازو پر باندھیں۔ دوسری باری پر بائیں بازو پر باندھیں تیسری باری پر اس کو پھر دائیں بازو پر باندھیں بفضل خدا شفا ہوگی اس کے بعد اس نقش کو چلتے پانی میں پھینک دیں • ناف ٹلنے پر اس نقش کو گلے میں ڈالیں نقش مقام پر لٹکتا رہے • اگر بچے محدود ہوں تو اس نقش کو ان کے گلے میں ڈالیں • آفات و بلیات اور حادثات سے حفاظت کیلئے دائیں بازو کے ساتھ باندھیں۔

تحفہ قلندری سات جلدوں میں شائع ہوئے ہیں۔ اردو، فارسی، عربی، عبرانی اور قبل از مسیح کی نادر کتب اور مخطوطات کا نچوڑ۔ مصنف کتاب کے سالہا سال کے ذاتی وسیع تجربات و مشاہدات پر مبنی سلسلہ عالیہ کے زود اثر عملیات اور تیر بہدف تعویذات اور معمولات۔ دورِ حاضر کے علمائے فن کے خاندانی و صدری مجربات۔ کم پڑھا لکھا آدمی بھی اس کتاب سے استفادہ کر سکتا ہے۔

دیگر مسائل ضروریہ کے لیے مزید معلومات بذریعہ جوابی لفافہ حاصل کی جا سکتی ہیں۔

ملاقات بروز جمعہ کی جا سکتی ہے۔

سحر جادو

جنات